علمی وتحقیقی مقالہ

امیر المومنین، خلیفۃ المسلمین، کاتبِ وحی، خال المومنین

سیدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

کی فضیلت میں وارد صحیح ترین حدیث

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ ھَادِیًا مَّھْدِیًا کی تحقیق، تخریج وتعلیق

ھادی مہدی

سعادت تحقیق

متخصص فی علوم الحدیث والسنۃ

مفتی عبد الرحمن ستی

مکتبہ امیر معاویہ

فہرست مضامین

1	تقریظ: مفکر اسلام ابو عمار مولانا زاہد الراشدی صاحب حفظہ اللہ وعافاہ	06
2	تقریظ: استاذ العلماء، شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الرحیم نقشبندی صاحب حفظہ اللہ وعافاہ	07
3	تقریظ: استاذ العلماء، رئیس المناظرین حضرت مولانا عبد الغفار ذہبی صاحب دامت برکاتہم العالیہ	10
4	تقریظ: استاذ العلماء والمناظرین حضرت مولانا محمود عالم صفدر اوکاڑوی صاحب زید مجدہ	11
5	تقریظ: حضرت مولانا صاحبزادہ مسرور نواز جھنگوی صاحب زید مجدہ	13
6	تقریظ: حضرت مولانا عدنان رشید صاحب حفظہ اللہ وعافاہ	15
7	تقدیم: استاذ العلماء، استاذ الحدیث حضرت مولانا مفتی شکیل صاحب حفظہ اللہ وعافاہ	16
8	مقدمہ بحث	22
9	سبب بحث	23
10	منہج بحث	28
11	**باب اوّل**	**30**
12	معاویہ رضی اللہ عنہ کا نام ونسب اور کنیت	31
13	حیات وصفات	32
14	معاویہ رضی اللہ عنہ فقیہ (مجتہد) تھے	37
15	معاویہ رضی اللہ عنہ کاتب وحی تھے	38
16	خال المؤمنین	39
17	تاریخ وفات وعمر ومدت خلافت	40
18	قول اسحاق بن راہویہؒ (المتوفی: 238ھ)	43
19	تخریج	43

20	اسنادی حیثیت	44
21	تحقیق سند	45
22	خدشات	52
23	ائمہ متعقبّین	53
24	نفی صحت عدم صحت کو مستلزم نہیں	54
25	میری رائے	57
26	**باب ثانی**	**58**
27	خلاصہ بحث "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ"	59
28	حدیث ترمذی اور اسکی اسنادی حیثیت	61
29	حدیث کا حکم امام ترمذیؒ کے نزدیک	61
30	اشکال	64
31	جواب	64
32	امام ترمذیؒ کی تحسین پر 10 ائمہ نے اعتماد کیا ہے	65
33	میرے نزدیک روایت ترمذیؒ کا حکم	66
34	حدیث صحیح کی تعریف	66
35	حدیث مشہور کی تعریف	67
36	تحقیق سند	67
37	محمد بن عیسی بن سورہ ابو عیسی الترمذیؒ (المتوفی 279ھ)	67
38	محمد بن یحی ذہلی نیسابوریؒ (المتوفی 258ھ)	68
39	ابو مسہر الغسانی الدمشقیؒ (المتوفّی 218ھ)	70

40	سعید بن عبدالعزیز دمشقیؒ(المتوفّی 167ھ)	71
41	ربیعہ بن یزید الدّمشقی(المتوفّی 123ھ)	73
42	عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ	76
43	حافظ ابن عبدالبرؒ کے اوہام	85
44	حافظ ابنِ حجر العسقلانیؒ(المتوفی:852ھ) کی مذکورہ بالا عبارت کے نتائج وفوائد	88
45	امام ابو حاتمؒ کا تسامح اور اسکا جواب	89
46	ربیعہ بن یزید اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان انقطاع کا شبہ	92
47	اعتراض	94
48	جواب	95
49	شبہ اضطراب سند اور اسکا تفصیلی جواب	105
50	حدیث: محمد بن المصفی الحمصیؒ(المتوفی246ھ)	106
51	حدیث: سلمہ بن شبیبؒ(المتوفّی:247ھ)	115
52	حدیث: عیسی بن ہلال السلیحیؒ	119
53	حدیث: ابوالازہرؒ(المتوفی:263ھ)	125
54	حدیث: صفوان بن صالحؒ(المتوفی:239ھ)	129
55	حدیث: ابو مسہر الغسّانی الدّمشقیؒ(المتوفی:218ھ)	134
56	حدیث ولید بن مسلم الدّمشقیؒ(المتوفی:195ھ)	182
57	حدیث: عمر بن عبدالواحد الدمشقیؒ(المتوفی:201ھ)	226
58	حدیث: محمد بن سلیمان بن ابی داود الحرّانیؒ(المتوفی:213ھ)	236
59	حدیث عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ	240
60	حدیث عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ	245

61	حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ	256
62	**باب ثالث "اللهم علمه الكتاب والحساب وقه العذاب"**	**260**
63	حدیث: عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی جملہ اسانید پر بحث اور ان کا حکم	261
64	طریق: عبدالرحمن بن مہدی بصریؒ (المتوفی: 198ھ)	263
65	طریق: عبداللہ بن صالح ابو صالح مصریؒ (المتوفی: 223ھ)	296
66	طریق: بشر بن سرّی ابو عمرو البصریؒ (المتوفی: 196ھ)	303
67	طریق: اسد بن موسی الاموی ؒ (المتوفی: 212ھ)	307
68	طریق: قرۃ بن سلیمان	309
69	حدیث: مسلمہ بن خالد رضی اللہ عنہ	310
70	حدیث: عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ	313
71	حدیث: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما	315
72	آپ ﷺ کی ذات مستجاب الدعوات ہے	318
73	**ھادیا، مھدیا، واھدبہ کا مطلب**	320
74	**باب رابع**	**322**
75	حضور ﷺ کی بشارت: "اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت عطا کرے گا"۔	323
76	حدیث: سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ فیصلہ کرنے میں قوی اور امین ہیں۔	327
77	امام ابو حاتمؒ کا تسامح اور اسکا جواب	334
78	امام ذہبیؒ اور علامہ ہیثمیؒ کی جرح (مناکیر و منکر) کا جواب	336
79	حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ اسے علم و حلم سے بھر دے"۔	340
80	تابع اوّل: سلمہ بن بشر ابو بشر	342

81	تابع ثانی: عِصام بن یُوسُف	343
82	تابع ثالث: محمد بن عائذ دمشقی	343
83	تابع رابع: ابو مسہر	344
84	متابعات وشواہد	349
85	حدیث: میری امت میں سے سب سے بڑھ کر بردبار اور سخی معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں	351
86	طریق اوّل	351
87	شاہد اوّل	356
88	شاہد ثانی	356
89	اثر عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما	357
90	طریق ثانی	360
91	طریق ثالث	362
92	طریق رابع	366
93	حدیث: اللہ اور اس کا رسول ﷺ معاویہ رضی اللہ عنہ سے محبت کرتے ہیں	367
94	الفہارس العلمیہ	369
95	فہرس الرواۃ	370
96	فہرس المصادر والمراجع	379

تقریظ

الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سیدالمرسلین وعلی الہ واصحابہ واتباعہ اجمعین.

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ملت اسلامیہ کی عظیم اور قابل فخر شخصیات میں سے ہیں، جنہوں نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دور میں طویل عرصہ حکمرانی کے ماحول میں گزارا ہے اور ان کی ملی و دینی خدمات کیساتھ ساتھ اُن کا حلم و تدبر بھی ضرب المثل سمجھا جاتا ہے۔اور امت کی ہر محبوب شخصیت کی طرح وہ بھی حاسدین و ناقدین کا نشانہ مشق بنے ہیں مگر ان کے بارے میں جناب نبی کریم ﷺ کے ارشادات گرامی اور اساطین امت کی طرف سے ان کی مدح و منقبت کے ہوتے ہوئے یہ منفی کوششیں ہمیشہ بے اثر رہی ہیں۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں جناب نبی کریم ﷺ کے ارشادات پر بعض حضرات نے بحث کرنے کی کوشش کی ہے جس کا مختلف محدّثین کرام نے جواب دیا ہے۔

ہمارے فاضل دوست مفتی عبدالرحمن ستی صاحب کی زیر نظر کاوش بھی اسی سلسلہ میں ہے جو ان کیلیے یقینا باعث سعادت اور ذخیرہ آخرت ہے۔اللہ تعالی ان کی اس محنت کو قبول فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کی رہنمائی کا ذریعہ بنائیں (آمین یارب العالمین)

مفکر اسلام ابو عمار مولانا زاہد الراشدی صاحب

خطیب مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ

تقریظ

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم وعلى اله وأصحابه أجمعين

أما بعد:

منصب رسالت و نبوت ہو یا صحابیت دونوں اصطفائی ہیں یعنی انتخاب الہی ہیں، کوئی شخص عبادۃ وریاضت سے یہ شرف ہر گز حاصل نہیں کر سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی طاعنین نے اُن پر طعن کیا تو خود رب العالمین نے دفاع کیا اور اسی سنت الہی کو جناب نبی کریم ﷺ نے اپنایا، قرآن وحدیث کا مطالعہ رکھنے والا ہر شخص اس سے بخوبی واقف ہے۔

چونکہ صحابہ کرام انتخاب خداوندی تھے کما قال رسول الله ﷺ:«إِنَّ اللَّهَ اخْتَارَنِي، وَاخْتَارَ لِي أَصْحَابًا، فَجَعَلَهُمْ لِي وُزَرَاءَ وَأَنْصَارًا وَأَصْهَارًا، فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُمْ صَرْفٌ، وَلَا عَدْلٌ»۔ تو اللہ کریم نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو کبھی یوں حکم دیا: «وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ»

اور کبھی فرمایا: «ولا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ» ان سے نظر نہ ہٹائیں۔ جب سرداران قریش کی دلجوئی کرتے ہوئے ایک نابینا صحابی کے آنے پر ناگواری ظاہر فرمائی تو عتاب خداوندی ہو گیا «عَبَسَ وَتَوَلَّى أَنْ جَاءَهُ الأَعْمَى» فضائل صحابہ پر قرآن کی کافی آیات اور آنحضرت ﷺ کی بہت احادیث وارد ہیں۔

انہی صحابہ کرام میں ایک عظیم نام حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کا نام ہے جو نہ صرف صحابی بلکہ ایک فقیہ اور مجتہد صحابی رسول ہیں جنہوں نے ایک عرصہ تک دربار رسالت میں کتابت وحی کے فرائض سرانجام دیے اور بحیثیت کاتب ایک سو تریسٹھ احادیث کے راوی ہیں اور آنحضرت ﷺ کی بارگاہ عالیہ سے جاری شدہ خطوط اور فرامین کے کاتب بھی ہیں، یہ ان کی بڑی عظیم فضیلت ہے۔

حضرت ابن عباس راوی ہیں کہ حج کے موقع پر آنحضرت ﷺ کے بال مبارک (لوہے کے خاص آلہ سے) کاٹے۔

آپ نے کچھ بال مبارک اور ناخن مبارک رسول خدا کے بطور تبرک محفوظ رکھے ہوئے تھے جن کو اپنے کفن میں رکھنے کی وصیت کی تھی جو پوری ہوئی اور «أَوَّلُ جَيْشٍ مِنْ أُمَّتِي يَغْزُونَ الْبَحْرَ قَدْ أَوْجَبُوا» ابن الاثیرؒ و دیگر اہل تواریخ کے اقوال کے مطابق حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے بحری لڑائی کا آغاز کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ ان بارہ خلفاء میں شامل ہیں جن کو بشارت نبی کریم ﷺ نے دی ہے (تطہیر الجنان/15)

دس بڑی سلطنتوں کے 5400 علاقوں پر پرچم لہرایا۔ انہیں کے لیے رحمت دو عالم ﷺ گویا ہوئے «لَا تَذْكُرُوا مُعَاوِيَةَ إِلَّا بِخَيْرٍ» «يبعث يوم القيامة معاوية وعليه رداء من نور الإيمان» «ومُعاوية بن أَبي سُفيان أَحلَم أُمَّتي وأَجودُها» جنتی جوانوں کے سرداروں (حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما) نے 61 ہجری میں اپنے ہاتھ بیعت کیلیے ان کے ہاتھ میں دے کر ان کی عظمت کو چار چاند لگا دیے (بحار الانوار از ملا باقر مجلسی) اور بعد میں آنے والے مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی کہ حضرت معاویہ برحق صحابی ہیں، خاطی و ناحق نہیں ورنہ ہم بیعت کیسے کرتے۔

تاریخ کے رطب و یابس کی زد میں آنے والے تعلیم یافتہ احباب سے میری گزارش ہے کہ روافض کے لکھے ہوئے چیتھڑوں پر انحصار کرنا چھوڑ دیں اور وسعت نظری کیساتھ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حیرت انگیز اسلامی کارناموں کا گہری نظر سے مطالعہ کریں ان شاءاللہ ذہنی خلفشار دور ہو جائے گی۔

اللہ برادر ذیقدر مولانا مفتی عبدالرحمن ستی صاحب زید شرفہ کی مساعی کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت نصیب فرمائے جنہوں نے فضائل حضرت معاویہ کی احادیث پر متن و سند کی صحت کی تحقیق پیش کر کے امت محمدیہ کی راہنمائی کی ہے اور ایک حجت قائم کر دی ہے۔ واللہ یهدي من یشاءالی صراط مستقیم۔

آخر میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں ابن امیر شریعت مولانا عطاء المنعم شاہ صاحب کے کہے گئے اشعار نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں:

بزم نبی کے کاتب و بیعت نبی کے رکن — فوج نبی کے خادم و افسر معاویہ رضی اللہ عنہ
موئے مبارک و چادر و ناخن رسول کے — لیکر گئے وہ قبر کے اندر معاویہ رضی اللہ عنہ
قول نبی ہے حشر میں ہو گا کفن عطا — آئیں گے اوڑھے نور کی چادر معاویہ رضی اللہ عنہ

جس دل میں سیدنا معاویہ کی شان نہیں
سچ تو یہ ہے کہ وہ ملعون مسلمان نہیں

تاریخ سے کیا پوچھتے ہو معاویہ کی صداقت
کیا تمہارے پاس لکھا ہوا معاویہ کا قرآن نہیں

استاذ العلماء، شیخ الحدیث، پیر طریقت رہبر شریعت
حضرت مولانا عبد الرحیم نقشبندی صاحب حفظہ اللہ وعافاہ
جامعہ محمودیہ جھنگ

تقریظ

میں نے مفتی عبدالرحمن ستی صاحب کی سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان اقدس میں کتاب "ہادی مہدی" کی مشہور اور صحیح حدیث کی تحقیق کو تقریبا بالاستیعاب دیکھا ہے

اِس میں مولانا نے اچھی تحقیق سے کام لیا ہے اور حدیث کی اسانید وطرق کو اپنی طاقت کے مطابق خوب بیان فرمایا جو عظیم کاوش ہے، خصوصا بیمار قلوب کیلیے شفا ہے، گم کردہ راہ لوگوں کے لیے راہ ہدایت دکھانے والی ہے۔

اللہ مولانا کی اس محنت کو قبول فرمائے اور دونوں جہانوں کے لیے باعث اجر بنائے۔

(آمین)

استاذ العلماء، شیخ الحدیث ماہر فن اسماء رجال

حضرت مولانا عبدالغفار ذہبی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

تلمیذ رشید حضرت مولانا امین صفدر اوکاڑوی رحمہ اللہ

گوجرانوالہ

تقریظ

جرح و تعدیل کا عنوان بڑا وسیع ہے اور کثرت اسانید سے استفادہ کر کے طرق حدیث کو جمع کرنا ایک محنت طلب کام ہے لیکن انسان جب کسی کام کا عزم کر لیتا ہے تو ذات حق جل شانہ کا فیصلہ ہے:

"والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا"

اور اسی طرح "**ویرزقه من حیث لایحتسب**"، اللہ جلّ شانہ نے ہر دور میں خدمت حدیث کے لیے امت محمّدیہ کے رجال کا انتخاب کیا پھر خاص کر کے بعض مضامین پر منتخب احادیث اُن کے طرق کو جمع کرنا اور اُن کی صحت و ضعف سے بحث کرنا یہ کام بھی ہر دور میں وقت کے اہم ترین شخصیات سے لیا جاتا رہا۔

سیّدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں، صحابہ کرام کی ذوات قُدسیہ وہ ہیں جن کی تعدیل رب کا قرآن کر چکا ہے اگرچہ ان حضرات کے مناقب کیلیے دیگر چیزوں کی ضرورت نہیں لیکن شہد جتنا جمع کیا جائے اُتنا ہی مٹھاس بڑھتی ہے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق جو رسول اکرم ﷺ کے فرامین تھے اِس بات کی ضرورت تھی کہ اُن کے طرق جمع کر کے تتبع اور تلاش کے بعد اُن کی صحت کو اور اُن کے معیار کو واضح کیا جائے، موجودہ دور فتن کا دور ہے اور دشمنان صحابہ سنیّت کے لباس میں آ کر سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ پر طعن و تشنیع کا میدان گرم کیے ہوئے ہیں، اس کام کی اہمیت مزید کئی گنا بڑھ چکی تھی۔

اللہ تعالی جزاء خیر دے مفتی عبدالرحمن ستی صاحب کو کہ اُنہوں نے اس مشکل ترین میدان میں قدم رکھا اور ذات حق تعالی کی بے پناہ لامحدود مدد کیساتھ سُرخرو ہوئے، عطر وہ ہوتا ہے جو خود اپنی خوشبو بتاتا ہے،

مفتی صاحب کی اس محنت کو اہل علم خاص کر کے اصحاب تحقیق جن کے شب و روز تحقیق و تصنیف کی وادیوں میں خاص کر اسماء الرجال، طرق حدیث کے تتبع کے اندر گزرتے ہیں وہ اس محنت کا انداز اخوب لگا سکتے ہیں،

بندہ ناچیز نے بھی اُن کے مسوّدے پر نظر ڈالی، چیدہ چیدہ مقامات کو دیکھا الحمد للہ بہت اُن کی محنت نظر آئی اور ایک عمدہ مواد فراہم کیا ہے اگرچہ اس پر مزید بہت اضافہ کیا جاسکتا ہے،

اور اللہ سے امید ہے مفتی صاحب کے ہی قلم سے یا اور کسی اہل علم کے قلم سے اس پر مزید اضافہ جات کیے جائیں گے لیکن فلحال یہ گلدستہ بہت بڑی نعمت ہے اور اصحاب علم اور خاص طور پر عاشقان صحابہ کے لیے بیش بہا تحفہ ہے۔

اللہ جلّ شانہ مولانا کی اس محنت کو قبول فرمائے اور دارین کی سعادت نصیب فرمائے۔

(آمین)

استاذ العلماء، رئیس المناظرین مصنف کتب کثیرہ، متکلم اسلام

حضرت مولانا محمود عالم صفدر اوکاڑوی صاحب زید مجدہ

راولپنڈی

تقریظ

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

أما بعد:

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے بعد محمد عربی ﷺ کے فیضان صحبت سے براہ راست مستفیض ہونے والے خوش نصیب اصحاب کا درجہ تمام نوع انسانی سے فروں تر ہے، یہی بلند اقبال جماعت تھی کہ حامل قرآن ﷺ کی زبان وحی ترجمان سے جنکی سمع نوازی ہوتی رہی اور نبی مکرّم ﷺ کی قرآنی صفت مزکّی سے بلاواسطہ تزکیہ نفس کرنیکی دولت بے بہا انہی کا مقدّر ٹھہری،

کیونکہ ختم الرسل ﷺ نے اپنے مواعظ حسنہ اور خلق عظیم سے انکے قلوب واذہان میں نورانیت بھر دی تھی اس لیے دین متین کی تمام قوتیں انہی کے روپ میں آشکارا ہوئیں اور دعائے خلیل کی امت مسلمہ بننے کا شرف سب سے اوّل بھی انہیں کو حاصل ہوا،

ان نفوس قدسیہ کی مبارک مساعی سے اللہ کریم کا پسندیدہ دین کرہ ارضی کی وسعتوں میں متعارف ہوا اوران کی کوششیں «لیظهره على الدين كله» کا ذریعہ بنیں پھر خود حق جل وعلا نے انکے حسن ایمان وعمل کی وجہ سے بار بار اُنہیں رضوان الٰہی کا وہ مژدہ دنیا کو سنادیا جو باقی جنتیوں کو جنت میں سنائی دے گا (رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ)۔

صحابہ کرام کی فضیلت کا عقیدہ محض حسن عقیدت کی بناپر قائم نہیں بلکہ قرآن وحدیث کی نصوص قطعیہ سے مستنبط ہے اس لیے کوئی جتنے مراتب عالیہ طے کرلے وہ کسی معزز ومکرّم صحابی کے ایک لمحہ عبادت ومحبت کو نہیں چھو سکتا۔

تاریخ کے ظلم چونکہ نئے نہیں قدیمی ہیں خاندان بنی امیہ کے عظیم مدبر اور منتظم حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی سیرت پر مؤرّخ اپنی بد باطنی ظاہر کرتے رہے لیکن حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی ذات ہمیشہ سے عالی ہے اور عالی رہے گی ان شاءاللہ۔

فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ پر روایات کثیر ہیں۔ معاندین معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک نئی چال ایک نئے اسلوب سے چلی کہ فضائل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر روایت حدیث پر جرح کے ذریعے سادہ لوح مسلم کو ان نفوس قدسیہ سے گمنام بنانے کی سعی رذیلہ کی جارہی ہے۔

ہمارے فاضل دوست مولانا مفتی عبدالرحمن ستی دامت فیوضہم نے وہ روایت جو خال المسلمین امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل پر ہیں ان کا ہر لحاظ سے کامل واکمل جائزہ پیش کیا ہے۔اور ان کے روات پر بھی بے نظیر تحقیق پیش کی ہے اور جامع محاکمہ قائم فرمایا جو دلائل سے مبرہن ہے یہ ایک محقق کی شان ہے۔

ہماری یہ دعا ہے اللہ کریم اس متفرد کام کو شرف قبولیت سے نوازے اور قارئین کے علمی اضافہ کا سبب بنے (آمین)

(فجزاهم الله احسن الجزاء)

ابن امیر عزیمتؒ

حضرت مولانا صاحبزادہ مسرور نواز جھنگوی صاحب زید مجدہ

سابقہ ایم پی اے جھنگ

تقریظ

الحمد لأهله والصلوة لأهلها

أما بعد:

اللہ تبارک وتعالیٰ کا کرم ہے کہ اس پُر فتن اور قحط الرجال کے دور میں قلم اور قرطاس کا رشتہ جن شخصیات سے قائم ہے ان میں فاضل نوجوان مفتی عبدالرحمن ستی صاحب ہیں، جنہوں نے مختلف موضوعات پر رسائل تحریر فرمائے ہیں۔

موصوف کی تازہ کاوش سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی عبقری شخصیت کا وہ عنوان ہے، جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا "ھادی ومھدی" اس عنوان پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔

اللہ پاک مفتی صاحب کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔ آمین

مولانا عدنان رشید عفی عنہ

ناظم تعلیمات

جامعہ فرقانیہ مدنیہ کوہاٹی بازار، راولپنڈی

تقدیم

اسلام کو اللہ تعالیٰ نے حق وصداقت کے اس نور سے نوازا ہے کہ ہر فہم سلیم رکھنے والا شخص بآسانی اسے پہچان سکتا ہے، لیکن معاندین کے قلب پہ اللہ تعالیٰ نے قفل لگائے دئے ہیں، اوران کی زندگیاں اسلام کی پاکیزہ تعلیمات میں کیڑے نکالنے میں گزر جاتی ہیں۔

اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اسلام کے مخالفین نے ہمیشہ ان شخصیات کو ہدف تنقید بنایا ہے کہ اگر ان شخصیات کو اسلام کی فہرست سے خارج کر دیا جائے یا انہیں مخالفین، کی بنائی ہوئی متعصبانہ تصویر سے دیکھا جائے تو اسلام کی روح ہی مسخ، اوراس کی حقیقی تصویر ہی دھندلا جائے گی۔

ان میں سب سے اول، فخر موجودات، سرور کائنات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے، تاریخ کے ستم ظریفوں نے ابتداء سے ہی اس ذات گرامی پر بے سروپا الزامات کے نشتر چلائے کہ اگر یہ ذات اقدس نعوذ باللہ مجروح یا کم از کم مشکوک ہوگئی تو اسلام کی تمام عمارت خود بخود دھڑام سے گر جائے گی۔

حدیث کے راویوں میں کلیدی حیثیت کی حامل شخصیت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، سب سے زیادہ احادیث انہیں سے مروی ہیں، ان کے خلاف پروپیگنڈہ کیا گیا کہ اگر ان کی شخصیت داغدار ہوگئی تو احادیث مبارکہ جو اسلام کی اصل اور بنیاد ہیں، خود بخود ساقط الاعتبار ہو جائیں گی۔

عہد رسالت اور عہد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں دنیا کی دو سپر پاور تھیں، روم اور فارس، روم کا بادشاہ قیصر اور ایران کا بادشاہ کسری کہلاتا تھا، پوری دنیا میں ان کی طاقت کا غلغلہ، شوکت کا دبدبہ اور شہامت کا طنطنہ تھا، کوئی ان سے پنجہ آزمائی کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا، لیکن محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے خاک نشیں غلاموں نے، أسلم تسلم،، کی پرامن دعوت کو غرور وتکبر سے ٹھکرانے والوں کا غرور خاک میں ملادیا۔

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک میں جب فارس فتح ہوا، تو صدیوں سے مستحکم سلطنت کے ملیامیٹ ہونے پر ان میں منتقمانہ مزاج وجذبات پیدا ہونا ایک فطری امر تھا، انہوں اسی جذبہ انتقام کی آتش کو فرو کرنے کے لئے، اسلام کو مٹانے کی سر توڑ کوشش کی، اوراس انتقام کا پہلا ہدف، دوسرے خلیفۃ المسلمین، امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ بنے،

انہیں بے دردی سے شہید کر دیا گیا، پھر اسی سلسلہ کی دوسری کڑی تیسرے خلیفہ المسلمین سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی دردناک شہادت ہے، پھر امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی ان دشمنوں کے ہاتھوں شہادت ہے، اور اس کے بعد سیدنا

حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت بھی اسلام کو مٹانے کی ہٹ کا شاخسانہ تھی، جنگ جمل، جنگ صفین اور جنگ نہروان میں جلیل القدر صحابہ کرام رض اور تابعین عظام کی کثیر تعداد میں شہادت کے پیچھے بھی، ان بلوائیوں کی سازشوں کا تسلسل تھا، گویا آقا صلی اللہ علیہ وسلم وہ پشین گوئی لفظ بلفظ پوری ہوئی، کہ ان مصائب کے آگے ایک دروازہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حائل ہے، جب وہ دروازہ توڑ دیا جائے گا تو مصائب اس طرح آئیں گے جیسے تسبیح کے ٹوٹنے سے دانے گرتے ہیں۔

آپ ذرا چشم تصور سے غور کریں کہ اسلام کے اعلام واعیان اور اولین حاملین قرآن وسنت کی شہادتوں کا اگر یہی تسلسل چند برس مزید جاری رہتا، تو جب حاملین اسلام ہی باقی نہ رہتے تو اسلام کہاں باقی رہتا۔

41ھ میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ زمام حکومت سنبھالی اور 60ھ تک مسلسل 20 سال بے مثال حکومت کی، قریش کی دس شاخوں میں سے بنو ہاشم اور بنو امیہ ہی ممتاز تھے،

بنو ہاشم تولیۃ کعبہ کی وجہ سے عرب میں معزز ومکرم تھے اور بنو امیہ امارت وسیادت، سپہ گری اور قیادت میں معروف وممتاز تھے، سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں دمشق کے عامل مقرر ہوئے، سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں پورے شام کے والی مقرر ہوئے، سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں دست برداری کے بعد سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی عام بیعت ہوئی۔

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بے مثال فراست، شجاعت اور حکمت وتدبر سے، سبائیوں اور بلوائیوں کی سازشوں اور ریشہ دوانیوں کو لگام دی، کہ بیس سال تک انہیں سر اٹھانے کی ہمت نہ ہوئی، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعین عظام رحمہم اللہ اور مسلم عوام کا خون جا پانی کی طرح بہایا جا رہا تھا، اس کا سلسلہ یکایک رک گیا۔

یقیناً یہ صورت حال اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شخصیت ان مسلم دشمنوں کیلئے ناقابل برداشت تھی، جنہوں نے ان کے، اسلام کو مکمل طور پر مٹانے کے کافی حد تک کامیاب منصوبوں کو آناً فاناً خاک میں ملادیا۔

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بیس سالہ عہد میں اسلام کی رونق رفتہ کو بحال کیا، مسلمانوں کے باہمی نزاع و محاربہ کیسات آٹھ سالوں میں قوت مضمحل ہوگئی تھی، اسے اس سر نو توانائی بخشی، سبائیوں کی سازشوں کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکا، اسلام کے اصول و مبانی اس قدر مضبوط و مستحکم اور اطراف عالم میں وسیع کر دیا کہ اب اس کے وصف: "یہ اتنا ہی ابھرے گا، جتنا کہ دبا دیں گے" کو توانا کر دیا۔ اب قیامت تک کوئی مائی کا لعل اسے مٹانے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔

چار دانگ عالم، عرب و عجم اور بحر و بر میں اسلام کے پھریرے لہرادئے۔ قسطنطنیہ سے سند، ہند اسلام کو وسعت دی، کابل، ہرات اور غور تے پہنچے، سجستان سیغزنہ تک اسلام کے جھنڈے گاڑ دیئے۔

44ھ میں حضرت مہلب بن ابی صفرہ رضی اللہ عنہ نے ملتان اور کابل کے درمیان بند اور اہواز میں دشمنوں سے مقابلہ کر کے انہیں رام کیا، عبادہ بن زیاد نے قندھار فتح کیا، حری بن حری نے سندھ کے بڑے علاقہ کو فتح کر کے اسلام کا پرچم لہرادیا۔

44 ہجری میں عظیم صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سنان بن سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ یہاں بنوں آئے، اور پھر پشاور کو فتح کیا اور وہیں پشاور میں 32 صحابہ کے ساتھ شہید اور مدفون ہوئے، اور عظیم تابعی مھلب بن ابی صفرہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں 44ھ بمطابق 666ء میں بنوں آئے، عظیم مورخ امام احمد بن یحی بلاذری اپنی معرکہ الاراء کتاب "فتوح البلدان" میں لکھتے ہیں:

غزا المهلب بن أبي صفرة في سنة 44ھ أيام معاوية رضي الله عنه ثغر السند فأتى بنه ولاهور وهما بين الملتان وكابل۔

"مھلب بن ابی صفرہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں 44ھ میں جہاد کیا، سند پر حملہ کے وقت، وہ،، بنہ،، (بنوں) اور لاہور آئے، اور یہ دونوں شہر، ملتان اور کابل کے درمیان ہیں"۔

حضرت عقبہ بن نافع فہری رض نے افریقہ فتح کیا، ہزاروں بربری مشرف باسلام ہوئے، کسری ایران کی شوکت اور سپر پاور کو سیدنا عمر فاروق رض نے گھوڑوں کی سموں کے نیچے کچل دیا، اب دو عالمی سطوتیں باقی تھیں، قیصر روم اور قسطنطنیہ کی شہنشاہیت۔

ان دونوں سلطنتوں کی فتح خلاق عالم نے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی قسمت میں، روز اول سے ہی لکھ دی تھی، سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا سمند ہمت اور رخش عزم یوں تو وادی وادی اڑا لیکن آپ کی توجہات کا محوران دو سلطنتوں کو فتح کرنا تھا، علامہ ابن کثیر البدایہ والنہایہ میں لکھتے ہیں: "**غزا معاوية ارضي الله عنه الروم ستة عشرة غزوة، تذهب سرية في الصيف والشتاء بأرض الروم**"۔

قسطنطنیہ، رومی سلطنت کا مرکز اور قسطنطین کا دارالحکومت تھا، اس کو فتح کرنے والے مجاہدین کو لسان نبوت سے،، مغفور لہم،، یعنی جنت اور مغفرت کی بشارت عظمی ملی تھی، کہ پہلا وہ لشکر جو بحر اور سمندری غزوہ کرے گا، وہ مغفور ہے، یہ غزوہ 52ھ میں ہوا، یزید اس غزوہ کا سپہ سالار تھا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہما، حضرت حسین رض وغیرہ اجلہ نے اس غزوہ میں شرکت کی، اور یہ معرکہ یزید کی سپہ سالاری میں سر ہوا۔

اس طرح سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد میمون میں اسلام کا پھریرا عرب وعجم، مشرق ومغرب اور بحر وبر غرض کہ چار دانگ عالم لہرانے لگا، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سے اسلام کی قوت جو روبزوال ہونی شروع ہوگئی تھی اور چار خلفاء راشدین کی مسلسل شہادت سے سبائی اور دشمنان اسلام جو اسلام کے مٹنے کا خواب دیکھنا شروع ہو گئے تھے، سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے تدبر وسیاست سے اسلام کی وہ شوکت نہ صرف دوبارہ بحال ہوئی بلکہ اس کی رونق میں روز بروز اضافہ ہی ہوتا چلا گیا اور دشمنان اسلام کے خواب بکھر گئے!

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

آپ دوبارہ ایک منٹ کے لئے یہاں رکیں اور سوچیں کہ اگر سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا بیس سالہ دور درمیان میں حائل نہ ہوتا، تو سبائی اور دشمنان اسلام، اسلام کو جڑ سے اکھیڑ پھینکتے،

یقیناً آپ رضی اللہ عنہ کا یہ بیس سالہ دوران دشمنان اسلام کی آنکھوں میں کانٹا بن کے کھٹکتا ہے، پھر وہ آپ کے خلاف کیوں نہ زہر اگلیں، آپ کی تعریف و توصیف انہیں کیوں زہر نہ لگے۔

عرب کے اپنے خداداد، بے پناہ حافظہ پہ اعتماد و اعتبار، لکھنے اور لکھ کر محفوظ کرنے کو باعث عار سمجھنے کی وجہ سے عرب میں لکھنے پڑھنے کا رواج نہ تھا، جبکہ قیصر و کسری متمدن اور پڑھے لکھے تھے، قلم ان کے ہاتھ میں تھا اور تاریخ ان کے حوالے، پھر انہوں اسلام کے ہیروز پہ کردار کشی کے وہ زہریلے نشتر چلائے کہ آج تک کی تاریخ رطب و یابس سے بھری پڑی ہے۔

اللہ تعالیٰ کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے ان محافظین و محققین اسلام پر کہ انہوں نے، تحقیق کا حق ادا کر دیا، اور تاریخ کو تعقل و تمنطق کی کسوٹی پر پرکھ کر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیا،

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے کردار پر لگے ہوئے دھبوں کو دھویا، اور تاریخ کے کانٹوں کو ایک ایک کر کے چنا، اپنوں کی سادگی، اور غیروں کی عیاری کو بے نقاب کیا، سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پہ لگائے گئے بے سروپا الزامات کی حقیقت کو واضح کرنے کے لئے امت کے ان ابطال کی کتب ملاحظہ فرمائیں:

1۔ الصواعق المحرقہ۔ از ابن حجر ہیتمی مکی

2۔ الناھیۃ عن طعن معاویۃ۔ از علامہ عبدالعزیز فرہاروی

3۔ سیرت سیدنا امیر معاویہ 4. امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔ از مولانا محمد نافع رحمہ اللہ

4۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور تاریخی حقائق۔ از شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی حفظہ اللہ

5۔ خلافت علی رضی اللہ عنہ۔ از شیخ الحدیث مولانا محمد شاہد صاحب، جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد

6۔ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارہ میں گمراہ کن غلط فہمیوں کا ازالہ۔ از مولانا ظفر اقبال

7۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور روایات حدیث۔ از مفتی محمد وقاص رفیع

8۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور روایات تاریخ۔ از مولانا رسالپوری

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پہ سب سے تحقیقی کام اور ان پر اعتراضات کا مضبوط و مدلل جواب اپنی معترضین کی کتب سے مولانا نافع صاحب رحمہ اللہ نے اپنی کتاب "سیرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ" میں دیا ہے، لیکن یقیناً تحقیق کا باب اب بھی وا ہے، اسی سلسلہ الذہب کی ایک سنہری کڑی آپ کے ہاتھوں میں موجود یہ کتاب **"ھادی مھدی"** ہے، اس کتاب میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صحیح ترین مرفوع احادیث کی اسناد، اس کے راویوں اور متن کی تحقیق کی گئی ہے۔

1۔اللھم اجعلہ ھادیا ومھدیا واھدبہ

2۔اللھم علم معاویۃ الکتاب والحساب وقہ العذاب

یہ دونوں احادیث مبارکہ آپ رضی اللہ عنہ کے بلند ترین فضائل پہ شاہد ہیں، ان احادیث مبارکہ کے سائے میں تاریخ کے وہ تمام اکذوبات کے بادل چھٹ جاتے جن کے تانے بانے اسلام دشمنوں نے بنے تھے، یقیناً یہ دونوں احادیث مبارکہ کی وجہ سے ان کے پیٹ میں مروڑ اٹھنا ایک فطری اور یقینی امر تھا، اس لئے انہوں نے انہیں غلط ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا، کہیں سند پہ اعتراض، کہیں متن میں اضطراب۔

الحمد للہ! فاضل نوجوان اور محقق، عزیزم مولانا عبدالرحمن ستی سلمہ اللہ ان احادیث کی سند، رواۃ، متن اور احادیث کے طرق کی مکمل چھانٹ پھٹک کی ہے، تحقیق کی ہے اور اعتراضات کا بھرپور جواب دیا ہے، ان کی کتاب سے طبیعت شاد ہوئی، دل سے دعا نکلی: اللھم زد فزد، اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

زمانہ طالبعلمی سے ہی ذوق جستجو اور شوق تحقیق تھا، اور ممتاز صلاحیتوں کے مالک تھے، درجہ سادسہ میں ہی کسی فرقہ اور اس کے عقائد کے بارہ کتاب لکھ کر، کمپوز کرا کر بغرض اصلاح و نظر ثانی راقم کو دکھائی تھی۔

اللہ تعالیٰ ان کے اس اور دیگر کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائی، ان کے اور ہمارے لیے اجر اوذخرا بنائے۔

استاذ الحدیث

حضرت مولانا مفتی شکیل صاحب حفظہ اللہ وعافاہ

رئیس دارالإفتاء جامعہ محمدیہ اسلام آباد

مقدمہ بحث

دو فصول پر مشتمل ہے

فصل اول

سبب بحث

فصل ثانی

منہج بحث

فصل اوّل

سبب بحث

امیر المؤمنین معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما دنیائے اسلام کی اُن چند مقتدر، عظیم، بلند پایہ اور خوش نصیب شخصیتوں میں سے ایک ہیں جنہیں اللہ تعالی نے شرف صحابیت کیساتھ عقل ودانش، فہم وفراست اور تدبر وسیاست کی وافر دولت نصیب فرمائی ہے۔

جن کے احسانات سے ملت اسلامیہ کبھی سبکدوش نہیں ہوسکتی، اظہار اسلام کے بعد آپ نے بھرپور جہاد میں حصہ لیا، کتابت وحی جیسے عظیم منصب پر فائز رہے، خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے عہد خلافت میں اپنی قائدانہ اور مدبرانہ صلاحیتوں سے آپ نے اشاعت اسلام اور تسخیر و فتوحات میں نمایاں کردار ادا کیا، تاریخ اسلام میں آپ ہی پہلے اسلامی بحری بیڑے کے موجد ہیں۔

آپ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ بیس برس صوبہ شام کے امیر (امیر شام) کی حیثیت سے رہے، سن (41ہجری) میں سیدنا حسن رضی اللہ عنہ نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کرکے آپ کو حجاز مقدس سے لے کر افریقہ اور بحیرہ روم سے لے کر بحر اوقیانوس تک پھیلی ہوئی اسلامی ریاست کا متفق علیہ خلیفہ (خلیفۃ المسلمین) بنا دیا، اسکے بعد آپ تادم حیات تقریبا بیس برس (19 سال اور کچھ ماہ) تک متفق علیہ خلیفہ کی حیثیت سے رہے، آپ کے عہد خلافت میں کوئی شورش برپانہ ہوسکی، فتوحات کا ایک سیلاب امڈ آیا تھا یہاں تک کہ آپ کو 64لاکھ 65ہزار مربع میل اس وقت کی معلوم دنیا کے نصف سے زائد حصہ پر حکمرانی کا شرف حاصل ہوا۔

اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ آپ ﷺ کی زبان مبارک سے کئی مرتبہ آپ کیلئے دعائیں اور بشارتیں نکلیں ہیں، محدثین و مؤرخین نے آپ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں مستقل ابواب، فصول قائم کرکے ان احادیث کو نقل کیا ہے:

امام احمد بن حنبلؒ (المتوفی: 241ھ) نے "فضائل الصحابة" میں "فَضَائِلُ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا"

امام ترمذیؒ (المتوفی: 279ھ) نے "السنن" میں "باب مناقب معاوية بن أبي سفيان رضي الله عنه"

امام آجرّی البغدادیؒ (المتوفی:360ھ) نے "الشريعة" میں "كتاب فضائل معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

محدث لالکائیؒ (المتوفی:418ھ) نے "شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" میں "سياق ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم في فضائل أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان ﷺ".

امام جوزقانیؒ (المتوفی:543ھ) نے "الأباطيل والمناكير والصحاح والمشاهير" میں "باب في فضائل طلحة والزبير ومعاوية وعمرو".

امام ابن کثیرؒ (المتوفی:774ھ) نے "البداية والنهاية" میں "فضل معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

محدّث احمد بن حجر الہیتمی المکیؒ (المتوفی:974ھ) نے "تطهير الجنان" میں مستقل فصل قائم کی ہے "الفصل الثاني: في فضائله ومناقبه وخصوصياته".

امام ابن عبد الملک العصامی المکیؒ (المتوفی:1111ھ) نے "سمط النجوم العوالي في أنباء الأوائل والتوالي" میں "ذكر مناقب معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

مولانا عبدالعزیز فرہارویؒ (المتوفی:1239ھ) نے بھی "الناهية عن طعن أمير المؤمنين معاوية" میں مستقل آپ رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں فصل قائم کی ہے "فصل في فضائل معاوية ﷺ".

ایک طرف امت کے کبار ائمہ محدثین ومؤرخین، امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل پر مستقل ابواب، فصول قائم کر کے احادیث صحیحہ، حسنہ، ضعیفہ کو ذکر کرتے ہیں جبکہ دوسری طرف معاندین معاویہ کے سامنے فضیلت معاویہ رضی اللہ عنہ پر کوئی حدیث پیش کی جائے تو وہ فورا اسحاق بن راہویہؒ (المتوفی: 238ھ) کے قول کا سہارا لیتے ہوئے کہتے ہیں کہ: معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر تو کوئی صحیح حدیث موجود ہی نہیں۔

"لا يصح عن النبي (صلى الله عليه وسلم) في فضل معاوية بن أبي سفيان شئ".

امام ابن عساکرؒ (المتوفی:571ھ) نے "تايخ دمشق" میں معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر بہت ساری احادیث جمع کی ہیں جن میں صحیح، حسن، ضعیف، منکر، موضوع ہر طرح کی روایات ہیں تاہم موضوعات کی ایک بڑی تعداد

ہے۔امام ابن کثیرؒ(المتوفی:774ھ)نے "البدایہ والنہایہ" میں امام ابن عساکرؒ کے موضوعات اور منکرات سے پہلو تہی کر کے صحاح، حسان اور مستجادات احایث ہی بیان کرنے پر اکتفاء کیا ہے لکھتے ہیں:

وَقَدِ اعْتَنَى ابْنُ عَسَاكِرَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَأَطْنَبَ فِيهِ وَأَطْيَبَ وَأَطْرَبَ، وَأَفَادَ وَأَجَادَ، وَأَحْسَنَ الِانْتِقَادَ، فَرَحِمَهُ اللَّهُ، كَمْ لَهُ مِنْ مَوْطِنٍ قَدْ تبرز فِيهِ عَلَى غَيْرِهِ مِنَ الْحُفَّاظِ وَالنُّقَّادِ. ثُمَّ سَاقَ ابْنُ عَسَاكِرَ أَحَادِيثَ كَثِيرَةًمَوْضُوعَةً بِلَا شَكٍّ فِي فَضْلِ مُعَاوِيَةَ، أَضْرَبْنَا عَنْهَا صَفْحًا، وَاكْتَفَيْنَا بِمَا أَوْرَدْنَاهُ مِنَ الْأَحَادِيثِ الصحاح والحسان والمستجادات عما سواها من الموضوعات وَالْمُنْكَرَاتِ.(1)

امام ابن عساکرؒ(المتوفی:571ھ)لکھتے ہیں:

فضیلت معاویہ رضی اللہ عنہ پر جو احادیث بیان کی گئی ہیں اُن میں صحیح ترین ابو حمزہ کی حدیث ہے جو بحوالہ حضرت ابن عباس بیان ہوئی کہ جب سے مسلمان ہوئے حضور ﷺ کے کاتب تھے، مسلمؒ نے اپنی صحیح میں اس کی تخریج کی، اسکے علاوہ حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ: اے اللہ معاویہ بن ابی سفیان کو کتاب کا علم عطا فرما اور اس کے بعد حدیث عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ: اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو ہادی و مہدی بنا۔

أَصَحُّ مَا روي فِي فضل معاوية حديث أبي جمرة عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ "أَنَّهُ كَانَ كَاتِبَ النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلَّم مُنْذُ أَسْلَمَ" أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ فِي صَحِيحِهِ، وَبَعْدَهُ حَدِيثُ الْعِرْبَاضِ: "اللَّهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَاب" وَبَعْدَهُ حَدِيثُ ابْنِ أَبِي عُمَيْرَةَ: "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا"(2)

یہ دونوں احادیث: اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو ہادی و مہدی بنا اور اے اللہ معاویہ بن ابی سفیان کو کتاب و حساب کا علم عطا فرما۔

---

(1) "البداية والنهاية" (131/8) "سنة ستين من الهجرة النَّبوِيّة"،"ترجمة معاوية وذكر شئ من أيامه وما ورد في مناقبه وفضائله"

(2) "تاريخ دمشق" (106/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

یہ سحری کے وقت کی دعائیں ہیں جو لسان نبوت سے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں صادر ہوئی ہیں لامحالہ حضور ﷺ جسکو اہل سمجھتے تھے اُسی کے حق میں ایسی دعائیں ارشاد فرماتے تھے، پھر سحری کا مقبول وقت اور آپ ﷺ کی ذات بھی مستجاب الدعوات یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں یہ دعائیں قبول نہ ہوئی ہوں؟

لیکن کچھ لوگوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے حسد و بغض کی وجہ سے ان روایات کو ضعیف ثابت کرنے کیلیے ایڑی چوٹی کا زور صرف کیا، بے بنیاد الزامات، اعتراضات، شبہات پیدا کرنے کی ناکام سعی کی ہے ہم نے بحمد اللہ تعالی تمام شبہات، الزامات، اعتراضات کا جواب دینے کیساتھ ساتھ ان روایات کی تمام اسانید کو جمع کر کے ہر سند پر مفصل بحث کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ روایات نہ صرف یہ کہ صحیح بلکہ مشہور درجے کی ہیں۔(مشہور عند المحدثین)

محدثین کا اصول:

جو حدیث مختلف اسانید سے مروی ہو محدثین ہر سند پر مستقل حدیث کا اطلاق کرتے ہیں جیسے حدیث: "انما الاعمال بالنیات" یہ سات سو طرق سے منقول ہے تو محدثین کی اصطلاح میں اسے سات سو احادیث شمار کیا جائے گا یہی وجہ ہے کہ امام بخاریؒ یہ جو فرماتے ہیں: میں نے اپنی "صحیح" کو چھ لاکھ احادیث سے انتخاب کیا ہے تو اس سے مراد طرق و اسانید ہیں، نہ کہ متون۔

علامہ ابن الجوزیؒ (المتوفی: 597ھ) ذخیرہ احادیث پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"أَن الْمُرَاد بِهَذَا الْعدَد الطّرق لَا الْمُتُون"

"یعنی ان سے مراد احادیث کے طرق اور اسانید ہیں، نہ کہ متون"۔(1)

علامہ طاہر بن صالح الجزائری، الدمشقیؒ (المتوفی: 1338ھ) لکھتے ہیں:

---

(1) "تلقيح فهوم أهل الأثر في عيون التاريخ والسير" (263/1) "أَصْحَاب المئين".

"إن كثيرا من الْمُتَقَدِّمين كَانُوا يطلقون اسْم الحَدِيث على مَا يَشْمَل آثَار الصَّحَابَة وَالتَّابِعِينَ وتابعيهم وفتاويهم ويعدون الحَدِيث الْمَرْوِيّ بِإِسْنَادَيْنِ حديثين".

"متقدمین کی اکثریت آثار صحابہ، تابعین، اتباع تابعین اور ان کے فتاوی پر لفظ حدیث بولتی ہے، اور جو حدیث دو سندوں سے مروی ہو اس کو دو حدیثیں شمار کرتی ہے"۔(1)

اس اصول کے پیش نظر حدیث: "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا" 41 مختلف طرق سے مروی ہے تو اب یہ ایک حدیث نہیں بلکہ 41 احادیث ہیں جن میں سے 28 صحیح مرفوع، 8 حسن مرفوع، 4 ضعیف اور 1 موضوع۔

حدیث: "اللَّهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَاب" 17 مختلف طرق سے مروی ہے تو اب یہ ایک حدیث نہیں بلکہ 17 احادیث ہیں جن میں سے 12 صحیح مرفوع، 2 حسن مرفوع اور 3 ضعیف

مزید چند مختلف ضعیف و حسن درجے کی احادیث کو بھی ذکر کیا ہے کل تعداد 79 ہے۔

عصر حاضر میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا دفاع بے حد ضروری ہے، دشمنان اصحاب رسول ﷺ کو ہر لحاظ سے علمی تحقیقی لگام دینا یہ ہمارا مذہبی و دینی فریضہ ہے، اللہ رب العزت ہماری اس ادنی سی کاوش کو قبول فرمائے اور ساری زندگی حق اور اہل حق سے وابستہ رکھے، معاویہ رضی اللہ عنہ کی شفاعت نصیب فرمائے (آمین)

اگر کوئی صاحب علم شخص کسی فرو گزاشت پر تنبیہ فرمائیں گے تو یہ چیز ان کیلیے آخرت میں نجات کا ذریعہ اور ہمارے لیے باعث تشکر و امتنان ہو گی۔

---

(1) "توجيه النظر إلى أصول الأثر" (230/1) "الْفَائِدَة الثَّالِثَة: فِي أَن الشَّيْخَيْنِ لم يستوعبا الصَّحِيح وَلَا التزما ذَلِك".

فصل ثانی

منہج بحث

1-ہم نے اس بحث کو چار ابواب پر تقسیم کیا ہے:

باب اوّل کو دو فصول پر تقسیم کیا ہے

فصل اوّل میں سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف۔اور فصل ثانی میں اسحاق بن راہویہؒ کے قول کا تفصیلی جائزہ۔

باب ثانی (حدیث "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ") کو پانچ فصول پر تقسیم کیا ہے:

فصل اوّل میں: حدیث ترمذی اور اسکی اسنادی حیثیت۔

فصل ثانی میں: شبہ اضطراب سند اور اسکا تفصیلی جواب۔

فصل ثالث میں: حدیث عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ۔

فصل رابع میں: حدیث عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔

فصل خامس میں: حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ۔

باب ثالث (حدیث "اللهم علمه الكتاب والحساب وقه العذاب") کو چار فصول میں تقسیم کیا ہے

فصل اوّل میں: حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی جملہ اسانید پر بحث اور ان کا حکم۔

فصل ثانی میں: حدیث مسلمہ بن خالد رضی اللہ عنہ۔

فصل ثالث میں: حدیث عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

فصل رابع میں: حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما۔

باب رابع کو چار فصول پر تقسیم کیا ہے

فصل اوّل میں حضور ﷺ کی بشارت: "اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت عطا کرے گا"۔

فصل ثانی میں: حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: "سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ فیصلہ کرنے میں قوی اور امین ہیں"۔

فصل ثالث میں: حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: "اے اللہ اسے علم و حلم سے بھر دے"۔

فصل رابع میں: حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے سب سے بڑھ کر بردبار اور سخی معاویہ ہیں۔

2-ہر حدیث کو اُسکی سند کیساتھ پیش کرنے کے بعد اُس پر حکم عائد کیا ہے کہ یہ حدیث کس درجے کی ہے صحیح ہے یا حسن یا ضعیف۔

3-سند کے ہر ہر راوی کا مکمل دراسہ پیش کیا ہے اوّلا راوی کی حیثیت واضح کی گئی ہے کہ یہ ثقہ ہے یا صدوق یا ضعیف، ثانیا اس دعوی پر ائمہ جرح وتعدیل کے اقوال بطور شواہد کے پیش کیے ہیں۔

4- متن میں رُوات کا دراسہ پیش کرتے ہوئے اختصار کو مد نظر رکھا گیا ہے، ائمہ جرح وتعدیل کے فیصلہ کن اقوال کو ذکر کیا گیا ہے البتہ جہاں تفصیل کی ضرورت سمجھی وہاں تفصیل بھی بیان کر دی گئی ہے۔ تاہم اہل علم کیلیے تفصیلی دراسہ حوالہ جات کیساتھ حواشی میں ذکر کر دیا ہے۔

5-اگر سند کے کسی راوی پر اختلاط، ارسال یا انقطاع وغیرہ کا کوئی اعتراض یا شبہ تھا تو ہم نے اسی راوی کے حالات میں اسکا جواب ذکر کر دیا ہے علیحدہ سے جواب نہیں دیا۔

عبدالرحمن ستی

باب اوّل

یہ باب دو فصول پر مشتمل ہے

فصل اوّل

سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

فصل ثانی

اسحاق بن راہویہؒ کے قول کا تفصیلی جائزہ

اسنادی حیثیت، خدشات کا بیان

ائمہ متعقبین جنہوں نے اسحاق بن راہویہ کے قول کا تعاقب کیا ہے

نفی صحت عدم صحت کو مستلزم نہیں

فصل اوّل

معاویہ رضی اللہ عنہ کا نام ونسب اور کنیت

نام ونسب: معاویہ بن ابی سفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی، القرشی، الاموی۔ (معاویہ رضی اللہ عنہ کا نسب پانچویں پشت پر جا کر رسول اکرم ﷺ کے نسب سے ملتا ہے، آپ ﷺ کا نسب یوں ہے: محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی اور والدہ کی طرف سے بھی پانچویں پُشت میں جا کر حضور ﷺ کیساتھ ملتا ہے، آپ کی والدہ کا نام: ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف ہے)۔

کنیت: ابو عبد الرحمن ہے۔(1)

---

(1) "الطبقات" لابن سعد (المتوفى: 230هـ) (406/7)،
"الطبقات" لخليفة بن خياط (المتوفى: 240هـ) (547/1) رقم الترجمة: (2809)
"التاريخ الكبير" للبخاري (المتوفى: 256هـ) (326/7) رقم الترجمة: (1405)
"معجم الصحابة" لابن قانع البغدادي (المتوفى: 351هـ) (72/3) رقم الترجمة: (1026)
"الثقات" لابن حبان (المتوفى: 354هـ) (373/3) رقم الترجمة: (1223)
"الهداية والإرشاد في معرفة أهل الثقة والسداد" للكلاباذي (المتوفى: 398هـ) (703/2) رقم الترجمة: (1158)
"معرفة الصحابة" لأبي نعيم الأصبهاني (المتوفى: 430هـ) (2496/5)
"الاستيعاب في معرفة الأصحاب" لابن عبد البر (المتوفى: 463هـ) (714/2) رقم الترجمة: (2714)
"تاريخ بغداد" للخطيب البغدادي (المتوفى: 463هـ) (221/1) رقم الترجمة: (48)
"التعديل والتجريح" لأبي الوليد الباجي (المتوفى: 474هـ) (714/2) رقم الترجمة: (625)
"تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (33/59) رقم الترجمة: (7504)
"أسد الغابة في معرفة الصحابة" لابن الأثير (المتوفى: 630هـ) (201/5) رقم الترجمة: (4984)
"تهذيب الكمال في أسماء الرجال" للمزي (المتوفى: 742هـ) (176/28) رقم الترجمة: (6054)
"سير أعلام النبلاء" للذهبي (المتوفى : 748هـ) (105/2) رقم الترجمة: (13)
"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" للذهبي (المتوفى: 748هـ)

حیات وصفات

ولادت: معاویہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی بعثت سے پانچ یا سات یا تیرہ سال قبل پیدا ہوئے تاہم پہلا قول زیادہ مشہور ہے

"ولد قبل البعثة بخمس سنين، وقيل بسبع، وقيل بثلاث عشرة. والأول أشهر".(1)

قبول اسلام:

معاویہ رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام اور اظہار اسلام کے متعلق دو قسم کی رائے پائی جاتی ہیں ایک تو یہ کہ آپ نے صلح حدیبیہ (سن 6 ہجری) میں اسلام قبول کر لیا تھا مگر اسلام کا اظہار فتح مکہ (سن 8 ہجری) میں کیا ہے، جبکہ دوسری رائے یہ ہے کہ آپ نے ہجرت مدینہ سے پہلے اسلام قبول کر لیا تھا مگر اسلام کا اظہار عمرۃ القضاء (سن 7 ہجری) میں کیا ہے۔

رائے اول:

محمد بن عمر الواقدیؒ کا بیان ہے کہ: معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس سال صلح حدیبیہ ہوئی (یعنی سن 6 ہجری میں) جب قریش مکہ نے حضور ﷺ اور صحابہ کو عمرہ کرنے سے روک دیا تھا اور ان کے درمیان جو صلح نامہ لکھا گیا تھا اُسی وقت اسلام میرے دل میں گھر کر گیا تھا اور میں نے اپنی والدہ سے اس بات کا تذکرہ کیا تو والدہ نے کہا:

اگر تو مدینہ گیا تو ہم تیرا خرچہ پانی بند کر دیں گے، پھر میں نے اپنے ماں باپ کے خوف سے اپنے اسلام کا اظہار نہیں کیا، سن 7 ہجری میں جب عمرۃ القضاء پیش آیا اُسوقت میں مومن تھا لیکن اب تک بوجہ خوف اظہار میں

"البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (المتوفى:774هـ) (146/11) "فضل معاوية بن أبي سفيان ﷺ".
"الإصابة في تمييز الصحابة" لابن حجر العسقلاني (المتوفى: 852هـ) (151/6) رقم الترجمة: (8074)
"تهذيب التهذيب" لابن حجر العسقلاني (المتوفى: 852هـ) (187/10) رقم الترجمة: (387)
(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" لابن حجر العسقلاني (المتوفى: 852هـ) رقم الترجمة: (8074)

نے نہیں کیا، یہاں تک کہ جب فتح مکہ (سن 8 ہجری میں) پیش آیا تو میرے والد ابو سفیان رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو اسوقت میں نے بھی اپنے اسلام کا اظہار کیا۔

جس وقت آپ نے اسلام قبول کیا تقریباً اسوقت آپ کی عمر 24 سال تھی۔

قَالَ ابن سعد: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْعَنْسِيِّ قَالَ: قَالَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ: لَمَّا كَانَ عَامُ الْحُدَيْبِيَةِ صَدَّتْ قُرَيْشٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَيْتِ وَدَافَعُوهُ بِالرَّاحِ وَكَتَبُوا بَيْنَهُمُ الْقَضِيَّةَ، وَقَعَ الْإِسْلَامُ فِي قَلْبِي، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِأُمِّي هِنْدَ بِنْتِ عُتْبَةَ فَقَالَتْ: إِيَّاكَ أَنْ تُخَالِفَ أَبَاكَ، أَوْ أَنْ تَقْطَعَ أَمْرًا دُونَهُ فَيَقْطَعَ عَنْكَ الْقُوتَ، فَكَانَ أَبِي يَوْمَئِذٍ غَائِبًا فِي سُوقِ حُبَاشَةَ قَالَ: فَأَسْلَمْتُ وَأَخْفَيْتُ إِسْلَامِي، فَوَاللَّهِ لَقَدْ دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ إِنِّي مُصَدِّقٌ بِهِ، وَأَنَا عَلَى ذَلِكَ أَكْتُمُهُ مِنْ أَبِي سُفْيَانَ، وَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَامَ عُمْرَةِ الْقَضِيَّةِ وَأَنَا مُسْلِمٌ مُصَدِّقٌ بِهِ، وَعَلِمَ أَبُو سُفْيَانَ بِإِسْلَامِي فَقَالَ لِي يَوْمًا: لَكِنْ أَخُوكَ خَيْرٌ مِنْكَ، فَهُوَ عَلَى دِينِي، قُلْتُ: لَمْ آلُ نَفْسِي خَيْرًا.

وَقَالَ: فَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ فَأَظْهَرْتُ إِسْلَامِي وَلَقِيتُهُ فَرَحَّبَ بِي وَكَتَبْتُ لَهُ.(1)

امام ابن کثیر الدمشقیؒ (المتوفی: 774ھ) لکھتے ہیں:

قال معاوية: ولقد دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلَّم مَكَّةَ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ وَإِنِّي لَمُصَدِّقٌ بِهِ، ثُمَّ لَمَّا دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ أَظْهَرْتُ إِسْلَامِي فَجِئْتُهُ فَرَحَّبَ بِي، وَكَتَبْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ.(2)

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی: 852ھ) لکھتے ہیں:

وحكى بن سعد:"أنه كان يقول لقد أسلمت قبل عمرة القضية ولكني كنت أخاف أن أخرج

---

(1) "الطبقات" لابن سعد (المتوفى: 230هـ) (406/7)

"تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (67/59) رقم الترجمة: (7504)

(2) "البداية والنهاية" (146/11) "فضل معاوية بن أبي سفيان ﷺ".

إلى المدينة لأن أمي كانت تقول إن خرجت قطعنا عنك القوت".(1)

رائے ثانی:

معاویہ رضی اللہ عنہ نے ہجرت مدینہ سے پہلے اسلام قبول کر لیا تھا چونکہ حضور ﷺ نے ہجرت مدینہ سے پہلے مکہ میں جو مواخات قائم کی تو اس میں معاویہ رضی اللہ عنہ کی مواخات ایک انصاری صحابی حتات بن یزید رضی اللہ عنہ سے قائم کی۔

سیرت نگار امام ابن ہشامؒ (المتوفی: 213ھ) لکھتے ہیں:

حُتات رضی اللہ عنہ وہ شخص ہیں جن کو حضور ﷺ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کا بھائی بنایا تھا اور اسی طرح آپ ﷺ نے اپنے اصحاب مہاجرین کے مابین مواخات یوں قائم کی،

ابو بکر صدیق اور عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان، عثمان بن عفان اور عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہما کے درمیان، طلحہ بن عبید اللہ اور زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما کے درمیان، ابوذر غفاری اور مقداد بن عمرو بہرانی رضی اللہ عنہما کے درمیان، معاویہ بن ابی سفیان اور حُتات بن یزید مجاشعی رضی اللہ عنہما کے درمیان۔

"الْحُتَاتُ وَهُوَ الَّذِي آخَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ آخَى بَيْنَ نفر من أَصْحَابه مِنْ الْمُهَاجِرِينَ، بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَبَيْنَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْن عَوْفٍ، وَبَيْنَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ وَالزُّبَيرِ بْنِ الْعَوَّامِ، وَبَيْنَ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِي وَالْمِقْدَادِ بْنِ عَمْرٍو الْبَهْرَانِيّ، وَبَيْنَ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ وَالْحُتَاتِ بْنِ يَزِيدَ الْمُجَاشِعِيّ فَمَاتَ الْحُتَاتُ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ فِي خِلَافَتِهِ".(2)

علامہ ابن عبدالبرؒ (المتوفی: 463ھ) لکھتے ہیں:

ذكره ابن إسحاق وابن هشام وابن الكلبي، وقالوا: "آخى رسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بين الحتات وبين معاوية بن أبي سفيان، فمات الحتات عند معاوية في خلافته، فورثه بتلك الأخوة".(1)

---

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" (152/6) رقم الترجمة: (8074)

(2) "السيرة النبوية" لابن هشام (561/2)

امام ابن الاثیرؒ (المتوفی:630ھ) لکھتے ہیں:

ذكرهم بن إسحاق، والكلبي: "آخى رسول الله صلى الله عليه وسلم بينه، وبين معاوية بن أبي سفيان، ولما اجتمعت الخلافة لمعاوية، فمات عنده، فورثه معاوية بتلك الأخوة، وكان معاوية خليفة". (2)

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی:852ھ) نے بھی ابن عبد البرؒ کی مذکورہ بالا عبارت کو نقل کیا ہے لکھتے ہیں:

وقال بن عبد البر: ذكر بن إسحاق وابن الكلبي وابن هشام: أن النبي صلى الله عليه و سلم آخى بين الحتات ومعاوية فمات الحتات عند معاوية في خلافته فورثه بالإخوة". (3)

اسی طرح قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ نے اپنی کتاب "سیرت رحمۃ للعالمین" (373) میں مواخات مدینہ کی جو فہرست پیش کی ہے اُس فہرست میں چوبیسویں نمبر پر سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ آپ ہجرت مدینہ سے قبل اسلام لا چکے تھے۔

یہی وجہ ہے کہ آپ باوجودیکہ جوان، فنون حرب وضرب کے ماہر لیکن آپ نے جنگ بدر، جنگ احد، جنگ خندق وغیرہ میں مسلمانوں کے خلاف حصہ نہیں لیا جبکہ آپ کے والد ابو سفیان رضی اللہ عنہ ہر جگہ پیش پیش رہے اور آپ نے اپنے اسلام کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرح مخفی رکھا بالآخر سن 7 ہجری کو عمرۃ القضاء کے موقع پر اپنے اسلام کا اظہار کیا۔

امام بخاریؒ (المتوفی:256ھ) نے روایت نقل کی ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کے بال مبارک کا قصر کیا ہے (یعنی چھوٹے کیے ہیں)

«قَصَّرْتُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ» (4)

---

(1) "الاستيعاب في معرفة الأصحاب" (412/1) رقم الترجمة: (587)

(2) "أسد الغابة في معرفة الصحابة" (687/1) رقم الترجمة: (1078)

(3) "الإصابة في تمييز الصحابة" (29/2) رقم الترجمة: (1614)

(4) "الجامع المسند الصحيح" (174/2) رقم الحديث: (1730) "بَابُ الحَلْقِ وَالتَّقْصِيرِ عِنْدَ الإِحْلاَلِ".

امام مسلمؒ(المتوفی:261ھ)نے صراحت کی ہے کہ ان کا نبی کریم ﷺ کے بال کاٹنا مروہ کے مقام تھا۔

قَصَّرْتُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ ، وَهُوَ عَلَى الْمَرْوَةِ ، أَوْ رَأَيْتُهُ يُقَصَّرُ عَنْهُ بِمِشْقَصٍ ، وَهُوَ عَلَى الْمَرْوَةِ.(1)

ان روایات سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ کا بال ترشوانا کسی عمرہ پر تھا کیونکہ آپ ﷺ نے زندگی میں ایک حج کیا ہے اور اس میں حلق کروایا تھا، نہ کہ قصر اور حج میں حلق یا قصر منی کے مقام پر ہوتا ہے، نہ کہ مروہ کے مقام پر لہذا معاویہ رضی اللہ عنہ کا نبی کریم ﷺ کا قصر کرنا یہ عمرۃ القضاء (سن 7 ہجری) کے موقع پر ہے، اس سے بڑھ کر اور کیا اظہار ہوگا جہاں صحابہ ایک بڑی تعداد میں موجود ہیں؟

نوٹ:

ہم نے دونوں آراء کو ذکر کر دیا ہے انشاءاللہ جلد معاویہ رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام پر ایک تحقیقی رسالہ شائع کیا جائے گا جس میں تمام دلائل کا تفصیلی جائزہ پیش کر کے کسی ایک رائے کو ترجیح دی جائے گی۔

صفات ذاتیہ:

حافظ ابو نعیمؒ((المتوفی:430ھ)فرماتے ہیں:

معاویہ رضی اللہ عنہ حساب کتاب کے بڑے ماہر تھے، فصیح اللسان، لمبے قد والے، سفید رنگت، انتہائی نرم مزاج، بردبار اور باوقار انسان تھے۔

"كان من الكتبة الحسبة الفصحة ...كان أبيض طويلا أجلح ... كان حليما وقورا فصيحا".(2)

صفات عرضیہ:

معاویہ رضی اللہ عنہ کو جہاں صحابیت کا اعزاز حاصل ہے جسکے ہوتے ہوئے کسی اور فضیلت کی ضرورت ہی نہیں وہاں آپ کتابت وحی جیسے عظیم منصب اور اجتہاد کے درجے پر فائز تھے۔

---

(1) "المسند الصحيح" (58/4) رقم الحديث: (2996) "باب التمتع بالعمرة إلى الحج".

(2) "معرفة الصحابة" (2496/5) من اسمه: معاوية.

معاویہ رضی اللہ عنہ فقیہ (مجتہد) تھے:

امام بخاریؒ (المتوفی:256ھ) فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، قِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ: "هَلْ لَكَ فِي أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ مُعَاوِيَةَ، فَإِنَّهُ مَا أَوْتَرَ إِلَّا بِوَاحِدَةٍ؟ قَالَ: «أَصَابَ، إِنَّهُ فَقِيهٌ»

ہم سے بیان کیا ابن ابی مریم نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا نافع بن عمر نے، وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیا ابن ابی ملیکہ نے کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا گیا:

کہ امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں، انہوں نے وتر کی نماز صرف ایک رکعت پڑھی ہے؟

تو عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انہوں نے درست کیا یقیناوہ خود فقیہ (مجتہد) ہیں۔(1)

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا شمار اکابر بنی ہاشم میں ہوتا ہے اور آپ کا لقب "حِبر الامّت" ہے آپ کی طرف سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ شہادت کوئی معمولی درجے کی نہیں ہے۔

امام ذہبیؒ (المتوفی:748ھ) فرماتے ہیں:

"فَهَذِهِ شَهَادَة الصَّحَابَة بفقهه وَدينه وَالشَّاهِد بالفقه ابْن عَبَّاس".

"حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی فقاہت اور دینداری پر یہ شہادت صحابہ کرام کی طرف سے پائی گئی ہے، ان کے فقیہ ہونے پر ابن عباس جیسے افقہ، انبل، ثقہ آدمی شاہد ہیں"۔(2)

---

(1) "الجامع المسند الصحيح" (28/5) رقم الحديث: (3765) بَابُ ذِكْرِ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

"السنن" للدارقطني (المتوفى: 385هـ) (360/2) رقم الحديث: (1674) "ما يقرأ في ركعات الوتر والقنوت فيه".

"السنن الكبرى" للبيهقي (المتوفى: 458هـ) (27/3) رقم الحديث: (4993) "باب الْوِتْرِ بِرَكْعَةٍ وَاحِدَةٍ وَمَنْ أَجَازَ أَنْ يُصَلِّيَ تَطَوُّعًا رَكْعَةً وَاحِدَةً".

(2) "المنتقى من منهاج الاعتدال" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (389/1) "الْفَصْل الثَّالِث فِي إِمَامَة عَليّ رَضِي الله عَنهُ".

معاویہ رضی اللہ عنہ کاتب وحی تھے:

امام مسلمؒ (المتوفی: 261ھ) اپنی سند سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

حَدَّثَنِي عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَعْقِرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا النَّضْرُ وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنَا أَبُو زُمَيْلٍ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ الْمُسْلِمُونَ لَا يَنْظُرُونَ إِلَى أَبِي سُفْيَانَ وَلَا يُقَاعِدُونَهُ فَقَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ ثَلَاثٌ أَعْطِنِيهِنَّ قَالَ نَعَمْ قَالَ عِنْدِي أَحْسَنُ الْعَرَبِ وَأَجْمَلُهُ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ أَبِي سُفْيَانَ أُزَوِّجُكَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَمُعَاوِيَةُ تَجْعَلُهُ كَاتِبًا بَيْنَ يَدَيْكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَتُؤَمِّرُنِي حَتَّى أُقَاتِلَ الْكُفَّارَ كَمَا كُنْتُ أُقَاتِلُ الْمُسْلِمِينَ قَالَ نَعَمْ.

مسلمان ابوسفیان کی طرف دیکھتے تھے نہ اسکے پاس بیٹھتے تھے، ابو سفیان رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی: مجھے تین چیزیں عطا فرمادیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

1-فرمایا: میری بیٹی ام حبیبہ جو احسن العرب ہے میں اس کا آپ سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

2-فرمایا: میرے بیٹے معاویہ کو اپنا کاتب بنالیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

3-فرمایا: مجھے اجازت دیں میں کفار سے مقاتلہ کروں جیسے مسلمانوں سے مقاتلہ کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے۔(1)

---

(1) "المسند الصحيح" (1945/4) رقم الحديث: (2501) "بَابُ مِنْ فَضَائِلِ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ".

"الآحاد والمثاني" لأبي بكر بن أبي عاصم الشيباني (المتوفى: 287ھ) (382/1) رقم الحديث: (525) "وَمِنْ ذِكْرِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ".

"الصحيح" لابن حبان (المتوفى: 354ھ) (189/16) رقم الحديث: (7209) "ذكر أبي سفيان بن حرب رضي الله تعالى عنه".

"المعجم الكبير" للطبراني (المتوفى: 360ھ) (199/12) رقم الحديث: (12886) سماك الحنفي، عن ابن عباس

"شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة"للالكائي (المتوفى: 418ھ) (1529/8) رقم الحديث: (2780) "سياق ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم في فضائل أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان رضي الله عنه".

"السنن الكبرى" للبيهقي (المتوفى: 458ھ) (140/7) رقم الحديث: (13578) "باب لا يكون الكافر وليا لمسلمة".

اِس روایت کو پڑھنے کے بعد ہر غیر متعصب شخص پر اس گھرانے کا مقام و مرتبہ اچھی طرح واضح ہو جاتا ہے نیز یہ بھی ثابت ہو گیا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ کاتب وحی تھے، آپ کی علاتی بہن رملہ بنت ابی سفیان جو ام حبیبہ کی کنیت سے مشہور ہیں حضور ﷺ کے نکاح میں تھیں،

تو اس لحاظ سے معاویہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے سالے اور ابو سفیان حضور ﷺ کے سُسر لگے اور ایک حدیث میں آتا ہے حضور ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ اور میرے سسرال کے بارے میں میرا لحاظ رکھا کرو۔ جس نے ان کے بارے میں میرا لحاظ رکھا اللہ تعالی دنیا و آخرت میں اس کی حفاظت فرمائے گا۔

قال رسول الله (صلى الله عليه وسلم): "احفظوني في أصحابي وأصهاري فمن حفظني فيهم حفظه الله في الدنيا والآخرة".(1)

امام ابن کثیرؒ (المتوفی: 774ھ) لکھتے ہیں:

"والمقصود أن معاوية كان يكتب الوحي لرسول الله صلى الله عليه وسلم مع غيره من كتاب الوحي رضی اللہ عنہم".

"معاویہ رضی اللہ عنہ دیگر کاتبان وحی کیساتھ مل کر رسول اکرم ﷺ کیلیے وحی لکھتے تھے"۔(2)

خال المؤمنین:

معاویہ رضی اللہ عنہ کو مؤمنین کا ماموں کہا جاتا ہے کیونکہ آپ کی علاتی بہن ام حبیبہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے نکاح میں تھی اور حضور ﷺ کی بیویوں کے متعلق فرمان خداوندی (ازواجه امهاتهم) یہ ہے کہ وہ امت کی روحانی مائیں ہیں،

اس مناسبت سے معاویہ رضی اللہ عنہ مؤمنین کے ماموں جان ہوئے یہی وجہ ہے کہ اکابر بنی ہاشم میں سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے آیت ﴿عسى الله أن يجعل بينكم وبين الذين عاديتم منهم مودة

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (104/59) رقم الترجمة: (7504)

(2) "البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (774 هـ) (146/11) "فضل معاوية بن أبي سفيان رضی اللہ عنہ".

[الممتحنة: 7] کے تحت معاویہ رضی اللہ عنہ کو "خال المؤمنین" قرار دیا: قال: المودة التي جعلها الله عز وجل بينهم تزويج النبي صلى الله عليه وسلم أم حبيبة بنت أبي سفيان، فكانت أم حبيبة أم المؤمنين، ومعاوية خال المؤمنين.(1)

امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 577ھ) نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حالات کو جب قلمبند کیا تو آپ نے یوں آغاز فرمایا:

"خال المؤمنين وكاتب وحي رب العالمين".

"مؤمنین کے ماموں اور اللہ تعالی کی وحی لکھنے والے ہیں"۔(2)

امام ابن کثیرؒ (المتوفی: 774ھ) نے بھی امام ابن عساکرؒ کی تقلید میں یہی طرز اپنایا ہے۔(3)

تاریخ وفات وعمر ومدت خلافت:

معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے متعلق مختلف اقوال پائے جاتے ہیں:

1- بعض علماء کے نزدیک 4 رجب 60 ہجری ہے۔

2- بعض کے نزدیک جمعرات کے دن 15 رجب 60 ہجری ہے۔

---

(1) "الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360هـ) (2448/5) رقم الحديث: (1930) "كتاب فضائل معاوية بن أبي سفيان ﷺ". "باب ذكر مصاهرة النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية بأخته أم حبيبة ﷺ".

"الكامل في ضعفاء الرجال" لابن عدي الجرجاني (المتوفى: 365هـ) (498/3) رقم الترجمة: (609) "خارجة بن مصعب السرخسي الضبعي".

"تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (207/3) "باب ذكر بنيه وبناته عليه الصلاة والسلام وأزواجه". (148/69) رقم الترجمة: (9339) "رملة بنت أبي سفيان".

"البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (774 هـ) (144/6) "فصل في تزويج النبي صلى الله عليه وسلم بأم حبيبة رملة بنت أبي سفيان".

(2) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (33/59) رقم الترجمة: (7504)

(3) "البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (774 هـ) (146/11) "فضل معاوية بن أبي سفيان ﷺ". (396/11) "وهذه ترجمة معاوية، رضي الله عنه، وذكر شيء من أيامه، ودولته، وما ورد في مناقبه وفضائله".

3-بعض کے نزدیک 22رجب 60ہجری ہے(یہی قول برصغیر پاک وہند میں زیادہ مشہور ہے)

امام ابن کثیرؒ(المتوفی:774ھ)نے ان تمام اقوال کو جمع کیا ہے۔

"توفي بدمشق في رجب سنة ستين. فقال جماعة: ليلة الخميس للنصف من رجب سنة ستين. وقيل: ليلة الخميس لثمان بقين من رجب سنة ستين. قاله ابن إسحاق وغير واحد. وقيل: لأربع خلت من رجب. قاله الليث".(1)

انتقال کے وقت آپ کی عمر 78سال تھی اور بعض کے نزدیک 80یا82سال تھی اور ایک قول کے مطابق 86سال تھی۔

آپ کا عہد خلافت ولایت 19سال تین ماہ یا چار ماہ پر محیط تھا، موّرخ یعقوبی شیعی کے نزدیک 19سال آٹھ ماہ پر محیط تھا۔

امام ابن سعدؒ(المتوفی:230ھ)لکھتے ہیں:

"مات ليلة الخميس للنصف من رجب سنة ستين وهو يومئذ ابن ثمان وسبعين سنة".(2)

مؤرّخ بلاذریؒ(المتوفی:279ھ)لکھتے ہیں:

"توفي معاوية للنصف من رجب سنة ستين وله اثنتان وثمانون سنة".(3)

امام ابن حبانؒ(المتوفی:354ھ)لکھتے ہیں:

"مات يوم الخميس للنصف من رجب سنة ستين وهو بن ثمان وسبعين سنة وصلى عليه الضحاك بن قيس وقدم بموته المدينة في شعبان فكانت ولايته تسع عشرة سنة وثلاثة أشهر واثنتين وعشرين ليلة".(1)

---

(1) "البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (774 ھ) (458/11) "وهذه ترجمة معاوية، رضي الله عنه، وذكر شيء من أيامه، ودولته، وما ورد في مناقبه وفضائله".

(2) "الطبقات الكبرى" لابن سعد (285/7) رقم الترجمة: (3718) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

(3) "جمل من أنساب الأشراف" للبَلَاذُري (المتوفى: 279ھ) (155/5) "جواب الحسين عليه السلام وسائر ما جرى بينهما".

امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 577ھ) فرماتے ہیں:

"ومات يوم الخميس لثمان بقين من رجب سنة ستين قاله خليفة وعمرو بن علي وقال عمرو وهو ابن ثمان وسبعين سنة وقال الذهلي قال يحيى مات لأربع خلون منه وسنه ثمان وسبعون سنة وقال الواقدي مات سنة ستين للنصف من رجب وهو ابن ثمان وسبعين سنة".(2)

مؤرخ یعقوبی (المتوفی:) لکھتے ہیں:

"وكانت ولايته تسع عشرة سنة وثمانية أشهر، وتوفي مستهل رجب، ويقال للنصف من رجب سنة ستين، وهو ابن سبع وسبعين سنة، ويقال ثمانين سنة".(3)

(1) "الثقات" لابن حبان (المتوفى: 354ھ) (373/3) رقم الترجمة: (1223) "معاوية بن أبي سفيان".

(2) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571ھ) (60/59) رقم الترجمة: (7504)

(3) "تاريخ" (204/1) "أيام معاوية بن أبي سفيان".

فصل ثانی

قول اسحاق بن راہویہؒ (المتوفی:238ھ)

امام ابن عساکرؒ (المتوفی:571ھ) فرماتے ہیں:

كتب إلي أبو نصر بن القشيري أنا أبو بكر البيهقي أنا أبو عبد الله الحافظ قال سمعت أبا العباس الأصم يقول سمعت أبي يقول سمعت إسحاق بن إبراهيم الحنظلي يقول: "لا يصح عن النبي (صلى الله عليه وسلم) في فضل معاوية بن أبي سفيان شئ".

میری طرف لکھا ابو نصر بن قشیریؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو بکر البیہقیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو عبد اللہ الحاکمؒ نے، وہ فرماتے ہیں میں نے سنا ابو العباس الاصم سے، وہ فرماتے ہیں میں نے اپنے باپ سے سنا، وہ فرماتے ہیں میں نے سنا اسحاق بن ابراہیم حنظلیؒ سے وہ فرماتے ہیں:

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کی فضیلت میں کوئی صحیح حدیث موجود نہیں۔(1)

تخریج

امام اسحاق بن راہویہؒ کے اس قول کو امام ابو حفص ضیاء الدین الموصلی الحنفیؒ (المتوفی:622ھ)(2) امام ابن الجوزیؒ (المتوفی: 597ھ)(3) امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ)(4) امام سیوطیؒ (المتوفی: 911ھ)(5) اور علامہ شوکانیؒ(6) نے ذکر کیا ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (106/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

(2) "المغني عن الحفظ والكتاب" لابي حفص ضياء الدين الموصلى الحنفى (المتوفى: 622هـ) (169/1)

(3) "الموضوعات" (24/2) "كتاب الْفَضَائِل والمثالب".

(4) "سير أعلام النبلاء" (132/3) رقم الترجمة: (25) "معاوية بن أبي سفيان صخر بن حرب الأموي".

(5) "اللآلىء المصنوعة في الأحاديث الموضوعة" (388/1) "كتاب المناقب".

"الزيادات على الموضوعات" للسيوطي (المتوفى: 911 هـ) (301/1) "كتاب المناقب"

(6) "الفوائد المجموعة في الأحاديث الموضوعة" (407/1)

علامہ فتنیؒ(المتوفی:986ھ)نے دومرتبہ اس قول کوذکر کیاہے ایک مقام پر لکھتے ہیں:

قَالَ: لَا يَصح مَرْفُوعا فِي فضل مُعَاوِيَة شَيْء، وَأَصَح مَا رُوِيَ فِيهِ حَدِيث مُسلم أَنه كَاتبه وَبعده حَدِيث الْعِرْبَاض «اللَّهُمَّ علمه الْكتاب» وَبعده حَدِيث «اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هاديا مهديا»(1)

آپ نے "قال" کے فاعل کو ذکر نہیں کیا جو کہ اسحاق بن راہویہ ہیں کیونکہ آگے کی عبارت "اصح ماروی" یہ "تاریخ دمشق" کی عبارت ہے، جس کے ذریعے امام ابن عساکرؒ، اسحاق بن راہویہؒ کے قول کا تعاقب کررہے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ امام ابن الجوزیؒ نے "تاریخ دمشق" سے ہی اس عبارت کو نقل کیا ہے۔

اور ساتھ ہی دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:

وَقَالَ الْحَاكِم عَن مشايخه:"لَا يَصح فِي فضل مُعَاوِيَة حَدِيث".

"امام حاکمؒ نے اپنے مشائخ سے نقل کیا ہے کہ حضرت معاویہ کی فضیلت میں کوئی صحیح حدیث موجود نہیں ہے"۔(2)

جن ائمہ کے حوالہ جات ذکر کیے گئے ہیں ان میں سے کسی کی ذاتی رائے یہ نہیں کہ معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کی فضیلت میں کوئی صحیح حدیث موجود نہیں بلکہ ان سب نے اسحاق بن راہویہؒ کے قول کو نقل کیا ہے اور نقل کرنے کے بعد تعاقب بھی کیا ہے جس کا بیان آگے اپنے مقام پر آرہا ہے۔

اسنادی حیثیت

اسحاق بن راہویہؒ کا قول سندا صحیح ہے، ثقات سے مروی ہے، البتہ کچھ خدشات ہیں، اب ہم اوّلا ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ذکر کرتے ہیں، ثانیا خدشات کو بیان کریں گے (ان شاءاللہ)

---

(1) "تذكرة الموضوعات" (100/1) "بَاب فضل صحابته وَأهل بَيته وأويس ورد الشَّمْس على عَليّ رَضِي الله عَنهُ وَعَذَاب قَاتل الْحُسَيْن وتاريخ قَتله"

(2) "تذكرة الموضوعات" (100/1) "بَاب فضل صحابته وَأهل بَيته وأويس ورد الشَّمْس على عَليّ رَضِي الله عَنهُ وَعَذَاب قَاتل الْحُسَيْن وتاريخ قَتله"

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں، دمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں، آپ شہرہ آفاق مصنّف ہیں، آپ نے اپنی یادگار میں بڑی اور چھوٹی بہت سی تصانیف چھوڑی ہیں۔ حافظ سمعانیؒ فرماتے ہیں: ابن عساکرؒ حافظ حدیث، ثقہ، متقن، دیانتدار، نیک اطوار اور بلند اخلاق کے مالک تھے، متن اور اسناد کو خوب جانتے تھے۔ علم و فضل میں بے نظیر اور بڑے محقّق تھے۔

سعد الخیرؒ نے فرمایا: میں نے ابن عساکرؒ کے زمانہ میں کسی کو اُن کا نظیر نہیں پایا۔

ابو العلاء ہمدانیؒ فرماتے ہیں: مجھے یقین ہے کوئی شخص فن حدیث میں ابن عساکرؒ کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

حافظ عبد القادرؒ کہتے ہیں: میں نے ابن عساکرؒ سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔

ابن نجارؒ فرماتے ہیں: ابن عساکرؒ اپنے زمانہ میں امام المحدّثین تھے، حفظ واتقان اور ثقاہت و معرفت ان پر ختم تھی اور علم حدیث کا بھی ان پر خاتمہ ہو گیا۔

امام ذہبیؒ نے آپ کو فخر الائمہ، حافظ کبیر، ثقہ، صاحب التصانیف کے القابات سے نوازا ہے۔[1]

---

(1) عليّ بْن الْحَسَن بْن هبة الله بْن عَبْد الله بْن الْحُسَيْن أَبُو القاسم بْن عساكر الحافظ الدمشقي فهو ثقة ذكره ابن نجار: في " ذيل تاريخ بغداد" (295/15) فقال: أحد من اشتهر ذكره وشاع علمه وعرف حفظه وإتقانه. سَمِعَ الكثير ببلده وبالعراق وخراسان وأصبهان والحجاز وحصل ما لم يحصله غيره وجمع تاريخ الشام وأجاد في جمعه قدم بغداد سنة عشرين وخمسمائة وكان موفقًا فِي أفعاله وتصنيفه. ولد فِي محرم سنة تسع وتسعين وأربعمائة وتوفي في رجب سنة إحدى وسبعين وخمسمائة بدمشق.

قلت–ابن النجار–أَبُو القاسم ختم بِهِ هَذَا الشأن ولم يخلف بعده فِي الحديث مثله ولا أرى مثل نفسه فِي معرفة الحديث ومعرفة رجاله. سَمِعَ أبا مُحَمَّد بن الأكفاني.

وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (82/4) الإمام، الحافظ الكبير، محدث الشام، فخر الأئمة، ثقة الدين، صاحب التصانيف والتاريخ الكبير

وقد روى عنه أبو سعد السمعاني، عمل "تاريخ دمشق" في ثمانين مجلدًا، و"الموافقات" في ست مجلدات، و"الأطراف الأربعة" أربع مجلدات، و"عوالي مالك" في خمسين جزءًا، و"غرائب مالك" عشرة أجزاء، و"المعجم" مجلد، و"مناقب

عبدالرحیم بن عبدالکریم بن ہوازن ابونصر القشیریؒ (المتوفی:514ھ)

ثقہ امام ہیں امام خطیب بغدادیؒ فرماتے ہیں: ائمہ مسلمین اور اعلام الدّین میں سے ایک تھے،

الشبان" خمسة عشر جزءًا، و"فضل أصحاب الحديث" مجلد، و"السباعيات" سبعة أجزاء، و"تبيين كذب المفتري" مجلد، و"فضل الجمعة" أربعة أجزاء، و"الأربعين الطوال" ثلاثة أجزاء، و"عوالي شعبة" مجلد، و"الزهادة في الشهادة" مجلد، و"عوالي الثوري" مجلد، و"أربعي الجهاد"، و"أربعي البلدان"، و"أربعي المساواة"، و"مسند أهل دارا" مجلد، و"من وافقت كنيته كنية زوجته" مجيليد، و"شيوخ النبل" مجلد، و"حديث أهل صنعاء الشام" مجيليد، و"حديث أهل البلاط" كذلك، و"فضل عاشوراء" ثلاثة أجزاء، و"كتاب الزلازل" ثلاثة أجزاء، و"المصاب بالولد" جزءان، و"قبض العلم" جزء، و"فضل مكة"، و"فضل المدينة"، و"فضل القدس"، و"فضل عسقلان"، "وتاريخ المزة", و"فضل الربوة" و"فضل مقام إبراهيم"، و"جزء الحميريين" و"جزء كفر سوسية"، و"جزء كفر بطنا"، و"جزء المنيحة"، و"سعد"، و"عدة أجزاء القرى" هكذا، و"جزء حديث الهبوط", و"الجواهر في الأبدال" ثلاثة أجزاء؛ وأملى في أبواب العلم أربعمائة مجلس وثمانية، وخرج لجماعة منهم رفيقه أبو سعد السمعاني، خرج له "أربعين المصافحات"، وللفراوي "أربعين مساواة" وعمل بعض "كتاب الأبدال" لنفسه ولو تم لجاء في عشرين مجلدًا.

قال السمعاني: أبو القاسم حافظ ثقة متقن دين خير حسن السمت جمع بين معرفة المتن والإسناد وكان كثير العلم غزير الفضل صحيح القراءة متثبتًا رحل وتعب وبالغ في الطلب وجمع ما لم يجمعه غيره وأربى على الأقران، دخل نيسابور قبلي بشهر، سمعت معجمه والمجالسة للدينوري, كان قد شرع في التاريخ الكبير لدمشق. قال سعد الخير: ما رأيت في سن ابن عساكر مثله.

قال القاسم ابن عساكر: سمعت التاج المسعودي يقول: سمعت أبا العلاء الهمذاني يقول لرجل استأذنه في الرحلة قال: إن عرفت أحدًا أفضل مني فحينئذ آذن لك أن تسافر إليه, إلا أن تسافر إلى ابن عساكر فإنه حافظ كما يجب. وحدثني أبو المواهب بن صصرى قال: لما دخلت همذان قال لي الحافظ أبو العلاء: أنا أعلم أنه لا يساجل الحافظ أبا القاسم في شأنه أحد, قال الحافظ عبد القادر: ما رأيت أحفظ من ابن عساكر.

وقال ابن النجار: أبو القاسم إمام المحدثين في وقته، انتهت إليه الرياسة في الحفظ والإتقان والثقة والمعرفة التامة وبه ختم هذا الشأن.

وعنه قال الصفدي: في "الوافي بالوفيات" (217/20) "الحافظ الكبير، الأمام، ثقة الدين، صاحب تاريخ دمشق، أحد أعلام الحديث".

امام ذہبیؒ آپ کو شیخ، امام، مفسّر، علامہ، شیخ الصوفیہ، نحوی، متکلّم کے القاب سے نوازتے ہیں۔(1)

احمد بن الحسین بن علی ابو بکر البیہقیؒ (المتوفی: 458ھ)

آپ بلند پایہ ثقہ، حافظ حدیث ہیں، بہت سی بے نظیر کتابوں کے مصنّف شعبان 384ھ میں پیدا ہوئے، امام ابوالحسن عبدالغافر فرماتے ہیں: امام ابو بکر بیہقیؒ فقیہ، حافظ حدیث، اصولی، متدیّن، اور متورّع تھے، قوت حفظ میں یگانہ روزگار اور ضبط واتقان میں اپنے ہم عصروں سے ممتاز تھے، امام حاکمؒ کے کبار تلامذہ میں سے ہیں۔ امام الحرمینؒ فرماتے ہیں: بیہقیؒ کے علاوہ ہر شافعی المسلک پر امام شافعیؒ کا احسان ہے لیکن امام بیہقیؒ کا نصرت مذہب کی وجہ سے امام شافعیؒ پر احسان ہے۔(2)

---

(1) عبد الرحيم بن عبد الكريم بن هوازن بن عبد الملك بن طلحة القشيري، أبو نصر بن الأستاذ أبي القاسم ذكره البغدادي: في "تاريخه" (119/21) فقال: من أهل نيسابور. كان من أئمة المسلمين وأعلام الدين. وسمع الحديث من الحافظ أبي بكر البيهقي.

وقدم بغداد وسمع بها أبا الحسين أحمد بن محمد بن النقور وعبد العزيز الأنماطي ويوسف بن محمد بن أحمد المهرواني وعقد مجلس الوعظ ببغداد، وظهر له القبول العظيم. وأظهر مذهب الأشعري، وقامت سوق الفتنة بينه وبين الحنابلة.

قال ابن السمعاني: توفي في ثمان عشرين جمادى الآخرة سنة أربع عشرة وخمسمائة بنيسابور.

وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (424/19) الشيخ، الإمام، المفسر، العلامة، شيخ الصوفية، النحوي، المتكلم،

(2) أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخسروجردي أبو بكر البيهقي ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (219/3) فقال: الإمام الحافظ العلامة شيخ خراسان, صاحب التصانيف: ولد سنة أربع وثمانين وثلاثمائة في شعبان, وسمع أبا عبد الله الحاكم.

وعمل كتبًا لم يسبق إلى تحريرها؛ منها الأسماء والصفات وهو مجلدان، والسنن الكبير عشر مجلدات، والسنن والآثار أربع مجلدات، وشعب الإيمان مجلدان، ودلائل النبوة ثلاث مجلدات، والسنن الصغير مجلدان، والزهد مجلد، والبعث مجلد، والمعتقد مجلد، والآداب مجلد، ونصوص الشافعي ثلاث مجلدات، والمدخل مجلد، والدعوات مجلد, والترغيب والترهيب مجلد، وكتاب الخلافيات مجلدان، والأربعون الكبرى، والأربعون الصغرى، وجزء في الرؤية ومناقب الشافعي مجلد، ومناقب أحمد مجلد، وكتاب الأسرى، وكتب عديدة لا أذكرها. قال عبد الغافر في تاريخه: كان البيهقي على سيرة العلماء قانعا باليسير متجملا في زهده وورعه. وعن إمام الحرمين أبي المعالي قال: ما من شافعي إلا وللشافعي عليه منة إلا أبا بكر البيهقي, فإن له المنة على الشافعي لتصانيفه في نصرة مذهبه.

ابو عبداللہ الحاکم محمد بن عبداللہ النیسابوریؒ (المتوفی: 405ھ)

آپ ثقہ، حافظ حدیث اور بہت سی کتابوں کی مصنف ہیں، ربیع الاوّل 321ھ میں پیدا ہوئے، آپ سے امام دار قطنیؒ اور امام بیہقیؒ نے روایت لی ہے۔

امام خطیب بغدادیؒ فرماتے ہیں: امام حاکمؒ ثقہ ہیں، تشیع کی طرف مائل تھے، مجھے ابراہیم بن محمد ارمویؒ جو ایک صالح عالم ہیں انہوں نے بتایا کہ: امام حاکم نے بہت سی احادیث جمع کی ہیں اور کہا کہ یہ بخاری اور مسلم کی شرط پر ہیں،

امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: اس میں کوئی شبہ نہیں کہ "مستدرک" میں بہت سی ایسی احادیث ہیں جو صحت کی شرائط پر پوری نہیں اترتیں بلکہ اس میں موضوع احادیث بھی موجود ہیں جن کو لا کر امام حاکمؒ نے "مستدرک" کو عیب دار کر دیا ہے۔

عبد الغافر بن اسماعیل فرماتے ہیں: امام حاکمؒ اپنے زمانے میں اہل حدیث کے امام تھے اور فن حدیث کو کما حقہ جانتے تھے۔(1)

قال أبو الحسن عبد الغافر في ذيل تاريخ نيسابور: أبو بكر البيهقي الفقيه الحافظ الأصولي الدين الوَرِع واحد زمانه في الحفظ وفرد أقرانه في الإتقان والضبط من كبار أصحاب الحاكم

قلت: حضر في أواخر عمره من بيهق إلى نيسابور، وحدث بكتبه، ثم حضره الأجل في عاشر جمادى الأولى من سنة ثمانٍ وخمسين وأربعمائة, فنقل في تابوت فدفن ببيهق, هي ناحية من أعمال نيسابور على يومين منها، وخُسروجِرد هي أم تلك الناحية.

(1) أبو عبد الله الحاكم محمد بن عبد الله بن محمد بن حمدويه بن نُعيم بن الحكم الضبي الطهماني النيسابوري المعروف بابن البيع (المتوفى: 405هـ) فهو ثقة ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (162/3) الحاكم الحافظ الكبير إمام المحدثين ولد سنة إحدى وعشرين وثلاثمائة في ربيع الأول، حدث عنه الدارقطني وأبو بكر البيهقي.

قال الخطيب أبو بكر: أبو عبد الله الحاكم كان ثقة، كان يميل إلى التشيع فحدثني إبراهيم بن محمد الأرموي وكان صالحًا عالمًا قال: جمع الحاكم أحاديث وزعم أنها صحاح على شرط البخاري ومسلم ..... قلت-الذهبي-: ولا ريب أن في المستدرك أحاديث كثيرة ليست على شرط الصحة, بل فيه أحاديث موضوعة شان المستدرك بإخراجها فيه.

قال عبد الغافر بن إسماعيل: أبو عبد الله الحاكم هو إمام أهل الحديث في عصره, العارف به حق معرفته.

امام حاکمؒ اور تشیع

حافظ محمد بن طاہرؒ فرماتے ہیں: میں نے ابو اسماعیل انصاریؒ سے امام حاکمؒ کے متعلق پوچھا تو کہنے لگے حدیث میں ثقہ اور لائق اعتماد ہیں لیکن خبیث قسم کے رافضی ہیں۔ابن طاہر کہتے ہیں: باطن میں متعصب شیعہ ہیں اور ظاہر میں شیخین کی فضیلت اور اُن کی خلافت کے برحق ہونے میں اہلسنت کے ہمنوا ہیں، حضرت معاویہ اوران کے ساتھیوں سے سخت منحرف ہیں،اوراس سلسلہ میں معذرت کی ضرورت نہیں سمجھتے۔

قال ابن طاهر: سألت أبا إسماعيل الأنصاري عن الحاكم فقال: ثقة في الحديث رافضي خبيث، ثم قال ابن طاهر: كان شديد التعصب للشيعة في الباطن، وكان يظهر التسنن في التقديم والخلافة، وكان منحرفًا عن معاوية وآله, متظاهرًا بذلك ولا يعتذر منه.(1)

امام ذہبیؒ مذکورہ عبارت کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

امام حاکمؒ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالفیں سے انحراف کرنا صحیح اور درست ہے، شیخین کی ہر حالت میں تعظیم و تکریم کرتے تھے ، مائل الی التشیع ضرور ہیں مگر رافضی نہیں ہیں، میری خواہش ہے کہ "مستدرک" تصنیف نہ کرتے کیونکہ انہوں نے اس میں بے جا تصرف کرکے اپنی فضیلت میں بہت کمی کرلی ہے۔

قلت: أما انحرافه عن خصوم علي فظاهر، وأما أمر الشيخين فمعظم لهما بكل حال فهو شيعي لا رافضي، وليته لم يصنف المستدرك فإنه غض من فضائله بسوء تصرفه.(2)

حافظ محمد بن طاہرؒ کا یہ کہنا کہ رافضی ہیں،امام ذہبیؒ فرماتے ہیں یہ درست نہیں البتہ وہ مائل الی التشیع ضرور ہیں۔

واتفق له من التصانيف ما لعله يبلغ قريبًا من ألف جزء من تخريج الصحيحين، والعلل، والتراجم، والأبواب، والشيوخ، ثم المجموعات مثل معرفة علوم الحديث ومستدرك الصحيحين وتاريخ نيسابور، وكتاب مزكي الأخبار، والمدخل إلى علم الصحيح، وكتاب الإكليل، وفضائل الشافعي، وغير ذلك،

قال الحافظ أبو موسى: كان الحاكم دخل الحمام واغتسل وخرج فقال: آه، فقبض روحه وهو متزر لم يلبس قميصه بعد, وصلى عليه القاضي أبو بكر الحيري. توفي الحاكم في صفر سنة خمس وأربعمائة، رحمه الله تعالى.

(1) "تذكرة الحفاظ" (163/3) للذهبي (المتوفى: 748هـ) رقم الترجمة: (962)

(2) ایضا

محمد بن یعقوب بن یوسف بن معقل الاموی، النیسابوریؒ (المتوفی: 346ھ)

آپ قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں اور مشرق کے نامور محدّث ہیں، کانوں سے بہرے تھے مگر وہ پسند نہ کرتے تھے کہ انہیں کوئی بہرا کہے، امام حاکمؒ فرماتے ہیں: وہ بلا نزاع اپنے زمانے کے ممتاز محدّث تھے 247ھ میں پیدا ہوئے، آپ کے والد محدّث یعقوب وزّاق 265ھ میں ان کو سفر میں اپنے ساتھ لے گئے تھے، آپ سے امام حاکمؒ روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں: انہوں نے 76 سال حدیث کا درس دیا ہے، اِن کی راست گوئی اور صحت سماع میں کوئی اختلاف نہیں ہے، حفظ واتقان میں اپنے والد کے ہم رتبہ ہیں۔

محمد بن فضل بن خزیمہؒ فرماتے ہیں میں نے اپنے دادا خزیمہ سے سنا کہ ان سے کسی نے امام شافعیؒ کی کتاب "المبسوط" کے متعلق پوچھا تو فرمانے لگے: ابوالعباس سے سماع کرو وہ ثقہ ہیں۔ امام ابن ابی حاتمؒ فرماتے ہیں: وہ ثقہ، صدوق ہیں۔(1)

یعقوب بن یوسف بن معقل بن سنان نیسابوری (المتوفی: 277ھ)

ثقہ راوی ہیں، امام خطیب بغدادیؒ، امام ابن عساکرؒ نے آپکے شیوخ اور تلامذہ کا ذکر کیا ہے، پھر امام ابن عساکرؒ نے امام حاکمؒ کے حوالے سے یہ بات لکھی ہے کہ: لوگوں میں سب سے بہترین خط ان کا تھا اور ان کا بیٹا محمد بن یعقوب ان کے تمام اسفار میں ان کیساتھ رہتا تھا، مزید امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: اجرت پر بکثرت لکھا کرتے تھے۔

---

(1) محمد بن يعقوب بن يوسف بن معقل بن سنان الأموي أبو العباس المعقلي النيسابوري فهو ثقة ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (53/3) 835- الإمام المفيد الثقة محدث المشرق وكان يكره أن يقال له: الأصم، قال الحاكم: وكان محدث عصره بلا مدافعة سمعته يقول: ولدت سنة سبع وأربعين ومائتين؛ رحل به أبوه المحدث يعقوب الوراق في سنة خمس وستين.

قلت-الذهبي- حدث عنه الحاكم فقال: "حدث في الإسلام ستا وسبعين سنة ولم يختلف في صدقه وصحة سماعه وهو بضبط والده، أذن سبعين سنة في مسجده، وكان حسن الخلق سخي النفس، وربما كان يحتاج فيورق ويأكل وكان يكره الأخذ على التحديث".

وقال محمد بن الفضل بن خزيمة: سمعت جدي إمام الأئمة وسئل عن كتاب المبسوط للشافعي فقال: اسمعوه من أبي العباس الأصم فإنه ثقة، ،وقال عبد الرحمن بن أبي حاتم: أنه ثقة صدوق.

وتوفي في ربيع الآخر سنة ست وأربعين وثلاثمائة, رحمه الله.

امام ذہبیؒ نے انکے بیٹے محمد بن یعقوب کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ امام حاکمؒ فرماتے ہیں: حفظ واتقان میں وہ اپنے والد یعقوب بن یوسف کے ہم رتبہ ہیں۔(1)

اسحاق بن راہویہ نیشاپوریؒ (المتوفی:238ھ)

ثقہ امام ہیں، امام ذہبیؒ نے آپ کا شمار حفاظ حدیث میں کیا ہے فرماتے ہیں: آپ کی کنیت ابو یعقوب ہے، مرو کے رہنے والے تھے، پھر نیشاپور میں رہائش پذیر ہو گئے، آپ نیشاپور کے عالم اور اہل مشرق کے شیخ تھے، ابن راہویہ کے نام سے مشہور ہیں، 166ھ اور ایک قول کے مطابق 161ھ میں پیدا ہوئے، اور ان سے بجز ابن ماجہ کے جملہ اصحاب صحاح ستہ، امام احمدؒ، امام یحی بن معینؒ اور دوسرے بہت سارے لوگوں نے روایت لی ہے اور یہ سب لوگوں سے بڑے عالم تھے، اگر سفیان ثوریؒ، حماد بن زیدؒ اور حماد بن سلمہؒ زندہ ہوتے تو ان کے محتاج ہوتے۔

امام احمد فرماتے ہیں: مجھے عراق میں ابن راہویہؒ کا نظیر معلوم نہیں۔

امام نسائیؒ فرماتے ہیں: ابن راہویہؒ ثقہ، مامون اور امام ہیں۔

امام ابوزرعہؒ فرماتے ہیں: امام ابن راہویہؒ سے زیادہ قوی یاداشت والا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: قوت حفظ کیساتھ ساتھ ان کے حدیث ضبط کرنے اور غلطیوں سے محفوظ رہنے پر تعجب ہوتا ہے۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں: ابن راہویہؒ جیسے کسی عالم سے ملاقات نہیں کی ہے۔

---

(1) يعقوب بن يوسف بن معقل بن سنان النَّيسابوريّ فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (287/14) فقال: قدم بَغْدَاد وحدث بِها عَن إسحاق بْن راهويه. روى عنه محمد بن مخلد. وابن عساكر: في "تاريخ دمشق" (180/74) فقال: قال الحاكم أبو عبد الله: سمع بخراسان إسحاق بن إبراهيم، وعلي بن حجر وأقرانهما، وبالري محمّد بن حميد، وأما سماعاته بالعراقين ومصر والحجاز والشام، فكان ابنه أبو العباس معه في كلها. وكان يعقوب الورّاق من أحسن الناس خطّا. مات لثلاث عشرة خلت من المحرم سنة سبع وسبعين ومائتين، وصلى عليه ابنه أبو العباس.

وقال الذهبي: في "تاريخ الاسلام" (496/20) "وكان من أبرع النّاس خطّاً. نسخ الكثير بالأجرة. ومات في المحرَّم سنة سبعٍ وسبعين".

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: 77 سال عمر پاکر نصف شعبان 238ھ میں رفیق اعلی سے جاملے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔(1)

ان تمام اقوال کی روشنی میں ان کی جلالت علمی یقینا حیرت انگیز ہے لیکن ساتھ ساتھ علامہ سبط ابن العجمیؒ(المتوفی:841ھ)نے آپ کو مختلطین میں شمار کیاہے کہ آخری عمر میں ان کو اختلاط لاحق ہو گیا تھا۔(2)

خدشات

1-اسحاق بن راہویہ نیشاپوریؒ کی پیدائش ایک قول کے مطابق 166ھ اور ایک قول کے مطابق 161ھ میں ہے اور آپ کا سن وفات 238ھ ہے،اگر 161ھ کا اعتبار کیا جائے تو کل عمر 77 سال بنتی ہے جیسا کہ امام بخاریؒ نے فرمایا اور اگر 166ھ کا اعتبار کیا جائے تو 70 سال بنتی ہے۔

یعقوب بن یوسف بن معقل بن سنان نیسابوری جن کا سن وفات 277ھ ہے،یعنی آپ نے اپنے انتقال سے کم از کم 39 سال قبل اسحاق بن راہویہ سے سماعت کی ہے اب یہ دونوں احتمال موجود ہیں کہ قبل از اختلاط روایت کی ہو یا بعد از اختلاط تاہم قوی امکان یہی ہے کہ بعد از اختلاط روایت کی ہو گی۔

---

(1) إسحاق بن إبراهيم بن مخلد بن إبراهيم أبو يعقوب الحنظلي، المعروف بابن راهويه فهو ثقة وعنه قال المزي: في "تهذيب الكمال" (377/2) روى عنه: يعقوب بن يوسف بن معقل الوراق والد أبي العباس الأصم، وقد ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (17/2) رقم الترجمة: (440) فقال: نزيل نيسابور وعالمها بل شيخ أهل المشرق يعرف بابن راهويه. ولد سنة ست وستين ومائة. وقيل سنة إحدى وستين. وعنه الجماعة سوى ابن ماجه. وأحمد وابن معين وشيخه يحيى بن آدم والحسن بن سفيان وأبو العباس السراج وخلق كثير. وكان أعلم الناس، ولو كان الثوري والحمادان في الحياة لاحتاجوا إليه. وعن أحمد قال: لا أعلم لإسحاق بالعراق نظيرا.

وقال النسائي: إسحاق ثقة مأمون إمام. وقال أبو زرعة: ما رئي أحفظ من إسحاق. قال أبو حاتم: العجب من إتقانه وسلامته من الغلط مع ما رزق من الحفظ. وقال عبد الله بن أحمد بن شبويه: سمعت أحمد بن حنبل يقول: إسحاق لم يلق مثله. قال البخاري: مات ليلة نصف شعبان سنة ثمان وثلاثين ومائتين وله سبع وسبعون سنة.

(2) "الاغتباط بمن رمي من الرواة بالاختلاط" (49/1) رقم الترجمة: (8) إسحاق بن إبراهيم بن مخلد الحافظ أبو يعقوب الحنظلي ابن راهويه.

2–امام حاکمؒ کو امام خطیبؒ نے اور امام ذہبیؒ نے شیعہ قرار دیا ہے، حافظ محمد بن طاہر فرماتے ہیں: حضرت معاویہ اور ان کے ساتھیوں سے سخت منحرف تھے لہذا ممکن ہے کہ کہیں یہ قول اسی انحراف کا نتیجہ تو نہیں؟

ائمہ متعقبین

انہیں خدشات کی وجہ سے امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 571ھ) نے اسحاق بن راہویہ کے اس قول کو نقل کرنے کے بعد اس کا تعاقب کیا ہے فرماتے ہیں:

كتب إلي أبو نصر بن القشيري أنا أبو بكر البيهقي أنا أبو عبد الله الحافظ قال سمعت أبا العباس الأصم يقول سمعت أبي يقول سمعت إسحاق بن إبراهيم الحنظلي يقول: "لا يصح عن النبي (صلى الله عليه وسلم) في فضل معاوية بن أبي سفيان شئ". وأصح ما روي في فضل معاوية حديث أبي حمزة عن ابن عباس أنه كاتب النبي (صلى الله عليه وسلم) فقد أخرجه مسلم في صحيحه وبعده حديث العرباض اللهم علمه الكتاب وبعده حديث ابن أبي عميرة اللهم اجعله هاديا مهديا".

اسحاق بن راہویہؒ کا کہنا کہ معاویہ کے فضائل پر کوئی صحیح حدیث نبی کریم ﷺ سے مروی نہیں (یہ دعوی درست نہیں) سب سے صحیح روایت معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کی فضیلت میں ابی حمزہ کی راویت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے ہے کہ وہ کاتب نبی تھے، امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں تخریج کی ہے اور اسکے بعد حدیث عرباض رضی اللہ تعالی عنہ ہے "اے اللہ معاویہ کو کتاب کا علم سکھادے" اور اسکے بعد ابن ابی عمیرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت ہے "اے اللہ معاویہ کو ہدایت یافتہ اور ہدیت دینے والا بنا"۔[1]

امام ابن کثیرؒ (المتوفی: 774 ھ) [2] امام سیوطیؒ (المتوفی: 911 ھ) [3] ابن عراق الکنانیؒ (المتوفی: 963ھ) [1] اور علامہ فتنیؒ (المتوفی: 986ھ) [2] نے امام ابن عساکرؒ کی رائے سے موافقت کی ہے کہ اسحق بن راہویہ کا دعوی درست نہیں۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (106/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

(2) "البداية والنهاية" (410/11) "سنة ستين من الهجرة النبوية".

(3) "الزيادات على الموضوعات" (301/1) كتاب المناقب

نفی صحت عدم صحت کو مستلزم نہیں

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی: 852ھ) فرماتے ہیں:

وَلا يَلْزَمُ مِنْ كَوْنِ الْحَدِيثِ لَمْ يَصِحَّ أَنْ يَكُونَ مَوْضُوعًا

کسی حدیث کے صحیح نہ ہونے سے اس کا موضوع ہونا لازم نہیں آتا۔(3)

علامہ ابن ہمامؒ (المتوفی: 861ھ) فرماتے ہیں:

وقال ابن الهمام: "وقول من يقول في حديث أنه لم يصح إن سلم لم يقدح ; لأن الحجة لا تتوقف على الصحة، بل الحسن كاف".

کسی حدیث کی نسبت کہنے والے کا یہ کہنا کہ وہ صحیح نہیں اگر مان لیا جائے تو بھی یہ بات موجب قدح نہیں کیونکہ حجیت کچھ صحیح ہونے پر موقوف نہیں بلکہ حسن بھی کافی ہے۔(4)

علامہ نورالدّین سمہودیؒ (المتوفی: 911ھ) "جَوَاهِر الْعقْدَيْنِ فِي فضل الشرفين" میں لکھتے ہیں:

لَا يلْزم من قَول احْمَد فِي حَدِيث التَّوسعَة على الْعِيَال يَوْم عَاشُورَاء لَا يَصح ان يكون بَاطِلا فقد يكون غير صَحِيح وَهُوَ صَالح للاحتجاج بِهِ اذ الْحسن رتبه بَين الصَّحِيح والضعيف انْتهى

امام احمدؒ نے یوم عاشورا کو اپنے عیال پر توسع کرنے والی حدیث کے بارے میں فرمایا: "لایصح" اس جملے سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ حدیث باطل ہے حدیث کبھی غیر صحیح ہوتی ہے اور استدلال کے لائق ہوتی ہے، اسلیے کہ "حسن" صحیح اور ضعیف کے درمیان کا ایک رتبہ ہے۔(5)

---

(1) "تنزيه الشريعة المرفوعة عن الأخبار الشنيعة الموضوعة" (8/2) بَاب فِي طَائِفَة من الصَّحَابَة رَضِي الله عَنْهُم

(2) "تذكرة الموضوعات" (100/1) "بَاب فضل صحابته وَأهل بَيته".

(3) "القول المسدد في الذب عن المسند للإمام أحمد" (37/1) الحَدِيث السَّابِع

(4) "مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح" (795/2) رقم الحديث: (1008) "باب ما لا يجوز من العمل في الصلاة وما يباح منه"

(5) "الرفع والتكميل في الجرح والتعديل" للكنوي الهندي (المتوفى: 1304ھ) (195/1) (ايقاظ) "فِي ان نفي الصِّحَّة والثبوت لَا يلْزم مِنْهُ الحكم بالضعف اَوْ الْوَضع"

محدّث احمد بن حجر الہیتمی المکیؒ (المتوفی: 974ھ) نے اسحاق بن راہویہ کی طرف اس قول کی نسبت میں شک کا اظہار کیا ہے لکھتے ہیں:

قيل: عبر البخاري بقوله باب ذكر معاوية ولم يقل فضائله ولا مناقبه لأنه لم يصح في فضائله شئ كما قاله ابن راهويه وذلك أن تقول: ان كان المراد من هذه العبارة أنه لم يصح منها شئ على شرط البخاري فأكثر الصحابة كذلك اذا لم يصح شئ عنها، وان لم يعتبر ذلك القيد فلايضره ذلك لما يأتي أن فضائله ماحديثه حسن حتى عند الترمذي كما صرح به جامعه وستعلمه مما يأتي. والحديث الحسن لذاته كما هنا حجة اجماعا بل الضعيف في المناقب حجة أيضا وحينئذ فما ذكره ابن راهويه بتقدير صحته لايخدش في فضائل معاوية.

بعض لوگوں نے بیان کیا ہے کہ امام بخاریؒ نے جس باب میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حالات بیان کیے ہیں اس باب کا عنوان "باب ذکر معاویہ" رکھا ہے "باب فضائل معاویہ" نہیں رکھا، نہ یہ کہا کہ "باب مناقب معاویہ" اس کا سبب یہ ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں کوئی صحیح حدیث وارد ہی نہیں ہوئی جیسا کہ ابن راہویہ نے بیان کیا ہے، اس کا جواب یہ ہے اگر یہ مراد ہے کہ امام بخاریؒ کی شرط کے مطابق کوئی روایت صحیح نہیں تو اکثر صحابہ کی یہی حالت ہے اور اگر شرط بخاری کی قید نہ لگائی جائے تو یہ بات غلط ہو گی کیونکہ ان کے فضائل میں بعض احادیث حسن ہیں جیسا کہ امام ترمذیؒ نے "جامع ترمذی" میں بیان کیا ہے اور عنقریب تم کو معلوم ہو گا کہ حدیث "حسن لذاتہ" بالاجماع حجت ہے،

بلکہ مناقب میں تو ضعیف حدیث بھی حجت ہے۔ المختصر اگر ابن راہویہ کی بیان کردہ بات کو درست بھی مان لیا جائے تو پھر بھی معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں کچھ نقصان نہیں دے گی (1)

ملا علی قاریؒ (المتوفی: 1014ھ) لکھتے ہیں:

لَا يَلْزَمُ مِنْ عَدَمِ صِحَّتِهِ ثُبُوتُ وَضْعِهِ

حدیث کے صحیح نہ ہونے سے اس کا موضوع ہونا لازم نہیں آتا (1)

---

(1) "تطهير الجنان" (385) "الفصل الثاني: في فضائله ومناقبه وخصوصياته".

مولانا عبدالعزیز فرہاروی ملتانیؒ (المتوفی: 1239ھ) لکھتے ہیں:

"فإن أريد بعدم الصحة عدم الثبوت فهو مردود لما مر بين المحدثين، فلا ضير فإن فسحتها ضيقة، وعامة الأحكام والفضائل إنما تثبت بالأحاديث الحسان لعزة الصحاح. ولا ينحط ما في المسند والسنن عن درجة الحسن. وقد تقرر في فن الحديث جواز العمل بالحديث الضعيف في الفضائل، فضلا عن الحسن. وقد رأيت في بعض الكتب المعتبرة من كلام الإمام مجد الدين بن الاثير صاحب ميزان الجامع: حديث مسند أحمد في فضيلة معاوية صحيح، إلا أني لا أستحضر الكتاب في الوقت. ولم ينصف الشيخ عبد الحق الدهلوي في شرح سفر السعادة فإنه أقر كلام المصنف ولم يتعقبه كتعقبه على سائر تعصباته".

سو اگر عدم صحت سے مراد یہ ہے کہ فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ میں کوئی صحیح حدیث ثابت ہی نہیں تو یہ قول مردود ہے اگر صحت سے صحت مصطلحہ عند المحدّثین مراد ہے تو کوئی حرج نہیں، کیونکہ اس کا دائرہ تنگ ہے۔احادیث صحیحہ کی قلت کے باعث بیشتر احکام و فضائل احادیث حسان سے ثابت ہوتے ہیں اور مسند احمد اور سنن کی احادیث درجہ حسن سے کم تر نہیں اور فن حدیث میں طے ہو چکا ہے کہ فضائل کے باب میں ضعیف احادیث پر بھی عمل جائز ہے، حسن کی تو کیا بات ہے اور میں نے کسی معتبر کتاب میں امام مجد الدّین ابن الاثیرؒ کا قول دیکھا تھا کہ سیدنا معاویہ کی فضیلت میں مسند احمد کی حدیث صحیح ہے مگر اسوقت وہ کتاب ذہن میں نہیں رہی اور شیخ عبدالحقؒ نے "شرح سفر السعادہ" میں انصاف نہیں کیا کیونکہ انہوں نے مصنف کے اس فقرہ پر تعقب نہیں کیا جیسا کہ اس کے دوسرے تعصّبات پر تعقّب کیا ہے۔(2)

---

(1) "الأسرار المرفوعة في الأخبار الموضوعة" للملا علي القاري (المتوفى: 1014ھ) (474/1)

(2) "الناهية عن طعن أمير المؤمنين معاوية" للفريهاري الملتاني (المتوفى: 1239ھ) (68/1) "فصل في الاجوبة عن مطاعنه".

میری رائے:

میں کہتا ہوں خدشات سے صرف نظر کرتے ہوئے اگر اسحاق بن راہویہؒ کے قول کو صحیح تسلیم کر بھی لیا جائے تو یہ آپ کی ایک ذاتی رائے ہے جو کسی صورت میں درست نہیں کیونکہ ہم نے دو روایات "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ" اور "اللهم علم معاوية الكتاب والحساب وقه العذاب" کا تفصیلی دراسہ کر کے یہ ثابت کیا ہے یہ صحیح مشہور درجے کی ہیں بلا ایسی صحیح روایات کے ہوتے ہوئے اسحاق بن راہویہؒ کے قول کو کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے اور ایک محدث کا کسی صحیح روایت سے بے خبر ہونا ممکن ہے۔

باب ثانی

حدیث "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ"

یہ باب پانچ فصول پر مشتمل ہے

فصل اوّل

حدیث ترمذی اور اسکی اسنادی حیثیت

فصل ثانی

شبہ اضطراب سند اور اسکا تفصیلی جواب

فصل ثالث

حدیث عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ

فصل رابع

حدیث عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

فصل خامس

حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ

خلاصة البحث

"اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ"

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا".

یہ روایت کتب احادیث، کتب تواریخ، کتب رجال، کتب علل اور کتب مراسیل میں متعدد طرق واسانید سے مروی ہے۔ تاہم سب سے اعلی، صحیح، درست سند یہ (سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ) ہے جس میں ربیعہ بن یزید اور عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں۔

سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ مدار سند ہیں

آپ سے ایک جماعت اس حدیث کو بدوں واسطہ روایت کرتی ہے۔

(ابو مسہرؒ، ولید بن مسلمؒ، عمر بن عبد الواحدؒ، محمد بن سلیمانؒ، مروان بن محمد الطاطریؒ)

انہیں کے متعلق امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 571ھ) فرماتے ہیں:

وقول الجماعة هو الصواب(1)

طریق اوّل: ابو مسہر، عن سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ

طریق ثانی: ولید بن مسلم، عن سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ

طریق ثالث: عمر بن عبد الواحد، عن سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ

طریق رابع: م حمد بن سلیمان، عن سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ

طریق خامس: مروان بن محمد الطاطری، عن سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ

---

(1) "تاريخ دمشق" (84/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

ان تمام اسانید میں ربیعہ بن یزید اور عبدالرحمن بن ابی عمیرہ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہے البتہ سعید بن عبدالعزیز الدّمشقی کے شاگردوں میں سے مروان بن محمد الطاطری اور اِن سے اِن کے شاگرد محمد بن مصفی بواسطہ ابوادریس نقل کرتے ہیں۔

طریق سادس: محمد بن مصفی، عن مروان بن محمد، عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن ابی ادریس، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

محمد بن مصفی کے سوا مروان بن محمد الطاطری کے باقی تمام تلامذہ بغیر واسطے کے اس روایت کو نقل کرتے ہیں۔

(سلمہ بن شبیب، عیسی بن ھلال السلیحی، احمد بن الازہر بن منیع ابوالازہرؒ، صفوان بن صالحؒ، محمد بن اسماعیل ابوعبد اللہ البخاریؒ، محمد بن عوفؒ)

طریق سابع: سلمہ بن شبیب، عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

طریق ثامن: عیسی بن ھلال السلیحی، عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

طریق تاسع: احمد بن الازہر بن منیع ابوالازہرؒ عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

طریق عاشر: صفوان بن صالحؒ، عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

طریق احدی عشر: محمد بن اسماعیل ابوعبداللہ البخاریؒ، عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

طریق ثانی عشر: محمد بن عوف، عن سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ۔

یہ روایت دیگر اسانید سے عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے سوا عمر بن الخطاب، عمیر بن سعد انصاری اور عرباض بن ساریہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بھی مروی ہے۔

نوٹ:

ہم نے خلاصۃ البحث کو ابتدا میں اس لیے ذکر کیا ہے تاکہ قارئین کو ہماری پیش کردہ تحقیق بآسانی سمجھ میں آسکے طوالت کی وجہ سے سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔

فصل اوّل

حدیث ترمذی اور اسکی اسنادی حیثیت

(حدیث نمبر:1)

امام ترمذیؒ (المتوفی:279ھ) فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قال: حَدَّثَنَا أَبُو مُسْهِرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمِيْرَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ: "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ" هذا حديث حسن غريب".

ہم سے بیان کیا محمد بن یحی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو مسہر نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبد العزیز نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ربیعہ بن یزید نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے (راوی سعید بن عبد العزیز فرماتے ہیں) عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ یہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے۔ وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: "اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا".

حدیث کا حکم امام ترمذیؒ کے نزدیک:

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث "حسن غریب" ہے۔(1)

---

(1) تخريج حديث:

"السنن" للامام الترمذي (المتوفى: 279ھ) (687/5) رقم الحديث (3842) "باب مناقب معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"الطبقات الكبرى" لإبن سعد (المتوفى: 230ھ) (292/7) رقم الترجمة (3746) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

"المسند" للإمام أحمد بن حنبل الشيباني (المتوفى: 241ھ) (426/29) رقم الحديث (17895) "حديث عبد الرحمن بن أبي عميرة الأزدي"

"التاريخ الكبير" للبخاري (المتوفى: 256ھ) (240/5) رقم الترجمة (791) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

"التاريخ الكبير" لإبن أبي خيثمة (المتوفى: 279ھ) (350/1) رقم الترجمة (1233) "عبد الرحمن بن عميرة الأزدي"

"الآحاد والمثاني" لأبي عاصم الشيباني (المتوفى: 287هـ) (258/2) رقم الحديث (1129) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني ﷺ"

"السنة" لأبي بكر الخَلَّال البغدادي الحنبلي (المتوفى: 311هـ) (451/2) رقم الحديث (699) "ذكر أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه"

"معجم الصحابة" لأبي القاسم البغوي (المتوفى: 317هـ) (213/4) رقم الحديث (1948) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني القرشي"

"معجم الصحابة" لإبن قانع البغدادي (المتوفى: 351هـ) (146/2) رقم الترجمة (621) "عبد الرحمن بن عميرة الأزدي"

"الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360هـ) (2436/5) رقم الحديث (1915) "باب ذكر دعاء النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية ﷺ"

"المعجم الأوسط" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (205/1) رقم الحديث (656) "مَنِ اسْمُهُ أَحْمَدُ"

"مسند الشاميين" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (181/1) رقم الحديث (311) "ما روى سعيد، عن يونس بن ميسرة بن حلبس" (190/1) رقم الحديث (334) "ما روى سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد" (254/3) رقم الحديث (2198) "ما روى يونس عن عبد الرحمن بن عميرة المزني"

"طبقات المحدثين بأصبهان والواردين عليها" للأصبهاني (المتوفى: 369هـ) (343/2) رقم الترجمة (207) إبراهيم بن عيسى الزاهد.

"فوائد" لابن أخي ميمي الدقاق البَغْدَادِيُّ (المتوفى: 390هـ) (211/1) رقم الحديث (452)

"شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" للالكائي (المتوفى: 418هـ) (1527/8) رقم الحديث (2778)

"حلية الأولياء وطبقات الأصفياء" لأبي نعيم الأصبهاني (المتوفى: 430هـ) (358/8)

"معرفة الصحابة" لأبي نعيم الأصبهاني (المتوفى: 430هـ) (1836/4) رقم الحديث (4634) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

"تاريخ أصبهان = أخبار أصبهان" لأبي نعيم الأصبهاني (المتوفى: 430هـ) (221/1) رقم الترجمة (331) "إبراهيم بن عيسى الزاهد أبو إسحاق".

"جزء فيه أحاديث من مسموعات للشيخ الحافظ أبي ذر عبيد بن أحمد بن محمد الهروي" (المتوفى: 434هـ) (51/1) رقم الحديث (40)

"الاستيعاب في معرفة الأصحاب" لإبن عبد البر بن عاصم النمري القرطبي (المتوفى: 463هـ) (843/2) رقم الترجمة (1445) "عبد الرحمن بن أبي عميرة"

"تاريخ بغداد" للخطيب البغدادي (المتوفى: 463هـ) (222/2) رقم الترجمة (48) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"تالي تلخيص المتشابه" للخطيب البغدادي (المتوفى: 463هـ) (539/2) رقم الحديث (328) "عبد الرَّحْمَن بن أبي عميرة الْمُزنِيّ"

"تلخيص المتشابه في الرسم" للخطيب البغدادي (المتوفى: 463هـ) (406/1) "بشر بن بشار البغدادي"

"الحجة في بيان المحجة وشرح عقيدة أهل السنة" لأبي القاسم الأصبهاني، الملقب بقوام السنة (المتوفى: 535هـ) (404/2) رقم الحديث (379) "فصل فِي فضل مُعَاوِيَة - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ -".

"الأباطيل والمناكير والصحاح والمشاهير" للجوزقاني (المتوفى 543هـ) (192/1) رقم الحديث (182) "باب في فضائل طلحة والزبير ومعاوية وعمرو".

"تاريخ دمشق" لإبن عساكر (المتوفى: 571هـ) (59/82،81،80) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"أسد الغابة في معرفة الصحابة" لإبن الأثير (المتوفى: 630هـ) (474/3) رقم الحديث (934) رقم الترجمة (3368) "عبد الرحمن بن أبي عميرة"

"تهذيب الأسماء واللغات" للنووي (المتوفى: 676هـ) (103/2،104) رقم الترجمة (588) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"تهذيب الكمال في أسماء الرجال" للمزي (المتوفى: 742هـ) (322/1) رقم الترجمة (3921) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (310/4) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"سير أعلام النبلاء" للذهبي (المتوفى : 748هـ) (125/3،126) رقم الترجمة (25) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"معجم الشيوخ الكبير" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (55/1) إبراهيم بن محمد بن أحمد بن يحيى بن هبة الله بن سنى الدولة القاضي أبو إسحاق الدمشقي الشافعي

"جامع التحصيل في أحكام المراسيل" للعلائي (المتوفى: 761هـ) (225/1) رقم الترجمة (448) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

"الوافي بالوفيات" للصفدي (المتوفى: 764هـ) (124/18) (ابْن أبي عمْرَة) عبد الرَّحْمَن بن أبي عمْرَة الصَّحَابِيّ

"البداية والنهاية" لابن كثير الدمشقي (المتوفى: 774هـ) (129/8) "ترجمة معاوية وذكر شئ من أيامه وما ورد في مناقبه وفضائله"

"جامع المسانيد والسنن الهادي لأقوم سنن" لابن كثير الدمشقي (المتوفى: 774هـ) (275/39) رقم الترجمة (1166) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزنى" رقم الحديث (6982)

"تحفة التحصيل في ذكر رواة المراسيل" لإبن العراقي (المتوفى: 826هـ) (203/1) "عبد الرَّحْمَن بن أبي عميرة الْمُزنِيّ"

"الإصابة في تمييز الصحابة" لإبن حجر العسقلاني (المتوفى: 852هـ) (342/4) رقم الترجمة (5181) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

"تاريخ الخلفاء" لأبي بكر، جلال الدين السيوطي (المتوفى: 911هـ) (149/1) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

اشکال:

امام ترمذیؒ کے عائد کردہ حکم پر یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ انہوں نے دو متغایر حکموں کو ایک حکم (هذا حديث حسن غريب) میں کیسے جمع کیا ہے کیونکہ امام ترمذیؒ نے اپنی "سنن" کی "کتاب العلل" میں یہ تصریح فرمائی ہے کہ میرے نزدیک "حسن" وہ ہے جو ایک سے زائد طرق واسانید سے مروی ہو،

اور "غریب" اصطلاح محدّثین میں اُس روایت کو کہا جاتا ہے جو صرف ایک ہی طریق وسند سے مروی ہو(1)۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ امام ترمذیؒ کے بیان کردہ حسن وغریب کے مابین تباین وتغایر ہے، جب تغایر ہے تو پھر وہ کیسے ایک حکم میں جمع ہو سکتے ہیں؟

جواب:

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی: 852ھ) فرماتے ہیں:

امام ترمذیؒ نے "کتاب العلل" میں اُس حسن کی تعریف کی ہے جسکو وہ علیحدہ ذکر کرتے ہوئے یوں فرماتے ہیں "هذا حديث حسن" اِس کے ساتھ وہ کوئی دوسری صفت ذکر نہیں کرتے جیسے:

"حسنٌ صحيحٌ" یا "حسنٌ غريبٌ" یا "حسنٌ صحيحٌ غريبٌ" وغیرہ اور جہاں امام ترمذیؒ "حسن" کے ساتھ کوئی دوسری صفت ذکر کرتے ہیں جیسے مذکورہ بالا روایت پر حکم عائد کرتے ہوئے فرمایا "هذا حديث حسن غريب" وہاں جمہور کی اصطلاح کا حسن مراد لیتے ہیں، نہ کہ اپنی خاص اصطلاح کا،(2)

"سمط النجوم العوالي في أنباء الأوائل والتوالي" لإبن عبد الملك العصامي المكي (المتوفى: 1111ھ) "ذكر مناقب معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(1) "كل حديث يروى لا يكون في إسناده من يتهم بالكذب، ولا يكون الحديث شاذا. ويروى من غير وجه نحو ذلك فهو عندنا حديث حسن.وما ذكرنا في هذا الكتاب حديث غريب، فإن أهل الحديث يستغربون الحديث لمعان. رب حديث يكون غريبا لا يروى إلا من وجه واحد".

الجامع الكبير – سنن الترمذي (254/6)

(2) فإن قيل: قد صرح الترمذي بأن شرط الحسن أن يروى من غير وجه؛ فكيف يقول في بعض الأحاديث: "حسن غريب، لا نعرفه إلا من هذا الوجه"؟.

اور جمہور کے نزدیک حسن اور غریب کی جو تعریفیں مشہور ہیں اُن کی رو سے کوئی اشکال کی بات ہی نہیں اس لیے کہ دونوں میں کوئی تضاد نہیں ہے، حدیث حسن کا تعلق راوی کے حفظ وعدالت سے ہے اور غریب کا تعلق راوی کے منفرد ہونے سے ہے لہذا یہ دونوں جمع ہو سکتے ہیں۔

امام ترمذیؒ کی تحسین پر 10 ائمہ نے اعتماد کیا ہے۔

1- امام جوزقانیؒ (المتوفی 543ھ)[1]

2- امام نوویؒ (المتوفی: 676ھ)[2]

3- امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ)[3]

4- علامہ صفدیؒ (المتوفی: 764ھ)[1]

فالجواب: أن الترمذي لم يعرف الحسن مطلقا، وإنما عرف نوعا خاصا منه وقع في كتابه، وهو ما يقول فيه: "حسن"، من غير صفة أخرى؛ وذلك أنه: يقول في بعض الأحاديث: "حسن". وفي بعضها: "صحيح". وفي بعضها: "غريب". وفي بعضها: "حسن صحيح". وفي بعضها: "حسن غريب". وفي بعضها: "صحيح غريب". وفي بعضها: "حسن صحيح غريب".

وتعريفه إنما وقع على الأول فقط، وعبارته ترشد إلى ذلك؛ حيث قال في آخر كتابه: وما قلنا في كتابنا: "حديث حسن"، فإنما أردنا به حسن إسناده عندنا: كل حديث يروى، لا يكون راويه متهما بكذب، ويروى من غير وجه نحو ذلك، ولا يكون شاذا = فهو عندنا حديث حسن.

فعرف بهذا أنه إنما عرف الذي يقول فيه: "حسن"، فقط، أما ما يقول فيه: "حسن صحيح"، أو: "حسن غريب"، أو: "حسن صحيح غريب"، فلم يعرج على تعريفه، كما لم يعرج على تعريف ما يقول فيه: "صحيح"، فقط، أو: "غريب"، فقط، وكأنه ترك ذلك استغناء، لشهرته2 عند أهل الفن. واقتصر على تعريف ما يقول فيه في كتابه: "حسن"، فقط؛ إما لغموضه، وإما لأنه اصطلاح جديد؛ ولذلك قيده بقوله: عندنا، ولم ينسبه إلى أهل الحديث كما فعل الخطابي.

وبهذا التقرير يندفع كثير من الإيرادات التي طال البحث فيها، ولم يسفر وجه توجيهها، فلله الحمد على ما ألهم وعلم.

(1) "الأباطيل والمناكير والصحاح والمشاهير" (341/1) رقم الحديث (182) "باب: في فضائل طلحة، والزبير، ومعاوية، وعمرو".

(2) "تهذيب الأسماء واللغات" (104/2) رقم الترجمة (588) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(3) "تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (310/4) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان".

"سير أعلام النبلاء" (125/3) رقم الترجمة (25) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

5- امام ابن کثیر دمشقیؒ (المتوفی:776ھ)[2]

6- امام ابوالفضل زین الدین العراقیؒ (المتوفی806ھ)[3]

7- امام جلال الدین سیوطیؒ (المتوفی:911ھ)[4]

8- امام ابن حجر الہیتمیؒ (المتوفی:974ھ)[5]

9- مولانا عبدالعزیز فرہارویؒ (المتوفی:1239ھ)[6]

10- ابو سلیمان عبداللہ بن محمد بن عبدالوھاب بن سلیمان التمیمی النجدیؒ (المتوفی:1242ھ)[7]

میرے نزدیک روایت ترمذیؒ کا حکم:

روایت کا مکمل (سنداو متنا) دِراسہ کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ یہ روایت نہ صرف یہ کہ "حسن" بلکہ "صحیح مشہور" درجے کی ہے۔

حدیث صحیح کی تعریف:

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی852ھ) فرماتے ہیں:

حدیث صحیح وہ حدیث ہے جس کی سند بالکل متصل ہو اور اس کے جملہ رُوات، حدیث کی روایت میں

---

(1) "الوافي بالوفيات" (124/18) "ترجمة ابْن أبي عمْرَة".

(2) "البداية والنهاية" (129/8) "ترجمة معاوية وذكر شئ من أيامه وما ورد في مناقبه وفضائله"

"جامع المسانيد والسُّنَن الهادي لأقوم سَنَن" (536/5) رقم الحديث (6986) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزنى".

(3) "طرح التثريب في شرح التقريب" (114/1) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(4) "تاريخ الخلفاء" (149/1) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(5) "الصواعق المحرقة على أهل الرفض والضلال والزندقة" (625/2) "الخاتمة فِي بَيَان اعْتِقَاد أهل السّنة وَالْجَمَاعَة فِي الصَّحَابَة رضوَان الله عَلَيْهِم".

(6) "الناهية عن طعن أمير المؤمنين معاوية" (39/1) "فصل في فضائل معاوية ﷺ".

(7) "جواب أهل السنة النبوية في نقض كلام الشيعة والزيدية" (211/1) "أحاديث في مناقب معاوية وعمرو بن العاص ."

عادل اور کامل الضبط ہوں اور وہ روایت شذوذ و علل سے پاک ہو۔

"وخبرُ الآحادِ؛ بنقلِ عَدْلٍ تامِّ الضَّبْطِ، مُتَّصِلَ السَّنَدِ، غيرَ مُعَلَّلٍ ولا شاذٍّ: هو الصَّحيحُ لذاتِهِ"(1)

روایت ترمذیؒ "اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ" متصل السند، اسکے تمام راوی ثقہ، قابل احتجاج، شذوذ و علل سے پاک ہے، امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) فرماتے ہیں: "هذا الحديث رواته ثقات". (2) اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

حدیث مشہور کی تعریف:

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی: 852ھ) فرماتے ہیں:

خبر مشہور وہ خبر ہے جس کے طرق اور اسانید دو سے زائد ہوں مگر خبر متواتر کی حد سے کم ہوں۔

"ما له طرق محصورة بأكثر من اثنين، وهو المشهور عند المحدثين"(3)

یہ روایت متعدد طرق و اسانید سے مروی ہے۔ بحمد اللہ ہم نے اپنے مقام پر تمام اسانید کو بالترتیب ذکر کر کے ہر سند کا تفصیلی دِراسہ پیش کر دیا ہے۔

اب ذیل میں روایت ترمذی کا مکمل دِراسہ پیش خدمت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

محمد بن عیسی بن سورہ ابو عیسی الترمذیؒ (المتوفی 279ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں، امام ابن حبانؒ لکھتے ہیں: امام ابو عیسیٰؒ نے علم حدیث جمع کیا، اس فن میں کتابیں تصنیف کیں، زبانی محفوظ رکھا اور مذاکرے کیے۔ امام ابو یعلی الخلیلیؒ فرماتے ہیں: امام ترمذیؒ پر تمام محدّثین کا اتفاق ہے، وہ ثقہ ہیں۔

---

(1) "نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر" (58/1)

(2) "تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (309/4) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(3) "نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر" (49/1)

امام حاکمؒ فرماتے ہیں میں نے عمر بن علک سے سنا وہ فرماتے ہیں: امام بخاریؒ فوت ہوئے تو اپنے پیچھے علم و حفظ اور ورع وزہد میں ابو عیسیٰؒ جیسا کوئی آدمی نہیں چھوڑ گئے۔

امام ذہبیؒ نے آپ کا تذکرہ حفاظ حدیث میں کیا ہے فرماتے ہیں: جلیل القدر حافظ حدیث ہیں۔ جامع السنن، کتاب العلل کے مصنّف ہیں آخری عمر میں کثرت گریہ کی وجہ سے نابینا ہو گئے تھے۔ فقہ حدیث کا فن امام بخاریؒ سے حاصل کیا ہے، ثقہ، متفق علیہ امام ہیں۔

امام ابن حزمؒ کے حوالے سے امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں: ابن حزم کا یہ کہنا کہ میں ابو عیسی کو نہیں جانتا اس سے امام ابو عیسی کے مرتبہ کو کوئی نقصان نہیں ہوا بلکہ حفاظ حدیث میں ان کا خود نقصان ہوا ہے کہ وہ ایسے مشہور شخص سے بھی ناواقف ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ (1)

محمد بن یحی ذہلی نیسابوریؒ (المتوفی 258ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام ابو حاتمؒ، امام نسائیؒ، امام ابو احمد الفرّاءؒ، امام احمد بن سیّار المروزیؒ،

---

(1) محمد بن عيسى بن سورة بن موسى بن الضحاك أَبُو عِيسَى التِّرْمِذِيّ فهو ثقة ذكره ابن حبان: في "الثقات" (153/9) فقال: "كان ممن جمع وصنف وحفظ وذاكر". وعنه قال أبو يعلى الخليلي: في " الإرشاد في معرفة علماء الحديث " (904/3) "ثقة، متفق عليه، له كتاب في السنن، وكلام في الجرح والتعديل". وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (154/2) قال الحاكم سمعت عمر بن علك يقول: "مات البخاري فلم يخلف بخراسان مثل أبي عيسى في العلم والحفظ والورع والزهد، بكى حتى عمي". وفي "ميزان الاعتدال" (678/3) ثقة مجمع عليه. ولا التفات إلى قول أبي محمد بن حزم فيه في الفرائض من كتاب الايصال: إنه مجهول، فإنه ما عرفه ولا درى بوجود الجامع ولا العلل اللذين له.

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (344/9) "وأما أبو محمد بن حزم فإنه نادى على نفسه بعدم الاطلاع فقال في كتاب الفرائض من الاتصال محمد بن عيسى بن سورة مجهول ولا يقولن قائل لعله ما عرف الترمذي ولا اطلع على حفظه ولا على تصانيفه فإن هذا الرجل قد أطلق هذه العبارة في خلق من المشهورين من الثقات الحفاظ كأبي القاسم البغوي وإسماعيل بن محمد بن الصفار وأبي العباس الاصم وغيرهم والعجب أن الحافظ بن الفرضي ذكره في كتابه المؤتلف والمختلف ونبه على قدره فكيف فات بن حزم الوقوف عليه فيه وقال الإدريسي كان الترمذي أحد الأئمة الذين يقتدى بهم في علم الحديث صنف الجامع والتواريخ والعلل تصنيف رجل عالم متقن كان يضرب به المثل في الحفظ". وفي "التقريب" (500/2) "ثقة حافظ"

امام مسلمہؒ اور حافظ ابنِ حجرؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔

امام مسلمؒ کے سوا محدّثین کی ایک جماعت نے آپ سے روایات لی ہیں، بالخصوص امام بخاریؒ نے "کتاب الصّوم"، "کتاب الطّب"، "کتاب الجنائز" اور "کتاب العِتق" کے تحت متعدّد روایات لی ہیں۔ امام احمدؒ آپ کے بہت مدّاح تھے اپنے بیٹے اور اصحاب کو نصیحت کرتے ہوے فرماتے ہیں کہ : اِن کے پاس جایا کرو اور ان سے حدیث لکھا کرو۔ امام ابو بکر بن زکریّاؒ فرماتے ہیں: محمد بن یحی میرے نزدیک حدیث کے امام ہیں۔ امام ابن ابی داؤد فرماتے ہیں: وہ امیر المؤمنین فی الحدیث ہیں۔(1)

---

(1) محمد بن يحيى بن عبد الله بن خالد بن فارس بن ذؤيب أبو عبد الله النيسابوري الذهلي فهو ثقة يكتب حديثه ويحتج به وعنه قال أبو نصر البخاري الكلاباذي (المتوفى: 398هـ) في "الهداية والإرشاد في معرفة أهل الثقة والسداد" (687/2) "روى عنه محمد بن إسماعيل البخاري في (الصوم) و (الطب) و (الجنائز) و (العتق) وغير موضع فقال مرة (نا محمد) يزد عليه وقال ثانية (حدثنا محمد بن عبد الله) نسبه إلى آخره وقال ثالثة (نا محمد بن خالد) نسبه إلى جد أبيه ولم يقل في موضع من الجامع (ثنا محمد بن يحيى الذهلي) مصرحا".

وعنه قال الخطيب البغدادي: (المتوفى: 463هـ) في "تاريخه" (186/4) "كان أحد الأئمة العارفين، والحفاظ المتقنين، والثقات المأمونين، صنف حديث الزّهريّ وحده، وقدم بغداد، وجالس شيوخها وحدث بها، وكان أحمد بن حنبل يثنى عليه وينشر فضله".

وقد ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (453/9،452) فقال: قال محمد بن سهل بن عسكر: "كنا عند أحمد بن حنبل فدخل الذهلي فقام إليه أحمد فتعجب الناس منه ثم قال لبنيه وأصحابه اذهبوا إلى أبي عبد الله واكتبوا عنه". وقال أبو محمد بن الجارود سمعت أبا عبد الرحيم محمد بن أحمد بن الجراح الجوزجاني يقول: "دخلت على أحمد فقال لي تريد البصرة قلت نعم قال فإذا أتيتها فالزم محمد بن يحيى فليكن سماعك منه فإني ما رأيت خراسانيا وقال ما رأيت أحدا أعلم بحديث الزهري منه ولا أصح كتابا منه".

وقال أبو بكر بن زكريا: "وهو عندي إمام في الحديث". وقال أبو عمرو المستملي سمعت أحمد يقول: "أن محمد بن يحيى عندنا لجعلناه إماما في الحديث" وقال بن أبي حاتم سمعت أبي يقول: "محمد بن يحيى إمام زمانه قال وكتب عنه أبي بالري وهو ثقة صدوق إمام من أئمة المسلمين سئل أبي عنه فقال ثقة". وقال النسائي: "ثقة مأمون". وقال بن أبي داود حدثنا محمد بن يحيى النيسابوري: "وكان أمير المؤمنين في الحديث".

وقال بن عقدة عن بن خراش: "كان محمد بن يحيى من أئمة العلم". وقال الخطيب: "كان أحد الأئمة العارفين والحفاظ المتقنين والثقات المأمونين صنف حديث الزهري وحده". وقال بن قانع: "مات سنة اثنتين وقيل سنة ست وخمسين

ابو مسہر الغسانی الدمشقیؒ (المتوفّٰی 218ھ)

ثقہ قابلِ احتجاج راوی ہیں، امام عجلیؒ، امام ابو حاتمؒ، امام ابنِ معینؒ، امام ابو داودؒ، امام حاکمؒ، امام ابنِ وضّاحؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔ امام ابن حبّانؒ فرماتے ہیں: حفظ واتقان میں آپ اھلِ شام کے امام ہیں، اور جرح وتعدیل میں شامیوں کا مرجع ہیں۔ امام خلیلیؒ آپ کو ثقہ، حافظ اور متّفق علیہ امام قرار دیتے ہیں۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں: اللہ ابو مسہر پر رحم فرمائے وہ کس قدر اثبت ہیں۔ امام محمد بن عثمان تنوخیؒ فرماتے ہیں: شام میں ابو مسہرؒ کے مثل کوئی محدث نہیں۔ مزید فرماتے ہیں: وہ احفظ النّاس ہیں۔

امام مروان بن محمدؒ فرماتے ہیں: سعید بن عبد العزیزؒ آپ کو اپنی مجلس میں نمایاں مقام پر بٹھاتے تھے۔ امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: جن محدّثین سے ہم نے روایات لکھی ہیں اُن سب میں ابو مسہر سے بڑھ کر کوئی فصیح اللّسان نہیں دیکھا۔ امام ابن معینؒ آپ کی تعظیم کیا کرتے تھے۔ (1)

ومائتين". وقال أبو حامد بن الشرقي وأبو عبد الله بن الأخرم وغير واحد: "مات سنة ثمان وخمسين ومائتين". قال الخطيب: "وهو الصواب وبلغني أن وفاته في أحد الربيعين منها وبلغ ستا وثمانين سنة". قال بن الشرقي سمعت أبا عمرو الخفاف غير مرة يقول: "رأيت الذهلي في النوم فقلت ما فعل بك ربك قال غفر لي قال فما فعل علمك قال كتب بماء الذهب ورفع في عليين".

قلت _الحافظ_ وقال النسائي في مشيخته: "ثقة ثبت أحد الأئمة في الحديث". وقال بن خزيمة: "ثنا محمد بن يحيى الذهلي إمام أهل عصره بلا مدافعة" وقال الدارقطني: "من أحب أن يعرف قصور علمه عن علم السلف فلينظر في علل حديث الزهري لمحمد بن يحيى". وقال أبو أحمد الفراء: "محمد بن يحيى عندنا إمام ثقة مبرز". وقال أحمد بن سيار المروزي: "كان ثقة كتب الكثير ودون الكتب". وقال مسلمة: "ثقة".

وقال الذهبي: في "الكاشف" (229/2) قال بن أبي داود: "حدثنا محمد بن يحيى وكان أمير المؤمنين في الحديث وقال أبو حاتم هو إمام أهل زمانه". وقد قال الحافظ: في "التقريب" (512/1) "ثقة حافظ جليل من الحادية عشرة مات سنة ثمان وخمسين على الصحيح وله ست وثمانون سنة".

(1) عبد الاعلى بن مسهر بن عبد الاعلى بن مسهر الغساني، أبو مسهر الدمشقي، فهو ثقة يكتب حديثه ويحتج به وثقه العجلي: في "الثقات" (285/1) وعنه قال ابن حبان: في "الثقات" (408/8) "وكان إمام أهل الشام في الحفظ والإتقان ممن عني بانساب أهل بلده وأبنائهم واليه كان يرجع أهل الشام في الجرح والعدالة لشيوخهم ". وعنه قال الخليلي:

سعید بن عبدالعزیز دمشقیؒ (المتوفّٰی 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے، امام عجلیؒ، امام ابن شاہینؒ، امام نسائیؒ، امام ابو حاتمؒ، امام ابن معینؒ، امام ابن سعدؒ، امام ذہبیؒ اور حافظ ابن حجر العسقلانیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ابن معینؒ آپ کو حُجّت قرار دیتے ہیں، امام ابنِ حِبّانؒ فرماتے ہیں: آپ اھلِ شام کے فقہاء، عبادت گزار اور قابلِ اعتماد محدّثین میں سے ہیں۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ: شام میں ان سے زیادہ کوئی صحیح روایت کرنے والا نہیں۔ اور ابو مسہر سے یہ بات مجھے پہنچی ہے کہ آپ کی وِلادت 90ھ میں ہوئی اور 167ھ میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ سلیمان بن سلمہ خبائریؒ فرماتے ہیں: 168ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔

امام حاکمؒ فرماتے ہیں: ابو سعید تقدّم، فضل، فقہ اور امانت میں اھلِ شام کے لیے ایسے ہیں جیسے اھلِ مدینہ کے لیے امام مالکؒ ہیں۔ امام ابو جعفر العامریؒ فرماتے ہیں: آپ نے انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا، آپ متّقی پرہیز گار اور اھلِ شام کے مفتی تھے۔

امام ابو داؤدؒ اور امام حمزہ کتّانیؒ فرماتے ہیں: وصال سے قبل ان کا حافظہ مختلط ہو گیا تھا۔

امام ابو مسہرؒ فرماتے ہیں: سعید بن عبدالعزیز موت سے قبل اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔

فی "الإرشاد في معرفة علماء الحديث" (265/1) "ثقة، حافظ، إمام، متفق عليه". وعنه قال المزي: في "تهذيب الكمال" (376/16) وقال حنبل بن إسحاق، عن عبد الرحمن بن إبراهيم: "ولد أبو مسهر في صفر سنة أربعين ومئة".

وقد ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (90،91/6) فقال: "روى عن سعيد بن عبد العزيز، روى عنه البخاري ومحمد بن يحيى الذهلي، وقال أبو داود سمعت أحمد يقول: "رحم الله أبا مسهر ما كان أثبته". وقال بن أبي خيثمة عن بن معين: "ثقة". وقال أبو حاتم والعجلي: "ثقة".وقال محمد بن عثمان التنوخي: "ما بالشام مثل أبي مسهر". وذكره فقال: "كان من أحفظ الناس". وقال مروان بن محمد: "كان سعيد بن عبد العزيز يجلس أبا مسهر معه في صدر المجلس". وقال أبو حاتم: "ما رأيت فيمن كتبنا عنه أفصح منه". وقال أبو داود: "كان من ثقات الناس لقد كان من الإسلام بمكان".

قلت_الحافظ_ وقال أبو حاتم: "ثقة". وقال الحاكم أبو أحمد: "كان عالما بالمغازي وأيام الناس". وقال بن حبان: في "الثقات" كان بن معين يفخم من أمره وقال في ترجمة عمرو بن واقد من كتاب الضعفاء كان من الحفاظ المتقنين وأهل الورع في الدين وقال الخليلي: "ثقة حافظ إمام متفق عليه". وقال الحاكم: "إمام ثقة وقال بن وضاح كان ثقة فاضلا".

وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (332/1) "ثقة فاضل من كبار العاشرة مات سنة ثماني عشرة وله ثمان وسبعون سنة".

امام یحی بن معینؒ فرماتے ہیں کہ: موت واقع ہونے سے پہلے سعید بن عبدالعزیزؒ پر احادیث پیش کی جاتیں تو وہ اجازت نہیں دیتے تھے۔

امام ابو مسہرؒ نے جب خود اپنے شیخ کے بارے میں یہ تصریح فرمادی کہ انہیں موت سے قبل اختلاط لاحق ہو گیا تھا تو ظاہر بات ہے کہ وہ اپنے شیخ سے قبل الاختلاط ہی روایت کرتے ہونگے اس لیے کہ وہ بعد الاختلاط تو وہ روایت کی اجازت ہی نہ دیتے تھے۔

مزید یہ کہ امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: ابو مسہرؒ، سعید بن عبدالعزیزؒ کو اوزاعیؒ پر ترجیح دیتے تھے۔اس نص سے بھی معلوم ہوا کہ ابو مسہرؒ قبل الاختلاط ہی روایت کرتے ہیں اگر بعد الاختلاط روایت کرتے ہوتے تو اوزاعیؒ جیسے ثقہ، ثبت امام پر سعید بن عبدالعزیز کو کیسے ترجیح دیتے؟ جبکہ موت سے قبل اختلاط کی جرح ابو مسہرؒ اپنے شیخ پر خود کر چکے ہیں۔(1)

---

(1) سعيد بن عبد العزيز بن أبي يحيى التنوخي أبو محمد الدمشقي فهو ثقة يكتب حديثه ويحتج به ذكره ابن حبان: في "الثقات" (369/6) "وكان من عباد أهل الشام وفقهائهم ومتقنيهم في الرواية". ووثقه العجلي: في "الثقات" (402/1) وابن شاهين: في "الثقات" (98/1) وعنه قال الذهبي: في "ميزان الاعتدال" (149/2) مفتى دمشق، أحد الائمة. ثقة، وليس هو في الزهري بذاك. وأشار حمزة الكنانى إلى أنه تغير بأخرة. وقال أبو مسهر: كان قد اختلط قبل موته. وقال النسائي: ثقة ثبت. قلت: وقد قرأ القرآن على ابن عامر، وسمع من مكحول وطائفة. وعنه عبد الرحمن بن مهدي، وأبو مسهر، وأبو نصر التمار، وخلق، وكان يحفظ، فإنه قال: ما كتبت حديثاً قط. قال ابن معين: حجة. وقال أحمد: ليس بالشام أصح حديثاً منه. وقال الوليد ابن مزيد: كان الأوزاعي إذا سئل عن مسألة وسعيد بن عبد العزيز حاضر قال: سلو أبا محمد. قلت: وكان أيضا من العباد القانتين. وقال الوليد بن مزيد: سئل سعيد بن عبد العزيز عن الكفاف من الرزق، قال: جوع يوم وشبع يوم. توفى سنة سبع وستين ومائة. وكان ممن يحيى الليل، رضي الله عنه وأرضاه.

وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (59/4) "وروى عن ربيعة بن يزيد الدمشقي وعنه أبو مسهر، قال عبد الله بن أحمد عن أبيه: "ليس بالشام رجل أصح حديثا من سعيد بن عبد العزيز هو الأوزاعي عندي سواء". وقال بن معين وأبو حاتم والعجلي" "ثقة" وقال أبو زرعة الدمشقي قلت لدحيم من بعد عبد الرحمن بن يزيد بن جابر من أصحاب مكحول قال: "الأوزاعي وسعيد". قال وقلت ليحيى بن معين وذكرت الحجة محمد بن إسحاق منهم فقال: " ثقة إنما الحجة عبيد الله بن عمر ومالك والأوزاعي وسعيد بن عبد العزيز". وقال عمرو بن علي: "حديث الشاميين ضعيف إلا نفرا منهم الأوزاعي وسعيد بن عبد العزيز". وقال أبو حاتم: "كان أبو مسهر يقدم سعيد بن عبد العزيز على الأوزاعي ولا أقدم

اور یہ بھی ثابت ہے کہ سعید بن عبدالعزیزؒ، امام اوزاعیؒ کے بعد 10 سال زندہ رہے۔

امام یحی بن معینؒ فرماتے ہیں: قَالَ أَبُو مسْهر: "بقى سعيد بن عبد الْعَزِيز بعد الْأَوْزَاعِيّ عشر سِنِين".

امام ابو مسہرؒ نے کہا کہ سعید بن عبدالعزیزؒ، امام اوزاعیؒ کے بعد دس سال زندہ رہے۔(1)

مزید یہ کہ ابو مسہرؒ نے 12 سال سعید بن عبدالعزیزؒ سے حدیث کا سماع کیا اور ان کی صحبت پائی ہے

قالَ أَبُو مُسْهِرٍ: جَلَسْتُ إِلَى سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ التَّنُوخِيِّ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً، وَمَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَسِتِّينَ وَمِائَةٍ.(2)

ان تمام نصوص سے یہ بات ثابت ہے کہ وہ اختلاط سے قبل ہی روایت کرتے ہیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقی (المتوفّٰی 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام ابنِ سعدؒ، امام عجلیؒ، امام ابنِ عمارؒ، امام یعقوب بن شیبہؒ، امام یعقوب بن سفیانؒ، امام نسائیؒ، حافظ ابنِ حجر العسقلانیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ابنِ حبّانؒ فرماتے ہیں: یہ خیار اھلِ شام میں سے ہیں۔(3)

بالشام بعد الأوزاعي على سعيد واحدا". وقال مروان بن محمد: "كان علم سعيد في صدره". وقال النسائي"ثقة ثبت". وقال أبو مسهر: "كان قد اختلط قبل موته". وقال أحمد بلغني عن أبي مسهر أنه قال: ولد سنة 90 وقال أبو مسهر وغير واحد مات سنة 167 وقال سليمان بن سلمة الخبائري مات سنة 168 وقال الحاكم: "أبو عبد الله هو لأهل الشام كمالك لأهل المدينة في التقدم والفضل والفقه والأمانة".

قلت-الحافظ- وقال بن سعد: "كان ثقة إن شاء الله". وقال أبو جعفر العامري: "رأى أنسا وكان فاضلا دينا ورعا وكان مفتي أهل دمشق". وقال الآجري عن أبي داود: "تغير قبل موته" وكذا قال حمزة الكناني وقال البخاري: في "تاريخه". قال علي عن الوليد بن مسلم: "أحدثكم عن الثقات صفوان بن عمرو وابن جابر وسعيد بن عبد العزيز". وقال الدوري عن بن معين: "اختلط قبل موته وكان يعرض عليه فيقول لا اجيزها لا اجيزها".

وأيضا قال الحافظ: في "التقريب" (238/1) "ثقة إمام سواه أحمد بالأوزاعي وقدمه أبو مسهر لكنه اختلط في آخر أمره من السابعة مات سنة سبع وستين وقيل بعدها وله بضع وسبعون".

(1) "تاريخ ابن معين" (رواية الدوري) (464/4)

(2) "المعرفة والتاريخ" (155/1) "وَفِي سَنَةِ سَبْعٍ وَسِتِّينَ وَمِائَةٍ"

(3) ربيعة بن يزيد الإيادي أبو شعيب الدمشقي القصير فهو ثقة يكتب حديثه ويحتج به وثقه ابن سعد: في "الطبقات" (322/7) فقال: "وكان ثقة". والعجلي: في "الثقات" (159/1) فقال: "تابعي، ثقة". وابن حبان: في "الثقات"

حافظ ابن عبد البرؒ (المتوفی: 463ھ) فرماتے ہیں:

وكان من النواصب يشتم عليا، قَالَ أبو حاتم الرازي: لا يروى عنه ولا كرامة ولا يذكر بخير، قَالَ: ومن ذكره في الصحابة لم يصنع شيئا.(1)

یہ نواصب میں سے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو برا کہتے تھے۔ امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں کہ ان سے نہ تو روایت لی جائے گی، نہ ہی ان کی عزت کی جائے گی اور نہ ہی ان کا ذکر کلمات خیر سے کیا جائے گا، جس نے ان کا ذکر صحابہ میں کیا ہے اُس نے غلطی کی ہے۔

حافظ ابن عبد البرؒ کے سوا اہل علم میں سے کسی نے آپ کو ناصبی نہیں لکھا۔ بلکہ بعض ائمہ نے تو آپ کا ذکر صحابہ میں کیا ہے۔

امام بخاریؒ (المتوفی: 256ھ) فرماتے ہیں:

"له صحبة".(2)

"ان کیلیے شرف صحابیت ثابت ہے"۔

امام ابن ابی حاتمؒ (المتوفی: 327ھ) فرماتے ہیں:

وقال بعض الناس له صحبة سمعت أبي يقول ذلك(3)

"بعض لوگوں نے کہا ان کیلیے شرف صحابیت ثابت ہے میں نے اپنے والد ابو حاتم کو یہی کہتے ہوئے سنا ہے"۔

(232/4) فقال: "وكان من خيار أهل الشام". وقد ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (150/9،149،148) فقال: " روى عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني، وعنه سعيد بن عبد العزيز، قال أحمد بن عبد الله العجلي، ومحمد بن عبد الله بن عمار الموصلي، ويعقوب بن شيبة، ويعقوب بن سفيان، والنسائي: "ثقة". ووافقه الحافظ: في تهذيب التهذيب" (228/3) وقال: في "التقريب" (208/1) "ثقة عابد من الرابعة مات سنة إحدى أو ثلاث وعشرين".

(1) "الاستيعاب في معرفة الأصحاب" (495/2) رقم الترجمة (767) "ربيعة بن يزيد السلمي"

(2) التاريخ الكبير (280/3) رقم الترجمة (959) "ربيعة بن يزيد السلمي".

(3) الجرح والتعديل (472/3) رقم الترجم (2114) "ربيعة بن يزيد السلمي"

امام ابن حبانؒ (المتوفی: 354ھ) فرماتے ہیں

يقال إن له صحبة(1)

"ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ صحابی ہیں"۔

امام ابن مندہؒ (المتوفی: 395ھ) فرماتے ہیں:

ذكره البخاري في الصحابة(2)

"امام بخاریؒ نے ان کا ذکر صحابہ میں کیا ہے"۔

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی: 852ھ) لکھتے ہیں:

ربيعة بن يزيد السلمي قال البخاري: "له صحبة". وقال بن حبان: "يقال إن له صحبة". وقال العسكري قال بعضهم: "إن له صحبة". وقال بن عبد البر في آخر ترجمة ربيعة الجرشي: "أما ربيعة بن يزيد السلمي فكان من النواصب يشتم عليا". قال أبو حاتم: "لا يروى عنه ولا كرامة ومن ذكره في الصحابة لم يصنع شيئا" انتهى وقد استدركه بن فتحون وأبو علي الغساني وابن معوذ على أبي عمر اعتمادا على قول البخاري(3)

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اِن کیلیے شرف صحابیت ثابت ہے۔ امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں کہ: ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ صحابی ہیں۔ امام عسکریؒ فرماتے ہیں: بعض ائمہ نے کہا کہ یہ شرف صحابیت سے مشرف ہیں۔ علامہ ابن عبدالبرؒ، ربیعہ الجرشی کے سوانح کے آخر میں لکھتے ہیں: رہا ربیعہ بن یزید تو وہ ایک ناصبی شخص تھا۔ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ پر سب و شتم کرتا تھا۔ امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: ان سے روایت نہیں کی جائے گی اور نہ ہی یہ کوئی کرامت و عزت کے مالک ہیں۔ جس نے ان کا شمار صحابہ میں کیا اس نے کوئی اچھا کام نہیں کیا۔ ابن فتحونؒ، ابو علیؒ،

---

(1) الثقات (129/3) رقم الترجمة (431) "ربيعة بن يزيد السلمي".

(2) معرفة الصحابة (613/1) "ربيعة بن يزيد السلمي".

(3) الإصابة في تمييز الصحابة (477/2) رقم الترجمة (2637) "ربيعة بن يزيد السلمي".

اور ابن معوذؒ نے ابو عمرؒ (ابن عبد البر) کی کتاب کے استدراک میں امام بخاریؒ کے قول پر اعتماد کرتے ہوئے ان کا ذکر صحابہ میں کیا ہے۔

مزید یہ کہ ربیعہ بن یزید کا متابع یونس بن میسرہ بن حلبس ثقہ راوی موجود ہے جو عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو بیان کر رہا ہے۔

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ) فرماتے ہیں:

أخبرناه أبو علي المقرئ في كتابه. وحدثني أبو مسعود عنه أنا أبو نعيم نا سليمان ابن أحمد، نا عبدان بن أحمد، نا علي بن سهل الرملي، نا الوليد بن مسلم، عن سعيد بن عبد العزيز، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني أنه سمع النبي (صلى الله عليه وسلم) يقول وذكر معاوية فقال: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو علی المقریٔ نے اپنی کتاب میں اور ابو مسعود نے ابو علی المقریٔ سے، ابو علی المقریٔ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو نعیمؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سلیمان بن احمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبدان بن احمد نے،

وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا علی بن سہل رملی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ولید بن مسلم نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبد العزیز نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا یونس بن میسرہ بن حلبس نے، وہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

یہ روایت سند کے اعتبار سے صحیح روایت ہے۔ صفحہ () پر ہم نے اس روایت کے ہر راوی پر تفصیل سے بحث کی ہے ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔

آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حِمْص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔

تاہم حافظ ابن عبدالبرؒ (المتوفی: 463ھ) نے "الاستیعاب" میں بلادلیل فرمایا کہ آپ کی صحابیت ثابت نہیں، پھر آپ کی اتباع میں امام ابن الاثیر الجزریؒ (المتوفی: 630ھ) نے "اسد الغابہ" میں اور علامہ صلاح الدّین العلائیؒ (المتوفی: 761ھ) نے "جامع التحصیل" میں آپ کی صحابیت کو مختلف فیہ قرار دیا ہے۔

جبکہ جمہور ائمہ امت نے بالدلیل آپ کی صحابیت کو ذکر کیا ہے، عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ از خود فرماتے ہیں کہ مجھے نبی کریم ﷺ سے سماع حاصل ہے، صحابیت کے ثبوت کیلیے اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو گی؟

ذیل میں ہم اجِلہ ائمہ کی تصریحات پیش کرتے ہیں جنہوں نے آپ کے صحابی ہونے کو بالجزم بیان کیا ہے۔

1- امام ترمذیؒ (المتوفّی: 278ھ) فرماتے ہیں:

وكان من أصحاب رسول الله صلى الله عليه(1)

2- امام ابن سعدؒ (المتوفّی: 230ھ) فرماتے ہیں:

كان من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، نزل الشام(2)

3- امام ابو بکر بن ابی خیثمہؒ (المتوفّی: 279ھ) فرماتے ہیں:

وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(3)

4- امام ابنِ ابی حاتمؒ (المتوفی: 327ھ) فرماتے ہیں:

له صحبة يعد في الشاميين(4)

5- امام ابو بکر الآجرّی البغدادیؒ (المتوفی: 360ھ) فرماتے ہیں:

---

(1) "الجامع الكبير – سنن الترمذي" (687/5) رقم الحديث (3842) "باب مناقب معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(2) "الطبقات الكبرى" (292/7) رقم الترجمة (3746) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

(3) "التاريخ الكبير" (350/1) رقم الترجمة (1234) "عبد الرحمن بن عميرة الأزدي"

(4) "الجرح والتعديل" (273/5) رقم الترجمة (1296) عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني

وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(1)

6- امام ابو محمد الاصبہانیؒ (المتوفی:396ھ) فرماتے ہیں:

وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(2)

7- امام ابو القاسم ہبۃ اللہ اللالکائیؒ (المتوفی:418ھ) فرماتے ہیں:

قال سعيد: وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(3)

8- امام ابو نعیم الاصبہانیؒ (المتوفی:430ھ) فرماتے ہیں:

وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعو لمعاوية: "اللهم اهده، واجعله هاديا مهديا"(4)

عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم وذكر معاوية فقال: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به"(5)

9- امام ابو بکر الخطیب البغدادیؒ (المتوفی:436ھ) فرماتے ہیں:

قال سعيد: وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(6)

10- امام جوزقانیؒ (المتوفی:534ھ) فرماتے ہیں:

قال سعيد: وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(7)

---

(1) "الشريعة" (2436/5) رقم الحديث (1915) "باب ذكر دعاء النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية ﷺ"

(2) "طبقات المحدثين بأصبهان والواردين عليها" (343/2) رقم الترجمة (207) إبراهيم بن عيسى الزاهد.

(3) "شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" (1527/8) رقم الحديث (2778)

(4) "تاريخ أصبهان = أخبار أصبهان" (221/1) رقم الترجمة (331) "إبراهيم بن عيسى الزاهد أبو إسحاق".

(5) "حلية الأولياء وطبقات الأصفياء" (358/8)

(6) "تاريخ بغداد"(222/2) رقم الترجمة (48) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(7) "الأباطيل والمناكير والصحاح والمشاهير" للجوزقاني (المتوفى 543ھ) (192/1) رقم الحديث (182) "باب في فضائل طلحة والزبير ومعاوية وعمرو".

11- امام ابنِ عساکرؒ (المتوفی:571ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني ويقال الأزدي أخو محمد بن أبي عميرة وله صحبة[1]

12- امام نوویؒ (المتوفی:676ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة الصحابي رضى الله عنه[2]

13- امام ابوالحجاج المزیؒ (المتوفی:742ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني، ويقال: الأزدي البرقي، وهذا وهم لأنه مزني وليس بأزدي، وهو أخو محمد بن أبي عميرة. له صحبة، سكن حمص. روى عن: النبي صلى الله عليه وسلم أحاديث.[3]

14- امام ذہبیؒ (المتوفی:748ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني صحابي، له أحاديث [4]

زیر بحث روایت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

هذا الحديث رواته ثقات، لكن اختلفوا في صحبة عبد الرحمن، والأظهر أنه صحابي[5]

مزید لکھتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني صحابي عنه خالد بن معدان والقاسم أبو عبد الرحمن[6]

15- امام ابنِ کثیرؒ (المتوفی:774ھ) فرماتے ہیں:

وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم[7]

---

(1) "تاريخ دمشق" (229/35) رقم الترجمة (3909) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني".

(2) "تهذيب الأسماء واللغات" (103/2) رقم الترجمة (588) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(3) "تهذيب الكمال" (321/17) رقم الترجمة (3921) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

(4) "تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (175/5) "ترجمة عبد الرحمن بن أبي عميرةﷺ"

(5) "تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (309/4) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

(6) "الكاشف في معرفة من له رواية في الكتب الستة" للذهبي (638/1)

(7) "البداية والنهاية" (129/8) "ترجمة معاوية وذكر شئ من أيامه وما ورد في مناقبه وفضائله"

16- حافظ ابنِ حجر العسقلانیؒ (المتوفی:852ھ) فرماتے ہیں:

يثبت لعبد الرحمن الصحبة[1]

17- امام جلال الدّین السیوطیؒ (المتوفی:911ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة الصحابي[2]

18- امام احمد بن عبداللہ الخزرجیؒ (المتوفی:923ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة بالفتح صحابي له أحاديث[3]

19- امام ابنِ حجر الہیتمیؒ (المتوفی:974ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرَّحْمَن بن أبي عميرَة الصَّحَابِيّ[4]

20- مولانا عبدالعزیز فرہارویؒ (المتوفی:1239ھ) فرماتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة الصحابي المزنى[5]

21 شاہ ولی اللہ محدّثِ دھلویؒ فرماتے ہیں:

واخرج الترمذي من حديث عبدالرحمن بن أبي عميرة وكان من اصحاب رسول الله صلي الله عليه وسلم عن النبي صلي الله عليه وسلم انه قال لمعاوية اللهم اجعله هادياً مهدياً واهد به.[6]

---

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" (343/4) رقم الترجمة (5181)

(2) "تاريخ الخلفاء" (149/1) "معاوية بن أبي سفيان رضي الله عنه"

(3) "خلاصة تذهيب تهذيب الكمال في أسماء الرجال" (232/1)

(4) "الصواعق المحرقة على أهل الرفض والضلال والزندقة" لابن حجر الهيتمي (626/2)

(5) "الناهية عن طعن أمير المؤمنين معاوية" للفريهاري الملتاني (39/1) "فصل في فضائل معاوية رضي الله عنه"

(6) "إزالة الخفاءعن خلافة الخلفاء" محدث هند شاه ولي الله دهلوي رحمه الله (472/1) عربي

مزید چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں جن میں عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ کے سماع کی تصریح "سمع النبی ﷺ" کے الفاظ سے یا آپ از خود فرماتے ہیں "سمعتُ" کہ یہ روایت میں نے نبی کریم ﷺ سے سنی ہے۔

22- امام بخاریؒ (المتوفی:256ھ) فرماتے ہیں:

وقال لي ابن أزهر يعني أبا الأزهر، نا مروان بن محمد الدمشقي، نا سعيد، نا ربيعة بن يزيد، سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني، يقول سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية بن أبي سفيان:"اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(1)

23- امام ابو بکر بن ابی عاصم الضّحاک بن مخلد الشیبانیؒ (المتوفی:287ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا محمد بن عوف، نا مروان بن محمد، وأبو مسهر قالا: نا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية: «اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به»(2)

24- امام ابو بکر الخلّال البغدادیؒ (المتوفی:311ھ) فرماتے ہیں:

فقال عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية: «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به»(3)

25- امام ابوالقاسم البغویؒ (المتوفی:317ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا ابن زنجويه، نا سلمة بن شبيب، نا مروان يعني ابن محمد، نا سعيد يعني ابن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد قال: سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية: " اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(1)

---

(1) "التاريخ الكبير" للبخاري (327/7) رقم الترجمة (1405) "معاوية بن أبي سفيان رضي الله عنه".

(2) "الآحاد والمثاني" لأبي عاصم الشيباني (358/2) رقم الحديث (1129) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني رضي الله عنه"

(3) "السنة" لأبي بكر الخَلَّال البغدادي الحنبلي (450/2) رقم الحديث (697) "ذكر أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه"

26- امام ابن قانع البغدادیؒ (المتوفی:351ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا أحمد بن علي بن مسلم، نا أبو الفتح نصر بن منصور، نا بشر بن الحارث، نا زيد بن أبي الزرقاء، نا الوليد بن مسلم قال: سمعت سعيد بن عبد العزيز يحدث، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة الأزدي أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم , وذكر معاوية فقال: «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهد به»(2)

27- امام ابوالقاسم الطبرانیؒ (المتوفی:360ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا أحمد قال: نا أبو الفتح نصر بن منصور، عن بشر بن الحارث الحافي قال: حدثني زيد بن أبي الزرقاء قال: نا الوليد بن مسلم، عن سعيد بن عبد العزيز، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة، أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم، وذكر معاوية، فقال: «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهد به»(3)

حدثنا أبو زرعة، ثنا أبو مسهر، ثنا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية «اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به»(4)

28- امام ابن اخی میمی الدّقاق البغدادیؒ (المتوفی:390ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا عبد الله بن سليمان قال: حدثنا عيسى بن هلال السليحي، حدثنا مروان بن محمد، حدثنا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد عن عبد الرحمن بن أبي عميرة قال:سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(5)

---

(1) "معجم الصحابة" لأبي القاسم البغوي (213/4) رقم الحديث (1948) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني القرشي رضی اللہ عنہ"

(2) "معجم الصحابة" لإبن قانع البغدادي (146/2) رقم الترجمة (621) "عبد الرحمن بن عميرة الأزدي رضی اللہ عنہ"

(3) "المعجم الأوسط" للطبراني (205/1) رقم الحديث (656) "مَنِ اسْمُهُ أَحْمَدُ"

(4) "مسند الشاميين" للطبراني (190/1) رقم الحديث (334) "ما روى سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد"

(5) "فوائد" لابن أخي ميمي الدقاق البَغْدَادِيُّ (211/1) رقم الحديث (452)

29- امام ابوذر عبید بن احمد الخراسانی الهرویؒ (المتوفی:434ھ)

أخبرنا أبو حفص بن شاهين: حدثنا عبد الله بن سليمان: حدثنا محمود بن حازم يعني الدمشقي: حدثنا الوليد يعني ابن مسلم وعمر بن عبد العزيز، عن سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن أبي إدريس الخولاني، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا، واهد به".(1)

30- امام ابوالقاسم اسماعیل بن محمد الاصبہانیؒ (المتوفی:535ھ)

أخبرنا أبو المظفر السمعاني، حدثنا هبة الله بن محمد ابن زاذان، حدثني عمي عبد الله بن عمر، حدثنا أحمد بن جعفر بن مسلم، حدثنا أحمد بن علي الآبار، حدثنا أبو الفتح نصر بن منصور، حدثنا بشر ابن الحارث، حدثني زيد بن أبي الزرقاء، حدثنا الوليد بن مسلم قال: سمعت سعيد ابن عبد العزيز عن يونس بن ميسرة بن حلبس عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني أنه سمع رسول الله يذكر معاوية فقال: "اللهم اجعله هادياً مهدياً واهد به".(2)

حافظ ابن عبد البرؒ (المتوفی:463ھ) فرماتے ہیں:

حديثه مضطرب، لا يثبت في الصحابة، وهو شامي. روي عن ربيعة بن يزيد عنه أنه سمع رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول...وذكر معاوية اللَّهمّ اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به، ومنهم من يوقف حديثه هذا ولا يرفعه، ولا يصح مرفوعا عندهم وروى عنه أيضا القاسم أبو عبد الرحمن مرفوعا: لا عدوى ولا هام ولا صفر. وروى عنه علي بن زيد مرسلا عن النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلم في فضل قريش، وحديثه منقطع الإسناد مرسل. لا تثبت أحاديثه، ولا تصح صحبته.(3)

---

(1) "جزء فيه أحاديث من مسموعات للشيخ الحافظ أبي ذر عبيد بن أحمد بن محمد الهروي" (51/1) رقم الحديث (40)

(2) "الحجة في بيان المحجة وشرح عقيدة أهل السنة" لأبي القاسم الأصبهاني، الملقب بقوام السنة (404/2) رقم الحديث (379) "فصل فِي فضل مُعَاوِيَة - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ -".

(3) الاستيعاب في معرفة الأصحاب (844،843/2) رقم الترجمة (1445) "عبد الرحمن بن أبي عميرة".

عبدالرحمن بن ابی عمیرہ سے منقول حدیث میں اضطراب ہے۔ان کا صحابی ہونا ثابت نہیں۔یہ شامی ہیں۔ربیعہ بن یزید سے روایت ہے کہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا:اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو ہدایت یافتہ اور ہدایت کا ذریعہ بنا،اسے ہدایت دے اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔

بعض کے نزدیک یہ حدیث موقوف ہے اور بعض کے نزدیک یہ حدیث مرفوع ہے۔اس کا مرفوع ہونا محدثین کے نزدیک ثابت شدہ نہیں۔ان سے قاسم ابو عبدالرحمن نے ایک مرفوع حدیث نقل کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "بیماریوں کا اپنی ذات کے اعتبار سے متعدی ہونا،الو کا منحوس ہونا اور ماہ صفر کا نحوست والا ہونا کوئی چیز نہیں ہے"۔

اسی طرح ان سے علی بن زید نے قریش کی فضیلت کے بارے میں نبی کریم ﷺ کا ایک فرمان نقل کیا ہے۔اسکی حدیث منقطع ہے اور مرسل ہے۔نہ ان کی احادیث ثابت شدہ ہیں اور نہ ہی ان کی صحابیت۔

امام ابن الاثیر الجزریؒ (المتوفی:630ھ) نے حافظ ابن عبدالبرؒ کی مذکورہ بالا رائے سے مکمل اتفاق کیا ہے اور لکھتے ہیں:

عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني، حديثه مضطرب، لا يثبت في الصحابة.أخبرنا إبراهيم بن محمد، وغير واحد، بإسنادهم إلى محمد بن عيسى السلمي، حدثنا محمد بن يحيى، حدثنا أبو مسهر، عن سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة، وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال لمعاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به".

قال أبو عمر: ومنهم من يوقف حديثه هذا، ولا يرفعه. ومن حديثه: "لا عدوى ولا هامة".

وروى في فضل قريش، قال: وحديثه منقطع الإسناد مرسل، لا تثبت أحاديثه، ولا تصح صحبته.(1)

(1) "أسد الغابة في معرفة الصحابة" (474/3) رقم الترجمة (3368) "عبد الرحمن بن أبي عميرة".

حافظ ابن عبد البرؒ کے اوہام:

1-عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث میں اضطراب ہے۔

2-ان کا صحابی ہونا ثابت نہیں۔

3-"اللَّهمّ اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به" روایت ہذا کا مرفوع ہونا محدثین کے نزدیک ثابت نہیں۔

4-عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی روایت منقطع اور مرسل ہے۔

یاد رہے کہ حافظ ابن عبد البرؒ سے "الاستیعاب" میں کئی مقامات پر وہم واقع ہوا ہے۔آپ کے ان اوہام پر متنبہ کرنے کیلیے الامام، الفقیہ، الحافظ، المحدث محمد بن خلف بن سلیمان المعروف ابن فتحون الاندلسیؒ (المتوفی:519ھ) نے مستقل ذیل لکھا ہے۔

امام ابو جعفر الضبیؒ (المتوفی:599ھ) ابن فتحون کے بارے میں لکھتے ہیں:

"فقيه حافظ محدث متقدم في الحفظ والذكاء عنى بطريقة الحديث وذيل كتاب الصحابة لأبي عمر بن عبد البر، وله كتاب التنبيه على أوهام أبي عمر"(1)

حافظ ابنِ حجر العسقلانیؒ (المتوفی:852ھ) نے بھی اس مقام پر ابن عبد البرؒ پر رد کرتے ہوئے آپ کے ہر وہم کا جواب دیا ہے فرماتے ہیں:

وأخرج الترمذي والطبراني وغيرهما من طريق سعيد بن عبد العزيز عن ربيعة بن يزيد عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه و سلم أن النبي صلى الله عليه و سلم قال لمعاوية: "اللهم علمه الكتاب والحساب وقه العذاب" لفظ الطبراني ولفظ الترمذي: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به".

وأخرج بن قانع من طريق الوليد بن مسلم عن سعيد بن عبد العزيز أنه سمعه يحدث عن يونس بن ميسرة عن عبد الرحمن بن أبي عميرة أنه سمع رسول الله صلى الله عليه و سلم نحو اللفظ الثاني.

---

(1) "بغية الملتمس في تاريخ رجال أهل الأندلس" (73/1) رقم الترجمة (108) "محمد بن خلف بن سليمان بن فتحون الأوريوالي، أبو بكر".

وأخرجه البخاري في "التاريخ" قال: قال لي أبو مسهر فذكره بالعنعنة ليس فيه وكان من أصحاب النبي صلى الله عليه و سلم وذكره من طريق مروان عن سعيد فقال فيه: "سمع عبد الرحمن سمع النبي صلى الله عليه و سلم".

وقال بن سعد: روى الوليد بن مسلم عن شيخ من أهل دمشق عن يونس بن ميسرة بن حلبس سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه و سلم يقول يكون في بيت المقدس بيعة هدى .

وله حديث آخر أخرجه أحمد من طريق جبير بن نفير عن عبد الرحمن بن أبي عميرة أن رسول الله صلى الله عليه و سلم قال ما في الناس نفس مسلمة يقبضها ربها تحب أن ترجع إليكم وإن لها الدنيا وما فيها إلا الشهيد .

وأخرجه بن أبي عاصم وابن السكن من طريق سويد بن عبد العزيز عن أبي عبد الله البحراني عن القاسم بن عبد الرحمن عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني قال خمس حفظتهن من رسول الله صلى الله عليه و سلم لا صفر ولا هامة ولا عدوي ولا يتم شهران ستين يوما ومن أخفر ذمة الله لم يرح رائحة الجنة .

وهذه الأحاديث وإن كان لا يخلو إسناد منها من مقال فمجموعها يثبت لعبد الرحمن الصحبة فعجب من قول بن عبد البر حديثه منقطع الإسناد مرسل لا تثبت أحاديثه ولا تصح صحبته وتعقبه بن فتحون وقال لا أدري ما هذا فقد رواه مروان بن محمد الطاطري وأبو مسهر كلاهما عن ربيعة بن يزيد أنه سمع عبد الرحمن بن أبي عميرة أنه سمع رسول الله صلى الله عليه و سلم يقول:

قلت: وفات بن فتحون أن يقول هب أن هذا الحديث الذي أشار إليه بن عبد البر ظهرت له فيه علة الانقطاع فما يصنع في بقية الأحاديث المصرحة بسماعه من النبي صلى الله عليه و سلم فما الذي يصحح الصحبة زائدا على هذا مع أنه ليست للحديث الأول علة الاضطراب فإن رواته ثقات.(1)

---

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" لابن حجر العسقلاني (342،343/4) رقم الترجمة (5181) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني رضي الله عنه".

امام ترمذیؒ،امام طبرانیؒ اور دیگر ائمہ نے بطریق سعید بن عبد العزیز عن ربیعہ بن یزید عن عبد الرحمن بن أبی عمیرہ المزنی جو نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت معاویہ کو دعا دیتے ہوئے فرمایا: "اے اللہ اسے کتاب، حساب سکھا اور عذاب سے بچا"۔ یہ الفاظ طبرانیؒ کے ہیں۔

ترمذی کے الفاظ یہ ہیں: "اے اللہ اسے ہدایت یافتہ بنا اور اسکے ذریعے ہدایت دے"۔

ابن قانعؒ کی روایت میں ترمذی کے الفاظ منقول ہیں۔امام بخاریؒ نے اسے "تاریخ "میں ذکر کیا ہے۔لکھتے ہیں مجھ سے ابو مسہرؒ نے بیان کیا ہے پھر اسے عنعنہ سے ذکر کیا۔اس میں یہ بات نہیں ہے کہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے۔پھر امام بخاریؒ نے اس روایت کو بطریق مروان عن سعید نقل کیا ہے اس سند میں یہ ہے کہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔

(اس روایت کے بعد مزید تین روایات عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے ذکر کی ہیں)

1-عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: "بیت المقدس میں ہدایت کی بیعت ہو گی"۔

2- عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سوائے شہید کے ہر مسلمان جسکی جان اللہ تعالی قبض کرتا ہے، اگرچہ اسے پوری دنیا اور اسکی چیزیں مل جائیں، لوٹنے کی تمنا نہیں کرتا۔

3- عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ سے پانچ باتیں سن کر یاد کر لی تھیں: صفر (کی نحوست کی کچھ حقیقت) نہیں اور نہ کھوپڑی (سے نکلنے والے الو کی اصل) ہے۔نہ متعدی بیماری (کا وہم صحیح ہے) اور نہ دو مہینے ساٹھ دن کے مکمل ہوتے ہیں۔ جس نے اللہ تعالی کی ذمہ داری توڑی (مثلا کسی کو اللہ کے نام پہ امان دی اور پھر اسے قتل کر دیا) وہ جنت کی مہک بھی نہ سونگھنے پائے گا۔

(حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں) یہ تمام احادیث اگرچہ ان کی کوئی سند کلام سے خالی نہیں بہر حال ان سب سے عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کا صحابی ہونا معلوم ہوتا ہے۔علامہ ابن عبد البرؒ کی بات پر تعجب ہے کہ ان کی حدیث منقطع الاسناد مرسل ہے، ان کی احادیث ثابت نہیں، اور ان کے صحابی ہونے کی بات صحیح نہیں۔ابن

فتحونؒ ان کا تعاقب کرتے ہوئے لکھتے ہیں مجھے معلوم نہیں یہ کیا بات ہے؟ جبکہ اسے مروان بن محمد اور ابو مسہر دونوں نے بواسطہ ربیعہ بن یزید نقل کیا ہے کہ انہوں نے عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اُنہوں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں:

ابن فتحون سے یہ بات رہ گئی کہ جس روایت کی طرف ابن عبدالبرؒ نے اشارہ کیا ہے۔اس میں انقطاع کی علت ان کے سامنے ظاہر ہوئی تو بقیہ احادیث جن میں نبی کریم ﷺ سے ان کے سماع کی صراحت ہے ان کا کیا کریں گے؟اس سے زیادہ جو صحابی ہونے کو ثابت کرے وہ کیا چیز ہے؟ باوجودیکہ پہلی حدیث میں اضطراب کی علت نہیں کیونکہ اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

حافظ ابنِ حجر العسقلانیؒ (المتوفی:852ھ) کی مذکورہ بالا عبارت کے نتائج وفوائد

1- امام بخاریؒ نے مروان عن سعید کے طریق سے جو روایت نقل کی اس میں عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح موجود ہے جو آپ کے صحابی ہونے پر اور روایت کے مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

2- عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے "اللّٰهمّ اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به" کے بعد مزید تین احادیث نقل کر کے فرماتے ہیں "یہ تمام احادیث اگرچہ ان کی کوئی سند کلام سے خالی نہیں بہر حال ان سب سے عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کا صحابی ہونا معلوم ہوتا ہے"۔

3- امام ابن عبدالبرؒ نے فرمایا: "عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث منقطع اور مرسل ہے"۔حافظ ابن حجرؒ نے اِس پر تعجب کا اظہار کیا اور فرمایا: جس روایت کی طرف ابن عبدالبرؒ نے اشارہ کیا ہے۔اس میں انقطاع کی علت ان کے سامنے ظاہر ہوئی تو بقیہ احادیث جن میں نبی کریم ﷺ سے ان کے سماع کی صراحت ہے ان کا کیا کریں گے؟

4) حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں پہلی حدیث "اللَّهمّ اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به" میں اضطراب کی علت نہیں کیونکہ اس کے تمام راوی ثقہ ہیں لہذا ابن عبدالبرؒ کا یہ دعوی درست نہیں کہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ سے منقول حدیث میں اضطراب ہے۔

مزید حافظ ابنِ حجر العسقلانیؒ (المتوفی:852ھ) فرماتے ہیں:

قال أبو حاتم وابن السكن له صحبة ذكره البخاري وابن سعد وابن البرقي وابن حبان وعبد الصمد بن سعيد في الصحابة وذكره أبو الحسن بن سميع في الطبقة الأولى من الصحابة الذين نزلوا حمص.(1)

امام ابو حاتمؒ، امام ابن السکنؒ فرماتے ہیں کہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ صحابی ہیں، امام بخاریؒ، امام ابن سعدؒ، امام ابن البرقیؒ، امام ابن حبّانؒ، امام عبدالصمد بن سمیعؒ نے آپ کو صحابہ میں ذکر کیا ہے۔ امام ابوالحسن بن سمیعؒ نے حمصی صحابہ کے طبقہ اولی میں ذکر کیا ہے۔

امام ابو حاتمؒ کا تسامح اور اسکا جواب

عبدالرحمن بن ابی حاتمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد ابو حاتمؒ سے اس روایت "اللهم اجعله هاديا مهديا، واهد به" کے بارے میں سوال کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ یہ روایت عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے براہ راست نبی کریم ﷺ سے نہیں سنی بلکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے واسطے سے روایت کی ہے۔ عین ممکن ہے کہ ابن عبدالبرؒ نے جو انقطاع کا دعوی کیا ہے یہ ابو حاتم کے اس قول کی وجہ سے ہو۔

وسألت أبي عن حديث رواه الوليد ابن مسلم، عن سعيد بن عبد العزيز، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة الأزدي: أنه سمع رسول الله ﷺ يقول-وذكر معاوية -فقال: اللهم، اجعله هاديا مهديا، واهد به؟

---

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" لابن حجر العسقلاني (342/4) رقم الترجمة (5181) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني رضي الله عنه".

قال أبي: روى مروان، وأبو مسهر، عن سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة ابن يزيد، عن ابن أبي عميرة، عن معاوية؛ قال لي النبي ﷺ

قلت لأبي: فهو ابن أبي عميرة أو ابن عميرة؟ قال: لا؛ إنما هو ابن أبي عميرة.

فسمعت أبي يقول: غلط الوليد؛ وإنما هو: ابن أبي عميرة، ولم يسمعه من النبي ﷺ؛ هذا الحديث.(1)

جواب(1) یادرہے امام ابو حاتمؒ کی تحقیق کے مطابق ولید بن مسلم نے سند میں عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ اور نبی کریم ﷺ کے درمیان حضرت معاویہ کا واسطہ نہ دے کر غلطی کی ہے۔ جبکہ مروان بن محمد اور ابو مسہر نے "عبدالرحمن بن ابي عميرة عن معاوية" کے طریق سے روایت درست سند سے نقل کی ہے۔

جواب (2) یہ روایت محدثین کی ایک جماعت نے بسند صحیح سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ عن النبی ﷺ بغیر حضرت معاویہ کے واسطے کے نقل کی ہے۔

جواب(3) امام ابو حاتمؒ اور دیگر اجلہ ائمہ کے نزدیک عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی صحابیت ثابت ہے(2) اگر بالفرض وہ مرسل روایت کرتے ہیں تو یہ مرسل صحابی ہے جو جمہور ائمہ کے نزدیک حجت ہے۔ جیسا کہ امام نوویؒ (المتوفی:676ھ) فرماتے ہیں:

"وأما مرسل الصحابي...فمذهب الشافعي والجماهير أنه يحتج به وقال الاستاذ الامام أبو إسحاق الاسفرايني الشافعي لا يحتج به الا أن يقول انه لا يروى الا عن صحابي والصواب الاول".(3)

"امام شافعیؒ اور جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ مرسل صحابی حجت ہے البتہ امام ابو اسحاق الاسفرائنیؒ فرماتے ہیں کہ مرسل صحابی حجت نہیں ہاں اگر وہ کہے کہ وہ صحابی، صحابی کے علاوہ کسی اور سے روایت نہیں کرتا تو ایسے صحابی کی مرسل روایت حجت ہے لیکن صحیح بات پہلی ہے کہ مراسیل صحابہ مطلقا قابل حجت ہیں"۔

---

(1) "العلل" لابن أبي حاتم (381/16) رقم الحديث (2601)

(2) "الجرح والتعديل" (273/5) رقم الترجمة (1296) عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني

(3) "المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج" (30/1) "فصل في ألفاظ يتداولها أهل الحديث".

دوسرے مقام پر مزید لکھتے ہیں:

"وقد قدمنا في الفصول أن مرسل الصحابي حجة عند جميع العلماء إلا ما انفرد به الأستاذ أبو إسحاق الإسفرايني والله أعلم".(1)

علامہ طیبیؒ (المتوفی:743ھ) فرماتے ہیں:

"هذا الحديث من مراسيل الصحابة...ومرسل الصحابي حجة عند جمهور العلماء، إلا ما انفرد به الأستاذ أبو إسحاق الإسفرايني".(2)

امام ابوالفضل زین الدین العراقیؒ (المتوفی:806ھ) لکھتے ہیں:

"ومرسل الصحابي حجة عند جميع العلماء إلا ما انفرد به الأستاذ أبو إسحاق الإسفراييني".(3)

علامہ عینیؒ (المتوفی:855ھ) لکھتے ہیں:

وقال الأستاذ أبو إسحق الإسفرايني لا يحتج به إلا أن يقول أنه لا يروى إلا عن صحابي. قال النووي والصواب الأول وهو مذهب الشافعي والجمهور.(4)

ملا علی القاریؒ (المتوفی:1014ھ) لکھتے ہیں:

"مراسيل الصحابة معتبرة إجماعا".(5)

علامہ انور شاہ کشمیریؒ (المتوفی:135ھ) لکھتے ہیں:

فيكون مرسل الصحابي، ومن المعلوم أن مرسل الصحابي مقبول بلا ريب، فإنهم اتفقوا على قبول مراسيل الصحابة.(1)

---

(1) "المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج" (197/2) "باب بدء الوحى إلى رسول الله ﷺ".

(2) "شرح الطيبي على مشكاة المصابيح" (3714/12) "باب المبعث وبدء الوحي".

(3) "طرح التثريب في شرح التقريب" (180/4) "فائدة رؤيا الأنبياء وحي".

(4) "عمدة القاري شرح صحيح البخاري" (47/1)

(5) "مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح" (1973/5) "باب الغصب والعارية".

ربیعہ بن یزید اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان انقطاع کا شبہ:

اس روایت کو مضطرب ثابت کرنے کیلیے کہا جاتا ہے کہ ربیعہ بن یزید کی عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ سے ملاقات مشکل ہے اور بطور دلیل کے امام ذہبیؒ کی نص پیش کی جاتی ہے کہ امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) نے فرمایا:

"أرسله ربيعة بن يزيد ويبعد إدراكه لابن أبي عميرة".(2)

جواب(1)

امام ذہبیؒ کی یہ بات درست نہیں کیونکہ امام بخاریؒ کی سند میں جو حسن درجے کی ہے۔ربیعہ بن یزید کی عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کی تصریح موجود ہے۔امام بخاریؒ فرماتے ہیں:

وقال لي ابن أزهر يعني أبا الأزهر، نا مروان بن محمد الدمشقي، نا سعيد، نا ربيعة بن يزيد سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني يقول سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية بن أبي سفيان "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(3)

اس سند کے پہلے راوی احمد بن الازہرؒ (المتوفی: 263ھ) صدوق درجے کے ہیں، آپ کی کنیت ابوالازہر ہے، نیشاپور کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں، امام ابو حاتمؒ اور امام صالحؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔امام نسائیؒ اور امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں "لا بأس به" امام احمد بن سیار آپ کو "حسن الحدیث" لکھتے ہیں۔امام ابن شاہینؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا اور فرمایا خطا کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ نے امام ابو حاتمؒ کے قول پر اعتماد کرتے ہوئے آپ کو "صدوق" لکھا ہے۔حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کو "صدوق" لکھتے ہیں۔(4)

---

(1) "العرف الشذي شرح سنن الترمذي" (311/1) "باب ما جاء في ترك القراءة خلف الإمام إذا جهر الإمام بالقراءة".

(2) "معجم الشيوخ" (155/1) رقم الترجمة (152) "إبراهيم بن محمد ابن سنى الدولة".

(3) "التاريخ الكبير" (327/7) رقم الترجمة (1405) "معاوية بن أبي سفيان".

(4) أحمد بن الأزهر بن منيع أبو الأزهر العبدي مولاهم النيسابوري فهو صدوق وعنه قال الذهبي: في "الكاشف" (189/1) "صدوق قاله أبو حاتم وجزرة مات 261". وقد ذكره الحافظ: في "التهذيب" (10/1) وقال أحمد بن سيار:

بقیہ تمام رُواۃ ثقہ ہیں جن کا ذکر ما قبل میں ہو چکا ہے۔

اسی طرح امام ابن قانعؒ کی سند میں بھی جو صحیح درجے کی ہے ربیعہ بن یزید کی عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کی تصریح موجود ہے، امام ابن قانعؒ فرماتے ہیں:

حدثنا ابن زنجويه، نا سلمة بن شبيب، نا مروان يعني ابن محمد، نا سعيد يعني ابن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد قال: سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(1)

اس سند کے پہلے راوی محمد بن عبد الملک بن زنجویہ البغدادیؒ (المتوفی: 258ھ) ثقہ ہیں۔ امام نسائیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ذہبیؒ، امام نسائیؒ کی توثیق پر اعتماد کرتے ہیں۔ امام ابو حاتمؒ آپ کو صدوق لکھتے۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے، امام مسلمہؒ فرماتے ہیں: ثقہ کثیر الخطا۔ حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کی توثیق کرتے ہیں۔(2)

دوسرے راوی سلمہ بن شبیبؒ (المتوفی: 247ھ) ثقہ ہیں، امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ابو نعیم الاصبہانیؒ فرماتے ہیں: وہ ثقات میں سے ایک ہیں اور آپ سے بڑے بڑے ائمہ روایت کرتے ہیں۔ امام ابو حاتمؒ اور امام صالح بن محمدؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ امام حاکمؒ

"حسن الحديث". وقال صالح جزرة: "صدوق". وقال النسائي والدارقطني: "لا بأس به". قلت–الحافظ– وقال أبو حاتم: "صدوق". وقال بن شاهين في "الإفراد" له: "ثقة نبيل". وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "يخطئ". و ايضا قال: في "التقريب" (77/1) "صدوق كان يحفظ ثم كبر فصار كتابه أثبت من حفظه".

(1) "معجم الصحابة" (213/4) رقم الحديث: (1948)

(2) محمد بن عبد الملك بن زنجويه البغدادي فهو ثقة وثقه النسائي: في "مشيخته" (98/1) وقال ابو حاتم: في "الجرح والتعديل" (5/8) "صدوق".وقال الذهبي: في "الكاشف" (196/2) "وثقه النسائي". وقد ذكره الحافظ: في "التهذيب" (280/9) فقال: روى عنه الأربعة والبغوي وذكره بن حبان: في "الثقات" قال بن مخلد: "مات في جمادى الآخرة سنة ثمان وخمسين ومائتين". قلت–الحافظ–وقال مسلمة: "ثقة كثير الخطأ". وايضا قال: في "التقريب" (494/1) "ثقة من الحادية عشرة مات سنة ثمان وخمسين".

فرماتے ہیں: وہ اہل مکہ کے محدث تھے ائمہ آپ کے اتقان پر متفق ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو حجت لکھتے ہیں۔حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کی توثیق کرتے ہیں۔(1)

بقیہ تمام رُوات ثقہ ہیں جن کے تراجم ذکر کر دیئے گئے ہیں۔

مزید یہ کہ امام مزیؒ لکھتے ہیں کہ :"ربیعہ بن یزید،عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ آپ کے شیوخ میں سے ہیں"۔(2)

اعتراض:

اِس روایت کو ضعیف اور موضوع ثابت کرنے کیلیے ایک اعتراض یہ بھی کیا جاتا ہے کہ عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نہ صرف یہ کہ شامی تھے بلکہ حمصی تھے۔اور اہل حمص سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں شامیوں سے بھی زیادہ سخت تھے۔جیسا کہ علامہ یاقوت الحمویؒ (المتوفی:626ھ) لکھتے ہیں کہ :

"إنّ أشدّ الناس على علي، رضي الله عنه، بصفين مع معاوية كان أهل حمص وأكثرهم تحريضا عليه وجدّا في حربه".(3)

"جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف لشکر معاویہ میں سب سے زیادہ سخت اہل حمص تھے،حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے انہیں علی رضی اللہ عنہ کے خلاف بہت ابھارا اور اپنی جنگ میں خوب استعمال کیا"۔

---

(1) سلمة بن شبيب النيسابوري أبو عبد الرحمن الحجري فهو ثقة وعنه قال الذهبي: في "الكاشف" (453/1) "حجة". وقد ذكره الحافظ: في "التهذيب" (129/4) قال أبو حاتم وصالح بن محمد البغدادي: "صدوق". وقال النسائي: "ما علمنا به بأسا". وقال أبو نعيم الأصبهاني: "أحد الثقات حدث عنه الأئمة والقدماء". وذكره بن حبان: في "الثقات" وقال بن يونس وابن قانع: "وغير واحد مات سنة 247". وقال أبو بكر بن أبي داود: "مات سنة 246". قلت-الحافظ-وقال الحاكم: "هو محدث أهل مكة والمتفق على إتقانه وصدقه".وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (247/1) "ثقة".

(2) "تهذيب الكمال" (148/9)

(3) "معجم البلدان" (304/2) "وحِمْصُ أَيضاً"

جواب:

عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کا تعلق قبیلہ مزن سے ہے اور ایک قول کے مطابق آپ قرشی ہیں، آپ اصلا شامی نہیں بلکہ اُن صحابہ کرام میں سے تھے جو حمص میں فروکش ہوئے، اس لیے آپ کا شمار اہل حمص میں ہوتا ہے اور آپ کو حمصی بھی کہا جاتا ہے اور شامی بھی۔

امام ابن سعدؒ (المتوفی: 230ھ) لکھتے ہیں:

"وكان من أصحاب رسول الله – صلى الله عليه وسلم – نزل الشام".(1)

امام مزیؒ (المتوفی: 742ھ) لکھتے ہیں:

"عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني ويقال الأزدي البرقي وهذا وهم لأنه مزني وليس بأزدي له صحبة سكن حمص روى عن النبي صلى الله عليه و سلم أحاديث".(2)

امام ابن عبدالبرؒ (المتوفی: 463ھ) فرماتے ہیں:

"وقيل عبد الرحمن بن عمير أو عميرة القرشي"(3)

تاہم حمصی ہونا اگر ناصبی ہونے اور بغض علی رضی اللہ عنہ سے متصف ہونے کی دلیل ہے تو اُن صحابہ کے بارے میں کیا کہا جائے گا جو حمصی ہیں یا حمص میں فروکش ہوئے ہیں۔

1- سعید بن عامر بن حذیم القرشی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: اکابر فضیلت والے صحابہ میں سے ہیں، غزوہ خیبر سے پہلے اسلام لائے، حضرت عمر نے انہیں حمص کا والی بنایا ہے۔

"سعيد بن عامر بن حذيم بن سلامان بن ربيعة بن سعد بن جمح القرشي الجمحي من كبار الصحابة وفضلائهم، أسلم قبل خيبر وهاجر فشهدها وما بعدها وولاه عمر حمص".(1)

---

(1) "الطبقات الكبرى" (292/7) رقم الترجمة (3746) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني"

(2) "تهذيب الكمال" (321/17) رقم الترجمة (3921) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني".

(3) "الاستيعاب في معرفة الأصحاب" (843/2) رقم الترجمة (1445) "عبد الرحمن بن أبي عميرة".

2-عبادہ بن صامت بن قیس الانصاری الخزرجی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: آپ بدر میں شریک ہوئے ہیں، بدر کے بعد باقی تمام مہمات میں، عبدالصمد بن سعید "تاریخ حمص" میں لکھتے ہیں: سب سے پہلے فلسطین کے یہی قاضی مقرّر ہوئے۔ خلیفہ کا بیان ہے کہ: ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے انہیں حمص کا گورنر بنایا تھا۔

"شهد بدراقال عبد الصمد بن سعيد في تاريخ حمص هو أول من ولي قضاء فلسطين وذكر خليفة أن أبا عبيدة ولاه إمرة حمص".(2)

3-عبداللہ بن بسر المازنی ابو بسر الحمصی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: شام میں بعض علماء کے بقول: حمص میں 88ھ، 94 برس کی عمر میں فوت ہوئے۔ شام میں فوت ہونے والے آخری صحابی یہی ہیں۔

"مات بالشام وقيل بحمص منها سنة ثمان وثمانين وهو بن أربع وتسعين وهو آخر من مات بالشام من الصحابة".(3)

4-اوس بن شرحبیل رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: امام ابن حبانؒ نے فرمایا: ان کو شرف صحابیت حاصل ہے۔ ان کی حدیث اہل شام میں پائی جاتی ہے۔ ابو بکر "تاريخ حمصيين" میں فرماتے ہیں: حمص میں ٹھہرنے والے صحابہ میں سے ہیں۔

"أوس بن شرحبيل أحد بني المجمع له صحبة حديثه عند أهل الشام قاله بن حبان يأتي في شرحبيل بن أوس وفرق بينهما أبو بكر بن عيسى في تاريخ الحمصيين فقال وممن نزل حمص من الصحابة شرحبيل بن أوس وأوس بن شرحبيل" (4)

---

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" (110/3) رقم الترجمة (3272)

(2) ايضا (624/3) رقم الترجمة (4500)

(3) "الإصابة في تمييز الصحابة" (23/4) رقم الترجمة (4567)

(4) ايضا (155/1) رقم الترجمة (341)

5-بسر بن عبد الرحمن الحضرمی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: صحابی ہیں جو حمص میں فروکش ہوئے ہیں یہ بات احمد بن محمد بن عیسی نے اپنی "تاریخ" میں ذکر کی ہے۔

"بسر بن عبد الرحمن الحضرمي صحابي نزل حمص قاله أحمد بن محمد بن عيسى في "تاريخه".(1)

6- بکر بن الحارث الأنماری رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: امام ترمذیؒ اور امام ابن شاہینؒ نے انہیں صحابہ میں ذکر کیا ہے۔ابو بکر بن عیسی البغدادیؒ فرماتے ہیں: حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں سے ہیں۔

"بكر بن الحارث الأنماري أبو المنقعة ويقال أبو منقيعة ذكره الترمذي وابن شاهين في الصحابة وأبو بكر بن عيسى البغدادي فقال: فيمن نزل حمص من الصحابة".(2)

7-جابر بن ازرق الغاضری رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: ان کی حدیث اہل حمص سے ملتی ہے۔امام ابن مندہ فرماتے ہیں: وہ حمص میں فروکش ہوئے ہیں۔

"جابر بن الأزرق الغاضري حديثه في أهل حمص قال بن مندة: نزل حمص".(3)

8-حابس بن سعد الیمانی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: عبد الصمد بن سعید حمصی نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں آپ کا ذکر کیا ہے، کچھ عرصہ وہاں رہ کر پھر مصر کوچ کر گئے تھے۔

"حابس بن سعد اليماني ذكره عبد الصمد بن سعيد الحمصي في تسمية من نزل حمص من الصحابة قال وكان نزل بحمص ثم أرتحل إلى مصر".(1)

---

(1) ایضا (293/1) رقم الترجمة (648)

(2) ایضا (323/1) رقم الترجمة (724)

(3) "الإصابة في تمييز الصحابة" (429/1) رقم الترجمة (1010)

9-حارث بن کرز رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: عبد الصمد بن سعید حمصی نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں آپ کا ذکر کیا ہے۔"الحارث بن كرز ذكره عبد الصمد بن سعيد فيمن نزل حمص من الصحابة".(2)

10-حنظلہ بن ابی حنظلہ الثقفی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: عبد الصمد بن سعید حمصی نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں آپ کا ذکر کیا ہے۔

"حنظلة بن أبي حنظلة الثقفي ذكره عبد الصمد بن سعيد فيمن نزل حمص من الصحابة".(3)

11-حریث ابو فروہ السلمی رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: عبد الصمد بن سعید حمصی نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں آپ کا ذکر کیا ہے۔"حريث أبو فروة السلمي ذكره عبد الصمد بن سعيد فيمن نزل حمص من الصحابة".(4)

12-خالد الأزرق الغاضری رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: امام ابن السکنؒ اور امام باوردیؒ نے فرمایا: حمص میں فروکش ہوئے ہیں۔

"خالد الأزرق الغاضري بمعجمتين قال بن السكن والباوردي نزل حمص".(5)

13-خرشہ بن حارث رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: بقول امام ابن سعدؒ کہ: یہ صحابی ہیں اور حمص میں فروکش ہوئے ہیں، ان کے لیے ایک حدیث ہے۔

---

(1) ایضا (561/1) رقم الترجمة (1359)

(2) ایضا (596/1) رقم الترجمة (1474)

(3) ایضا (134/2) رقم الترجمة (1859)

(4) ایضا (209/2) رقم الترجمة (2088)

(5) ایضا (257/2) رقم الترجمة (2208)

خرشہ بن حارث اور خرشہ بن حُرّ کے درمیان امام بخاریؒ نے فرق کیا ہے فرماتے ہیں: خرشہ بن حر تابعی ہیں اور خرشہ بن حارث صحابی ہیں۔

"خرشة بفتحات بن الحارث أو بن الحر المحاربي وقال بن سعد خرشة بن الحارث الأسدي له صحبة نزل حمص له حديث واحد ثم أورد هذا وقد فرق بينهما البخاري فذكر خرشة بن الحر في التابعين وذكر هذا في الصحابة".(1)

14-رافع بن سعد الانصاری رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: احمد بن محمد بن عیسی نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں آپ کا ذکر کیا ہے۔اسی طرح امام ابن شاہین اور ابو موسی نے بھی۔

"رافع بن سعد الأنصاري ذكره أحمد بن محمد بن عيسى فيمن نزل حمص من الصحابة وذكره بن شاهين وأبو موسى".(2)

15- سحیم بن خفاف رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: احمد بن محمد بن عیسی نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں آپ کا ذکر کیا ہے۔

"سحيم بالتصغير بن خفاف ذكره أحمد بن محمد بن عيسى فيمن نزل حمص من الصحابة".(3)

16-سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: بقول امام ابو حاتمؒ اور امام بخاریؒ: انہیں شرف صحابیت حاصل ہے۔ حمص میں فروکش ہوئے ہیں۔

---

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" (272/2) رقم الترجمة (2241)

(2) ايضا (438/2) رقم الترجمة (2532)

(3) ايضا (35/3) رقم الترجمة (3097)

"سلمة بن نفيل ثم التراغمي قال أبو حاتم والبخاري له صحبة وروى عنه ضمرة بن حبيب وجبير بن نفير وكان قد نزل حمص".(1)

17-سنان بن روح رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں: حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں ان کا ذکر ملتا ہے۔"سنان بن روح ذكر الدارقطني أنه مذكور فيمن نزل حمص من الصحابة".(2)

18-شداد بن شرحبیل الأنصاری رضی اللہ عنہ

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں: ابو القاسم عبد الصمد نے حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں: شام کے رہائشی تھے اور صحابی ہیں۔امام ابن مندہؒ لکھتے ہیں: حمصی صحابی ہیں۔

"شداد بن شرحبيل الأنصاري ذكره أبو القاسم عبد الصمد فيمن نزل حمص من الصحابة قال بن حبان سكن الشام له صحبة وقال بن منده حمصي له صحبة".(3)

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ نے "الإصابة في تمييز الصحابة" میں اور بھی حمصی صحابہ کا ذکر کیا ہے۔مزید چند نام ذکر کر دیتے ہیں

19-عبد اللہ بن دراج رضی اللہ عنہ (4)

20-عبد اللہ بن شبل بن عمرو الانصاری رضی اللہ عنہ (5)

21-عبد اللہ بن عبد رضی اللہ عنہ (1)

---

(1) ایضا (155/3) رقم الترجمة (3404)

(2) "الإصابة في تمييز الصحابة" (186/3) رقم الترجمة (3499)

(3) ایضا (321/3) رقم الترجمة (3854)

(4) "عبد الله بن دراج ذكره أبو بكر بن عيسى فيمن نزل حمص من الصحابة". (75/4) رقم الترجمة (4660)

(5) قال بن عيسى: "فيمن نزل حمص من الصحابة". (126/4) رقم الترجمة (4744)

22-عبداللہ بن معاویہ الغاضری رضی اللہ عنہ (2)

23-عبد خیر الحمیری رضی اللہ عنہ (3)

24-عبدالرحمن بن شبل لوذان الانصاري الأوسی رضی اللہ عنہ (4)

25-عثمان بن عثمان الثقفی رضی اللہ عنہ (5)

26-عرباض بن ساریہ السلمی أبو نجیح رضی اللہ عنہ (6)

27-عفان بن بجیر رضی اللہ عنہ (7)

28-عمرو بن معاویہ الغاضری رضی اللہ عنہ (1)

---

(1) "عبد الله بن عبد ويقال بن عابد ويقال عبد بن عبد الثمالي أبو الحجاج وثمالة بطن من الأزد نزل حمص ذكره بن سميع في الطبقة الثانية وقال أبو زرعة الدمشقي وابن السكن: "له صحبة". وقال بن السكن: "معروف بكنيته". وقال بن حبان: "يقال له صحبة". (163/4) رقم الترجمة (4809)

(2) "عبد الله بن معاوية الغاضري من غاضرة قيس صحابي نزل حمص". (240/4) رقم الترجمة (4968)

(3) "عبد خير الحميري ذكره عبد الصمد بن سعيد الحمصي فيمن نزل حمص من الصحابة". (281/4) رقم الترجمة (5075)

(4) "عبد الرحمن بن شبل بن عمرو بن زيد بن نجدة بن مالك بن لوذان الأنصاري الأوسي أحد نقباء الأنصار قال البخاري له صحبة وقال بن منده عداده في أهل المدينة روى عنه تميم بن محمود ويزيد بن خمير وأبو راشد الحبراني وأبو سلام الأسود وذكره عبد الصمد بن سعيد فيمن نزل حمص من الصحابة قال أبو زرعة الدمشقي نزل الشام". (315/4) رقم الترجمة (5143)

(5) "عثمان بن عثمان الثقفي نزل حمص قال بن أبي حاتم كان من أصحاب النبي صلى الله عليه و سلم وقال بن منده كان أميرا على صنعاء الشام". (455/4) رقم الترجمة (5451)

(6) "عرباض بكسر أوله وسكون الراء بعدها موحدة وبعد الألف معجمة بن سارية السلمي أبو نجيح صحابي مشهور من أهل الصفة هو ممن نزل فيه قوله تعالى ولا على الذين إذا ما أتوك لتحملهم وقال أيضا كل واحد من عمرو بن عبسة والعرباض بن سارية أنا رابع الإسلام لا يدري أيهما قبل صاحبه ثم نزل حمص وحديثه في السنن الأربعة". (483/4) رقم الترجمة (5505)

(7) "عفان بفتح أوله وتشديد الفاء وآخره نون بن بجير بموحدة وجيم مصغرا وقيل عتر بكسر المهملة وسكون المثناة السلمي مذكور فيمن نزل حمص من الصحابة". (513/4) رقم الترجمة (5586)

29-غنیم بن عثمان رضی اللہ عنہ (2)

30-قدامہ بن عبداللہ بن ہجان رضی اللہ عنہ (3)

اگر حمصی ہونا ہی بغض علی رضی اللہ عنہ سے متصف ہونے کی دلیل ہے تو ہمت کر کے لگایئے اِن تمام حمصی صحابہ پر ناصبیت کا فتوی؟

یہ اصول کس محدّث کا بیان کردہ ہے کہ وہ حمصی راوی جس پر ناصبیت کی تہمت نہ ہو وہ اگر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل پر کوئی حدیث بیان کرے تو وہ روایت مردود سمجھی جائے گی؟

جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر بات کرے اس پر فوراً ناصبیت کا فتوی داغ دینا یاد رہے کہ یہ رافضیوں کا کام ہے، امام علی بن المدینیؒ فرماتے ہیں:

"ومن قال: فلان ناصبي علمنا أنه رافضي ".

"جب کوئی یہ بات کہتا کہ فلاں ناصبی ہے تو ہم جان لیتے کہ یہ رافضی ہے"۔(4)

اگر حمصی اور شامی راویوں کی روایات جو حضرت معاویہ اور بنو امیہ کے فضائل میں وارد ہیں، محض حمصی اور شامی ہونے کی وجہ سے ہی من گھڑت ہیں،

تو کیا اہل کوفہ کی وہ تمام روایات جو فضائل اہلبیت میں وارد ہیں محض کوفی ہونے کی وجہ سے من گھڑت قرار دی جائیں گی؟ کیونکہ کوفہ والے من گھڑت روایات بیان کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

---

(1) "عمرو بن معاوية الغاضري غاضرة قريش ذكره أبو القاسم عبد الصمد بن سعيد فيمن نزل حمص من الصحابة". (686/4) رقم الترجمة (5972)

(2) غنيم بن عثمان ذكره عبد الصمد بن سعيد فيمن نزل حمص من الصحابة (328/5) رقم الترجمة (6926)

(3) قدامة بن عبد الله بن هجان ذكره عبد الصمد بن سعيد في طبقات أهل حمص وقال نزل حمص (422/5) رقم الترجمة (7090)

(4) "شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" للالكائي (المتوفى: 418هـ) (166/1)رقم الحديث: (306)

قالت عائشة: "يا أهل العراق أهل الشام خير منكم، خرج إليهم نفر من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم كثير، فحدثونا بما نعرف، وخرج إليكم نفر من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قليل فحدثتمونا بمانعرف ومالا نعرف".

اے عراق والو تم سے اہل شام بہتر ہیں۔رسول اکرم ﷺ کے متعدد صحابہ شام میں گئے وہ ایسی روایات ہم سے بیان کرتے ہیں جن کا ہمیں علم ہے لیکن اے عراق والو تمہارے پاس بھی متعدد صحابہ گئے ہیں اس کے باوجود تم ہم سے ایسی روایات بیان کرتے ہو جن میں کچھ کا ہمیں علم ہے اور کچھ ہم نہیں جانتے۔(1)

اب ذرا یاقوت الحمویؒ (المتوفی:626ھ) کی مکمل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

إنّ أشدّ الناس على علي، رضي الله عنه، بصفين مع معاوية كان أهل حمص وأكثرهم تحريضا عليه وجدّا في حربه، فلما انقضت تلك الحروب ومضى ذلك الزمان صاروا من غلاة الشيعة حتى إن في أهلها كثيرا ممن رأى مذهب النّصيرية وأصلهم الإمامية الذين يسبون السلف، فقد التزموا الضلال أولا وأخيرا فليس لهم زمان كانوا فيه على الصواب.

"لوگوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف سب سے سخت، جنگ صفین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ اہل حمص تھے اور لوگوں میں سب سے زیادہ علی رضی اللہ عنہ کے خلاف یہی ابھارے گئے اور آپکے خلاف جنگ میں شدت والے بھی یہی لوگ تھے،

جب یہ جنگیں ختم ہوئیں اور یہ وقت گزر گیا تو یہ لوگ غالی شیعہ ہو گئے حتی کہ ان کے بہت سے افراد نصیری مذہب کے معتقد تھے اور ان کی اصل امامیہ ہے جو اسلاف کو برا کہتے ہیں، انہوں نے اوّل آخر گمراہی کو لازم پکڑ لیا اُن کے لیے کوئی وقت ایسا نہیں جس میں یہ صواب پر ہوں۔(2)

قارئین کرام: اس عبارت میں کہیں یہ بات مذکور نہیں کہ جمیع اہل حمص حضرت علی کے خلاف تھے۔

اسی طرح ایک نص امام خطیب بغدادیؒ (المتوفی:463ھ) کی پیش کی جاتی ہے۔

---

(1) "المعرفة والتاريخ" للفسوي، أبو يوسف (المتوفى: 277هـ) (757/2)

(2) "معجم البلدان" (304/2) حِمْصُ.

"وكان أهل حمص ينتقصون عليا حتى نشأ فيهم إسماعيل بْن عياش فحدثهم بفضائله فكفوا عَنْ ذلك".

اہل حمص سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی تنقیص کرتے تھے، یہاں تک کہ ان میں اسماعیل بن عیاش پیدا ہوئے، انہوں نے ان کو فضائل علی رضی اللہ عنہ سے آگاہ فرمایا تو وہ اس سے باز آ گئے۔ (1)

اس عبارت کو نقل کر کے جمیع اہل حمص کو ناصبی قرار دینا یہ سراسر ناانصافی ہے، اگر یہی قاعدہ ہے تو پھر آیئے شوق پورا کیجیئے اور تمام اہل مصر کو رافضی قرار دیجیئے، امام خطیب بغدادیؒ (المتوفی: 463ھ) نے مذکورہ بالا عبارت سے قبل یہ عبارت نقل کی ہے:

"كان أهل مصر ينتقصون عثمان حتى نشأ فيهم الليث بْن سعد، فحدثهم بفضائل عثمان فكفوا عَنْ ذلك"

اہل مصر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی تنقیص کرتے تھے یہاں تک کہ ان میں لیث بن سعد پیدا ہوئے، اُنہوں نے اہل مصر کو عثمان رضی اللہ عنہ کے فضائل سنائے تو وہ تنقیص سے باز آ گئے۔ (2)

---

(1) "تاريخ بغداد" (8/13) رقم الترجمة: (6966) "ليث بْن سعد بْن عبد الرحمن، أَبُو الحارث".

(2) "تاريخ بغداد" (8/13) رقم الترجمة: (6966) "ليث بْن سعد بْن عبد الرحمن، أَبُو الحارث".

فصل ثانی

شبہ اضطراب سند اور اسکا تفصیلی جواب

کہا جاتا ہے کہ اس روایت کی سند میں اضطراب ہے کہیں سعید بن عبد العزیز اور عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان دو واسطے ہیں (سعيد بن عبد العزيز عن ربيعة بن يزيد عن أبي إدريس عن عبد الرحمن بن أبي عميرة)[1] کہیں سند میں ایک واسطہ ہے۔(سعيد بن عبد العزيز عن يونس بن ميسرة بن حلبس عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني)[2] اور کہیں سند میں سعید بن عبد العزیز، عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ سے ارسال کرتے ہیں درمیان میں کوئی واسطہ نہیں (وقد رواه المهلب بن عثمان عن سعيد بن عبد العزيز عن عبد الرحمن فأرسله)[3] لہذا یہ روایت مضطرب ضعیف ہے۔

جواب:

محدّثین نے اس روایت کو متعدد طرق واسانید سے روایت کیا ہے، تاہم یہ روایت سعید بن عبد العزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ کے طریق سے بسند صحیح مروی ہے۔ سعید بن عبد العزیز الدّمشقیؒ جو کہ مدار سند ہیں، آپ سے ایک جماعت (ابو مسہرؒ، الولید بن مسلمؒ، مروان بن محمد الطّاطریؒ، عمر بن عبد الواحدؒ، محمد بن سلیمانؒ) نے اسی طریق (عن ربیعہ بن یزید، عن عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ) سے اس روایت کو بیان کیا ہے۔ ربیعہ بن یزید اور عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (80/59) "معاوية بن صخر أبي سفيان بن حرب".

(2) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (83/59) "معاوية بن صخر أبي سفيان بن حرب".

(3) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (84/59) "معاوية بن صخر أبي سفيان بن حرب".

حدیث: محمد بن المصفی الحمصیؒ (المتوفی 246ھ)

(حدیث نمبر:2)

امام ابن عساکرؒ (المتوفّی: 571ھ) فرماتے ہیں:

وأخبرنا أبو محمد بن الأكفاني، نا أبو محمد الكتاني، أنا تمام بن محمد، أنا أبو عبد الله بن مروان، نا زكريا بن يحيى، حدثني محمد بن المصفى، نا مروان بن محمد، حدثني سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن أبي إدريس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة أن النبي (صلى الله عليه وسلم) دعا لمعاوية فقال: "اللهم علمه العلم واجعله هاديا مهديا واهده واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو محمد بن الاکفانی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو محمد الکتانی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا تمام بن محمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو عبداللہ بن مروانؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا زکریا بن یحیٰ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن مصفی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا مروان بن محمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبدالعزیز نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ربیعہ بن یزید نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابوادریس نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت معاویہ کیلیے دعا کی: "اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت حسن درجے کی ہے۔ اسکے تمام راوی ثقہ ہیں سوائے محمد بن مصفّی الحمصیؒ کے جو صدوق درجے کے ہیں۔ ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں، دمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں، آپ شہرہ آفاق مصنّف ہیں۔

---

(1) "تاريخ دمشق" (80/59) "معاوية بن صخر أبي سفيان بن حرب".

آپ نے اپنی یادگار میں بڑی اور چھوٹی بہت سی تصانیف چھوڑی ہیں ان میں سے چند قابل ذکر یہ ہیں "تاريخ دمشق" 80 جلدوں میں، "الموافقات" 6 جلدوں میں، "غرائب مالك" 10 اجزاء میں، "المعجم" ایک جلد میں، "فضل أصحاب الحديث" ایک جلد میں، "تبيين كذب المفتري" ایک جلد میں، "فضل الجمعة" 4 اجزاء میں، "فضل عاشوراء" 3 اجزاء میں، "قبض العلم" ایک جزء میں، "فضل مكة"، "فضل المدينة"، "فضل القدس"، "فضل عسقلان" اور "فضل مقام إبراهيم"، بقیہ تصانیف کا ذکر حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

حافظ سمعانی فرماتے ہیں: ابن عساکرؒ حافظ حدیث، ثقہ، متقن، دیانتدار، نیک اطوار اور بلند اخلاق کے مالک تھے۔ متن اور اسناد کو خوب جانتے تھے۔ علم و فضل میں بے نظیر اور بڑے محقّق تھے۔

سعد الخیرؒ نے فرمایا: میں نے ابن عساکرؒ کے زمانہ میں کسی کو اُن کا نظیر نہیں پایا۔

ابو العلاء ہمدانیؒ فرماتے ہیں: مجھے یقین ہے کوئی شخص فن حدیث میں ابن عساکرؒ کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

حافظ عبد القادرؒ کہتے ہیں: میں نے ابن عساکرؒ سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔

ابن نجارؒ فرماتے ہیں: ابن عساکرؒ اپنے زمانہ میں امام المحدّثین تھے۔ حفظ و اتقان اور ثقاہت و معرفت ان پر ختم تھی اور علم حدیث کا بھی ان پر خاتمہ ہو گیا۔

امام ذہبیؒ نے آپ کو فخر الائمہ، حافظ کبیر، ثقہ، صاحب التصانیف کے القابات سے نوازا ہے۔[1]

---

(1) عليّ بْن الْحَسَن بْن هبة الله بْن عَبْد الله بْن الْحُسَيْن أَبُو القاسم بْن عساكر الحافظ الدمشقي فهو ثقة ذكره ابن نجار: في "ذيل تاريخ بغداد" (295/15) فقال: أحد من اشتهر ذكره وشاع علمه وعرف حفظه وإتقانه. سَمِعَ الكثير ببلده وبالعراق وخراسان وأصبهان والحجاز وحصل ما لم يحصله غيره وجمع تاريخ الشام وأجاد في جمعه قدم بغداد سنة عشرين وخمسمائة وكان موفقًا فِي أفعاله وتصنيفه. ولد فِي محرم سنة تسع وتسعين وأربعمائة وتوفي في رجب سنة إحدى وتسعين وخمسمائة بدمشق.

قلت–ابن نجار– أَبُو القاسم ختم بِهِ هَذَا الشأن ولم يخلف بعده فِي الحديث مثله ولا أرى مثل نفسه فِي معرفة الحديث ومعرفة رجاله. سَمِعَ أبا مُحَمَّد بن الأكفاني.

وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (82/4) الإمام، الحافظ الكبير، محدث الشام، فخر الأئمة، ثقة الدين، صاحب التصانيف والتاريخ الكبير

ابو محمد بن الاکفانی الدمشقیؒ (المتوفی:524ھ)

وقد روى عنه أبو سعد السمعاني، عمل "تاريخ دمشق" في ثمانين مجلدًا، و"الموافقات" في ست مجلدات، و"الأطراف الأربعة" أربع مجلدات، و"عوالي مالك" في خمسين جزءًا، و"غرائب مالك" عشرة أجزاء، و"المعجم" مجلد، و"مناقب الشبان" خمسة عشر جزءًا، و"فضل أصحاب الحديث" مجلد، و"السباعيات" سبعة أجزاء، و"تبيين كذب المفتري" مجلد، و"فضل الجمعة" أربعة أجزاء، و"الأربعين الطوال" ثلاثة أجزاء، و"عوالي شعبة" مجلد، و"الزهادة في الشهادة" مجلد، و"عوالي الثوري" مجلد، و"أربعي الجهاد"، و"أربعي البلدان"، و"أربعي المساواة"، و"مسند أهل دارا" مجلد، و"من وافقت كنيته كنية زوجته" مجيليد، و"شيوخ النبل" مجلد، و"حديث أهل صنعاء الشام" مجيليد، و"حديث أهل البلاط" كذلك، و"فضل عاشوراء" ثلاثة أجزاء، و"كتاب الزلازل" ثلاثة أجزاء، و"المصاب بالولد" جزءان، و"قبض العلم" جزء، و"فضل مكة"، و"فضل المدينة"، و"فضل القدس"، و"فضل عسقلان"، "وتاريخ المزة", و"فضل الربوة" و"فضل مقام إبراهيم"، و"جزء الحميريين" و"جزء كفر سوسية"، و"جزء كفر بطنا"، و"جزء المنيحة"، و"سعد"، و"عدة أجزاء القرى" هكذا، و"جزء حديث الهبوط", و"الجواهر في الأبدال" ثلاثة أجزاء؛ وأملى في أبواب العلم أربعمائة مجلس وثمانية، وخرج لجماعة منهم رفيقه أبو سعد السمعاني، خرج له "أربعين المصافحات"، وللفراوي "أربعين مساواة" وعمل بعض "كتاب الأبدال" لنفسه ولو تم لجاء في عشرين مجلدًا.

قال السمعاني: أبو القاسم حافظ ثقة متقن دين خير حسن السمت جمع بين معرفة المتن والإسناد وكان كثير العلم غزير الفضل صحيح القراءة متثبتًا رحل وتعب وبالغ في الطلب وجمع ما لم يجمعه غيره وأربى على الأقران، دخل نيسابور قبلي بشهر، سمعت معجمه والمجالسة للدينوري, كان قد شرع في التاريخ الكبير لدمشق.

قال سعد الخير: ما رأيت في سن ابن عساكر مثله.

قال القاسم ابن عساكر: سمعت التاج المسعودي يقول: سمعت أبا العلاء الهمذاني يقول لرجل استأذنه في الرحلة قال: إن عرفت أحدًا أفضل مني فحينئذ آذن لك أن تسافر إليه, إلا أن تسافر إلى ابن عساكر فإنه حافظ كما يجب. وحدثني أبو المواهب بن صصرى قال: لما دخلت همذان قال لي الحافظ أبو العلاء: أنا أعلم أنه لا يساجل الحافظ أبا القاسم في شأنه أحد,

قال الحافظ عبد القادر: ما رأيت أحفظ من ابن عساكر.

وقال ابن النجار: أبو القاسم إمام المحدثين في وقته، انتهت إليه الرياسة في الحفظ والإتقان والثقة والمعرفة التامة وبه ختم هذا الشأن.

وعنه قال الصفدي: في "الوافي بالوفيات" (217/20) "الحافظ الكبير، الأمام، ثقة الدين، صاحب تاريخ دمشق، أحد أعلام الحديث".

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں،امام ابن عساکرؒ آپ کو "ثقہ، ثبت، متیقظ" لکھتے ہیں،امام سلفیؒ بھی آپ کی توثیق کرتے ہیں۔علامہ صفدیؒ آپ کو محدث دِمشق، ثقہ لکھتے ہیں، امام ذہبیؒ آپ کو "الشیخ، الامام، المحدّث، الامین" کے القابات سے نوازتے ہیں۔علامہ زرکلی فرماتے ہیں کہ آپ مسلکا شافعی اور حفاظ حدیث میں سے تھے۔(1)

ابو محمد الکتانی الدمشقیؒ (المتوفی:466ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔امام ابن نقطہؒ اور خطیب بغدادیؒ آپکو "ثقہ" لکھتے ہیں،امام ابن ماکولاؒ آپ کو "متقن" قرار دیتے ہیں،امام ذہبیؒ نے آپ کا شمار حفاظ حدیث میں کیا ہے اور "الامام، الحافظ، الصدوق، محدث دمشق" کے القابات سے نوازا ہے۔امام سیوطیؒ نے بھی آپ کو حفاظ حدیث میں شمار کیا ہے،علامہ زرکلی فرماتے ہیں کہ: آپ اہل شام کے مؤرّخ و محدّث تھے۔(2)

---

(1) هبة الله بن أحمد بن محمد بن هبة الله بن علي بن فارس بن الأكفاني الدمشقي فهو ثقة وعنه قال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (567/19) "الشيخ الإمام، المفنن، المحدث، الأمين، مفيد الشام، ولد سنة "444". وسمع عبد العزيز الكتاني، وحدث عنه: ابن عساكر، قال ابن عساكر: سمعت منه الكثير، وكان ثقة, ثبتا, متيقظا، معنيا بالحديث وجمعه، غير أنه كان عسرا في التحديث، وتفقه على القاضي المروزي مدة، وكان ينظر في الوقوف، ويزكي الشهود.وقال السلفي: "هو حافظ مكثر ثقة، كان تاريخ الشام، كتب الكثير".

وقال ابن عساكر: مات الأمين في سادس المحرم سنة أربع وعشرين وخمس مائة، رحمه الله.وذكره الصفدي: في "الوافي بالوفيات" (135/27) فقال: "مُحدث دمشق كَانَ ثِقَة عَسِرا فِي التحديث كتب مَا لم يَكْتُبهُ أحدٌ من جنسه". وابن كثير الدمشقي (المتوفى: 774هـ) في "طبقات الشافعيين" (482/1) فقال: "محدث دمشق" وقال الزركلي: في "الأعلام" (70/8) "من حفاظ الحديث. له عناية بالتأريخ. وهو شافعيّ، كان من كبار العدول".

(2) أبو محمد عبد العزيز بن أحمد بن محمد بن علي بن سليمان التميمي، الدمشقي، الكتاني فهو ثقة وعنه قال ابن ماكولا: في "الإكمال في رفع الارتياب" (145/7) "مكثر متقن". ذكره البغدادي: في "تاريخه" (122/21) فقال: "سمع: تمام بن محمد الرازي، مولده في رجب سنة تسع وثمانين وثلاثمائة. وتوفي بدمشق في سنة ست وستين وأربعمائة في ليلة العشرين من جمادى الآخرة". وثقه ابن نقطه: "التقييد لمعرفة رواة السنن والمسانيد" (363/1) فقال: "وكان ثقة فاضلا". والذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (248/18) فقال: "الإمام، الحافظ، المفيد، الصدوق، محدث دمشق". ولد: سنة تسع وثمانين وثلاث مائة. وسمع: تمام بن محمد الرازي، وحدث عنه: الخطيب، وهبة الله بن الأكفاني، وأيضا عده

تمام بن محمد الرازی الدّمشقیؒ (المتوفی:414ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔امام ابن عساکرؒ،امام عبدالعزیز الکتانیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو "الامام، الحافظ، المفید، الصدوق، محدث دِمشق" کے القابات سے نوازتے ہیں۔علامہ صفدیؒ فرماتے ہیں کہ: "عالم بالحدیث اور رجال کی معرفت رکھنے والے انسان تھے"۔علامہ زرکلی فرماتے ہیں کہ: اہل دمشق کے محدّث اور حفاظ حدیث میں سے تھے۔(1)

ابوعبداللہ بن مروانؒ (المتوفی:358ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔امام عبدالعزیز الکتانیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو المحدّث، الرئیس لکھتے ہیں۔(2)

الذهبي في الحفاظ: في "تذكرة الحفاظ" (241/3) فقال: الإمام المحدث المتقن مفيد دمشق ومحدثها، وقال الخطيب في فوائد النسب: "ثقة أمين". ووصفه ابن الأكفاني بالصدق والاستقامة وسلامة المذهب ودوام التلاوة". والسيوطي: في "طبقات الحفاظ" (438/1) "الإمَام الْمُحدث المتقن مُفِيد دمشق ومحدثها". وقال الزركلي: في "الأعلام" (13/4) "مؤرخ، من أهل دمشق. كان محدّثها. له كتاب في " الوفيات " على السنين، وكتب أخرى"

(1) تمام بن محمد بن عبد الله بن جعفر بن عبد الله الرازي فهو ثقة وثقه ابن عساكر: في "تايخ دمشق" (45/11) فقال: "كان ثقة، مأمونا، حافظا لم أر أحفظ منه في حديث الشاميين". وعنه قال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (78/8) "الإمام، الحافظ، المفيد، الصادق، محدث الشام، الرازي، ثم الدمشقي، وحدث عنه: عبد العزيز الكتاني، وقال عبد العزيز الكتاني: توفي أستاذنا أبو القاسم تمام الحافظ لثلاث خلون من المحرم، سنة أربع عشرة وأربع مائة. قال: وكان ثقة، حافظا، لم أر أحفظ منه في حديث الشاميين، ذكر أن مولده سنة ثلاثين وثلاث مائة. وقال أبو علي الأهوازي: ما رأيت مثل تمام في معناه، كان عالما بالحديث ومعرفة الرجال. وقال أبو بكر: ما لقينا مثله في الحفظ والخير. وذكره الصفدي: في "الوافي بالوفيات" (245/10) فقال: "الْمُحدث كَانَ عَالما بِالْحَدِيثِ وَمَعْرِفَة الرِّجَال وَتُوفِّي سنة أَربع عشرَة وَأَرْبع مائَة". وقال الزركلي: في "الأعلام" (87/2) "من حفاظ الحديث، مغربيّ الأصل. كان محدث دمشق في عصره. له كتاب (الفوائد) ، ثلاثون جزءا، في الحديث، منه جزء مخطوط في شستربتي (3445) ومنه الأول والثاني والثالث والرابع، مخطوطات رأيتها في مكتبة زهير الشاويش ببيروت".

(2) محمد بن إبراهيم بن عبد الرحمن بن عبد الملك بن مروان أبو عبد الله القرشي فهو ثقة وعنه قال ابن عساكر: في "تايخ دمشق" (217/51) "روى عن زكريا بن يحيى، روى عنه تمام بن محمد، قال عبد العزيز الكتاني: "وكان ثقة مأمونا

زکریابن یحیٰ ابوعبدالرحمن السجزیؒ(المتوفی:289ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔امام نسائیؒ،امام عبدالغنی بن سعیدؒآپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ نے آپ کا شمار حفاظ حدیث میں کیا ہےاور "الامام،الحافظ، متبحّر فی الحدیث" کے القابات سے نوازا ہے۔امام سیوطیؒ نے بھی آپ کو حفاظ حدیث میں شمار کیا ہے۔حافظ ابن حجرالعسقلانیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔(1)

محمد بن المصفی الحمصیؒ(المتوفی:246ھ)

صدوق درجے کے مدلّس راوی ہیں۔آپ کی روایت متابعات اور شواہد کے طور پر لی جائے گی نہ کہ احتجاجا۔امام ابو حاتمؒ آپ کو "صدوق" لکھتے ہیں۔امام نسائیؒ "صالح" قرار دیتے ہیں۔امام صالح بن محمدؒ فرماتے ہیں: صدوق ہیں لیکن احادیث مناکیر کو بیان کرتے ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے آپ کو "ثقات" میں ذکر کیااور فرمایا کہ: خطا کرتے تھے۔امام مسلمہ بن قاسمؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔حافظ ابن حجرؒ آپ کے بارے میں لکھتے ہیں: صدوق آپ کو اوہام لاحق ہوتے تھے۔اور آپ کا شمار طبقہ ثالثہ کے مدلّسین میں کیا ہے۔جن کی روایت بغیر تصریح سماع کے حجت نہیں ہے۔(2)

جوادا". وعنه قال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (59/16) "المحدث، الرئيس، مات في شوال سنة ثمان وخمسين وثلاث مائة".

(1) زكريا بن يحيى بن إياس بن سلمة بن حنظلة بن قرة أبو عبد الرحمن السجزي فهو ثقة وعنه قال ابن عساكر: في "تايخ دمشق" (70/19) روى عن محمد بن مصفى وعنه محمد بن إبراهيم بن مروان وقد ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (378/9) قال النَّسَائي: "ثقة". وَقَال فِي موضع أخر: "أحد الثقات". وَقَال عبد الغني بْن سَعِيد: "حافظ ثقة". وَقَال أبو علي بْن هارون الأَنْصارِيّ: "كان مولده سنة خمس وتسعين، ومئة، وكانت وفاته سنة تسع وثمانين ومئتين، وكان عُمَره خمسا وتسعين سنة". وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (507/13) "الإمام الحافظ، المجود الرحال وكان واسع الرحلة، متبحرا في الحديث." ". وأيضا عده الذهبي في الحفاظ: في "تذكرة الحفاظ (164/2) فقال: "خياط السنة الحاظ الكبير الثقة". والسيوطي: في "طبقات الحفاظ" (288/1) ووثقه الحافظ: في "التقريب" (216/1) فقال: "ثقة حافظ".

(2) محمد بن مصفى بن بهلول القرشي أبو عبد الله الحمصي الحافظ فهو صدوق وقد ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (466/26) فقال: روى عَن: مروان بْن مُحَمَّد الطاطري ورَوَى عَنه: زَكريا بْن يحيى السجري قال أَبُو حَاتِم: "صدوق". وَقَال النَّسَائي: "صالح". وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (406/9) وقال صالح بن محمد: "كان مخلطا وأرجو أن يكون صدوقا وقد حدث بأحاديث مناكير". وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "كان يخطىء". وقال مسلمة بن

امام مزیؒ نے مروان بن محمد الطاطریؒ کو آپ کے شیوخ میں ذکر کیا ہے۔

مدلّس راوی کا حکم

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ لکھتے ہیں:

تدلیس کرنے والا راوی اگر عادل ہے تو اصح قول کے مطابق اس کی روایت تب قبول کی جائے گی جب وہ ایسے الفاظ سے روایت کرے جن سے سماع ثابت ہوتا ہو (مثلاً سمعت، اخبرنی، حدثنی وغیرہ)

"وحكم من ثبت عنه التدليس إذا كان عدلا أن لا يقبل منه إلا ما صرح فيه بالتحديث على الأصح". (1)

مذکورہ بالا سند میں محمد بن المصفی الحمصیؒ مروان بن محمد سے صیغہ "اخبرنا" سے روایت کر رہے ہیں جو سماع پر دلالت کرتا ہے۔

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں، امام ابو حاتمؒ، امام صالح بن محمدؒ، امام دار قطنیؒ، امام ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ امام ابن معینؒ فرماتے ہیں "لا باس بہ"۔ (2)

قاسم: "ثقة مشهور". وقال النسائي في أسماء شيوخه: "صدوق". وقد تقدم في ترجمة صفوان بن صالح قول أبي زرعة الدمشقي أن محمد بن مصفى كان ممن يدلس تدليس التسوية. ومات بمنى سنة ست وأربعين ومائتين. وأيضا ذكره الحافظ: في "التقريب" (507/1) فقال: "صدوق له أوهام وكان يدلس".وأيضا عده الحافظ: في "طبقات المدلسين" (45/1) في طبقة الثالثة.

(1) "نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر" (104/1) "حكم رواية المُدَلِّس".

(2) مروان بن محمد بن حسان الأسدي الطاطري فهو ثقة وثقه الذهبي: في "الكاشف" (254/2) فقال: "ثقة إمام عن سعيد بن عبد العزيز". وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (86/10) قال أبو حاتم وصالح بن محمد: "ثقة" وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "ولد سنة سبع وأربعين ومائة". وقال البخاري: "مات سنة عشر ومائتين". قلت_الحافظ_ وقال أبو زرعة الدمشقي قال لي أحمد: "عندكم ثلاثة أصحاب حديث مروان بن محمد الطاطري، والوليد بن مسلم، وأبو مسهر". وقال الدوري عن بن معين: "لا بأس به وكان مرجئا". وقال الدارقطني: "ثقة". وضعفه أبو محمد بن حزم فأخطأ

سعید بن عبد العزیز الدمشقی (المتوفی: 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

ربیعہ بن یزید الدمشقی (المتوفّٰی 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

ابو ادریس الخولانی الشامیؒ (المتوفی: 80ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ ائمہ ستہ آپ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ اہل شام کے عالم اور فقیہ ہیں۔ غزوہ حنین کے سال پیدا ہوئے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے علم حاصل کیا، آپ ثقہ تابعی ہیں۔ امام ابن سعدؒ، امام عجلیؒ، امام ابو حاتم ؒ، امام نسائیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ امام مکحولؒ فرماتے ہیں: میں نے ابو ادریس سے بڑا کوئی نہیں دیکھا۔ (1)

لأنا لا نعلم له سلفا في تضعيفه إلا بن قانع وقول بن قانع غير مقنع".وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (526/1) "ثقة من التاسعة".

(1) عائذ الله بن عبد الله بن عمرو ويقال عبد الله بن إدريس بن عائذ بن عبد الله بن عتبة بن غيلان أبو إدريس الخولاني الشامي فهو ثقة وثقه ابن سعد في "الطبقات" (312/7) فقال: "وكان ثقة". وقد ذكره العجلي: في "الثقات" (246/1) فقال: "تابعي، ثقة".وقال ابن ابي حاتم: في "الجرح والتعديل" (38/7) "سئل ابى عن ابى ادريس الخولانى فقال: "ثقة".

وقد ذكره ابن حبان: في "الثقات" (277/5) فقال: "وكان أبو إدريس من عباد أهل الشام وقرائهم مات سنة ثمانين وإليه كانت أمور دمشق". وفي "مشاهير علماء الأمصار وأعلام فقهاء الأقطار" (180/1) فقال: "مولده عام حنين في حياة رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا صحبة له سكن الشام وولاه عبد الملك بن مروان القضاء بدمشق وكان من عباد أهل الشام وقرائهم مات بدمشق سنة ثمانين". وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (45/1) "كان واعظ أهل دمشق وقاصهم وقاضيهم قال أبو داود سمع أبو إدريس الخولاني من أبي الدرداء وعبادة قال مكحول: ما علمت أعلم من أبي إدريس وثقه النسائي وغيره، وذكر لدحيم هو وجبير بن نفير، فقال: أبو إدريس عندي هو المقدم، ورفع من شأن".

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (74/5) وروى عنه: ربيعة بن يزيد وذكره الطبري: في "طبقات الفقهاء" في نفر من أهل الشام أهل فقه في الدين وعلم بالأحكام والحلال والحرام.

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حِمْصَ میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ صفحہ () پران کا ترجمہ تفصیلاذکر کر دیا گیا ہے۔

مذکورہ بالاسند میں ربیعہ بن یزید الدّمشقیؒ اور عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ کے درمیان ابو اِدریس الخولانی کا واسطہ ہے۔

امام ابن عساکرؒ فرماتے ہیں کہ: محمد بن مصفی حمصی کے علاوہ مروان بن محمد سے سلمہ بن شبیب، عیسی بن ہلال السلیحی، ابوالازھر اور صفوان بن صالح نے سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی کے طریق سے اس روایت کو بیان کیا مگر درمیان میں ابوادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

اسی طرح ابو مسہرؒ، عمر بن عبدالواحدؒ، محمد بن سلیمان الحرانیؒ اور ولید بن مسلمؒ نے سعید بن عبدالعزیز، عن ربیعہ بن یزید، عن عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی کے طریق سے اس روایت کو نقل کیا مگر ربیعہ بن یزید اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ کے درمیان ابوادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

"ورواه سلمة بن شبيب وعيسى بن هلال السليحي وأبو الأزهر وصفوان بن صالح عن مروان ولم يذكروا أبا إدريس في إسناده وكذلك رواه أبو مسهر وعمر بن عبد الواحد ومحمد بن سليمان الحراني والوليد ابن مسلم عن سعيد"(1)

اس کے بعد امام ابن عساکرؒ نے ترتیب کیساتھ ان اسانید کو پیش کیا ہے۔

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (80/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

حدیث: سلمہ بن شبیبؒ (المتوفّٰی: 247ھ)

(حدیث نمبر: 3)

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ) فرماتے ہیں:

فأخبرناه أبو القاسم بن السمرقندي، أنا أبو الحسين بن النقور، أنا عيسى بن علي، أنا عبد الله بن محمد، حدثني ابن زنجوية، نا سلمة بن شبيب، نا مروان يعني ابن محمد، نا سعيد يعني ابن عبد العزيز، حدثني ربيعة بن يزيد، قال سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني قال سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول في معاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو القاسم بن السمرقندیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو الحسین بن النقورؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عیسی بن علی نے، وہ عبداللہ بن محمد سے، وہ ابن زنجویہ سے، وہ سلمہ بن شبیب سے، وہ مروان بن محمد سے، وہ سعید بن عبد العزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے، وہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ سے، عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے۔

تنبیہ:

اس سند میں ربیعہ بن یزید اور عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ کے درمیان ابو ادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

مزید یہ کہ ربیعہ بن یزید کی عبد الرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ سے اور عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (80/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدمشقیؒ (المتوفی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔ دِمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

ابو القاسم بن السمرقندیؒ (المتوفّٰی: 536ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ امام ابن عساکرؒ، امام سلفیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ذہبیؒ آپ کو "الشیخ ،الامام، المحدّث، المفید، المسند" کے القابات سے نوازتے ہیں۔ (1)

ابو الحسین بن النقورؒ (المتوفّٰی: 470ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ امام خطیب بغدادیؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔ امام ابن خیرونؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ذہبیؒ آپ کو "الشیخ، الجلیل، الصّدوق، مُسند العراق" کے القابات سے نوازتے ہیں۔ (2)

---

(1) أبو القاسم إسماعيل بن أحمد بن عمر بن أبي الأشعث السمرقندي، الدمشقي المولد، البغدادي الوطن فهو ثقة ذكره الذهبي: في "سيرأعلام النبلاء" (28/20) فقال: "الشيخ، الإمام، المحدث المفيد، المسند، وحَدَّثَ عَنْهُ: ابْنُ عَسَاكِرَ وسمع من: أبي الحسين بن النقور قال السمعاني: "قرأت عليه الكتب الكبار والأجزاء، وسمعت أبا العلاء العطار بهمذان يقول: "ما أعدل بأبي القاسم بن السمرقندي أحدا من شيوخ العراق وخراسان". وقال عمر البسطامي: "أبو القاسم إسناد خراسان والعراق". وقال ابن عساكر: "كان ثقة، مكثرا". قال السلفي: هو ثقة، له أنس بمعرفة الرجال، وقال: "وكان ثقة، يعرف الحديث، وسمع الكتب" توفي: في السادس والعشرين من ذي القعدة، سنة ست وثلاثين وخمس مائة".

(2) أَحْمَد بْن مُحَمَّد بْن أَحْمَد بْن عَبْد اللَّه، أَبُو الحسين البزاز، المعروف بابن النقور فهو صدوق ذكره الخطيب: في "تاريخه" (146/5) فقال: "سمع عيسى بْن علي، وكَانَ صدوقا". والذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (372/18) فقال: "الشيخ، الجليل، الصدوق، مسند العراق، وقال ابن خيرون: "ثقة". مات: ابن النقور في سادس عشر رجب، سنة سبعين وأربع مائة عن تسعين سنة".

ابن الجراح عیسی بن علیؒ (المتوفّٰی: 391ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔امام خطیب بغدادیؒ آپ کو "ثبت السماع، صحیح الکتاب" لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو "الشیخ، الجلیل، العالم، المسند، کے القابات سے نوازتے ہیں۔ متہم بمذہب الفلاسفہ تھے۔(1)

عبداللہ بن محمد بن زیاد النیسابوریؒ (المتوفّٰی: 324ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، مسلکا شافعی تھے۔امام خطیب بغدادیؒ آپ کو "حافظ، متقن، عالم بالحدیث والفقہ، روایت میں موثّق "لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو "الامام، الحافظ، العلّامہ، شیخ الاسلام" کے القابات سے نوازتے ہیں۔

امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ: اپنے زمانے میں شافعیہ کے امام تھے، فقہیات اور اختلاف صحابہ کے حافظ تھے۔امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں: اسانید اور متون کے باب میں ان سے بڑھ کر میں نے کوئی حافظ نہیں دیکھا۔(2)

---

(1) ابن الجراح عيسى بن علي بن عيسى البغدادي ذكره الخطيب: في "تاريخه" (179/11) سمع أبا بَكْرٍ عَبْد اللهِ بْن مُحَمَّد بْن زِيَادٍ النيسابوري، وعنه أحمد بن محمد بن النقور، وكان ثبت السماع، صحيح الكتاب". والذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (549/16) فقال: "الشيخ، الجليل، العالم، المسند، ولد: سنة اثنتين وثلاث مائة. وقال أبو الفتح بن أبي الفوارس: "كان يرمى بشيء من مذهب الفلاسفة، توفي في يوم الجمعة، أول ربيع الأول، سنة إحدى وتسعين وثلاث مائة".

وقال الزركلي: في "الأعلام" (106/5) "عيسى بن علي بن عيسى بن داود بن الجراح، أبو القاسم: كاتب عارف بعلوم الأوائل. من أهل بغداد. كان أبوه من كبار الوزراء. وقال ابن كثير: كان صحيح السماع -للحديث- كثير العلوم، اتهم بشئ من مذهب الفلاسفة".

(2) عبد الله بن محمد بن زياد بن واصل بن ميمون النيسابوري فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (119/10) فقال: "وكان حافظًا متقنًا عالِمًا بالفقه والحديث معًا، موثقًا في روايته".

وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (66/15) الإمام، الحافظ، العلامة، شيخ الإسلام، الشافعي، صاحب التصانيف. قال أبو عبد الله الحاكم: "كان إمام الشافعيين في عصره بالعراق، ومن أحفظ الناس للفقهيات واختلاف الصحابة". قال البرقاني: سمعت الدارقطني يقول: "ما رأيت أحدا أحفظ من أبي بكر النيسابوري".

محمد بن عبد الملک بن زنجویہ البغدادی (المتوفّٰی:258ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سلمہ بن شبیب (المتوفّٰی 247ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفّٰی 210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام مسلمؒ آپ سے روایت ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبد العزیز الدّمشقی (المتوفّٰی 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدّمشقی (المتوفّٰی 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزَنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حِمْص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

وقال أبو عبد الرحمن السلمي: سألت الدارقطني عن أبي بكر النيسابوري فقال: "لم نر مثله في مشايخنا، لم نر أحفظ منه للأسانيد والمتون، وكان أفقه المشايخ، وجالس المزني والربيع، وكان يعرف زيادات الألفاظ في المتون. قلت–الذهبي– قد كان أبو بكر من الحفاظ المجودين. مات: في شهر ربيع الآخر سنة أربع وعشرين وثلاث مائة عن بضع وثمانين سنة.

حدیث: عیسی بن ہلال السلیحیؒ

(حدیث نمبر:4)

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّی: 571ھ) فرماتے ہیں:

أخبرنا أبو القاسم أيضا أنا ابن النقور، أنا محمد بن عبد الله بن الحسين، نا عبد الله بن سليمان، نا عيسى بن هلال السليحي، نا مروان بن محمد، أنا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني قال سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول في معاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو القاسم بن السمرقندیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو الحسین بن النقورؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن عبد اللہ بن الحسین نے، وہ عبد اللہ بن سلیمان سے، وہ عیسی بن ھلال السلیحی سے وہ مروان بن محمد سے وہ سعید بن عبد العزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے، وہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ سے، عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔(1)

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے۔

تنبیہ

اس سند میں بھی ربیعہ بن یزید اور عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابو ادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

مزید یہ کہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (80/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

جو روایت کے مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔ دمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو القاسم بن السمرقندیؒ (المتوفّی: 536ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، حدیث نمبر (3) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو الحسین بن النقورؒ (المتوفّی: 470ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ حدیث نمبر (3) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

محمد بن عبد اللہ بن الحسین ابو الحسین الدقاق، المعروف ابن اخی میمیؒ (المتوفّی: 390ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ امام ابن ابی الفوارسؒ، امام عتیقیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ذہبیؒ آپ کو "الشیخ، الصدوق، المسند" کے القابات سے نوازتے ہیں۔ فرماتے ہیں: وہ ثقات میں سے ایک ہیں۔ (1)

عبد اللہ بن سلیمان ابو بکر بن ابی داود الأزدی السجستانیؒ (المتوفی: 310ھ)

بلند پایہ حافظ حدیث ثقہ محدّث ہیں۔ امام ابو محمد خلال کہتے ہیں: ابن ابی داؤد اپنے والد ابو داؤد سے زیادہ

---

(1) مُحَمَّد بْن عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بن هارون، أبو الحسين الدقاق، المعروف بابن أخي ميمي فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (88/3) فقال: أَخْبَرَنَا العتيقي قَالَ: توفي أبو الحسين بن أخي ميمي ليلة الخميس سلخ رجب من سنة تسعين وثلاثمائة وكان ثقة مأمونا كتب الحديث إلى أن توفي. قَالَ ابن أبي الفوارس: توفي ابن أخي ميمي في ليلة الجمعة الثامن والعشرين من شعبان سنة تسعين وثلاثمائة. وكان ثقة مأمونا دينا فاضلا.

وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (564/16) "الشيخ، الصدوق، المسند، أحد الثقات، حدث عنه: أبو الحسين بن النقور، وانتشر حديثه.

حدیث یاد رکھنے والے تھے۔حافظ صالح بن احمد ہمدانیؒ فرماتے ہیں: ابن ابی داؤد اہل عراق کے امام تھے۔ان کے زمانے میں عراق میں ان سے اعلی سند والے کئی مشایخ موجود تھے لیکن حفظ واتقان میں جس مقام پر یہ پہنچے تھے وہ نہیں پہنچے۔امام ابن شاہین فرماتے ہیں:

امام ابن ابی دؤد اپنے حافظہ سے ہمیں حدیث املا کرواتے تھے میں نے کبھی ان کے ہاتھ میں کتاب نہیں دیکھی۔امام ابو تمام فرماتے ہیں: میں نے آپ جیسا قوی الحافظہ آدمی نہیں دیکھا۔امام خطیب بغدادیؒ لکھتے ہیں: آپ نامور فقیہ، ممتاز عالم،اور بلند پایہ حافظ حدیث تھے۔امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں: ثقہ ہیں لیکن حدیث پر کلام کرتے ہوئے بہت غلطیاں کرتے ہیں۔

امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں: اگر میں نے یہ شرط نہ رکھی ہوتی کہ "جس راوی پر کسی قسم کی جرح ہوئی میں اس کو ذکر کروں گا" تو میں ابن ابی داؤد کا کبھی ذکر نہ کرتا۔ان پر ان کے والد اور ابراہیم بن ارمہ نے جرح کی ہے ۔شروع جوانی میں ان پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے کی تہمت لگی تھی جس کی وجہ سے ان کو ابن الفرات نے بغداد سے واسط کی طرف جلا وطن کر دیا تھا۔کچھ عرصہ کے بعد علی بن عیسی نے ان کو واپس بلا لیا تھا۔چنانچہ یہ واپس آکر حدیث کا درس دینے لگے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل بیان کرنے لگے۔پھر حنبلی مذہب اختیار کیا اُن کے مذہبی امام متصور ہونے لگے۔یہ محدّثین کے نزدیک مقبول ہیں لیکن میں نہیں جانتا ان کے والد نے ان میں کیا خرابی دیکھ کر ان پر جرح کی ہے۔

عبدان کہتے ہیں: میں نے امام ابو داؤد سے سنا وہ فرماتے ہیں: سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ عبد اللہ عہدہ قضاء کا طلب گار ہے۔

علی بن حسین بن جنید کہتے ہیں میں نے امام ابو داؤد سے سنا کہ: میرا بیٹا عبداللہ کذاب ہے۔

آخر میں امام ابن عدی نے کہا ابن صاعد کہتے ہیں کہ: ان کے بارے میں جو کچھ ان کے باپ نے کہا وہی ہمارے لیے کافی ہے۔

محمد بن عبداللہ بن قطان کہتے ہیں میں ایک مرتبہ ابن جریر کے پاس حاضر تھا کسی شخص نے کہا اب تو ابن ابی داؤد لوگوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل پڑھ کر سناتے ہیں کہنے لگے: پولیس کے ڈر سے ایسا کرتے ہیں۔

امام ذہبی فرماتے ہیں ان کے بارے میں ابن صاعد کی جرح قابل قبول نہیں ،اسی طرح ابن جریر کی جرح بھی قابل قبول نہیں،ان لوگوں کی آپس میں دشمنی تھی جسکی وجہ سے انہوں نے ایک دوسرے پر جرح کی ہے۔یہی وجہ ہے کہ معاصرین کی جرح میں توقّف کیا جاتا ہے۔

رہی ان کے والد کی جرح تو اگر وہ صحیح ہے تو ظاہر یہی ہے ان کا مقصد یہی ہے کہ یہ اپنی بات میں جھوٹ بولتے ہیں نہ کہ حدیث نبوی میں جھوٹ بولتے ہیں۔اور ممکن ہے کہ انہوں نے یہ بات عبداللہ کی نوعمری میں کہی ہو۔بعد میں بڑے ہو کر سیادت کے مرتبے پر فائز ہوئے۔

محمد بن عبیداللہ بن شخیر کہتے ہیں: ابن ابی داؤد صوفی عابد اور زاہد تھے۔اسّی مرتبہ آپ پر جنازہ پڑھا گیا ۔تین لاکھ یا اس سے بھی زائد لوگوں نے شرکت کی۔(1)

---

(1) عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الأَشْعَثِ بْنِ إسحاق بن بشير بن شداد بن عمرو بن عمران، أبو بكر بن أَبِي داود الأزدي السجستاني فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (471/9) فقال: "وحدث عن سلمة بن شبيب ومُحَمَّد بن يَحْيَى الذهلي، وأَحْمَد بن الأزهر النّيسابوري، ومُحَمَّد بن مصفى الحمصي، ذكر أَبُو عَبْد الرَّحْمَنِ السلمي أنه سأل الدارقطني عن أَبِي بكر بن أَبِي داود فَقَالَ: "ثقة إلا أنه كثير الخطأ في الكلام على الحديث".

وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (221/13) "الإمام، العلامة، الحافظ، شيخ بغداد، صاحب التصانيف. ولد: بسجستان، في سنة ثلاثين ومائتين. وكان من بحور العلم، بحيث إن بعضهم فضله على أبيه. صنف (السنن) و (المصاحف) و (شريعة المقارئ) و (الناسخ والمنسوخ) ، و (البعث) وأشياء".

وايضا ذكره في "تذكرة الحفاظ" (235/2) فقال: "الحافظ، العلامة، قدوة المحدثين، الحافظ الكبير، قال الحافظ أبو محمد الخلال: كان ابن أبي داود أحفظ من أبيه. قال صالح بن أحمد الهمداني الحافظ: كان ابن أبي داود إمام أهل العراق ومن نصب له السلطان المنبر وقد كان في وقته بالعراق مشايخ أسند منه ولم يبلغوا في الآلة والإتقان ما بلغ هو أبو ذر الهروي: نا بن شاهين قال: أملى علينا بن أبي داود, وما رأيت في يده كتابا, إنما كان يملي حفظا، قال الخطيب: أبو بكر بن أبي داود رحل به أبوه من سجستان فطوف به شرقا وغربا بخراسان والجبال وأصبهان وفارس والبصرة وبغداد والكوفة والمدينة ومكة والشام ومصر والجزيرة والثغور يسمع ويكتب واستوطن بغداد وصنف المسند والسنن والتفسير والقراءات والناسخ والمنسوخ وغير ذلك. وكان فقيها عالما حافظا".

قال السلمي: سألت الدارقطني عن ابن أبي داود فقال: ثقة كثير الخطأ في الكلام على الحديث.

قال ابن عدي: لولا أنا شرطنا أن كل من تكلم فيه ذكرناه لما ذكرت ابن أبي داود, وقد تكلم فيه أبوه وإبراهيم بن أورمة, ونسب في الابتداء إلى شيء من المنصب ونفاه ابن الفرات من بغداد إلى واسط ثم رده علي بن عيسى فحدث وأظهر

عیسی بن ھلال السّلیحی (المتوفی۔۔۔)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے اور فرماتے ہیں: کبھی غرابت بیان کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ نے صیغہ مجہول سے آپ کی توثیق کی ہے،حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔(1)

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفّی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔حدیث نمبر(2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبد العزیز الدّمشقیؒ (المتوفّی:167ھ)

فضائل علي ثم تحنبل فصار شيخا فيهم وهو مقبول عند أصحاب الحديث وأما كلام أبيه فيه فلا أدري إيش تبين له منه وسمعت عبدان يقول: سمعت أبا داود يقول: ومن البلاء أن عبد الله يطلب القضاء. وسمعت علي بن عبد الله الداهري سمعت محمد بن أحمد بن عمرو سمعت علي بن الحسين بن الجنيد سمعت أبا داود يقول: ابني عبد الله كذاب ثم قال ابن عدي: وكان بن صاعد يقول: كفانا أبوه بما قال فيه وقال محمد بن عبد الله القطان: كنت عند ابن جرير فقال رجل: ابن أبي داود يقرأ على الناس فضائل علي؛ فقال: تكبيره من حارس.

قلت–الذهبي–لا ينبغي سماع قول ابن صاعد فيه كما لم نعتد بتكذيبه لابن صاعد وكذا لا يسمع قول ابن جرير فيه فإن هؤلاء بينهم عداوة بينة فقف في كلام الأقران بعضهم في بعض وأما قول أبيه فيه فالظاهر أنه إن صح عنه فقد عني أنه كذاب في كلامه لا في الحديث النبوي وكأنه قال هذا وعبد الله شاب طري ثم كبر وساد قال محمد بن عبيد الله بن الشخير: كان ابن أبي داود زاهدا ناسكا صلى عليه يوم مات نحو من ثلاثمائة ألف إنسان أو أكثر، ومات في ذي الحجة سنة ست عشرة وثلاثمائة وخلف ثلاثة بنين عبد الأعلى ومحمدا وأبا معمر عبيد الله وخمس بنات وله سبع وثمانون سنة وصُلي عليه ثمانين مرة.

(1) عيسى بن أبي عيسى واسمه هلال بن يحيى السليحي الطائي الحمصي فهو صدوق ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (20/23) رَوَى عَن: مروان ابن مُحَمَّد الطاطري، ورَوَى عَنه: أَبُو داود، ذكره ابنُ حِبَّان فِي كتاب (الثقات)، وَقَال: ربما أغرب. وقال الذهبي: في "الكاشف" (112/2) "وثق" وايضا ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (202/8) "وعده بن القطان فيمن لا يعرف حاله فما أصاب فقد ذكره النسائي في أسماء شيوخه وقال لا بأس به" وقال في "التقريب" (440/1) "صدوق".

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفّٰی: 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بِن ابی عَمیرہ المُزَنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حِمْصَ میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

حدیث: ابوالازہرؒ (المتوفی: 263ھ)

(حدیث نمبر: 5)

امام ابن عساکر الدمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ) فرماتے ہیں:

فأخبرناه أبو القاسم زاهر بن طاهر، أنا أبو نصر عبد الرحمن بن علي بن محمد بن موسى، أنا أبو زكريا يحيى بن إسماعيل بن يحيى الحربي، أنا أبو حاتم مكي بن عبدان، نا أبو الأزهر، نا مروان بن محمد الطاطري، نا سعيد بن عبد العزيز، حدثني ربيعة بن يزيد، قال سمعت عبد الرحمن بن عميرة يقول سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول لمعاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو القاسم زاہر بن طاہرؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو نصر عبد الرحمن بن علی بن محمد بن موسیٰؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو زکریا یحیی بن اسماعیل بن یحیی الحربیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو حاتم مکی بن عبدانؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا احمد بن الازہر بن منیع ابو الازہرؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا مروان بن محمد الطاطریؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ نے، وہ فرماتے ہیں میں نے سنا عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ سے، وہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت حسن درجے کی ہے۔ اسکے تمام راوی ثقہ ہیں سوائے احمد بن الازھر بن منیع ابو الازہر کے وہ صدوق درجے کے ہیں۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (81/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

تنبیہ

اس سند میں بھی ربیعہ بن یزید اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابوادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

مزید یہ کہ ربیعہ بن یزید کی عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ سے اور عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔ دمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابوالقاسم زاہر بن طاہر (المتوفی: 533ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام ابن نجارؒ آپ کو شیخ، متیقظ اور مکثر لکھتے ہیں۔ امام ابن نقطہؒ امام تقی الدین العراقیؒ، امام ابن الجوزیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔ امام ذہبیؒ نے آپ کو "الشیخ، العالم، المحدّث، المفید، المعمر، مسند خراسان" کے القابات سے نوازا ہے۔ (1)

---

(1) زاهر بن طاهر بْنُ مُحَمَّدِ الشحامي، أبو القاسم بن أبي عبد الرحمن بن أبي بكر المستملي فهو ثقة ذكره ابن نجار: في "ذيل تاريخ بغداد" (87/21) فقال: "من أهل نيسابور، شيخ وقته في علو الإسناد، قال أبو سعد بن السمعاني: زاهر بن طاهر الشحامي أبو القاسم شيخ متيقظ مكثر، جمع ونسخ بخطه، وكان صاحب أصول، وعمّر حتى حمل عنه الكثير، ورحل في رواية الحديث ونشره مثل ما يرحل الطلاب في جمعه، ورد علينا مرو قاصدا للرواية بها وحجّ، وسمع منه الكثير ببغداد وهمذان والري والحجاز، ورجع إلى نيسابور".

وقال ابن نجار: وكان صحيح السماع كثيره، مولده رابع عشر ذي القعدة سنة ست وأربعين وأربعمائة. وتوفي ليلة الرابع عشر من ربيع الآخر سنة ثلاث وثلاثين وخمسمائة بنيسابور.

ابو نصر عبد الرحمن بن علي بن محمد بن موسیٰؒ (المتوفی:468ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو الشیخ،العالم،الصّالح،العدل،المسند اور ثقہ لکھتے ہیں۔(1)

ابو زکریا یحی بن اسماعیل بن یحی الحربیؒ (المتوفی:394ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام تقی الدین العراقیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو الشیخ، العالم،الادیب،المعمر" کے القابات سے نوازتے ہیں۔(2)

ابو حاتم مکی بن عبدانؒ (المتوفی:325ھ)

امام خطیب بغدادیؒ،امام حافظ ابو علی النیسابوریؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں،امام ذہبیؒ آپ کو ثقہ، متقن لکھتے ہیں۔(3)

وقال ابن نقطة الحنبلي البغدادي: في "التقييد لمعرفة رواة السنن والمسانيد" (272/1) "وهو ثقة في الحديث".

وقال تَقِيُّ الدِّيْنِ العِرَاقِيُّ: في "المنتخب من كتاب السياق لتاريخ نيسابور" (245/1) "ثقة الدين، شيخ مشهور، ثقة معتمد، من بيت العلم والزهد والورع والحديث والبراعة في علم الشروط والأحكام"

وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (9/20) "الشيخ، العالم، المحدث المفيد، المعمر، مسند خراسان".

وقال ابن الجزري: في "غاية النهاية في طبقات القراء" (288/1) "ثقة صحيح السماع كان مسند نيسابور"

(1) أبو نصر التاجر عبد الرحمن بن علي بن محمد فهو ثقة ذكره الذهبي في "سير أعلام النبلاء" (355/18) فقال: "الشيخ، العالم، الصالح، العدل، المسند،سمع: يحيى بن إسماعيل الحربي، وقال أبو سعد السمعاني: "حدثنا عنه زاهر". وكان ثقة صالحا مكثرا. مات: سنة ثمان وستين وأربع مائة".

(2) يَحْيَى بْن إِسْمَاعِيل بْن يَحْيَى بْن زكريا بْن حرب، أَبُو زكريا المزكي فهو ثقة وعنه قال تَقِيُّ الدِّيْنِ العِرَاقِيُّ: في "المنتخب من كتاب السياق لتاريخ نيسابور" (528/1) "جليل نبيل ثقة من بيت التزكية والعلم والحديث والزهد".

وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (543/16) "الشيخ، العالم، الأديب، المعمر، سمع: ومكي بن عبدان، وحدث عنه: أبو نصر عبد الرحمن بن علي التاجر، وكان أديبا، أخباريا، عالما، متفننا، رئيسا، محتشما، من أهل الصدق والأمانة على بدعة فيه، عمر دهرا، واحتيج إليه. مات: في شهر ذي الحجة، سنة أربع وتسعين وثلاث مائة، وهو في عشر المائة".

(3) مكي بن عبدان بن محمد بن بكر بن مسلم بن راشد، أبو حاتم التميمي النّيسابوريّ فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (120/13) أخبرني ابن يعقوب، أَخْبَرَنَا محمد بن نعيم قال: سمعت أبا علي الحافظ يقول: "مكي بن عبدان ثقة مأمون". وقال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (70/15) المحدث، الثقة، المتقن، قال الحافظ أبو علي النيسابوري: ثقة

احمد بن الازھر بن منیع ابوالازھرؒ (المتوفی: 263ھ)

صدوق درجے کے ہیں۔ آپ کی کنیت ابوالازہر ہے، نیشاپور کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفّٰی: 210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ (المتوفّٰی: 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفّٰی: 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

مأمون مقدم على أقرانه من المشايخ .قلت–الذهبي– وقد حدث عنه من القدماء: أبو العباس بن عقدة. مات: في جمادى الآخرة سنة خمس وعشرين وثلاث مائة، وصلى عليه أبو حامد بن الشرقي ، وعاش بضعا وثمانين سنة – رحمه الله –

حدیث: صفوان بن صالحؒ (المتوفی: 239ھ)

(حدیث نمبر:6)

امام ابن عساکر الدمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ) فرماتے ہیں:

فأخبرناه أبو محمد بن هبة الله بن أحمد الأكفاني، نا عبد العزيز الكتاني، أنا تمام بن محمد، أنا أبو عبد الله بن مروان، نا زكريا بن يحيى، نا صفوان بن صالح، نا الوليد بن مسلم ومروان بن محمد، قالا نا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، قال سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني قال سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول في معاوية بن أبي سفيان: "اللهم اجعله هاديا مهديا اللهم اهده واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو محمد بن الاکفانی نے، وہ فرماتے ہیں، ہم سے بیان کیا عبد العزیز الکتانی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا تمام بن محمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو عبد اللہ بن مروانؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا زکریا بن یحیٰ نے،

وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا صفوان بن صالحؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا الولید بن مسلم اور مروان بن محمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبد العزیز نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ربیعہ بن یزید نے،

وہ فرماتے ہیں، میں نے سنا عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے، وہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کیلیے یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے، اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (81/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

تنبیہ:

اس سند میں بھی ربیعہ بن یزید اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابوادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

مزید یہ کہ ربیعہ بن یزید کی عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ سے اور عبدالرحمن بن ابی عمیرہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے۔ جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔ ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔ دمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت پر ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو محمد بن الاکفانی الدّمشقیؒ (المتوفی 524ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو محمد الکتانی الدّمشقیؒ (المتوفی 466ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تمام بن محمد الرازی الدّمشقیؒ (المتوفی: 414ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو عبداللہ بن مروانؒ (المتوفی: 358ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

زکریا بن یحیٰی ابو عبدالرحمن السجزیؒ (المتوفی: 289ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

صفوان بن صالحؒ (المتوفی:239ھ)

ثقہ مدلّس راوی ہیں۔امام ترمذیؒ،امام مسلمہ بن قاسمؒ اور امام ابو علی الجیانیؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں،امام ابوداؤدؒ آپ کو حجت لکھتے ہیں۔

امام ذہبیؒ آپ کو "الحافظ،المحدّث،الثّقہ،مؤذن جامع دمشق" کے القابات سے نوازتے ہیں ۔امام ابوزرعہ رازیؒ فرماتے ہیں مدلّس ہے اور تدلیس بھی تدلیس التسویہ کرتا ہے۔حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ مدلّس لکھتے ہیں۔(1)

مدلس راوی کے بارے میں یہ ضابط مذکور ہے کہ :

تدلیس کرنے والا راوی اگر عادل ہے تو اصح قول کے مطابق اس کی روایت تب قبول کی جائے گی جب وہ ایسے الفاظ سے روایت کرے جن سے سماع ثابت ہوتا ہو (مثلاً سمعت،اخبرنی،حدثنی وغیرہ)

وحكم من ثبت عنه التدليس إذا كان عدلا أن لا يقبل منه إلا ما صرح فيه بالتحديث على الأصح

مذکورہ بالا سند میں صفوان بن صالحؒ،ولید بن مسلمؒ اور مروان بن محمد سے صیغہ "اخبرنا" سے روایت کر رہے ہیں جو سماع پر دلالت کرتا ہے۔

---

(1) صفوان بن صالح بن صفوان بن دينار الثقفي، الدمشقي. فهو ثقة وعنه قال الذهبي: في "سير أعلام النبلاء" (475/11) "الحافظ، المحدث، الثقة، مؤذن جامع دمشق، سمع: الوليد بن مسلم، مولده: في سنة ثمان – أو تسع – وستين ومائة. قال عمرو بن دحيم: مات في ربيع الأول، سنة تسع وثلاثين ومائتين. وثقه: أبو عيسى الترمذي. وفي :الكاشف" (503/1) قال أبو داود: "حجة مات 239".

وقد ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (374/4) فقال: قال الآجري عن أبي داود: "حجة". وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "كان منتحل مذهب أهل الرأي". قلت–الحافظ– وقال الترمذي: "هو ثقة عند أهل الحديث". ووثقه مسلمة بن قاسم وأبو علي الجياني وغيرهما وقال بن حبان في آخر مقدمة الضعفاء سمعت بن جوصا يقول سمعت أبا زرعة الدمشقي يقول كان صفوان بن صالح ومحمد بن مصفى يسويان الحديث يعني يدلسان تدليس التسوية. وفي "التقريب" (276/1) "ثقة وكان يدلس تدليس التسوية قاله أبو زرعة الدمشقي".

الولید بن مسلم الدمشقیؒ (المتوفی:195ھ)

ثقہ کثیر التدلیس راوی ہیں۔امام مسلمؒ نے صحیح میں متعدد روایات آپ سے لی ہیں،امام ابن سعدؒ آپ کو ثقہ کثیر الحدیث لکھتے ہیں،امام احمدؒ فرماتے ہیں: میں نے اہل شام میں ان سے زیادہ عقل مند شخص نہیں دیکھا ۔امام ابو مسہرؒ،امام عجلیؒ،امام یعقوب بن شیبہؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں،امام ابو حاتمؒ آپ کو صالح الحدیث لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ فرماتے ہیں : ثقہ،حافظ،مدلّس ہے لیکن جب تحدیث کی صراحت کرے تو حجت ہے۔حافظ ابن حجر العسقلانیؒ فرماتے ہیں: ثقہ راوی ہے مگر بہت زیادہ تدلیس تسویہ کرنے والا ہے۔

ابن العراقیؒ نے اور سبط ابن العجمیؒ نے "مدلّسین" میں ذکر کیا ہے ۔حافظ ابن حجر العسقلانیؒ نے "طبقات المدلّسین" میں طبقہ رابعہ کے مدلّسین میں ذکر کیا ہے جنکی روایات بغیر تصریح سماع کے حجت نہیں۔(1)

تمام محدّثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ثقہ مدلّس راوی جب حدثنا یا سمعت کے الفاظ سے تحدیث کی صراحت کرے تو تدلیس کا الزام اُس پر سے رفع ہو جاتا ہے ۔زیر بحث روایت میں ولید بن مسلم کی سعید بن

---

(1) الْوَلِيد بن مسلم القرشي، أَبُو العباس الدمشقي فهو ثقة كثير التدليس ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (86/31) رَوَى عَن: سَعِيد بْن عبد العزيز،ورَوَى عَنه: محمد بن مصفى الحمصي وَقَال مُحَمَّد بن سعد: "كَانَ ثقة، كثير الحديث". وَقَال عَبد الله بْن أَحْمَد بْن حنبل، عَن أَبِيهِ: مَا رأيت من الشاميين أعقل من الْوَلِيد بْن مسلم. وَقَال العجلي، ويعقوب بْن شَيْبَة: الْوَلِيد بْن مسلم ثقة. وَقَال محمد بن إبراهيم الأصبهاني: قلتُ لأبي حاتم: ما تقول فِي الْوَلِيد بْن مسلم؟ قال: "صالح الْحَدِيث".

وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (222/1) وقال ابن عدي: "ثقة". قلت-الذهبي- "لا نزاع في حفظه وعلمه وإنما الرجل مدلس فلا يحتج به إلا إذا صرح بالسماع". وفي "الكاشف" (355/2) قال بن المديني: "ما رأيت من الشاميين مثله". قلت-الذهبي-كان مدلسا فيتقى من حديثه ما قال فيه عن مات 195".

وقد ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (151/11) قال أبو مسهر: "كان الوليد معتنيا بالعلم". وقال أيضا: "كان من ثقات أصحابنا". وقال مؤمل بن إهاب عن أبي مسهر: "كان الوليد بن مسلم يحدث حديث الأوزاعي عن الكذابين ثم يدلسها عنهم". وفي "التقريب" (584/1) "ثقة لكنه كثير التدليس والتسوية".

وعده سبط ابن العجمي في المدلسين "التبيين لأسماء المدلسين" (235/1) والسيوطي: في "اسماء المدلسين" (102/1) والحافظ: في "طبقات المدلسين" (51/1)

عبدالعزیز سے تحدیث کی صراحت "المسند" للامام احمد(1)،"التاریخ الکبیر" لابن ابی خیثمة(2)، "السنة" لابی بکر الخلال(3)اور"معجم الصحابة" لابن قانع(4)میں موجود ہے۔

مزید یہ کہ تدلیس کا طعن متابعت سے بھی اٹھ جاتا ہے، تین ثقہ راوی (ابو مسہرؒ، مروان بن محمد الطاطریؒ، عمر بن عبدالواحدؒ)اور ایک صدوق راوی (محمد بن سلیمانؒ)آپ کے متابع موجود ہیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ(المتوفی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ(المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ(المتوفّٰی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ بشر بن حارث(ثقہ محدّث)سے روایت کرتے ہیں اورآپ سے احمد بن علی الابّار(ثقہ محدّث)روایت کرتے ہیں۔(1)تاہم مجھے ان کا ترجمہ کسی اور کتاب میں نہ مل سکا۔

بشر بن حارث حافی ابو نصر المروزیؒ(المتوفی:226ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام ابو حاتمؒ،امام دار قطنیؒ،امام مسلمہؒ،حافظ ابن حجرؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔

امام ذہبیؒ آپ کو "الامام،العالم،المحدّث،الزّاھد،الرّبانی، شیخ الإسلام کے القابات سے نوازتے ہیں۔امام خطیب بغدادیؒ آپ کو کثیر الحدیث لکھتے ہیں۔

امام ابن سعدؒ فرماتے ہیں: بشر نے بہت سارے ائمہ سے سماع کیا ہے۔پھر آپ عبادت میں مشغول ہو گئے اور لوگوں سے الگ ہو گئے اور کوئی حدیث بیان نہ کی اور کئی ائمہ نے آپ کے زہد وعبادت، تقوی، قربانی اور تقشّف کی تعریف کی ہے۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں: آپ نے اپنے بعد اپنا مثل نہیں چھوڑا۔

ابراہیم الحربیؒ نے بیان کیا: بغداد نے آپ سے بڑھ کر کامل عقلمند اور آپ سے بڑھ کر زبان کی حفاظت کرنے والا پیدا نہیں کیا، آپ نے کسی مسلمان کی غیبت نہیں کی اور آپ کے ہر بال میں عقل تھی اور اگر آپ کی عقل اہل بغداد پر تقسیم کی جاتی تو وہ عقل مند بن جاتے اور آپ کی عقل میں کوئی کمی نہ آتی۔(2)

---

(1) نصر بن منصور، أَبُو الفَتْح ذكره الخطيب: في "تاريخه" (288/13) فقال: "صاحب بِشْر بن الحارث. وهو مرزوي الأصل. رَوَى عن بِشْر وحدث عَنْهُ احْمَد بن عَليّ الأبَّار".

(2) بشر بن الحارث بن عبد الرحمن ابن عطاء بن هلال بن ماهان بن عبد الله أبو نصر المروزي فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (71/7) "كان ممن فاق أهل عصره في الورع والزهد، وتفرد بوفور العقل، وأنواع الفضل، وحسن الطريقة، واستقامة المذهب، وعزوف النفس، وإسقاط الفضول.وسمع زيد بن أبي الزرقاء.وكان كثير الحديث، إلا أنه لم ينصب نفسه للرواية، وكان يكرهها، ودفن كتبه لأجل ذلك. وكل ما سمع منه فإنما هو على سبيل المذاكرة. روى عنه نصر بن منصور البزاز.

زید بن ابي الزرقاء الموصلیؒ (المتوفی:194ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام ابو حاتمؒ،امام یحی بن معینؒ،حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔ایک روایت میں امام یحی بن معینؒ فرماتے ہیں:"لیس بہ بأس"۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے فرماتے ہیں: غرابت کرتے ہیں۔امام احمد بن صالحؒ لکھتے ہیں:"لیس بہ بأس"۔امام ذہبیؒ آپ کو صدوق،عابد لکھتے ہیں۔(1)

ولید بن مسلم الدمشقیؒ (المتوفی:195ھ)

ثقہ کثیر التدلیس راوی ہیں،امام مسلمؒ نے صحیح میں متعدد روایات آپ سے لی ہیں۔حدیث نمبر(6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

وقال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (469/10) "الإمام، العالم، المحدث، الزاهد، الرباني، القدوة، شيخ الإسلام، أبو نصر المروزي، ثم البغدادي، المشهور".

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (389/1) وقال أبو حاتم الرازي: "ثقة رضي". وقال بن حبان: في "الثقات" اخباره وشمائله في التقشف وخفي الزهد والورع أظهر من أن يحتاج إلى الاغراق في وصفها وكان ثوري المذهب في الفقه والورع جميعا. وقال الدارقطني: "ثقة زاهد جبل ليس يروي الا حديثا صحيحا". وقال مسلمة: "ثقة فاضل". وفي "التقريب" (122/1) "ثقة قدوة من العاشرة".

وقال ابن كثير: في "البداية والنهاية" (291/14) قال محمد بن سعد: "سمع بشر كثيرا، ثم اشتغل بالعبادة، واعتزل الناس ولم يحدث، وقد أثنى عليه غير واحد من الأئمة في عبادته وزهده وورعه ونسكه وتقشفه".

قال الإمام أحمد يوم بلغه موته: "لم يكن له نظير إلا عامر بن عبد قيس، وقال إبراهيم الحربي ما أخرجت بغداد أتم عقلا، ولا أحفظ للسانه منه، ما عرف له غيبة لمسلم، وكان في كل شعرة منه عقل، ولو قسم عقله على أهل بغداد لصاروا عقلاء، وما نقص من عقله شيء".

(1) زَيْد بن أَبِي الزرقاء، واسمه: يَزِيد التغلبي، الموصلي، أبو مُحَمَّد فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (70/10) رَوَى عَنه: بشر الحافي، قال يحيى بْن مَعِين: ليس بِهِ بأس، وَقَال مُحَمَّد بْن عَبد اللَّهِ بْن عَمَّار الموصلي: لم أر مثل هؤلاء الثلاثة فِي الْفَضْل: المعافى بْن عِمْران، وزيد بْن أَبِي الزرقاء، وقاسم الجرمي.وذكره ابنُ حِبَّان فِي كتاب "الثقات" وَقَال: يغرب. وقال الذهبي: في "ميزان الاعتدال" (103/2) "صدوق مشهور عابد". وفي "الكاشف" (417/1) "صدوق توفي 194".

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (356/3) وقال أحمد صالح: "ليس به بأس". وقال أبو حاتم: "ثقة". وكذا قال بن معين في رواية الدوري. وفي "التقريب" (223/1) "ثقة من التاسعة".

جمہور محدّثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ثقہ مدلّس راوی جب حدثنا یا سمعت کے الفاظ سے تحدیث کی صراحت کرے تو تدلیس کا الزام اس پر سے رفع ہو جاتا ہے۔

مذکورہ سند میں ولید بن مسلم، سعید بن عبدالعزیز سے صیغہ "سمعت" سے روایت بیان کر رہے ہیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدّمشقیؒ (المتوفی: 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری، الدمشقیؒ (المتوفی: 132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (21) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بِن ابی عَمیرہ المُزَنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

(حدیث نمبر:25)

امام ابن قانعؒ (المتوفی: 351ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا أحمد بن علي بن مسلم، نا أبو الفتح نصر بن منصور، نا بشر بن الحارث، نا زيد بن أبي الزرقاء، نا الوليد بن مسلم قال: سمعت سعيد بن عبد العزيز يحدث، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة الأزدي أنه سمع رسول الله ﷺ، وذكر معاوية فقال: «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهد به»(1)

ہم سے بیان کیا احمد بن علی بن مسلم نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو الفتح نصر بن منصور نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا بشر بن حارث نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا زید بن ابی الزرقاء نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ولید بن مسلم نے، وہ فرماتے ہیں میں نے سنا سعید بن عبد العزیز سے، وہ یونس بن میسرہ سے، وہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے، اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

تنبیہ:

اس سند میں بھی ربیعہ بن یزید اور عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابو ادریس کا واسطہ نہیں ہے اور ولید بن مسلم کی سعید بن عبد العزیز سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

عبد الباقی بن قانع ابو الحسین اموی ؒ (المتوفی: 351ھ)

---

(1) "معجم الصحابة" لإبن قانع البغدادي (146/2) رقم الترجمة (621) "عبد الرحمن بن عميرة الأزدي"

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں،امام بر قانیؒ فرماتے ہیں: بغداد کے محدّثین ان کی توثیق کرتے ہیں لیکن میرے نزدیک یہ ضعیف ہیں۔امام خطیب بغدادیؒ،امام بر قانیؒ کا تعاقب کرتے ہوئے لکھتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کس وجہ سے امام بر قانیؒ نے ان کی تضعیف کی ہے حالانکہ امام ابن قانعؒ اہل علم،اہل درایت اور اہل فہم میں سے ہیں۔میں نے اپنے عام شیوخ کو ان کی توثیق کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں: یہ احادیث کے حافظ ہیں لیکن بعض اوقات غلطی کرتے ہیں اور اس پر ڈٹ جاتے ہیں۔

امام خطیب بغدادیؒ لکھتے ہیں: موت سے تقریبا دو سال قبل ابن قانع کے حافظہ میں تغیر واقع ہو گیا تھا اس لیے کچھ لوگوں نے ان سے اس زمانہ میں روایت لینا ترک کر دی تھی۔

امام ذہبیؒ آپ کو الامام،الحافظ،الصدوق لکھتے ہیں۔(1)

احمد بن علی بن مسلم،ابوالعباس الابّارؒ(المتوفی:290ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام خطیب بغدادیؒ فرماتے ہیں: ثقہ،حافظ،متقن اور اچھے مذہب والے تھے۔امام دار قطنیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

---

(1) عبد الباقي بن قانع بن مرزوق بن واثق، أبو الحسين الأموي فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (89/11) سألت البرقاني عن عبد الباقي بن قانع فقال: "في حديثه نكرة. وسئل- وأنا أسمع- عنه فقال: أما البغداديون فيوثقونه، وهو عندنا ضعيف".

قلت: لا أدري لأي شيء ضعفه البرقاني، وقد كان عبد الباقي من أهل العلم، والدراية والفهم، ورأيت عامة شيوخنا يوثقونه. وقد كان تغير في آخر عمره.

وقال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (526/15) "الإمام، الحافظ، البارع، الصدوق، صاحب كتاب (معجم الصحابة) وفي "تذكرة الحفاظ" (66/3) الحافظ، العالم، المصنف وكان واسع الرحلة كثير الحديث، وقال الدارقطني: "كان يحفظ ولكنه يخطئ ويصر". وقال الخطيب: كان ابن قانع قد حدث به اختلاط قبل أن يموت بنحو من سنتين فترك السماع منه قوم في اختلاطه. قال الخطيب: "ولد سنة خمس وستين ومائتين؛ وتوفي في شوال سنة إحدى وخمسين وثلاثمائة".

امام جعفری خلدیؒ فرماتے ہیں: ابّار سب سے بڑے زاہد تھے۔امام ذہبیؒ آپ کو الحافظ، المتقن، الامام، الرّبانی کے القابات سے نوازتے ہیں۔علامہ زرکلیؒ فرماتے ہیں: حفاظ حدیث میں تھے آپ تاریخ اور حدیث میں کتابوں کے مصنّف ہیں۔(1)

ابوالفتح نصر بن منصورؒ

ثقہ راوی ہیں۔حدیث نمبر(24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

بشر بن حارث حافی ابو نصر المروزیؒ (المتوفی:226ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

زید بن ابی الزرقاء الموصلیؒ (المتوفی:194ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ولید بن مسلم الدّمشقیؒ (المتوفی:195ھ)

ثقہ کثیر التدلیس راوی ہیں،امام مسلمؒ نے صحیح میں متعدد روایات آپ سے لی ہیں۔حدیث نمبر(6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

جمہور محدّثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ثقہ مدلّس راوی جب حدثنا یا سمعت کے الفاظ سے تحدیث کی صراحت کرے تو تدلیس کا الزام اس پر سے رفع ہو جاتا ہے۔

مذکورہ سند میں ولید بن مسلم، سعید بن عبد العزیز سے صیغہ "سمعت" سے روایت بیان کر رہے ہیں۔

سعید بن عبد العزیز الدّمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

---

(1) أَحْمَد بْن عَلِيّ بْن مُسْلِم، أَبُو الْعَبَّاس النخشبي، الْمَعْرُوف بالأبار فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (64/5) و"كَانَ ثِقَةً حافظا متقنا، حسن المذهب".قَالَ أَبُو الْحَسَن الدارقطني: "أحمد بْن عَلِيّ بْن مُسْلِم الأبار أَبُو الْعَبَّاس ثقة". وقال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (44/1) "الحافظ، المتقن، الإمام، الرباني". وفي "تذكرة الحفاظ" (157/2) قال جعفر الخلدي: كان الأبار أزهد الناس، قلت وله تاريخ وتصانيف. مات يوم نصف شعبان سنة تسعين ومائتين. وقال الزركلي: في "الاعلام" (170/1) "من حفاظ الحديث، كان محدث بغداد، له تصانيف في التاريخ و الحديث".

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری، الدمشقیؒ (المتوفی: 132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بِن ابی عَمیرہ المُزَنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

(حدیث نمبر:26)

امام طبرانیؒ(المتوفی360ھ)فرماتے ہیں:

حدثنا أحمد قال: نا أبو الفتح نصر بن منصور، عن بشر بن الحارث الحافي قال: حدثني زيد بن أبي الزرقاء قال: نا الوليد بن مسلم، عن سعيد بن عبد العزيز، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة، أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم، وذكر معاوية، فقال: «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهد به» لم يرو هذا الحديث عن بشر إلا نصر(1)

ہم سے بیان کیااحمد بن علی بن مسلمؒ نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیاابوالفتح نصر بن منصور نے،وہ بشر بن حارث سے،وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیازید بن ابی الزرقاء نے،

وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیاولید بن مسلم نے،وہ سعید بن عبدالعزیز سے،وہ یونس بن میسرہ سے،وہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے کہ اُنہوں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کوہادی ومہدی بنااوران کوذریعہ نجات بنا"۔

امام طبرانیؒ فرماتے ہیں:اس حدیث کو نہیں روایت کیابشر سے سوائے نصر بن منصور کے۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے،اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

تنبیہ:

اس سند میں ربیعہ بن یزید کی جگہ یونس بن میسرہ بن حلبس ہے جوعبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کررہاہے۔درمیان میں ابوادریس کاواسطہ نہیں ہے۔

ذیل میں ہر راوی کاترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "المعجم الأوسط" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (205/1) رقم الحديث (656) "مَنِ اسْمُهُ أَحْمَدُ"

تحقیق سند

ابوالقاسم سلیمان بن احمد الشامی الطبرانیؒ (المتوفی:360ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔ حدیث نمبر (7) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

احمد بن علی بن مسلم، ابوالعباس الابّارؒ (المتوفی:290ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (25) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابوالفتح نصر بن منصورؒ

ثقہ راوی ہیں۔ حدیث نمبر (24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

بشر بن حارث حافی ابونصر المروزیؒ (المتوفی:226ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

زید بن ابی الزرقاء الموصلیؒ (المتوفی:194ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ولید بن مسلم الدمشقیؒ (المتوفی:195ھ)

ثقہ کثیر التدلیس راوی ہیں، امام مسلمؒ نے صحیح میں متعدد روایات آپ سے لی ہیں۔ حدیث نمبر (6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔ تمام محدّثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مدلّس راوی جب حدثنا یا سمعت کے الفاظ سے تحدیث کی صراحت کرے تو تدلیس کا الزام اس پر سے رفع ہو جاتا ہے۔ روایت نمبر (22) میں تحدیث کی اور روایت نمبر (25) میں سماع کی تصریح موجود ہے ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری، الدمشقیؒ (المتوفی:132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔

آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

(حدیث نمبر:27)

امام طبرانیؒ(المتوفی:360ھ)فرماتے ہیں:

حدثنا عبدان بن أحمد، ثنا علي بن سهل الرملي، ثنا الوليد بن مسلم، عن سعيد بن عبد العزيز، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الرحمن بن عمير المزني، أنه سمع النبي صلى الله عليه وسلم وذكر معاوية فقال: «اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به»(1)

ہم سے بیان کیا عبدان بن احمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا علی بن سہل رملی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ولید بن مسلم نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبد العزیز نے،

وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا یونس بن میسرہ بن حلبس نے، وہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے، اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔ ولید بن مسلم نے دوسری روایات میں سماع کی تصریح کی ہے۔

تنبیہ:

اس سند میں ربیعہ بن یزید کی جگہ یونس بن میسرہ بن حلبس ہے جو عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر رہا ہے۔

درمیان میں ابو ادریس کا واسطہ نہیں ہے اور عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح موجود ہے جو روایت کے مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

---

(1) "مسند الشاميين" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (181/1) رقم الحديث (311) "ما روى سعيد، عن يونس بن ميسرة بن حلبس" (254/3) رقم الحديث (2198) "ما روى يونس عن عبد الرحمن بن عميرة المزني"

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

ابوالقاسم سلیمان بن احمد الشامی الطبرانیؒ (المتوفی:360ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔ حدیث نمبر (7) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبداللہ بن احمد بن موسی المعروف عبدان بن احمدؒ (المتوفی:306ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (21) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

علی بن سہل بن قادم، ابوالحسن الرملیؒ (المتوفی:361ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (21) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ولید بن مسلم الدمشقیؒ (المتوفی:195ھ)

ثقہ کثیر التدلیس راوی ہیں، امام مسلمؒ نے صحیح میں متعدد روایات آپ سے لی ہیں۔ حدیث نمبر (6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری، الدمشقیؒ (المتوفی:132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

(حدیث نمبر:28)

امام بخاریؒ(المتوفی:256ھ)فرماتے ہیں:

عن مروان عن سعيد عن ربيعة: سمع عبد الرحمن سمع النبي ﷺ "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(1)

ہم سے بیان کیامروان نے،وہ سعید سے،وہ ربیعہ سے،وہ فرماتے ہیں ربیعہ نے عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے سنا،عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کوہادی ومہدی بنااوران کوذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے۔امام بخاریؒ نے اسے مروان بن محمد کے شاگرد احمد بن الازہر سے سنا ہے۔

تنبیہ:

ربیعہ کی عبدالرحمن سے اور عبدالرحمن کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کررہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

محمد بن اسماعیل ابوعبداللہ البخاریؒ(المتوفی:256ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔حدیث نمبر(13)کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ(المتوفی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں،امام ابو حاتمؒ،امام صالح بن محمدؒ،امام دار قطنیؒ،امام ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

---

(1)"التاريخ الكبير" (250/5) رقم الترجمة (791) "عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني".

امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔امام ابن معین فرماتے ہیں "لا باس بہ"۔(1)

سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ (المتوفی: 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفّی: 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) مروان بن محمد بن حسان الأسدي الطاطري فهو ثقة وثقه الذهبي: في "الكاشف" (254/2) فقال: "ثقة إمام عن سعيد بن عبد العزيز". وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (86/10) قال أبو حاتم وصالح بن محمد: "ثقة" وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "ولد سنة سبع وأربعين ومائة". وقال البخاري: "مات سنة عشر ومائتين". قلت_الحافظ_ وقال أبو زرعة الدمشقي قال لي أحمد: "عندكم ثلاثة أصحاب حديث مروان بن محمد الطاطري، والوليد بن مسلم، وأبو مسهر". وقال الدوري عن بن معين: "لا بأس به وكان مرجئا". وقال الدارقطني: "ثقة". وضعفه أبو محمد بن حزم فأخطأ لأنا لا نعلم له سلفا في تضعيفه إلا بن قانع وقول بن قانع غير مقنع".وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (526/1) "ثقة من التاسعة".

(حدیث نمبر:29)

امام بخاریؒ(المتوفی:256ھ)فرماتے ہیں:

وقال لي ابن أزهر يعني أبا الأزهر، نا مروان بن محمد الدمشقي، نا سعيد، نا ربيعة بن يزيد سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني يقول سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية بن أبي سفيان "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(1)

مجھ سے بیان کیاابوالازہر نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیامروان بن محمد الدمشقیؒ نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیاسعید بن عبدالعزیز نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیاربیعہ بن یزید نے،وہ فرماتے ہیں میں نے سنا عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے وہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کوہادی ومہدی بنااوران کوذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے۔

تنبیہ:

ربیعہ کی عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے اور عبدالرحمن کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کررہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

محمد بن اسماعیل ابوعبداللہ البخاریؒ(المتوفی:256ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔حدیث نمبر(13)کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "التاريخ الكبير" (327/7) رقم الترجمة (1405) "معاوية بن أبي سفيان".

احمد بن الازہرؒ (المتوفی:261ھ)

صدوق درجے کے ہیں۔آپ کی کنیت ابوالازہر ہے۔نیشاپور کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔امام ابو حاتمؒ اور امام صالحؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔امام نسائیؒ اور امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں "لا بأس بہ"۔

امام احمد بن سیارؒ آپ کو "حسن الحدیث" لکھتے ہیں۔امام ابن شاہینؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا اور فرمایا خطاء کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ نے امام ابو حاتمؒ کے قول پر اعتماد کرتے ہوئے آپ کو صدوق لکھا ہے۔حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔(1)

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(28) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) أحمد بن الأزهر بن منيع أبو الأزهر العبدي مولاهم النيسابوري فهو صدوق وعنه قال الذهبي: في "الكاشف" (189/1) "صدوق قاله أبو حاتم وجزرة مات 261". وقد ذكره الحافظ: في "التهذيب" (10/1) وقال أحمد بن سيار: "حسن الحديث". وقال صالح جزرة: "صدوق". وقال النسائي والدارقطني: "لا بأس به". قلت-الحافظ- وقال أبو حاتم: "صدوق". وقال بن شاهين في "الإفراد" له: "ثقة نبيل". وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "يخطئ". و ايضا قال: في "التقريب" (77/1) "صدوق كان يحفظ ثم كبر فصار كتابه أثبت من حفظه".

(حدیث نمبر:30)

امام ابو عاصم الشیبانیؒ (المتوفی:287ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا محمد بن عوف، نا مروان بن محمد، نا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية: «اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به»(1)

ہم سے بیان کیا محمد بن عوف نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا مروان بن محمدؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبد العزیز نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ربیعہ بن یزید نے، وہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے، عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے، اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

تنبیہ:

اس سند میں بھی ربیعہ بن یزید اور عبد الرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابو ادریس کا واسطہ نہیں ہے

مزید یہ کہ عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "الآحاد والمثاني" (358/2) رقم الحديث: (1129) "ترجمة عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني ﷺ".

تحقیق سند

احمد بن عمرو بن الضحاک بن مخلد ابو عاصم الشیبانیؒ (المتوفی: 287ھ)

ثقہ قابل احتجاج، حافظ الحدیث ہیں۔ حدیث نمبر (16) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

محمد بن عوف بن سفیان الطائی ابو عبداللہ، الحمصیؒ (المتوفّی: 272ھ)

ثقہ قابل احتجاج، بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ محدّث شام کے لقب سے مشہور تھے۔ حدیث نمبر (16) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفی: 210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (28) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدّمشقیؒ (المتوفی: 167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدّمشقیؒ (المتوفّی: 123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

(حدیث نمبر:31)

امام ابوالقاسم البغویؒ(المتوفی:317ھ)فرماتے ہیں:

حدثنا ابن زنجويه، نا سلمة بن شبيب، نا مروان يعني ابن محمد، نا سعيد يعني ابن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد قال: سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية : "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".(1)

ہم سے بیان کیا محمد بن عبد الملک بن زنجویہ البغدادیؒ نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سلمہ بن شبیب نے،وہ مروان بن محمدؒ سے،وہ سعید بن عبد العزیز سے،وہ ربیعہ بن یزید سے،وہ فرماتے ہیں میں نے عبد الرحمن بن ابی عمیرہ سے سنا،عبد الرحمن بن ابی عمیرہ نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنااور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے۔

تنبیہ:

ربیعہ کی عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے اور عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابوالقاسم البغویؒ(المتوفی:317ھ)فرماتے ہیں:

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔حدیث نمبر(11)کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

محمد بن عبد الملک بن زنجویہ البغدادیؒ(المتوفی:258ھ)

---

(1) "معجم الصحابة" لابي القاسم البغوي (213/4) رقم الحديث: (1948)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام نسائیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ،امام نسائیؒ کی توثیق پر اعتماد کرتے ہیں۔امام ابو حاتمؒ آپ کو صدوق لکھتے۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔امام مسلمہؒ فرماتے ہیں: ثقہ کثیر الخطاء ہیں۔حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کی توثیق کرتے ہیں۔(1)

سلمہ بن شبیبؒ(المتوفّٰی:247ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں،امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ(المتوفی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(28) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ(المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ(المتوفّٰی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں،شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) محمد بن عبد الملك بن زنجويه البغدادي فهو ثقة وثقه النسائي: في "مشيخته" (98/1) وقال ابو حاتم: في "الجرح والتعديل" (5/8) "صدوق".وقال الذهبي: في "الكاشف" (196/2) "وثقه النسائي". وقد ذكره الحافظ: في "التهذيب" (280/9) فقال: روى عنه الأربعة والبغوي وذكره بن حبان: في "الثقات" قال بن مخلد: "مات في جمادى الآخرة سنة ثمان وخمسين ومائتين". قلت-الحافظ-وقال مسلمة: "ثقة كثير الخطأ". وايضا قال: في "التقريب" (494/1) "ثقة من الحادية عشرة مات سنة ثمان وخمسين".

(حدیث نمبر:32)

امام ابْنُ أَخِي مِيمِي الدقاقؒ (المتوفی:390ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا عبدالله بن سليمان قال: حدثنا عيسى بن هلال السليحي، حدثنا مروان بن محمد، حدثنا سعيد بن عبدالعزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبدالرحمن بن أبي عميرة المزني قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في معاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به".(1)

ہم سے بیان کیا عبداللہ بن سلیمان نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عیسی بن ہلال السلیحی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا مروان بن محمدؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبدالعزیز نے،

وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ربیعہ بن یزید نے، وہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے، عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے، اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

تنبیہ:

اس سند میں بھی ربیعہ بن یزید اور عبدالرّحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابوادریس کا واسطہ نہیں ہے۔

مزید یہ کہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) فوائد لابن أخي ميمي الدقاق (211/1) رقم الحديث: (452)

تحقیق سند

محمد بن عبداللہ بن الحسین ابوالحسین الدقاق، المعروف بابن اخي میمیؒ (المتوفی:390ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (4) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبداللہ بن سلیمان ابو بکر بن ابی داود الأزدی السجستانیؒ (المتوفی:313ھ)

بلند پایہ حافظ حدیث ثقہ محدّث ہیں۔ حدیث نمبر (4) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عیسی بن ھلال السّلیحیؒ (المتوفی)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ حدیث نمبر (4) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

مروان بن محمد الطاطریؒ (المتوفی:210ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (28) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدّمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدّمشقیؒ (المتوفّی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) فرماتے ہیں:

رواه سلمة بن شبيب وأحمد بن الأزهر وصفوان بن صالح وعيسى بن هلال وغيرهم فقالوا: نا مروان بن محمد، نا سعيد بن عبد العزيز حدثني ربيعة بن يزيد سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية "اللهم اجعله هادياً مهدياً واهد به".(1)

اس حدیث کو روایت کیا ہے سلمہ بن شبیب، احمد بن الازہر، صفوان بن صالح، عیسی بن ہلال السلیحی اور دیگر ائمہ نے وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا مروان بن محمدؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبد العزیز نے، وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیا ربیعہ بن یزید نے، وہ فرماتے ہیں میں نے عبد الرحمن بن ابی عمیرہ سے سنا، عبد الرحمن بن ابی عمیرہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

---

(1) "معجم الشيوخ" (155/1) رقم الترجمة (152) "إبراهيم بن محمد ابن سنى الدولة".

وقال مروان الطاطري: ثنا سعيد بن عبد العزيز، حدثني ربيعة بن يزيد، سمعت عبد الرحمن بن أبي عميرة يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول لمعاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به".

"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (309،310/4) "معاوية بن أبي سفيان".

حدیث: عمر بن عبدالواحد الدمشقیؒ (المتوفی: 201ھ)

(حدیث نمبر: 33)

امام ابن عساکر الدمشقیؒ (المتوفی: 571ھ) فرماتے ہیں:

فأخبرناه أبو محمد بن الأكفاني، حدثنا أبو محمد الكتاني، أنا تمام بن محمد أبو عبدالله بن مروان، نا أبو بكر أحمد بن المعلى، أنا محمود، نا عمر بن عبد الواحد، عن سعيد يعني ابن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد: كان على حمص عمير بن سعد فعزله عثمان وولى معاوية فبلغ ذلك أهل حمص فشق عليهم فقال عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول لمعاوية: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".

ہم سے بیان کیا ابو محمد بن اکفانیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو محمد کتانیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا تمام بن محمد ابو عبداللہ بن مروانؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو بکر احمد بن معلیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمود بن خالد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عمر بن عبدالواحدؒ نے، وہ سعید بن عبدالعزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے وہ فرماتے ہیں:

عمیر بن سعد حمص کے گورنر تھے حضرت عثمان نے اِن کو معزول کر کے حضرت معاویہ کو گورنر بنادیا جب یہ خبر اہل حمص کو پہنچی تو وہ اِس پر غصہ ہوئے ہیں۔ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (تم غصہ کیوں ہوتے ہو) میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے، عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (82،83/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان بن حرب".

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

امام ابن عساکر الدمشقیؒ (المتوفّٰی: 571ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔ دمشق کے رہنے والے جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو محمد بن الاکفانی الدمشقیؒ (المتوفی: 524ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابو محمد الکتانی الدمشقیؒ (المتوفی: 466ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تمام بن محمد الرازی الدمشقیؒ (المتوفی: 414ھ)

ثقہ، قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (2) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

احمد بن المعلی الدمشقیؒ (المتوفی: 286ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ امام نسائیؒ آپ کے بارے میں فرماتے ہیں: لا بأس بہ" حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔ (1)

محمود بن خالد الدمشقیؒ (المتوفی: 249ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ امام احمد بن ابی الحواریؒ، امام ابو حاتمؒ، امام نسائیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ امام ذہبیؒ آپ کو ثبت لکھتے ہیں۔

---

(1) أَحْمَد بن المعلى بن يزيد الأسدي أَبُو بَكْر الدمشقي القاضي فهو صدوق وعنه قال النسائي: في "مشيخته" (81/1) "لا بأس به". وقد ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (485/1) فقال: رَوَى عَن: محمود بْن خالد السلمي، توفي سنة ست وثمانين ومئتين فِي شهر رمضان. وقال الحافظ: في "التقريب" (84/1) "صدوق من الثانية عشرة".

عمر بن عبدالواحد الدمشقیؒ (المتوفی:200ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں،امام ابن سعدؒ، امام عجلیؒ، امام ابراہیم بن یوسفؒ،امام دحیمؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(1)

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔

حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) عمر بن عبد الواحد بن قيس السلمي أبو حفص الدمشقي فهو ثقة وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (421/7) روى عن سعيد بن عبد العزيز، قال بن سعد :"كان ثقة". وقال مروان بن محمد الطاطري: "نظرنا في كتب أصحاب الأوزاعي فيما رأينا أحدا أصح حديثا عن الأوزاعي من عمر بن عبد الواحد". وقال العجلي وإبراهيم بن يوسف الهسنجاني: "ثقة".

وقال دحيم: "ثقة أصح حديثا من بن أبي العشرين بكثير". وقال الإسماعيلي وسألته يعني عبد الله بن محمد بن سيار الفرهياني عن أوثق أصحاب الأوزاعي فقال: "عمر بن عبد الواحد لا بأس به". وذكره بن حبان في "الثقات" وقال دحيم: "ولد سنة 118".

وقال أبو زرعة الدمشقي حدثني بعض أصحابنا أن شعيب بن إسحاق: "مات سنة سبع وثمانين ومائة وعمر بن عبد الواحد سنة مائتين وفيها أرخ وفاته غير واحد". وقال الحسن بن محمد بن بكار بن بلال: "توفي سنة 201". قلت_الحافظ_ وقال بن قانع: "صالح". وذكر بعضهم أنه عاش 92 سنة. ايضا قال: في "التقريب" (415/1) "ثقة من التاسعة".

عمیر بن سعد الأنصاری

آپ جلیل القدر صحابی ہیں اور بڑے مقام کے حامل ہیں اور آپ کو کثرت زہد وعبادت کی وجہ سے لاثانی کہا جاتا تھا۔ آپ نے حضرت ابو عبیدہ کیساتھ فتح شام میں شمولیت کی اور حضرت عمر کے زمانے میں حمص اور دمشق میں نائب بنے اور جب حضرت عثمان کی خلافت کا زمانہ آیا تو آپ نے انہیں معزول کر دیا اور حضرت معاویہ کو پورے شام کا گورنر مقرر کر دیا۔ (1)

(1) عمير بن سعد الأنصاري الأوسي، صحابي جليل القدر كبير المحل، كان يقال له: نسيج وحده. لكثرة زهادته وعبادته، شهد فتح الشام مع أبي عبيدة، وناب بحمص وبدمشق أيضا في زمان عمر، فلما كانت خلافة عثمان عزله وولى معاوية الشام بكماله، وله أخبار يطول ذكرها. "البداية والنهاية" (404/10)

(حدیث نمبر:34)

امام ابو بکر الخلّال البغدادیؒ (المتوفی:311ھ) فرماتے ہیں:

أخبرنايعقوب بن سفيان أبويوسف الفارسي، قال:ثنا محمود بن خالد الأزرق، قال: ثنا عمر بن عبد الواحد، قال: ثنا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد:كان على حمص عمير بن سعد فعزله عثمان وولى معاوية، فبلغ ذلك أهل حمص فشق عليهم، فقال عبد الرحمن بن أبي عميرة المزني:سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية:«اللهم اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به»(1)

ہم سے بیان کیا یعقوب بن سفیان نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمود بن خالد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عمر بن عبد الواحدؒ نے، وہ سعید بن عبد العزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے وہ فرماتے ہیں:

عمیر بن سعد حمص کے گورنر تھے حضرت عثمان نے اِن کو معزول کر کے حضرت معاویہ کو گورنر بنا دیا جب یہ خبر اہل حمص کو پہنچی تو وہ اِس پر رنجیدہ ہوئے ہیں۔

عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (تم غصہ کیوں ہوتے ہو) میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے۔

عبد الرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی نبی کریم ﷺ سے سماع کی تصریح بھی موجود ہے جو روایت کے متصل مرفوع ہونے پر دلالت کر رہی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "السنة" (450/2) رقم الحديث: (697) "ذكر أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه".

تحقیق سند

امام ابو بکر الخلّال البغدادیؒ (المتوفی: 311ھ)

ثقہ حافظ حدیث ہیں۔ حدیث نمبر (24) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یعقوب بن سفیان بن جوان الفسویؒ (المتوفی: 277ھ)

ثقہ محدّث ہیں۔ ایک ہزار سے زائد ثقہ شیوخ سے روایت کی ہے۔ "کتاب التاریخ والمعرفة" جیسی کئی مفید کتابیں تصنیف کی ہیں۔ بعض علماء نے آپ پر تشیع کا الزام عائد کیا ہے کہ وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی برائی کرتے ہیں مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ نسبت درست نہیں جیسا کہ امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: یہ بات صحیح نہیں وہ ممتاز حافظ حدیث، امام، حجت تھے اور امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں: یعقوب بن سفیان کے متعلق ایسا گمان کرنا درست نہیں وہ بڑے پایہ کے محدّثین کے امام تھے۔

امام نسائیؒ، امام مسلمہؒ فرماتے ہیں: لا بأس بہ۔ امام حاکمؒ فرماتے ہیں: ملک فارس میں محدّثین کے امام تھے۔ حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ابو زرعہ دمشقیؒ فرماتے ہیں: عقلمند اور باوقار انسانوں میں سے ہمارے پاس یعقوب بن سفیان آئے جن کی مثال دیکھنے سے اہل عراق عاجز آ گئے۔ (1)

---

(1) يعقوب بن سفيان بن جوان الفارسي أبو يوسف بن أبي معاوية الفسوي الحافظ، صاحب التصانيف المشهورة. فهو ثقة ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (122/2) فقال: "الحافظ، الإمام، الحجة، صاحب التاريخ الكبير والمشيخة قال أبو زرعة الدمشقي: قدم علينا من نبلاء الرجال يعقوب بن سفيان يعجز أهل العراق أن يروا مثله والثاني: حرب بن إسماعيل، وهو ممن كتب عني. وقال محمد بن داود الفارسي أنا يعقوب بن سفيان العبد الصالح وقيل كان يتكلم في عثمان رضي الله عنه ولم يصح. مات قبل أبي حاتم الرازي بشهر في سنة سبع وسبعين ومائتين، وقع لنا حديثه في مشيخته.

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (39/11) وقال النسائي: "لا بأس به". وقال الحاكم:"كان إمام أهل الحديث بفارس". وقال مسلمة بن قاسم: "لا بأس به". وفي "التقريب" (68/1) "ثقة حافظ من الحادية عشرة".

وقال ابن كثير: في "البداية والنهاية" (631/14) "روى عن أكثر من ألف شيخ من الثقات وصنف كتاب " التاريخ والمعرفة "، وغيره من الكتب المفيدة النافعة،

محمود بن خالد الدمشقیؒ (المتوفی:249ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (33) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عمر بن عبد الواحد الدمشقیؒ (المتوفی:200ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (33) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہی۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

وقد أثنى عليه أبو زرعة الدمشقي، والحاكم أبو عبد الله النيسابوري وقال: هو إمام أهل الحديث بفارس، وقدم نيسابور وسمع منه مشايخنا، وقد نسبه بعضهم إلى التشيع. وذكر ابن عساكر أن يعقوب بن الليث صاحب فارس بلغه عنه أنه يتكلم في عثمان بن عفان فأمر بإحضاره، فقال له وزيره: أيها الأمير، إنه لا يتكلم في شيخنا عثمان بن عفان السجزي، إنما يتكلم في عثمان بن عفان الصحابي. فقال: دعوه ما لي وللصحابة، إني إنما حسبته يتكلم في شيخنا عثمان بن عفان السجزي.

قلت-ابن كثير- وما أظن هذا صحيحا عن يعقوب بن سفيان، فإنه إمام محدث كبير القدرَ".

(حدیث نمبر:35)

امام ابن قانعؒ(المتوفی:351ھ)فرماتے ہیں:

حدثنا إسحاق بن إبراهيم الأنماطي، نا محمود بن خالد، نا عمر بن عبد الواحد، نا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبي عميرة عن النبي ﷺ قال «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به»(1)

ہم سے بیان کیا اسحاق بن ابراہیم، ابو یعقوب الانماطیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمود بن خالد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عمر بن عبدالواحدؒ نے، وہ سعید بن عبدالعزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے، وہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے وہ نبی کریم ﷺ سے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

عبدالباقی بن قانع ابوالحسین اموی ؒ(المتوفی:351ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔ حدیث نمبر(25) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

اسحاق بن ابراہیم بن ابی حسان، ابو یعقوب الانماطیؒ(المتوفی:302ھ)

ثقہ راوی ہیں۔ امام دار قطنیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔(2)

---

(1) "معجم الصحابة" (146/2) رقم الحديث: (621) عبد الرحمن بن أبي عميرة الأزدي.

(2) إسحاق بن إبراهيم بن أبي حسان، أبو يعقوب الأنماطي فهو ثقة ذكره الخطيب: في تاريخه" (381/6) حدَّثَنِي عَلِيّ بْن مُحَمَّد بْن نَصْر قَالَ: سمعت حمزة بن يوسف السهمي يقول: سألت الدارقطني عن أبي يعقوب إسحاق بن إبراهيم الأنماطي.

محمود بن خالد الدمشقیؒ (المتوفی:249ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (33) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عمر بن عبد الواحد الدمشقیؒ (المتوفی:200ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (33) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں، آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ صفحہ () پر ان کا ترجمہ تفصیلاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

امام ذہبیؒ (المتوفی:748ھ) نے بھی احمد بن معلی کی سند سے اس روایت کو بیان کیا ہے

وقال أحمد بن المعلى نا محمود بن خالد، نا عمر بن عبد الواحد عن سعيد عن ربيعة بن يزيد: أن عمير بن سعد كان على حمص فعزله عثمان وولى معاوية فبلغ ذلك أهل حمص فشق عليهم، فقال عبد الرحمن بن أبي عميرة سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لمعاوية: "اللهم اجعله هادياً مهدياً واهده واهد به".(1)

فقال: "ثقة وهو بغدادي". أخبرنا أَبو طالب عمر بن إبراهيم الفقيه، قال: قال لنا عيسى بن حامد بن بشر بن عيسى الرخجي مات إسحاق بن أبي حسان الأنماطي في المحرم سنة اثنتين وثلاث مِئَة.

قلت-الخطيب- وذكر ابن المُنادي أن وفاته كانت يوم الأحد لإحدى عشرة ليلة خلت من المحرم.

(1) "معجم الشيوخ" (155/1) رقم الترجمة (152) "إبراهيم بن محمد ابن سنى الدولة".

ابو بکر احمد بن معلیؒ فرماتے ہیں: ہم سے بیان کیا محمود بن خالد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عمر بن عبدالواحدؒ نے، وہ سعید بن عبدالعزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے وہ فرماتے ہیں: عمیر بن سعد حمص کے گورنر تھے حضرت عثمان نے اِن کو معزول کر کے حضرت معاویہ کو گورنر بنادیا جب یہ خبر اہل حمص کو پہنچی تو وہ اِس پر غصہ ہوئے ہیں۔ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (تم غصہ کیوں ہوتے ہو) میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنااور ان کو ذریعہ نجات بنا"۔

حدیث کا حکم:

یہ روایت حسن درجے کی ہے اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

سوائے احمد بن المعلی الدمشقیؒ (المتوفی 286ھ) کے جو صدوق درجے کے ہیں۔

حدیث: محمد بن سلیمان بن ابی داود الحرّانیؒ (المتوفی: 213ھ)

(حدیث نمبر:36)

امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 571ھ) فرماتے ہیں:

فأخبرناه أبو القاسم زاهر وأبو بكر وجيه ابنا طاهر بن محمد وأبو الفتوح عبد الوهاب بن شاه بن أحمد قالوا أنا أحمد بن الحسن بن محمد الأزهري، أنا الحسن بن أحمد المخلدي، نا أبو بكر عبد الله بن محمد بن مسلم الإسفرايني، نا محمد بن غالب الأنطاكي، نا محمد بن سليمان، نا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن ابن أبي عميرة المزني وكان من أصحاب النبي (صلى الله عليه وسلم) أنه سمع رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول: "اللهم اجعل معاوية هاديا مهديا واهده واهد على يديه".(1)

ابوالقاسم زاہر بن طاہر، وجیہ بن طاہر بن محمد ابو بکر النّیسابوریؒ، عبدالوھاب بن شاہ النّیسابوریؒ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا احمد بن الحسن الازہری النّیسابوریؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا الحسن بن احمد بن المحلدی النّیسابوریؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبداللہ بن محمد بن مسلم ابو بکر الإسفرایینیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن غالب الأنطاکی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن سلیمان بن ابی داود الحرّانیؒ نے، وہ سعید بن عبدالعزیز سے، وہ ربیعہ بن یزید سے وہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے (عبدالرحمن بن ابی عمیرہ صحابی ہیں) انہوں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا اور ان کو ہدایت سے بہرہ یاب فرما۔ اِن کے ہاتھوں پر لوگوں کو ہدایت دے"۔

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

---

(1) "تاريخ دمشق" (83/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان".

سوائے محمد بن سلیمان بن ابی داود الحرّانیؒ (المتوفی: 213ھ) کے جو صدوق درجے کے راوی ہیں۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

تحقیق سند

ابوالقاسم زاہر بن طاہرؒ (المتوفی: 533ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (5) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

وجیہ بن طاہر بن محمد ابو بکر النّیسابوریؒ (المتوفی: 541ھ)

آپ نے احادیث کا بہت سماع کیا اور آپ کو اس فن کی معرفت بھی تھی۔

علامہ سمعانیؒ فرماتے ہیں: آپ متواضع انسان، دائمی ذکر کرنے والے، بہت زیادہ تلاوت کرنے والے تھے۔ امام ذہبیؒ آپ کو الشیخ، العالم، العدل، مسند خراسان اور بیت العدالہ والرّوایہ کے القابات سے نوازتے ہیں۔

امام ابن کثیرؒ لکھتے ہیں: آپ جلد اشکبار ہونے والے اور بہت ذکر الٰہی کرنے والے شیخ تھے، آپ نے سماع کو عمل کے ساتھ راست گفتاری کے ساتھ جمع کیا۔ (1)

عبدالوھاب بن شاہ النّیسابوریؒ (المتوفی: 535ھ)

ثقہ راوی ہیں۔ علامہ سمعانیؒ فرماتے ہیں: نیکوکار لوگوں میں سے تھے۔

امام ذہبیؒ آپ کو الشیخ، الصّالح، المامون کے القابات سے نوازتے ہیں۔ (1)

---

(1) وجيه بن طاهر بن محمد بن محمد بن أحمد بن يوسف أبو بكر الشحامي النيسابوري وعنه قال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (109/20) الشيخ، العالم، العدل، مسند خراسان، من بيت العدالة والرواية.

ولد: سنة خمس وخمسين وأربع مائة. ورحل في الحديث. حدث عنه: ابن عساكر، قال السمعاني: كتبت عنه الكثير، وكان يملي في الجامع الجديد بنيسابور كل جمعة مكان أخيه، وكان كخير الرجال، متواضعا متوددا، ألوفا، دائم الذكر، كثير التلاوة، وصولا للرحم، تفرد في عصره بأشياء،

وقال ابن كثير: في "البداية والنهاية" (344/16) (ثم دخلت سنة إحدى وأربعين وخمسمائة) "وقد سمع الكثير من الحديث، وكانت له معرفة به، وكان شيخا حسن الوجه سريع الدمعة كثير الذكر، صحيح السماع صدوق اللهجة".

احمد بن الحسن الازہری، النّیسابوریؒ (المتوفی: 463ھ)

صدوق راوی ہیں۔ امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: صدوق، محدّثین کی اولاد میں سے تھے۔(2)

الحسن بن احمد بن المحلدی النّیسابوریؒ (المتوفی: 389ھ)

امام حاکمؒ فرماتے ہیں: سماع حدیث اور کتابت میں صحیح اور روایت کرنے میں متقن اور اپنے زمانے کے محدّث تھے۔ امام ذہبیؒ آپ کو صدوق، شیخ العدالہ لکھتے ہیں۔(3)

عبداللہ بن محمد بن مسلم ابو بکر الإسفرایینیؒ (المتوفی: 318ھ)

ثقہ راوی ہیں۔

امام ذہبیؒ آپ کو الامام، الحافظ، الحجّت، النّاقد، المتقن لکھتے ہیں۔ امام حاکمؒ فرماتے ہیں: زمین کے اطراف و اکناف میں رہنے والے جیّد اور پُختہ کار اہل علم میں شمار ہوتے ہیں۔(4)

---

(1) عبد الوهاب بن شاه بن أحمد بن عبد الله أبو الفتوح الشاذياخي الخرزي النيسابوري وعنه قال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (35/20) الشيخ الصالح، المأمون، روى عنه السمعاني، وقال: كان من أهل الخير والصلاح، ولد سنة ثلاث وخمسين، توفي في شوال، سنة خمس وثلاثين وخمس مائة.

(2) أحمد بن الحسن بن محمد بن الحسن بن أزهر الأزهري، النيسابوري، الشروطي وعنه قال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (254/18) العدل، المسند، الصدوق، من أولاد المحدثين. وله أصول متقنة.حدث عنه: زاهر ووجيه؛ ابنا طاهر، توفي: في رجب سنة ثلاث وستين وأربع مائة-

(3) الحسن بن أحمد بن محمد بن الحسن بن علي بن مخلد بن شيبان المخلدي النيسابوري وعنه قال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (539/16) الإمام، الصدوق، المسند، العدل، شيخ العدالة، وبقية أهل البيوتات. حدث عنه: أبو حامد أحمد بن الحسن الأزهري.

قال الحاكم: هو صحيح السماع والكتب، متقن في الرواية، صاحب الإملاء في دار السنة، محدث عصره، توفي في رجب سنة تسع وثمانين وثلاث مائة.

(4) عبد الله بن محمد بن مسلم أبو بكر الإسفراييني وعنه قال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (547/14) الإمام، الحافظ، الناقد، المتقن الأوحد، وفي "تذكرة الحفاظ" (11/3) "الحافظ الحجة المجود، مولده سنة تسع وثلاثين ومائتين، ومات سنة ثماني عشرة وثلاثمائة.

قال الحاكم: هو ختن بديل الأسفراييني، كان من الأثبات المجودين في أقطار الأرض.

محمد بن غالب الأنطاکیؒ (المتوفی:224ھ)

ثقہ راوی ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(1)

محمد بن سلیمان بن ابی داود الحرّانیؒ (المتوفی:213ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔امام نسائی فرماتے ہیں "لا باس بہ"۔امام ابو عوانہؒ،امام مسلمہؒ،امام ذہبیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں "منکر الحدیث" حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔(2)

سعید بن عبد العزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبد الرحمن بن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو "الاَزدی" بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ "المُزنی" ہی۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں،شام کے شہر حمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔حدیث نمبر(1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) محمد بن غالب الأنطاكي ذكره ابن حبان: في "الثقات" (139/9) وعنه قال ابن حاتم: في "الجرح والتعديل" (55/8) روى عن يحيى بن السكن وابى الجواب كتبت اطرافا من حديثه ولم يقض لنا السماع منه 257 محمد بن غالب صاحب هشيم روى عن هشيم مات سنة اربع وعشرين يوما ومائتين ادركه ابى وكان مريضا فلم يكتب عنه سمعت أبي يقول ذلك.

(2) محمد بن سليمان بن أبي داود الحراني فهو صدوق يكتب حديثه ولايحتج به وثقه الذهبي: في "الكاشف" (176/2) وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (177/9) قال النسائي: "لا بأس به وأبوه ليس بثقة ولا مأمون". وقال أبو عوانة الإسفرائيني ثنا أبو داود الحراني ثنا محمد بن سليمان: "ثقة". وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "مات سنة ثلاث عشرة ومائتين". قلت_الحافظ_ قال أبو حاتم: "منكر الحديث". وقال مسلمة: "ثقة".وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (252/1) "صدوق من الحادية عشرة".

فصل ثالث

حدیث عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ

(حدیث نمبر:37)

امام ترمذیؒ(المتوفی:279ھ)فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قال: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قال: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الخَوْلاَنِيِّ، قَالَ: لَمَّا عَزَلَ عُمَرُ بْنُ الخَطَّابِ عُمَيْرَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ حِمْصَ وَلَّى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ النَّاسُ: عَزَلَ عُمَيْرًا وَوَلَّى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ عُمَيْرٌ: لاَ تَذْكُرُوا مُعَاوِيَةَ إِلاَّ بِخَيْرٍ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ اهْدِ بِهِ.

هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ. وَعَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ يُضَعَّفُ.

ہم سے بیان کیا محمد بن یحی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبداللہ بن محمد النّفیلی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عمرو بن واقد نے، وہ یونس بن حلبس سے، وہ ابوادریس خولانی سے، وہ فرماتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کو حمص کی امارت سے معزول کیا،

اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو وہاں کا والی بنایا تو لوگ چہ می گوئیاں کرنے لگے کہ دیکھو عمیر بن سعد کو معزول کر دیا اور حضرت معاویہ کو والی بنا دیا۔

تو حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگو معاویہ کا ذکر صرف خیر سے ساتھ کرو کیونکہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

اے اللہ معاویہ کے ذریعے لوگوں کو ہدایت دے۔(1)

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے، عمرو بن واقد کی تضعیف کی گئی ہے۔

---

(1) "السنن" للامام الترمذي (169/6) رقم الحديث (3843) "باب مناقب معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

"سير أعلام النبلاء" للامام الذهبي (126/3) رقم الترجمة (25) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ".

"البداية والنهاية" لابن كثير (130/8) "ترجمة معاوية وذكر شئ من أيامه وما ورد في مناقبه وفضائله".

حدیث کا حکم:

یہ روایت سند کے اعتبار سے اشد درجہ کی ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں عمرو بن واقد متروک الحدیث راوی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

محمد بن عیسی بن سورہ ابو عیسی الترمذیؒ (المتوفی:279ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

محمد بن یحی الذّھلی النیسابوریؒ (المتوفی:258ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں، امام ابو حاتمؒ، امام نسائیؒ، امام ابو احمد الفرّاءؒ، امام احمد بن سیّار المروزیؒ، اما مسلمہؒ اور حافظ ابنِ حجرؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبداللہ بن محمد النّفیلیؒ (المتوفی:234ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ امام ابو حاتمؒ، امام نسائیؒ، امام دار قطنیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ آپ کو متقن لکھتے ہیں۔ امام ابو داؤدؒ فرماتے ہیں: میں نے نفیلی سے بڑا حافظ حدیث نہیں دیکھا۔ امام شاذ کونی نفیلیؒ کے سوا کسی کیلیے حفظ حدیث کا اعتراف نہ کرتے تھے۔ امام احمدؒ ان کا تذکرہ کرتے تو ان کی بہت تعظیم و تکریم کرتے تھے۔ امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: پختہ کار حافظ حدیث ہیں حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کی توثیق کرتے ہیں۔ (1)

---

(1) عبد الله بن محمد بن علي بن نفيل بن زراع بن علي أبو جعفر النفيلي الحراني. فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (88/16) روى عن: وعمرو بن واقد الدمشقي وعنه: أحمد بن محمد بن حنبل، ومحمد بن يحيى الذهلي، وقال أبو عبيد الآجري: سمعت أبا داود يقول: ما رأيت أحفظ من النفيلي. وقال عبد الرحمن بن أبي حاتم: سمعت أبي يقول: حدثنا ابن نفيل الثقة المأمون. وقال النسائي: ثقة. وقال الدارقطني: ثقة مأمون محتج به. وقال ابن حبان: كان متقنا يحفظ".

وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ: (22/2) الحافظ الثبت المسند وكان الشاذكوني لا يقر لأحد في الحفظ إلا للنفيلي وكان أحمد بن حنبل إذا ذكره يعظمه وما رأيت بيده كتابا قط. وقال أبو حاتم: ثقة مأمون.

عمرو بن واقد القرشیؒ

متروک راوی ہے۔امام بخاریؒ،امام ترمذیؒ آپ کو منکر الحدیث لکھتے ہیں۔امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: ضعیف الحدیث، منکر الحدیث۔امام نسائیؒ،امام دار قطنیؒ،امام برقانیؒ،امام ذہبیؒ،حافظ ابن حجرؒ آپ کو متروک الحدیث لکھتے ہیں۔(1)

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری،الدمشقیؒ(التوفی:132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عائذ اللہ بن عبد اللہ ابو إدریس الخولانیؒ

آپ کبار تابعین میں سے ہیں،غزوہ حنین والے سال پیدا ہوئے ہیں،فضالہ بن عبید کے بعد دمشق کے قاضی مقرر ہوئے اور عبد الملک بن مروان کے زمانہ خلافت کے آخر تک قاضی رہے اور اسی عہدے کے دوران ان کا انتقال ہوا ہے۔امام مکحولؒ فرماتے ہیں: میں نے ان جیسا شخص نہیں دیکھا۔امام عجلیؒ،امام ابو حاتمؒ،امام نسائیؒ،امام ابن سعدؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں(2)

وقال الحافظ: في "التقريب" (321/1) "ثقة حافظ من كبار العاشرة".

(1) عمرو بن واقد القرشي أبو حفص فهو متروك ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (286/22) روى عن: يونس ابن ميسرة بن حلبس، وقال أبو حاتم: ضعيف الحديث، منكر الحديث.

وقال البخاري، والترمذي، منكر الحديث وقال النسائي، والدارقطني، والبرقاني: متروك الحديث. وقال أبو أحمد بن عدي: وهو ممن يكتب حديثه مع ضعفه.

وقال الذهبي: في "الكاشف" (90/2) "تركوه". الحافظ: في "التقريب" (428/1) "متروك من السادسة".

(2) عائذ الله بن عبد الله بن عمرو ويقال عبد الله بن إدريس بن عائذ بن عبد الله بن عتبة بن غيلان أبو إدريس الخولاني العوذي والعيذي وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (85/5) روى عن عمر بن الخطاب وأبي الدرداء ومعاذ بن جبل وأبي ذر وبلال وثوبان وحذيفة وعبادة بن الصامت وعوف بن مالك والمغيرة ومعاوية والنواس بن سمعان وأبي ثعلبة الخشني وأبي هريرة وأبي سعيد وحسان بن الضمري وعبد الله بن الديلمي وعبد الله بن السعدي وعمير بن سعد وواثلة بن الأسقع ويزيد بن عميرة الزبيدي وأبي مسلم الخولاني وغيرهم وعنه يونس بن ميسرة بن حلبس قال مكحول: "ما رأيت أعلم منه". وقال الزهري: "كان قاص أهل الشام وقاضيهم في خلافة عبد الملك". وقال العجلي: "دمشقي تابعي ثقة". وقال أبو حاتم والنسائي وابن سعد: "ثقة".

امام بخاریؒ(المتوفی:256ھ) نے یہ روایت امام احمدؒ(ثقہ قابل احتجاج محدّث،فقیہ ہیں) کے طریق سے بیان کی ہے۔

أحمد عن النفيلي أنه حدثهم عن عمرو بن واقد أنه حدثهم عن يونس بن حلبس عن أبي إدريس الخولاني عن عمير بن سعد قال: لا تذكروا معاوية إلا بخير فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "اللهم اهده".(1)

اس سند میں بھی عمرو بن واقد متروک راوی ہے۔

ترمذی اور بخاری کی مذکورہ بالا دونوں روایات میں:

"لا تذكروا معاوية إلا بخير" کی نسبت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کی طرف کی گئی ہے کہ یہ جملہ عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کا ہے۔

عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ

آپ کے متعلق ابن عبد البرؒ(المتوفی:463ھ) لکھتے ہیں:

اِن کا لقب "نسیج وحدہ" تھا اور اسی لقب سے مشہور تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سعید بن عامر رضی اللہ عنہ سے پہلے یا بعد میں عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کو حمص کا حاکم بنایا تھا آپ شام میں ہی قیام پذیر رہے اور شام میں ہی انتقال ہوا۔

وقال ابن عبدالبر: في "الاستيعاب" (1597/4) ولد فِي عام حنين. يعد فِي كبار التابعين، كَانَ قاضيًا بدمشق بعد فضالة بْن عبيد لمعاوية وابنه إِلَى أيام عبد الملك بْن مروان.

مات فِي آخرها قاضيًا. واسمه عائذ اللَّه بْن عَبْد اللَّهِ بن عمرو، روى عَنْ أبي إدريس أنه قَالَ: ولدت عام حنين، أَوْ قَالَ يوم حنين، إذ هزم اللَّه هوازن. وروى أَبُو اليمان الحكم بْن نافع، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْن عياش، عَنِ الوليد بْن أبي السائب، عَنْ مكحول، أنه كَانَ إذا ذكر أبا إدريس الْخَوْلَانِيّ قَالَ: مَا رأيت مثله.

قَالَ أَبُو عُمَرَ: روى عنه ربيعة بْن يَزِيد، وبشر بْن عَبْد اللَّهِ، وابن شهاب الزهري، ويونس بْن ميسرة بْن حلبس، وغيرهم.

(1) "التاريخ الكبير" للامام البخاري (328/7) رقم الترجمة (1405) "معاوية بن أبي سفيان ﷺ".

"كَانَ يقال لَهُ نسيج وحده، غلب ذَلِكَ عَلَيْهِ وعرف بِهِ...وكان عمر بن الخطاب رضي الله عنه قد ولى عُمَيْر بْن سَعْد هَذَا على حمص قبل سَعِيد بْن عَامِر بْن خذيم أو بعده...
سكن عُمَيْر بْن سَعْد هَذَا الشام، ومات بها".(1)

حافظ ابن حجرؒ (المتوفی:852ھ) لکھتے ہیں:

امام ابن سعدؒ نے فرمایا: خلافت معاویہ رضی اللہ عنہ میں فوت ہوئے ہیں۔امام بخاریؒ اور امام ابن ابی حاتمؒ بحوالہ اپنے والد لکھتے ہیں: صحابی ہیں اور ابو حاتمؒ نے یہ اضافہ کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے۔ابن السمیع نے آپ کو حمص میں فروکش ہونے والے صحابہ کے طبقہ اولی میں ذکر کیا ہے۔مؤرّخ واقدیؒ کا قول ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: کاش میرے پاس عمیر رضی اللہ عنہ جیسے لوگوں کی جماعت ہوتی تو میں ان کے ذریعے مسلمانوں کے کاموں میں مدد لیتا۔

وقال بن سعد توفي في خلافة معاوية وقال البخاري وابن أبي حاتم عن أبيه له صحبة وزاد أبو حاتم روى عن النبي صلى الله عليه و سلم روى عنه راشد بن سعد وحبيب بن عبيد زاد بن منده وابنه عبد الرحمن بن عمير وذكره بن سميع في الطبقة الأولى ممن نزل حمص من الصحابة وقال الواقدي كان عمر يقول وددت أن لي رجالا مثل عمير بن سعد أستعين بهم على أعمال المسلمين(2)

عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی اس مضمون کی روایت مروی ہے۔

---

(1) "الاستيعاب في معرفة الأصحاب" (1215/3) رقم الترجمة (1983)
(2) "الإصابة في تمييز الصحابة" (718/4) رقم الترجمة (6040)

فصل رابع

حدیث عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

(رقم الحدیث:38)

امام ابوالقاسم البغویؒ (المتوفی: 317ھ) فرماتے ہیں:

أخبرنا عبد الله قال: حدثنا محمد بن إسحاق قال: حدثنا هشام بن عمار قال: حدثنا عبد العزيز بن الوليد بن سليمان بن أبي السائب القرشي، عن أبيه أن عمر بن الخطاب ﷺ، ولى معاوية بن أبي سفيان فقالوا ولى حدث السن فقال تلوموني وأنا سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : "اللهم اجعله هاديا مهديا وأهديه".

ہم سے بیان کیا عبد اللہ نے وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن اسحاق نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ہشام نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبد العزیز بن ولید بن سلیمان نے، وہ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد ولید بن سلیمان سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تو لوگ کہنے لگے آپ نے نو عمر کو امیر مقرر کر دیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے اس کی امارت کے بارے میں ملامت کرتے ہو حالانکہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو بیان کرتے ہوئے سنا:

"اے اللہ اسے ہادی و مہدی بنادے اور اس کے ذریعے ہدایت دے"۔ (1)

حدیث کا حکم:

سند کے اعتبار سے یہ روایت منقطع ضعیف ہے کیونکہ ولید اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان انقطاع پایا جاتا ہے اور ایک راوی مجہول ہے لیکن دیگر روایات صحیحہ کی بنا پر اِس روایت کا متن (مضمون) صحیح ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "معجم الصحابة" لأبي القاسم البغوي (المتوفى: 317هـ) (170/5) رقم الحديث: (2189)

تحقیق سند

عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز ابوالقاسم البغویؒ (المتوفی:317ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (11) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبداللہ بن احمد بن محمد بن حنبل الشیبانیؒ (المتوفی:290ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔ حدیث نمبر (20) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

محمد بن اسحاق بن الحریص أبوالحسن القُرشی الدِّمَشقیؒ (المتوفی:281-290ھ)

مجہول راوی ہے۔ امام ابن عساکرؒ اور امام ذہبیؒ نے اس کا تذکرہ اپنی تاریخ میں کیا ہے تاہم توثیق و تضعیف کے حوالے سے کچھ دستیاب نہ ہو سکا(1)

ہشام بن عمار بن نصیر السلمیؒ (المتوفی:245ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ امام ابن معینؒ، امام عجلیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام عجلیؒ دوسرے مقام پر آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔ امام نسائیؒ فرماتے ہیں: لا باس بہ۔ امام دار قطنیؒ اور امام مسلمہؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: صدوق مقرئ راوی ہیں تاہم بڑی عمر میں تلقین قبول کرتے تھے اِس سے پہلے کی اِن کی حدیث صحیح ترین ہے۔(2)

---

(1) محمد ابن إسحاق بن عمرو بن عمر بن عمران أبو الحسن القرشي المؤذن المعروف بابن الحريص ذكره ابن عساكر: في "تاريخه" (26/52) فقال: "ختن هشام بن عمار روى عن هشام بن عمار". وهكذا قال الذهبي: في "تاريخه" (799/6)

(2) هشام بن عمار بن نصير بن ميسرة بن أبان السلمي ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (242/30) روى عنه: أبو بكر محمد بن خريم بن محمد بن عبد الملك بن مروان العقيلي، ذكره محمد بن سعد في الطبقة السابعة من أهل الشام. وقال معاوية بن صالح وإبراهيم بن الجنيد، عن يحيى بن معين: ثقة. وقال أبو حاتم، عن يحيى بن معين: كيس كيس. وقال العجلي: ثقة. وقال في موضع آخر: صدوق. وقال النسائي: لا بأس به. وقال البخاري: "مات بدمشق آخر المحرم سنة خمس وأربعين ومئتين".

عبدالعزیز بن الولید بن سلیمان القرشی الدمشقیؒ

ثقہ راوی ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیااور فرمایااہل شام کے عبادت گزار لوگوں میں سے ہیں(1)

ولید بن سلیمان بن ابی السائب القرشی

ثقہ راوی ہیں۔امام عجلیؒ،امام دحیمؒ،امام ابوداؤدؒ،امام ابو حاتمؒ،امام ابو بکر الجعابیؒ،حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔امام ابوالقاسمؒ فرماتے ہیں:لین الحدیث۔امام ذہبیؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں(2)

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

صحابی رسول ﷺ، خلیفہ راشد، مراد نبی ﷺ، داماد علی رضی اللہ عنہ (الصحابۃ کلہم عدول)۔

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (46/11) وقال الدارقطني: "صدوق كبير المحل". وقال عبدان: "ما كان في الدنيا مثله". وقال بن أبي حاتم عن أبيه: "لما كبر هشام تغير فكلما دفع إليه قرأه وكلما لقن تلقن وكان قديما أصح كان يقرأ من كتابه قال وسئل أبي عنه فقال: "صدوق". وذكره بن حبان في الثقات وقال مسلمة: "تكلم فيه وهو جائز الحديث صدوق".وقال القزاز: "آفته أنه ربما لقن أحاديث فتلقنها". وفي "التقريب" (573/1) "صدوق مقرئ كبر فصار يتلقن فحديثه القديم أصح من كبار العاشرة وقد سمع من معروف الخياط لكن معروف ليس بثقة مات سنة خمس وأربعين على الصحيح وله اثنتان وتسعون سنة".

(1) عبد العزيز بن الوليد بن سليمان بن أبي السائب القرشي الدمشقي ذكره ابن حبان: في "الثقات" (392/8) فقال: "وكان من عباد أهل الشام". وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (322/6) روى عن: أبيه، وعنه: هشام بن عمار وقال مروان بن محمد: "ما أدركت أحدا أفضله عليه". وقال أبو زرعة: "كان أروع أهل زمانه".

(2) الوليد بن سليمان بن أبي السائب القرشي أبو العباس فهو ثقة وعنه قال العجلي: في "الثقات" (465/1) "ثقة". وذكره بن حبان: في "الثقات" (223/9) فقال: "من أهل الشام يروي عن أبيه روى عنه ابنه عبد العزيز بن الوليد". وقال الذهبي: في "الكاشف" (352/2) "صدوق".

وعنه قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (118/11) قال دحيم، أبو داود: "ثقة". وقال أبو حاتم: "هو من ثقات مشيخة دمشق". وقال أبو القاسم البغوي بلغني: "أنه لين الحديث". وقال أبو بكر الجعابي: "كان ينزل الغوطة وهو عندهم من الثقات". وقال أبو زرعة الدمشقي: "بنو أبي السائب أهل بيت من أهل دمشق أهل علم وفضل وخير". وفي "التقريب" (582/1) "ثقة من السادسة".

(حدیث نمبر:39)

امام ابن عساکرؒ(المتوفی:571ھ)فرماتے ہیں:

"روي عن عمر بن الخطاب مسندا من وجه فيه انقطاع".

"روایت کی گئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے "مُسندا"اس طور سے کہ اس میں انقطاع ہے"۔

أخبرناه أبو الحسن علي بن المسلم، أنا نصر وابن فضيل قالا أنا ابن عوف، أنا ابن منير، أنا ابن خريم، نا هشام، نا ابن أبي السائب، وهو عبد العزيز بن الوليد بن سليمان قال وسمعت أبي فذكر أن عمر بن الخطاب ولى معاوية بن أبي سفيان فقالوا ولاه حدث السن فقال تلوموني وأنا سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول: "اللهم اجعله هاديا مهديا واهده واهد به".

قال ابن عساكر: "الوليد بن سليمان لم يدرك عمر".(1)

ابن عساکرؒ فرماتے ہیں: ہم سے بیان کیا علی بن مسلمؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا نصر اور ابن فضیل نے، یہ دونوں فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابن عوف نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابن منیر نے، وہ فرماتے ہم سے بیان کیا ابن خریم نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ہشام نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابن ابی السائب یعنی عبدالعزیز بن ولید بن سلیمان نے، وہ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد ولید بن سلیمان کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تو لوگ کہنے لگے آپ نے نو عمر کو امیر مقرر کر دیا ہے ؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے اس کی امارت کے بارے میں ملامت کرتے ہو حالانکہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو بیان کرتے ہوئے سنا:

"اے اللہ اسے ہادی و مہدی بنادے اور اس کے ذریعے ہدایت دے"۔

حدیث کا حکم:

یہ روایت سند کے اعتبار سے منقطع ضعیف ہے۔امام ابن عساکرؒ فرماتے ہیں: ولید بن سلیمان نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہیں پایا تاہم دیگر شواہد کی بناپر اس روایت کا متن (مضمون) صحیح ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" (86/59) رقم الترجمة (7510) "معاوية بن أبي سفيان".

تحقیق سند

علی بن زید بن علی ابوالحسن السلمیؒ (المتوفی:539ھ)

ثقہ راوی ہیں۔آپ امام ابن عساکرؒ کے شیوخ میں سے ہیں،پاک سیرت انسان،مسجد سلالین میں قرآن کی تعلیم دیتے تھے۔ایک جماعت نے آپ سے قرآن یاد کیا۔(1)

ابوالفتح نصر بن ابراہیم بن نصر بن ابراہیمؒ (المتوفی:490ھ)

امام ابن عساکرؒ آپ کو فقیہ،امام،زاہد لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو شیخ،امام،علامہ،محدّث،شیخ الاسلام کے القابات سے نوازتے ہیں۔(2)

محمد بن عوف بن احمد المزنی الدمشقیؒ (المتوفی:431ھ)

امام کتانیؒ آپ کو ثقہ،مامون لکھتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو محدّث،حجت لکھتے ہیں۔(3)

---

(1) علي بن زيد بن علي أبو الحسن السلمي الدواحي المؤدب وعنه قال ابن عساكر: في "تاريخه" (283/1) "سمع نصر بن إبراهيم المقدسي وكان يؤدب في مسجد السلالين رأس درب التبان وحفظ جماعة القرآن وصلى بمسجد درب الحجر نحو خمسين سنة احتسابا وكان عفيفا مستورا كتبت عنه ومات ليلة الجمعة ودفن يوم الجمعة السابع من ذي القعدة سنة تسع وثلاثين وخمسمائة بمقبرة باب الصغيرة حضرت دفنه والصلاة عليه".

وقال ابن الأبار: في "معجم أصحاب القاضي أبي علي الصدفي" (283/1) "وكان يؤدب بالقرآن وصلى بمسجد درب الحجر نحو خمسين سنة احتسابا ذكره ابن عساكر في تاريخه وهو من شيوخه".

(2) نصر بن إبراهيم بن نصر بن إبراهيم بن داود النابلسي أبو الفتح ذكره الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (136/19) الشيخ، الإمام، العلامة، القدوة، المحدث، مفيد الشام، شيخ الإسلام، الفقيه، الشافعي، صاحب التصانيف والأمالي.

وسمع من أبي الحسن محمد ن عوف المزني، قال الحافظ أبو القاسم ابن عساكر: "قدم دمشق سنة ثمانين وأربع مائة، فأقام بها يدرس المذهب إلى أن مات، ويروي الحديث، وكان فقيها، إماما، زاهدا، عاملا". وقال الحافظ أبو القاسم: توفي في المحرم، سنة تسعين وأربع مائة.

(3) محمد بن عوف بن أحمد بن محمد بن عبد الرحمن أبو الحسن المزني، المزني، الدمشقي. ذكره الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (550/17) الإمام، المحدث، الحجة، حدث عن: أبي علي الحسن بن منير وعنه: الفقيه نصر بن إبراهيم، توفي في ربيع الآخر، سنة إحدى وثلاثين وأربع مائة. قال الكتاني: "ذيل تاريخ مولد العلماء ووفياتهم" (179/1) "كان شيخا ثقة نبيلا مأمونا".

الحسن بن منیر بن محمد التنوخیؒ (المتوفی:365ھ)

امام کتانیؒ آپ کو ثقہ، مامون لکھتے ہیں۔(1)

محمد بن خریم بن محمد بن عبدالملک بن مروان العقیلیؒ (المتوفی:316ھ)

امام ذہبیؒ آپ کو امام، صدوق، محدّث دمشق لکھتے ہیں۔(2)

ہشام بن عمار بن نصیر السلمیؒ (المتوفی:245ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ صفحہ () پر ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالعزیز بن الولید بن سلیمان القرشی الدمشقیؒ

ثقہ راوی ہیں۔ حدیث نمبر (38) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ولید بن سلیمان بن ابی السائب القرشیؒ

ثقہ راوی ہیں۔ حدیث نمبر (38) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

صحابی رسول ﷺ، خلیفہ راشد، مراد نبی ﷺ، داماد علی رضی اللہ عنہ (الصحابۃ کلہم عدول)۔

امام ذہبیؒ (المتوفی:748ھ) نے ہشام بن عمار کی سند سے اس روایت کو نقل کر کے فرمایا یہ منقطع ہے۔

هشام بن عمار: حدثنا عبد العزيز بن الوليد بن سليمان، سمعت أبي يقول: إن عمر ولى معاوية، فقالوا: ولاه حديث السن. فقال: تلومونني، وأنا سمعت رسول الله -صلى الله عليه وسلم - يقول: (اللهم اجعله هاديا، مهديا، واهد به). هذا منقطع.(1)

---

(1) الحسن بن منير بن محمد التنوخي فهو ثقة وعنه قال عبد العزيز الكتاني: في "ذيل تاريخ مولد العلماء ووفياتهم" (101/1) توفي أبو علي الحسن بن منير بن محمد التنوخي يوم السبت لأربع بقين من شهر ربيع الأول سنة خمسين وستين وثلاثمئة وكان ثقة نبيلا مأمونا حدث عن عبد الله بن سلم المقدسي ومحمد بن خريم وغيرهما.

(2) أبو بكر محمد بن خريم بن محمد بن عبد الملك بن مروان العقيلي، فهو صدوق وعنه قال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (428/14) الإمام، المحدث، الصدوق، مسند دمشق، حدث عن: هشام بن عمار، مات: لست بقين من جمادى الآخرة، سنة ست عشرة وثلاث مائة، وهو من أبناء التسعين.

امام ابن کثیرؒ (المتوف:774ھ) کی رائے:

امام ترمذیؒ نے عمرو بن واقد کے طریق سے جو روایت بیان کی جس میں حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کی طرف ان الفاظ کی نسبت ہے "لا تذكروا معاوية إلا بخير" لوگو معاویہ کا ذکر صرف خیر سے ساتھ کرو کیونکہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کے ذریعے لوگوں کو ہدایت دے"۔

امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں: امام ترمذیؒ اِس روایت کو بیان کرنے میں متفرّد ہیں اور آپ نے از خود فرمایا کہ یہ روایت غریب ہے اور اِس کی سند میں عمرو بن واقد ضعیف ہے۔ اسی طرح اسے اصحاب الاطراف نے عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ کی مسند میں بیان کیا ہے اور میرے نزدیک عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی روایت ہی صحیح ہونی چاہیے آپ نے فرمایا:

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ذکر خیر کیساتھ کرو تاکہ ان کے امیر مقرر کرنے میں آپ کا عذر ہو اور اسے اس بات سے تقویت ملتی ہے کہ ہشام بن عمار فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابن ابی السائب یعنی عبدالعزیز بن ولید بن سلیمان نے، وہ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد ولید بن سلیمان کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تو لوگ کہنے لگے آپ نے نو عمر کو امیر مقرر کر دیا ہے؟ حضرت عمر نے فرمایا تم مجھے اس کی امارت کے بارے میں ملامت کرتے ہو حالانکہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو بیان کرتے ہوئے سنا:

"اے اللہ اسے ہادی و مہدی بنادے اور اس کے ذریعے ہدایت دے"۔

یہ روایت منقطع ہے اور اسے اس سے ما قبل کی حدیث تقویت دیتی ہے۔

وقال الترمذي: حدثنا محمد بن يحيى، ثنا عبد الله بن محمد النفيلي، ثنا عمرو بن واقد، عن يونس بن حلبس، عن أبي إدريس الخولاني قال: لما عزل عمر بن الخطاب عمير بن سعد عن الشام، وولى معاوية، قال الناس: عزل عميرا وولى معاوية. فقال عمير: لا تذكروا معاوية إلا بخير، فإني سمعت

---

(1) "سير أعلام النبلاء" (126/3) رقم الترجمة (25) "معاوية بن أبي سفيان صخر بن حرب الأموي".

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " اللهم اهد به ". تفرد به الترمذي، وقال: غريب، وعمرو بن واقد ضعيف. هكذا ذكره أصحاب الأطراف في مسند عمير بن سعد الأنصاري. وعندي أنه ينبغي أن يكون من رواية عمر بن الخطاب، ويكون الصواب: فقال عمر: لا تذكروا معاوية إلا بخير. ليكون عذرا له في توليته له. ومما يقوي هذا أن هشام بن عمار قال: حدثنا ابن أبي السائب، وهو عبد العزيز بن الوليد بن سليمان، قال: وسمعت أبي يذكر أن عمر بن الخطاب ولى معاوية بن أبي سفيان، فقالوا: ولى حدث السن. فقال: تلومونني في ولايته، وأنا سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "اللهم اجعله هاديا، واهد به". وهذا منقطع يقويه ما قبله.(1)

خلاصہ کلام:

"لا تذكروا معاوية إلا بخير" **یہ الفاظ عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ کے ہیں یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے؟**

امام ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

صحیح بات یہ ہے کہ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہیں اور اس کی تائید میں ہشام بن عمار کی سند سے منقطع روایت پیش کی اور فرمایا کہ اِس منقطع روایت کو ما قبل کی حدیث، حدیث عمیر تقویت دیتی ہے۔

(1) "البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (774 هـ) (409/11) "ترجمة معاوية، رضي الله عنه، وذكر شيء من أيامه، ودولته، وما ورد في مناقبه وفضائله".

(حدیث نمبر:40)

امام طبرانیؒ(المتوفی:360ھ)فرماتے ہیں:

حدثنا أحمد بن يحيى بن خالد بن حبان الرقي، ثنا موسى بن محمد البلقاوي، ثنا خالد بن يزيد بن صبيح المري، عن يونس بن ميسرة، عن عبد الرحمن بن عميرة، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وذكر معاوية فقال: «اللهم اجعله هاديا مهديا، واهده واهد به»

ہم سے بیان کیااحمد بن یحی بن خالد بن حبان الرقی نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیاموسی بن محمد بُلقاوی نے،وہ فرماتے ہیں:

ہم سے بیان کیا خالد بن یزید بن صبیح مری نے،وہ یونس بن میسرہ سے، وہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ سے وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

"اے اللہ اسے ہادی ومہدی بنادے اوراس کے ذریعے ہدایت دے"۔(1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت موضوع ہے کیونکہ اس کی سند میں موسی بن محمد بُلقاوی وضّاع وکذاب راوی ہے۔ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

احمد بن یحی بن خالد بن حبان الرقیؒ(المتوفی:294ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں(2)ان کے بارے میں کوئی جرح نقل نہیں کی گئی۔

---

(1) "مسند الشاميين" (254/3) رقم الحديث: (2199) "يونس عن عبد الرحمن بن عميرة المزني".

(2) أحمد بن يحيى بن خالد بن حيان أبو العباس الرقي المصري فهو صدوق ذكره الذهبي: في "تاريخه" (904/6) فقال: روى عَنْ: يحيى بن سليمان الجعفي. وَعَنْهُ: الطَّبَرانيّ وغيره، تُوُفِّيَ في ربيع الأول سنة أربعٍ وتسعين ومائتين. وقال أبو الطيب نايف بن صلاح بن علي المنصوري: في "إرشاد القاصي والداني إلى تراجم شيوخ الطبراني" (193/1) "صدوق لأنه مشهور مكثر ولم يطعن فيه".

موسی بن محمد بن عطاء ابو طاھر المقدسی البُلقاوی (المتوفّی۔۔)

کذاب راوی ہے۔امام ابو حاتمؒ،امام ابوزرعہؒ،امام ذہبیؒ آپ کو کذّاب لکھتے ہیں۔امام دار قطنیؒ،امام ہیثمیؒ آپ کو متروک قرار دیتے ہیں۔امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں:اس سے روایت کرنا جائز نہیں یہ حدیث گھڑتا تھا ۔امام عقیلیؒ فرماتے ہیں: ثقات سے باطل،موضوعات بیان کرتا ہے۔امام نسائیؒ لکھتے ہیں: ثقہ نہیں ہے۔امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں: منکر الحدیث۔(1)

خالد بن یزید بن صبیح مریؒ (المتوفی:189ھ)

ثقہ راوی ہیں۔امام عجلیؒ،امام ابو حاتمؒ،امام دحیمؒ،حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔امام نسائیؒ فرماتے ہیں: لیس بہ بأس۔امام ابن حبانؒ آپ کو ثقات میں لکھتے ہیں۔امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں:ان کی روایت کا اعتبار کیا جائے گا۔(2)

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری،الدمشقیؒ (المتوفی:132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(6) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) مُوسَى بن مُحَمَّد بن عَطاء أَبُو طَاهِر الْمَقْدِسِي الدمياطي الْبُلْقَاوِيُّ فهو كذاب ذكره الدارقطني: في "الضعفاء والمتروكون" (133/3) وقال ابن عدي: في "الكامل" (64/8) منكر الحديث، وَيَسْرِقُ الحديث. وقال ابن الجوزي: في "الضعفاء والمتروكون" (149/3) قَالَ أَبُو حَاتِم الرَّازِيّ: "كَانَ يكذب وَيَأْتِي بالأباطيل". وَقَالَ أَبُو زرْعَة: "كَانَ يكذب". وَقَالَ الْعقيلِيّ: "يحدث عَن الثِّقَات بِالْبَوَاطِيل والموضوعات". وَقَالَ ابْن حبَان: "كَانَ يضع الحَدِيث على الثِّقَات". وَقَالَ الدَّارَقُطْنِيّ: "ضَعِيف".

وقال الذهبي: في "المغني" (686/2) "كذاب متهم ". وايضا قال: في "ميزان الاعتدال" (219/4) كذبه أبو زرعة، وأبو حاتم. وقال النسائي: ليس بثقة. وقال الدارقطني وغيره: متروك. وقال ابن حبان: لا تحل الرواية عنه، كان يضع الحديث.

وقال الهيثمي: في "مجمع الزوائد" (108/10) "رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي الْكَبِيرِ وَالْأَوْسَطِ، وَفِيهِ مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَطَاءٍ الْبَلْقَاوِيُّ، وَهُوَ مَتْرُوكٌ".

(2) خالد بن يزيد بن صالح بن صبيح بن الخشخاش بن معاوية بن سفيان المري فهو ثقة ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (108/1) فقال: روى عن يونس بن ميسرة بن حلبس وقال العجلي ودحيم وأبو حاتم: "ثقة". زاد بن أبي حاتم: "صدوق". وقال النسائي: "ليس به بأس". وقال الدارقطني: "يعتبر به". وذكره بن حبان: في "الثقات" توفي قبل سعيد بن عبد العزيز بنحو من سنة بن تسع وثمانين وتوفي سعيد سنة. وفي "التقريب" (191/1) "ثقة من السابعة".

عبدالرحمن بِن ابی عَمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حِمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

فصل خامس

حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ

(حدیث نمبر:41)

ابوالقاسم ابن بِشْران بن مہران البغدادیؒ(المتوفی:430ھ)فرماتے ہیں:

أخبرنا أبو محمد عمر بن محمد بن عبد الصمد المقرئ، ثنا أبو عبد الله الحسين بن محمد بن محمد بن عفير الأنصاري، ثنا محمد بن الحسين الجوهري، بالسوس، ثنا أبو صالح عبد الله بن صالح، حدثني معاوية بن صالح، عن يونس بن سيف، عن الحارث بن زياد، عن أبي رهم، عن العرباض بن سارية،

قال: دعاني النبي صلى الله عليه وسلم إلى السحور، فقال: «هلم إلى الغداء المبارك».قال: وسمعته يدعو لمعاوية: «اللهم اجعله هاديا مهديا، وأرضه وارض عنه»

ہم سے بیان کیاابو محمد عمر بن عبد الصمد المقریٔ نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیاابو عبداللہ حسین بن محمد بن محمد بن عفیر انصاری نے،وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن حسین جوہری نے،

وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو صالح عبداللہ بن صالح نے،وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیا معاویہ بن صالح نے،وہ یونس بن سیف سے،وہ حارث بن زیاد سے،وہ ابی رھم سے،وہ عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے وہ فرماتے ہیں:

نبی کریم ﷺ نے مجھے سحری کی دعوت دی فرمایا: مبارک کھانے کی طرف آؤ۔ پھر میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت معاویہ کے حق میں یہ دعا دیتے ہوئے سنا:

"اے اللہ معاویہ کو ہادی و مہدی بنا، میں اس سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو"۔(1)

---

(1) "أمالي" (المتوفى: 430هـ) (284/1) رقم الحديث: (1517)

حدیث کا حکم:

یہ حدیث سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ کیونکہ اس کی سند میں محمد بن حسین جوہری مجہول الحال راوی ہے۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران البغدادیؒ (المتوفی:430ھ)

امام خطیب بغدادیؒ آپ کو صدوق، ثبت، صالح لکھتے ہیں۔ امام ذہبیؒ آپ کو شیخ، امام، محدّث، صادق، واعظ، مسند العراق کے القابات سے نوازتے ہیں۔(1)

ابو محمد بن عمر بن عبدالصمد المقریؒ (المتوفی:374ھ)

ثقہ راوی ہیں۔ امام خطیب بغدادیؒ فرماتے ہیں: اللہ کے نیک بندوں میں سے ہیں۔(2)

محمد بن حسین جوہری

مجہول الحال راوی ہے۔

---

(1) عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْن بشران بْن مُحَمَّد بْن بشر بْن مهران، أبو القاسم الأمويّ ذكره الخطيب: في "تاريخه" (431/10) فقال: "كتبنا عنه وكان صدوقا ثبتا صالحا، وكان مولده في شوال من سنة تسع وثلاثين وثلاثمائة. ومات في صبيحة يوم الأربعاء الثامن عشر من شهر ربيع الآخر سنة ثلاثين وأربعمائة.

وقال الذهبي: في "سير اعلام النبلاء" (450/17) "الشيخ، الإمام، المحدث، الصادق، الواعظ، المذكر، مسند العراق".

(2) عُمَر بْن مُحَمَّد بْن عَبْد الصمد بْن الليث بْن بيان بْن خداش، أَبُو مُحَمَّد المقرئ فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (259/11) كان أحد عباد الله الصالحين، وحدث عَنْ الحسين بْن مُحَمَّد بْن عفير.

حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عُمَر بْن مُحَمَّد بْن عَبْد الصمد المقرئ- بغدادي- ثقة أخبرنا أَبُو عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيّ بن أبي أيّوب- بالبصرة- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشوارب، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى الله عليه وَسَلَّمَ: «مَنْ زَرَعَ زَرْعًا أَوْ غَرَسَ غَرْسًا فَأَكَلَ مِنْهُ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيمَةٌ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ»

قَالَ لنا الحسن بْن علي الجوهري: توفي عُمَر بْن مُحَمَّد بْن عَبْد الصمد المقرئ فِي يوم السبت التاسع من رجب من سنة أربع وسبعين وثلاثمائة، ودفن فِي مقبرة باب حرب.

عبداللہ بن صالح ابو صالح مصریؒ (المتوفی: 223ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ آپ کی روایت متابعت اور شاہد کے طور پر لیا جائے گا آپ مصر کے بلند پایہ محدّث تھے۔

امام ابو زرعہؒ، امام ابن القطانؒ آپ کو حسن الحدیث لکھتے ہیں۔

امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں: مستقیم الحدیث۔

امام ابن معینؒ آپ کی توثیق فرماتے ہیں۔ امام نسائیؒ فرماتے ہیں: ثقہ نہیں ہیں۔

حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔ (1)

---

(1) عبد الله بن صالح بن محمد بن مسلم الجهني مولاهم أبو صالح المصري كاتب الليث بن سعد ومعاوية بن صالح الحضرمي فهو صدوق حسن الحديث وعنه قال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (285/1) "قد سقت أخباره في الميزان وأنه ليس بحجة وله مناكير في سعة ما روى قال ابن عدي: هو عندي مستقيم الحديث لا يتعمد الكذب. مات يوم عاشوراء سنة ثلاث وعشرين ومائتين وأما النسائي فقال: ليس بثقة". ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (308/1) وقال أبو حاتم: سمعت عبد الملك بن شعيب بن الليث يقول: "أبو صالح ثقة مأمون". وقال عبد الله بن أحمد سألت أبي عنه فقال: "كان أول أمره متماسكا ثم فسد بآخره وليس هو بشيء. قال وسمعت أبي ذكره يوما فذمه وكرهه. وقال صالح بن محمد: "كان بن معين يوثقه وعندي أنه كان يكذب في الحديث". وقال بن المديني: "ضربت على حديثه وما أروي عنه شيئا". وقال أحمد بن صالح: "متهم ليس بشيء". وقال النسائي: "ليس بثقة". وقال سعيد البردعي قلت لأبي زرعة أبو صالح كاتب الليث فضحك وقال: "ذاك رجل حسن الحديث".

قال بن أبي حاتم سألت أبا زرعة عنه فقال: "لم يكن عندي ممن يتعمد الكذب وكان حسن الحديث". وقال بن عدي: "هو عندي مستقيم الحديث إلا أنه يقع في حديثه في أسانيده ومتونه غلط ولا يتعمد الكذب". قلت-الحافظ- وقال أبو هارون الخريبي: "ما رأيت أثبت من أبي صالح". قال وسمعت يحيى بن معين يقول: "هما ثبتان ثبت حفظ وثبت كتاب وأبو صالح كاتب الليث ثبت كتاب". وقال الحاكم أبو أحمد: "ذاهب الحديث". وقال بن القطان: "هو صدوق ولم يثبت عليه ما يسقط له حديثه إلا أنه مختلف فيه فحديثه حسن". وقال الخليلي: "كاتب الليث كبير لم يتفقوا عليه لأحاديث رواها يخالف فيها". وقال بن حبان: "منكر الحديث جدا يروي عن الأثبات ما ليس من حديث الثقات وكان صدوقا في نفسه وإنما وقعت المناكير في حديثه من قبل جار له كان يضع الحديث على شيخ عبد الله بن صالح ويكتب بخط يشبه خط عبد الله ويرميه في داره بين كتبه فيتوهم عبد الله أنه خطه فيحدث به". وقال مسلمة بن قاسم: "كان لا بأس به".

وقال الحافظ: في "التقريب" (308/1) "صدوق كثير الغلط ثبت في كتابه وكانت فيه غفلة من العاشرة".

ابو عمرو معاویہ بن صالح الحضرمیؒ (المتوفی:172ھ)

ثقہ راوی ہیں۔امام احمدؒ،امام عبدالرحمن بن مہدیؒ،امام عجلیؒ،امام نسائیؒ،امام ابن سعدؒ،امام ابو زرعہؒ،امام بزارؒ یہ تمام کبار ائمہ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔حدیث نمبر(43) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یونس بن سیف العنسی الکلاعی الحمصیؒ (المتوفی:120ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔امام دار قطنیؒ،امام ذہبیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔حدیث نمبر(43) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

حارث بن زیاد شامیؒ

آپ کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپ ثقہ تابعی ہیں۔صفحہ ()پر ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

احزاب بن اسید ابو رہم السمعیؒ

ثقہ کبار تابعین میں سے ہیں۔حدیث نمبر(43) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عرباض بن ساریہ السلمی رضی اللہ عنہ (المتوفی:57ھ)

مشہور صحابی ہیں جن کا تعلق اہل صفہ سے ہے پھر حمص میں فروکش ہوئے ہیں۔صفحہ ()پر ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

نوٹ:

عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ "اللھم اجعلہ ھادیا مھدیا" صرف ابو القاسم ابن بِشْران کی سند سے مروی ہیں،ان کے علاوہ ائمہ محدّثین کی ایک بڑی جماعت ہے جنہوں نے اِن سے "اللھم علم معاویۃ الکتاب والحساب وقہ العذاب" کے الفاظ کو نقل کیا ہے۔امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفّی:571ھ) نے ان الفاظ کو متعدد طرق سے روایت کیا ہے۔

باب ثالث

"اللهم علمه الكتاب والحساب وقه العذاب"

اے اللہ معاویہ کو حساب و کتاب کا علم عطاء فرما، اسے عذاب سے محفوظ فرما۔

یہ باب چار فصول پر مشتمل ہے

فصل اوّل

حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی جملہ اسانید پر بحث اور ان کا حکم

فصل ثانی

حدیث مسلمہ بن خالد رضی اللہ عنہ

فصل ثالث

حدیث عبدالرحمن بن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ

فصل رابع

حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما

فصل اوّل

حدیث عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی جملہ اسانید پر بحث اور ان کا حکم

(رقم الحدیث:42)

امام ابن عساکر الدّمشقیؒ (المتوفی: 571ھ) فرماتے ہیں:

الحسن بن عرفة نا قتيبة بن سعيد البلخي عن ليث بن سعد عن معاوية بن صالح عن يونس بن سيف عن الحارث بن زياد صاحب رسول الله (صلى الله عليه وسلم) أن رسول الله (صلى الله عليه وسلم) دعا لمعاوية فقال: "اللهم علمه الكتاب والحساب وقه العذاب"

الحسن بن عرفہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا قتیبہ بن سعید البلخی نے، وہ روایت کرتے ہیں لیث بن سعد سے، وہ معاویہ بن صالح، سے وہ یونس بن سیف سے، وہ حارث بن زیاد سے جو صحابی رسول ہیں فرماتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے حضرت معاویہ کو یہ دعا دی:

"اے اللہ معاویہ کو حساب و کتاب کا علم عطاء فرما، اسے عذاب سے محفوظ فرما"۔ (1)

اس سند سے معلوم ہوا کہ حارث بن زیاد صحابی رسول ہیں جبکہ امام ابن عساکرؒ فرماتے ہیں: حارث بن زیاد کا صحابی ہونا ہمیں معلوم نہیں، مذکورہ بالا سند میں حارث بن زیاد کے بعد دو راوی ساقط ہیں، معاویہ بن صالح سے ایک جماعت عبد الرحمن بن مہدی، اسد بن موسی، بشر بن سری، عبد اللہ بن صالح نے درست سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

(جس میں حارث بن زیاد اور رسول اکرم ﷺ کے درمیان دو واسطے ہیں)

قال ابن عساكر: "ولا نعلم للحارث صحبة وقد أسقط من إسناده رجلان وقد رواه على الصواب عن معاوية بن صالح ابن مهدي وأسد بن موسى وبشر بن السري وعبد الله بن صالح". (2)

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (74/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

(2) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (75/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

امام ابن مندہؒ نے فرمایا: یہ قتیبہ یا حسن بن عرفہ سے وہم ہوا ہے کہ انہوں نے حارث بن زیاد کے بارے میں فرمایا: "صاحب رسول اللہ ﷺ"۔ هذا وهم من قتيبة، أو من الحسن بن عرفة.(1)

(1) "الإصابة في تمييز الصحابة" (165/2) رقم الترجمة: (2042) الحارث بن زياد

طریق: عبدالرحمن بن مہدی بصریؒ (المتوفی: 198ھ)

(حدیث نمبر: 43)

امام احمد بن حنبلؒ (المتوفی: 241ھ) فرماتے ہیں:

حدثنا عبد الرحمن بن مهدي، عن معاوية يعني ابن صالح، عن يونس بن سيف، عن الحارث بن زياد، عن أبي رهم، عن العرباض بن سارية السلمي، قال: سمعت رسول الله ﷺ وهو يدعو إلى السحور في شهر رمضان: "هلم إلى الغداء المبارك " ثم سمعته يقول: "اللهم علم معاوية الكتاب والحساب وقه العذاب".

ہم سے بیان کیا عبدالرحمن بن مہدیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا معاویہ بن صالح نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا یونس بن سیف نے، وہ حارث بن زیاد سے، وہ ابورہم سے، وہ عرباض بن ساریہ سے، وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ مجھے سحری کی دعوت دیتے ہوئے فرمایا اس مبارک کھانے کیلیے آجاؤ۔ پھر میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ:

"اے اللہ معاویہ کو حساب وکتاب کا علم عطاء فرما، اسے عذاب سے محفوظ فرما"۔ (1)

---

(1) تخريج حديث

"المسند" للإمام أحمد بن حنبل (المتوفى: 241هـ) (383/28) رقم الحديث: (17152) "حديث العرباض بن سارية عن النبي ﷺ".

"فضائل الصحابة" للإمام أحمد بن حنبل (المتوفى: 241هـ) (913/2) رقم الحديث: (1748) "فَضَائِلُ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا".

"جزء الحسن بن عرفة العبدي" (المتوفى: 257هـ) (61/1) رقم الحديث: (36)

"المعرفة والتاريخ" للفسوي (المتوفى: 277هـ) (345/2)

"المسند" للبزار (المتوفى: 292هـ) (138/10) رقم الحديث: (4202) "مسند العرباض بن سارية.رضي الله عنه".

"السنة" لأبي بكر الخَلَّال البغدادي الحنبلي (المتوفى: 311هـ) (459/2) رقم الحديث: (696) "ذكر أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه".

"الصحيح" لابن خزيمة (المتوفى: 311هـ) (214/3) رقم الحديث: (1938) "باب ذكر الدليل أن السحور قد يقع عليه اسم الغداء".

"السنة" لأبي بكر الخَلَّال البغدادي الحنبلي (المتوفى: 311هـ) (460/2) رقم الحديث: (712)
"المنتخب من العلل" لأبي بكر الخلال (المتوفى: 311هـ) (192/1) رقم الحديث: (170)
"معجم الصحابة" لأبي القاسم البغوي (المتوفى: 317هـ) (169/5) رقم الحديث: (2185)
"معجم الصحابة" لإبن قانع البغدادي (المتوفى: 351هـ) (178/1) "الحارث بن زياد الأنصاري".
"الصحيح" لابن حبان (المتوفى: 354هـ) (129/16) رقم الحديث: (7210) "ذكر معاوية بن أبي سفيان رضي الله تعالى عنه".
"جزء البطاقة" لأبي القاسم الكناني المصري (المتوفى: 357هـ) (55/1) رقم الحديث: (11)
"حديث أبي القاسم الكناني" (المتوفى: 357هـ) (12/1) مخطوط
"الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360هـ) (2433/5) رقم الحديث: (1911) "باب ذكر دعاء النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية ﷺ".
"المعجم الكبير" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (251/18) رقم الحديث: (628) "أبو رهم السمعي، عن العرباض بن سارية".
"مسند الشاميين" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (169/3) رقم الحديث: (2010) "معاوية عن يونس بن سيف".
"الكامل في ضعفاء الرجال" لابن عدي الجرجاني (المتوفى: 365هـ) (146/8) رقم الترجمة: (1888) "معاوية بْن صَالِح حمصي".
"شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" للالكائي (المتوفى: 418هـ) (1527/8) (2777) "سياق ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم في فضائل أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان".
"أمالي" لابن بشران (المتوفى: 430هـ) (286/1) (1522)
"معرفة الصحابة" لأبي نعيم الأصبهاني (المتوفى: 430هـ) رقم الحديث: (2120) "الحارث بن زياد وليس بالأنصاري يعد في الشاميين مختلف في صحبته".
"الاستيعاب في معرفة الأصحاب" لابن عبد البر (المتوفى: 463هـ) (1420/3) رقم الترجمة: (2435) "معاوية بْن أَبِي سُفْيَان".
"مشيخة أبي طاهر ابن أبي الصقر" (المتوفى: 476هـ) (99/1) رقم الحديث: (31)
"طبقات الحنابلة" لأبي الحسين ابن أبي يعلى (المتوفى: 526هـ) (163/2)
"الأباطيل والمناكير والصحاح والمشاهير" للجوزقاني (المتوفى 543هـ) (189/1) رقم الحديث: (181) "هذا حديث مشهور".
"معجم الشيوخ" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (1041/2) رقم الحديث: (1341)
"تاريخ دمشق" لإبن عساكر (المتوفى: 571هـ) (75/59) رقم الترجمة (5710) "معاوية بن صخر أبي سفيان"

حدیث کا حکم:

یہ حدیث صحیح درجے کی ہے اسکے تمام راوی ثقہ ہیں۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

"العلل المتناهية في الأحاديث الواهية" لابن الجوزي (المتوفى: 597هـ) (272/1) رقم الحديث: (437)

"أسد الغابة في معرفة الصحابة" لإبن الأثير (المتوفى: 630هـ) (608/1) رقم الترجمة: (884) "الحارث بن زياد".

"ذيل تاريخ مدينة السلام" لأبي عبد الله محمد بن سعيد ابن الدبيثي (637 هـ) (424/4)

"معجم الشيوخ الكبير" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (154/1)

"سير أعلام النبلاء" للذهبي (المتوفى : 748هـ) (124/3) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان صخر بن حرب الأموي".

"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (309/4) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان".

"إكمال تهذيب الكمال في أسماء الرجال" للمغلطاي الحنفي (المتوفى: 762هـ) (290/3) رقم الترجمة: (1075) "الحارث بن زياد الشامي".

"معجم الشيوخ" للسبكي (المتوفى: 771هـ) (441/1)

"جامع المسانيد والسنن الهادي لأقوم سنن" لابن كثير الدمشقي (المتوفى: 774هـ) (274/2) رقم الترجمة: (327) "الحارث بن زِياد".

"البداية والنهاية" لابن كثير الدمشقي (المتوفى: 774هـ) (404/11) "ترجمة معاوية، رضي الله عنه، وذكر شيء من أيامه، ودولته، وما ورد في مناقبه وفضائله".

"طرح التثريب في شرح التقريب" لأبي الفضل زين الدين العراقي (المتوفى: 806هـ) (114/1) "ترجمة معاوية بن أبي سفيان".

"غاية المقصد فى زوائد المسند" للهيثمي (المتوفى: 807هـ) (52/4) رقم الحديث: (3848) "مناقب معاوية".

"كشف الأستار عن زوائد البزار" للهيثمي (المتوفى: 807هـ) (276/3) رقم الحديث: (2723) "مَنَاقِبُ مُعَاوِيَةَ".

"مجمع الزوائد ومنبع الفوائد" للهيثمي (المتوفى: 807هـ) (356/9) رقم الحديث: (15917)

"إتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة" لأبي العباس شهاب الدين البوصيري الكناني الشافعي (المتوفى: 840هـ) (94/3) رقم الحديث: (2666) "بَابُ مَا يُقَالُ لِلْمُؤَذِّنِ عِنْدَ السَّحُورِ وَمَا جَاءَ فِي تسمية السحور غذاء".

"إتحاف المهرة بالفوائد المبتكرة من أطراف العشرة" لابن حجر العسقلاني (المتوفى : 852هـ) (141/11) رقم الحديث: (13815)

"الإصابة في تمييز الصحابة" لإبن حجر العسقلاني (المتوفى: 852هـ) (193/2) رقم الترجمة: (2038) "الحارث بن زياد الشامي".

تحقیق سند

احمد بن محمد بن حنبل بن ہلال بن اسد الذہلی الشیبانیؒ (المتوفی: 241ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث، فقیہ ہیں۔ حدیث نمبر (3) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن مہدی بصریؒ (المتوفی: 198ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں امام ابن سعدؒ آپ کو ثقہ، کثیر الحدیث لکھتے ہیں۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں: آپ یحی بن سعید قطان سے زیادہ فقیہ اور علم حدیث میں وکیع سے زیادہ پختہ کار ہیں کیونکہ اُنہوں نے اپنی کتابوں میں حدیث کا سرمایہ تازہ بتازہ محفوظ کیا ہوا تھا۔ امام علی بن مدینیؒ فرماتے ہیں: عبدالرحمن سب لوگوں سے زیادہ علم حدیث جاننے والے تھے۔ مزید فرماتے ہیں: حدیث کے متعلق عبدالرحمن کا علم جادو کی حیثیت رکھتا ہے۔
امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں: آپ حفاظ متقنین میں سے تھے۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں: ثقہ، ثبت حدیث اور رجال کی معرفت رکھتے ہیں۔ (1)

---

(1) عبد الرحمن بن مهدي بن حسان بن عبد الرحمن العنبري، الأزدي، أبو سعيد البصري اللؤلؤي. فهو ثقة ذكره ابن حبان: في "الثقات" (373/8) فقال: "وكان من الحفاظ المتقنين وأهل الورع في الدين ممن حفظ وجمع وتفقه وصنف وحدث". وقال الخطيب: في "تاريخه" (239/10) و"كان من الربانيين في العلم، وأحد المذكورين بالحفظ، وممن برع في معرفة الأثر، وطرق الروايات، وأحوال الشيوخ".

وقد ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (432/17) "روى عن: معاوية بن صالح الحضرمي وعنه أحمد بن محمد بن حنبل وقال علي بن أحمد بن النضر الأزدي، عن علي بن المديني: كان يحيى بن سعيد أعلم بالرجال، وكان عبد الرحمن أعلم بالحديث، وما شبهت علم عبد الرحمن بالحديث إلا بالسحر". وقال أبو بكر الأثرم: سمعت أحمد بن حنبل، يقول: إذا حدث عبد الرحمن بن مهدي عن رجل فهو حجة. قال محمد بن سعد: توفي بالبصرة في جمادى الآخرة سنة ثمان وتسعين ومئة وهو ابن ثلاث وستين سنة، وكان ثقة كثير الحديث.

وقال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (241/1) الحافظ الكبير والإمام العلم الشهير اللؤلؤي أبو سعيد البصري قال أحمد بن حنبل: هو أفقه من يحيى القطان، وهو أثبت من وكيع لأنه أقرب عهدا بالكتاب. قال محمد بن أبي بكر المقدمي: ما رأيت أحدا أتقن لما سمع ولما لم يسمع ولحديث الناس من عبد الرحمن بن مهدي، إمام ثبت أثبت من يحيى بن سعيد وكان عرض حديثه على سفيان. قال علي بن المديني: علم عبد الرحمن في الحديث كالسحر.

وقال الحافظ: في "التقريب" (351/1) "ثقة ثبت حافظ عارف بالرجال والحديث قال بن المديني ما رأيت أعلم منه"

ابو عمرو معاویہ بن صالح الحضرمیؒ (المتوفی:158ھ)

ثقہ راوی ہیں، امام مسلمؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔(1) امام احمدؒ، امام عبدالرحمن بن مہدیؒ، امام عجلیؒ، امام نسائیؒ، امام ابن سعدؒ، امام ابو زرعہؒ، امام بزارؒ یہ تمام کبار ائمہ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(2)

امام حاکمؒ نے معاویہ بن صالح کے طریق سے روایت نقل کرنے کے بعد فرمایا: یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط پر ہے۔ امام ذہبیؒ نے فرمایا فقط امام مسلم کی شرط پر ہے۔(3) حافظ ابن حجرؒ نے بھی تصحیح کی ہے(1)

---

(1) الصحيح للامام مسلم (المتوفى: 261ھ) (209/1) رقم الحديث: (234) "بَابُ الذِّكْرِ الْمُسْتَحَبِّ عَقِبَ الْوُضُوءِ". (335/1) رقم الحديث: (454) "باب يطول في الركعتين الأوليين". (385/1) رقم الحديث: (542) "بَابُ جَوَازِ لَعْنِ الشَّيْطَانِ فِي أَثْنَاءِ الصَّلَاةِ، وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ وَجَوَازِ الْعَمَلِ الْقَلِيلِ فِي الصَّلَاةِ". (718/2) رقم الحديث: (1037) "بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْمَسْأَلَةِ". (789/2) رقم الحديث: (1120) "بَابُ أَجْرِ الْمُفْطِرِ فِي السَّفَرِ إِذَا تَوَلَّى الْعَمَلَ".

(2) معاوية بن صالح بن حدير بن سعيد بن سعد بن فهر الحضرمي أبو عمرو فهو ثقة وعنه قال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (132/1) 175 وثقه أحمد بن حنبل وقال ابن عدي هو عندي صدوق. قلت: لم يحتج به البخاري. توفي بعد قضاء حجه سنة ثمان وخمسين ومائة وكان من أوعية العلم ومن معادن الصدق. رحمه الله تعالى". وايضا قال: في "سيراعلام النبلاء" (158/7) "الإمام، الحافظ، الثقة، قاضي الأندلس". وذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (189/10) روى عنه عبد الرحمن بن مهدي قال أحمد: "وكان ثقة". وقال ابن معين: "ثقة". وقال بن أبي خيثمة والدوري في تاريخهما عن بن معين: "كان يحيى بن سعيد لا يرضاه". وقال علي بن المديني: "كان عبد الرحمن بن مهدي يوثقه". وقال العجلي والنسائي: "ثقة". وقال أبو زرعة: "ثقة محدث". وقال بن سعد: "وكان ثقة كثير الحديث". وقال يعقوب بن شيبة: "قد حمل الناس عنه ومنهم من يرى أنه وسط ليس بالثبت ولا بالضعيف ومنهم من يضعفه وقال أبن خراش صدوق". وقال بن عدي: "له حديث صالح وما أرى بحديثه بأسا وهو عندي صدوق إلا أنه يقع في حديثه إفرادات". وذكره بن حبان: في "الثقات" وقال البزار: "ليس به بأس". وقال أيضا: "ثقة". وأرخ أبو مروان بن حبان صاحب تاريخ الأندلس وفاته سنة اثنتين وسبعين ومائة وحكى ذلك عن جماعة واستغرب قول أحمد بن كامل أنه توفي بالمشرق سنة نيف وخمسين.
وقال الحافظ: في "التقريب" (539/1) "صدوق له أوهام من السابعة".

(3) أخبرنا أبو عبد الله محمد بن عبد الله الصفار، ثنا أبو إسماعيل محمد بن إسماعيل، ثنا عبد الله بن صالح، أخبرني معاوية بن صالح، عن عبد الله بن أبي قيس، قال: سمعت عائشة، رضي الله عنها تقول: «كان رسول الله صلى الله عليه وسلم

امام دار قطنیؒ نے بھی معاویہ بن صالح کے طریق سے نقل کر کے اُس کی تصحیح کی فرمایا: "هَذَا إِسْنَادٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ"(2) تاہم امام ابن الجوزیؒ نے امام دار قطنیؒ کا تعاقب کرتے ہوئے فرمایا کہ امام دار قطنیؒ کا اس روایت کو صحیح کہنا یہ آپ کا تعصب ہے حالانکہ معاویہ بن صالح سے امام یحی بن سعید القطانؒ راضی نہ تھے۔امام ابو حاتمؒ نے فرمایا: ان سے احتجاج نہیں کیا جاسکتا۔

قال الدارقطني:"هذا إسناد حسن صحيح" قلت–ابن الجوزي– وهذه عصبية من الدارقطني كان يحيى بن سعيد لا يرضى معاوية بن صالح وقال أبو حاتم الرازي: "لا يحتج به".(3)

امام ابن الجوزیؒ کی اِس مذکورہ بالا عبارت کا رد کرتے ہوئے امام ابن عبد الہادیؒ فرماتے ہیں:

یہ عصبیت امام دار قطنیؒ کی طرف سے نہیں بلکہ امام ابن الجوزیؒ کی طرف سے ہے کیونکہ معاویہ بن ابی صالح ثقہ راوی ہیں۔امام احمد بن حنبلؒ،امام عبد الرحمن بن مہدیؒ،امام ابو زرعہؒ اِن کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں اِن سے احتجاج روایت لی ہے۔انہوں نے کوئی ایسی بات روایت نہیں کی جس میں ثقات کی مخالفت کی ہو۔

يتحفظ من هلال شعبان ما لا يتحفظ من غيره، ثم يصوم لرؤية رمضان، فإن غم عليه عد ثلاثين يوما، ثم صام» هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، فقد حدث ابن وهب وغيره عن معاوية بن صالح، ولم يخرجاه "
"المستدرك على الصحيحين" (585/1) رقم الحديث: (1540)

(1) ولأبي داود من طريق معاوية بن صالح عن عبد الله بن أبي قيس عن عائشة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتحفظ من هلال شعبان مالا يتحفظ من غيره ثم يصوم رمضان لرؤيته فإن غم عليه عد ثلاثين يوما وإسناده صحيح "التلخيص الحبير في تخريج أحاديث الرافعي الكبير" (432/2)

(2) حدثنا عبد الله بن محمد بن زياد , ثنا عبد الرحمن بن بشر بن الحكم , ثنا عبد الرحمن بن مهدي , عن معاوية بن صالح , عن عبد الله بن أبي قيس , عن عائشة , قالت: «كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتحفظ من هلال شعبان ما لا يتحفظ من غيره , ثم يصوم رمضان لرؤيته فإن غم عليه عد ثلاثين يوما ثم صام». هذا إسناد حسن صحيح "سنن الدارقطني" (98/3) رقم الحديث: (2149)

(3) "التحقيق في أحاديث الخلاف" (76/2) رقم الحديث: (1064)

تاہم امام یحی بن سعید القطانؒ کا ان سے راضی نہ ہونا یہ اِن کے بارے میں کوئی عیب کی بات نہیں ہے کیونکہ رجال کے متعلق امام یحی بن سعید القطانؒ کی شرط سخت ہیں اور وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ: اگر میں ان سے روایت کروں جن سے میں راضی ہوں تو پانچ سے زیادہ روایت ہی نہیں کروں گا۔

مزید امام ابو حاتمؒ کا یہ فرمانا کہ: اِن سے احتجاج نہیں کیا جائے گا یہ جملہ معاویہ بن ابی صالح میں عیب پیدا کرنے والا نہیں ہے کیونکہ جرح مبہم ہے آپ نے کوئی سبب ذکر نہیں کیا، اِن کی طرف سے یہ الفاظ بہت سارے ثقہ و ثبت رُوات مثلاً خالد الحذاء کے متعلق بھی آئے ہیں۔

امام ابن ابی حاتمؒ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد ابو حاتم سے سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: حسن الحدیث صالح الحدیث ہیں۔

وقول المؤلِّف (هذه عصبيَّةٌ من الدَارَقُطْنِيّ، كان يحيى بن سعيد لا يرضى معاوية بن صالح، وقال أبو حاتم الرَّازيُّ: لا يحتجُّ به) غير صحيحٍ، وإنَّما العصبيَّة منه، فإنَّ معاوية بن صالح: ثقةٌ صدوقٌ، وثَّقه عبد الرَّحمن بن مهديٍّ وأحمد بن حنبل وأبو زرعة وغيرهم، وروى له مسلمٌ في "صحيحه" محتجًّا به، وما روى شيئًا خالف فيه الثِّقات، وكون يحيى بن سعيد لا يرضاه غير قادحٍ فيه، فإنَّ يحيى شَرْطُه شديدٌ في الرِّجال،

ولذلك قال: لو لم أرو إلا عن من أرضى ما رويت إلا عن خمسة! وأمَّا قول أبي حاتم: (لا يحتجُّ به) فغير قادح فيه أيضًا، فإنَّه لم يذكر السَّبب، وقد تكرَّرت هذه اللفظة منه في رجالٍ كثيرين من أصحاب الصَّحيح من الثِّقات الأثبات من غير بيان السَّبب، كخالد الحذَّاء وغيره؛ وقد قال عبد الرَّحمن بن أبي حاتم: سألت أبي عن معاوية بن صالح فقال: صالح الحديث، حسن الحديث.(1)

امام زیلعیؒ نے بھی امام ابن عبد الہادیؒ کی رائے سے موافقت کی ہے(2)

---

(1) "تنقيح التحقيق في أحاديث التعليق" (3/207،206)

(2) "نصب الراية لأحاديث الهداية" (2/439)

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: محدّثین کے نزدیک ثقہ ہیں ہم یحی بن سعید القطانؒ کے سوا کسی کو نہیں جانتے جس نے ان کے بارے میں کلام کیا ہو۔

"معاوية بن صالح ثقة عند أهل الحديث، ولا نعلم أحدا تكلم فيه غير يحيى بن سعيد القطان". (1)

جمہور ائمہ آپ کی توثیق کرتے ہیں جن ائمہ نے آپ پر جرح کی ان کی جرح مبہم غیر مبین السبب ہے۔

مزید یہ کہ امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) فرماتے ہیں: یحی بن سعید بن القطان "متعنت فی الرجال" ہیں۔

"أن القطان متعنت جدا" (2)

"مع أن يحيى متعنت جدا في الرجال" (3)

حافظ ابن حجر العسقلانیؒ (المتوفی: 852ھ) لکھتے ہیں:

"لكنه ليس له في البخاري سوى هذا الحديث من رواية يحيى القطان عنه مع تعنته في الرجال" (4)

"ويحيى بن سعيد شديد التعنت في الرجال لا سيما من كان من أقرانه وقد احتج به الجماعة" (5)

لہذا جمہور ثقہ متدیّن ائمہ کے مقابلے میں صرف ایک متعنت امام کی جرح قابل التفات نہیں ہو سکتی۔

یونس بن سیف العنسی الکلاعی الحمصیؒ (المتوفی: 120ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ امام دار قطنیؒ، امام ذہبیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ امام بزارؒ فرماتے ہیں: صالح الحدیث۔ حافظ ابن حجرؒ آپ کو مقبول لکھتے ہیں۔ (6)

---

(1) "سنن الترمذي" (392/4) رقم الحديث: (2653)

(2) "المغني في الضعفاء" (269/1) رقم الترجمة (4865)

(3) "ميزان الاعتدال في نقد الرجال" (171/2) رقم الترجمة (3227)

(4) "فتح الباري شرح صحيح البخاري" (441/11)

(5) "هدي الساري مقدمه فتح الباري" (424/1)

(6) يونس بن سيف العنسي الكلاعي الحمصي فهو ثقة عنه قال الذهبي: في "الكاشف" (403/2) "ثقة". وقد ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (387/11) "روى عن الحارث بن زياد وعنه معاوية بن صالح وآخرون ذكره بن حبان في

حارث بن زیاد شامیؒ

آپ کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپ ثقہ تابعی ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات تابعین میں ذکر کیا ہے۔(1)

امام ذہبیؒ نے "میزان" میں بغیر کسی کی طرف نسبت کیئے ہوئے آپ کو مجھول لکھا ہے۔(2) یاد رہے کہ امام ذہبیؒ نے مقدمہ میزان میں یہ صراحت کی ہے کہ جب میں کسی راوی کو مجھول کہوں اور اس کی نسبت کسی کی طرف نہ کروں تو اس کے قائل امام ابو حاتمؒ ہوتے ہیں(3) لہذا امام ذہبیؒ کے مجھول کے قائل امام ابو حاتمؒ ہوئے۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں مجھ پر جو بات ظاہر ہوئی وہ یہ ہے کہ امام ابو حاتمؒ نے جس کو مجھول کہا ہے وہ کوئی اور راوی ہیں البتہ ان کے بارے میں حافظ ابن عبد البرؒ نے ان کے حالات کے تحت لکھا ہے کہ: یہ مجھول اور منکر الحدیث ہیں۔(4)

حافظ ابن حجرؒ کی رائے سے معلوم ہوا کہ ان کو مجھول کہنے والے ابو حاتمؒ نہیں ابن عبد البرؒ ہیں۔

علامہ ابن عبد البرؒ فرماتے ہیں:

الثقات قال بن أبي عاصم: مات سنة عشرين ومائة قلت_الحافظ- وفيها أرخه بن سعد قال وكان معروفا وله أحاديث وقال بن حبان سأل أبا إمامة عن صيد المعراض وقال البزار صالح الحديث وقال الدارقطني ثقة حمصي وحكى البخاري أنه قيل فيه يوسف بن سيف. وفي "التقريب" (613/1) "مقبول من الرابعة ووهم من سماه يوسف".

(1) ذكره ابن حبان: في "الثقات" (133/4) رقم الترجمة: (2148) "الحارث بن زياد يروي عن أبي رهم السمعي وقد أدرك أبا أمامة روى عنه يونس بن سيف"

(2) قال الذهبي: في "الميزان" (433/1) رقم الترجمة: (1617) الحارث بن زياد عن أبي رهم السمعي في فضل معاوية. مجهول، وعنه يوسف بن سيف فقط. له في الكتابين حديث: هلم إلى الغداء المبارك - يعنى السحور.

(3) "ميزان الاعتدال" (3/1)

(4) قال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (123/2) "وقرأت بخط الذهبي في الميزان مجهول وشرطه أن لا يطلق هذه اللفظة إلا إذا كان أبو حاتم الرازي قالها والذي قال أبو حاتم أنه مجهول آخر غيره فيما يظهر لي نعم قال أبو عمر بن عبد البر في صاحب هذه الترجمة مجهول الحديث منكر".

اہل شام نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر متعدد احادیث روایت کی ہیں۔اس حدیث (اے اللہ معاویہ کو کتاب اور حساب کا علم عطا فرما اور ان کو عذاب سے بچا) کے ایک راوی حارث بن زیاد مجہول ہیں اور اس حدیث کے علاوہ ان کا کہیں ذکر نہیں ملتا۔

"وله فضيلة جليلة رويت من حديث الشاميين، رواها معاوية ابن صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي رُهْمٍ السَّمَاعِيِّ- أَنَّهُ سَمِعَ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهمّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ. رواه عَنْ مُعَاوِيَة بْن صَالِح أَسَد بْن مُوسَى، وعبد الله بْن صَالِح، وعبد الرحمن بْن مهدي، وبشر بْن السري، وغيرهم، إلا أن الْحَارِث بْن زِيَاد مجهول لا يعرف بغير هذا الحديث". (1)

علامہ ابن عبد البرؒ کی مذکورہ بالا عبارت میں حارث بن زیاد کے متعلق "مجهول لا يعرف" کے الفاظ تو ہیں لیکن یہ نہیں کہ ان کی حدیث منکر ہے جیسا کہ حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا۔

علامہ مغلطائی الحنفیؒ، امام ذہبیؒ کا نام لیے بغیر ان کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

امام ابن خزیمہؒ نے اپنی صحیح میں ان سے روایت کی ہے اور امام ابن حبانؒ نے بھی اپنی صحیح میں۔ امام بزارؒ فرماتے ہیں: ہم کسی بڑے کو نہیں جانتے جس نے ان سے روایت کی ہو۔امام ابو الحسن القطانؒ فرماتے ہیں: ان کی حدیث حسن ہے (امام ذہبی سے قبل) کسی نے اس راوی کو مجہول نہیں کہا۔ (2)

---

(1) "الاستيعاب في معرفة الأصحاب" (1420/3) رقم الترجمة: (2435) معاوية بْن أَبِي سُفْيَان.

(2)"وخرج الحافظ أبو بكر بن خزيمة حديثه في «صحيحه» وكذلك ابن حبان، وقال البزار: لا نعلم كبير أحد روى عنه. وقال أبو الحسن القطان: حديثه حسن. وزعم بعض المصنفين من المتأخرين أنه مجهول، وهو قول لم يسبق إليه ولا يعتمد ذو لب عليه، لأن هذا الرجل من عادته في تصنيفه التقصير، وليس له في العلم تصرف بصير، لا سيما وقد رأى تصنيف رجل هو عنده بخاري زمانه، ولم يذكر من حاله سوى روايته عن أبي رهم، ورواية يونس عنه فقط، إلا ما أتعب به خاطره وخاطر من ينظر في كتابه بقوله – على عادته –. روى له أبو داود والنسائي حديثا واحدا، أنبأ به ابن أبي ابن عمر وابن البخاري وأحمد بن شيبان وزينب وابن خطيب المزة وشامية يذكره، والله تعالى أعلم".

"إكمال تهذيب الكمال في أسماء الرجال" (290/3) رقم الترجمة: (1075)

تاہم مغلطائیؒ کی اس بات سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا کہ امام ذہبیؒ سے قبل کسی نے اس راوی کو مجہول نہیں کہا بلکہ امام ابن عبد البرؒ نے مجہول کہا ہے چونکہ امام ذہبیؒ کی وفات (748ھ) میں ہے اور امام ابن عبد البرؒ کی وفات (463ھ) میں ہے۔ امام ابن عبد البرؒ کو تقدّم حاصل ہے۔

امام ابن عبد البرؒ کے مجہول سے مجہول العین مراد ہے۔ بقول ان کے حارث بن زیاد سے روایت کرنے میں یونس بن سیف متفرد ہیں لیکن یاد رہے کہ ان کا مجہول کہنا کچھ مضر نہیں۔ کیونکہ محدّثین کا ضابطہ ہے

جب کسی راوی سے ایک ہی راوی روایت کرنے والا ہو لیکن اس کی توثیق کسی دوسرے محدّث نے کی ہو یا اسی روایت کرنے والے نے ہی کی ہو جبکہ یہ توثیق کرنے کے اہل بھی ہیں تو (علی الاصح) اس کی روایت کو قبول کیا جائے گا۔

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

اگر راوی کا نام ذکر کیا جائے اور ایک ہی راوی اس سے روایت کرنے میں متفرد ہو تو یہ مجہول العین ہے (اس کا حکم) مبہم کی طرح ہے الا یہ کہ اصح قول کے مطابق اس منفرد کے علاوہ کوئی اور اس کی توثیق کر دے اور اسی طرح وہ منفرد (توثیق کر دے) جبکہ وہ اس کا اہل ہو (تو اس صورت میں اس کی روایت مقبول ہو گی)

"فإن سمي الراوي، وانفرد راو واحد بالرواية عنه، فهو مجهول العين، كالمبهم، إلا أن يوثقه غير من ينفرد به عنه على الأصح، وكذا من ينفرد عنه إذا كان متأهلا لذلك".(1)

تاہم حارث بن زیاد یہ روایت بیان کرنے میں متفرد نہیں بلکہ دیگر شواہد بھی موجود ہیں۔

احزاب بن اسید ابو رہم السمعیؒ

ثقہ کبار تابعین میں سے ہیں۔ امام عجلیؒ آپ کو ثقہ تابعی قرار دیتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے امام ابن سعدؒ اور امام ابن ابی خیثمہؒ نے آپ کو ان صحابہ میں شمار کیا جو شام میں فروکش ہوئے ہیں۔

---

(1) "نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر" (125/1)

تاہم امام ابن عبدالبرؒ فرماتے ہیں: ان کا ذکر صحابہ میں کرنا درست نہیں۔امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: آپ کا صحابی ہونا ثابت نہیں۔حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں: آپ کی صحابیت مختلف فیہ ہے صحیح یہ ہے کہ یہ مخضرمین میں سے ثقہ راوی ہیں۔(1)

عرباض بن ساریہ السلمی رضی اللہ عنہ (المتوفی:75ھ)

مشہور صحابی ہیں جن کا تعلق اہل صفہ سے ہے پھر حمص میں فروکش ہوئے ہیں۔سنن اربعہ میں ان کی احادیث ہیں۔حضرت عبداللہ بن زبیر کے دور ابتلاء 73ھ میں فوت ہوئے ہیں جبکہ ابو مسہرؒ کا قول ہے کہ اس کے بعد 75ھ میں فوت ہوئے ہیں۔(2)

---

ہم سے بیان کیا ابو زرعہ الدّمشقی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو مسہر نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سعید بن عبدالعزیز نے، وہ ربیعہ بن یزید سے، وہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ سے جو نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے حضرت معاویہ کے بارے میں فرمایا:

"اے اللہ معاویہ کو کتاب وحساب کا علم عطا فرما، عذاب سے محفوظ فرما"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت صحیح ہے۔ ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

ابوالقاسم سلیمان بن احمد الشامی الطبرانیؒ (المتوفی:360ھ)

ثقہ قابل احتجاج محدّث ہیں۔ حدیث نمبر (7) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

اَبُوزُرْعَہ الدمشقیؒ (المتوفی:280ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (7) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "مسند الشاميين" (190/1) رقم الحديث: (333) "سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد".

ابو مسہر العنسانی الدمشقیؒ (المتوفی:218ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

سعید بن عبدالعزیز الدمشقیؒ (المتوفی:167ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ربیعہ بن یزید الدمشقیؒ (المتوفی:123ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبدالرحمن بن ابی عمیرہ المُزنی رضی اللہ عنہ

آپ کو ''الاَزدی'' بھی کہا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ ''المُزنی'' ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں، شام کے شہر حِمص میں آپ نے رہائش اختیار کی۔ حدیث نمبر (1) کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

فصل رابع

حدیث: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

(حدیث نمبر:58)

ابوالقاسم ابن بِشْران بن مہران البغدادیؒ (المتوفی:430ھ) فرماتے ہیں:

أخبرنا عمر بن أحمد الواعظ، ثنا أحمد بن مسعود الزنبري، بمصر، ثنا أبو أمية الطرسوسي، ثنا إسحاق بن كعب، ثنا عثمان بن عبد الرحمن الجمحي، عن عطاء بن أبي رباح، عن ابن عباس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «اللهم علم معاوية الكتاب والحساب وقه العذاب»

ہم سے بیان کیا عمر بن احمد الواعظ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا احمد بن مسعود زنبری نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابوامیہ طرسوسی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا اسحاق بن کعب نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عثمان بن عبدالرحمن جمحی نے، وہ عطاء بن ابی رباح سے، وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

"اے اللہ معاویہ کو کتاب وحساب کا علم عطا فرما، عذاب سے محفوظ فرما"۔ (1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

عمر بن احمد بن عثمان الواعظؒ (المتوفی:385ھ)

ثقہ راوی ہیں۔ امام خطیب بغدادیؒ، امام دار قطنیؒ، امام ابو نصرؒ، امام ابوالولید الباجیؒ، امام ابوالقاسم الازہریؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ذہبیؒ آپ کو الشیخ، الحافظ، الصدوق لکھتے ہیں۔ (1)

---

(1) "أمالي ابن بشران" (المتوفى: 430هـ) (286/1) رقم الحديث: (1522)

احمد بن مسعود بن عمرو بن ادریس ابو عمرو زبریؒ (المتوفی: 333ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں، امام مسلمہؒ فرماتے ہیں: لا باس بہ۔(2)

محمد بن ابراہیم بن مسلم ابوامیہ طرسوسیؒ

صدوق درجے کے راوی ہیں۔ امام ابو داودؒ آپ کی توثیق کرتے ہیں۔ امام حاکمؒ صدوق کثیر الوہم لکھتے ہیں۔ دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: حسن الحدیث۔(3)

اسحاق بن کعب

ضعیف راوی ہے۔ امام ازدیؒ آپ کو منکر الحدیث لکھتے ہیں۔(4)

---

(1) عُمَر بْن أَحْمَدَ بْن عُثْمَان بْن أَحْمَدَ بْن مُحَمَّد بْن أَيُّوب بْن أزداذ بْن سراج بْن عَبْد الرَّحْمَن، أَبُو حفص الواعظ المعروف بابن شاهين فهو ثقة ذكره الخطيب: في "تاريخه" (264/11) فقال: "كان ثقة أمينا". والذهبي: في "سيراعلام النبلاء" (431/16) فقال: "الشيخ، الصدوق، الحافظ، العالم، شيخ العراق، وصاحب (التفسير الكبير) وقال الأمير أبو نصر: هو الثقة، الأمين، سمع بالشام، والعراق، وفارس، والبصرة، وجمع الأبواب والتراجم، وصنف كثيرا. قال حمزة السهمي: سمعت الدارقطني يقول: ابن شاهين يلح على الخطأ وهو ثقة. وقال أبو الوليد الباجي: هو ثقة. وقال أبو القاسم الأزهري: كان ثقة، عنده عن البغوي سبع مائة جزء. قال العتيقي: مات في ذي الحجة، سنة خمس وثمانين وثلاث مائة.

(2) أَحْمد بن مَسْعُود بن عَمْرو بن إِدْرِيس بن عِكْرِمَة أَبُو بكر الزنبرى فهو صدوق ذكره قاسم بن قُطْلُوْبَغَا: في "الثقات ممن لم يقع في الكتب الستة" (100/2) فقال: قال مسلمة: "لا بأس به". والذهبي: في "سيراعلام النبلاء" (333/15) فقال: "المحدث، حدث عنه: عمر بن شاهين. مات في رمضان سنة ثلاث وثلاثين وثلاث مائة.

(3) محمد بن إبراهيم بن مسلم بن سالم الخزاعي أبو أمية الثغري الطرسوسي فهو صدوق ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (121/2) فقال: أبو أمية الحافظ الكبير صاحب المسند وثقه أبو داود وغيره, وذكره الفقيه أبو بكر الخلال فقال: إمام في الحديث رفيع القدر جدا. والحافظ: في "تهذيب التهذيب" (14/9) فقال: قال بن حبان: في "الثقات" "دخل مصر فحدثهم من حفظه من غير كتاب بأشياء أخطأ فيها فلا يعجبني الاحتجاج بخبره لا بما حدث من كتابه". وقال الحاكم: "صدوق كثير الوهم". وقال بن يونس: "كان من أهل الرحلة فهما بالحديث وكان حسن الحديث توفي بطرسوس في جمادى الآخرة سنة ثلاث وسبعين ومائتين". قلت-الحافظ-وقال بن أبي حاتم: "كتب إلى ببعض فوائده وأدركته ولم اكتب عنه وقال مسلمة بن قاسم أنكرت عليه أحاديث وبح فيها وحدث فتكلم الناس فيه وقال في موضوع آخر روى عنه غير واحد وهو ثقة".

(4) إسحاق بن كعب فهو ضعيف ذكره الذهبي: في "الميزان" (96/1) فقال: قال الازدي: منكر الحديث.

عثمان بن عبدالرحمن جمحی (المتوفی:184ھ)

ضعیف راوی ہے۔امام بخاریؒ مجہول لکھتے ہیں۔امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: لیس بالقوی۔آپ کی روایت متابعت وشاہد کے طور پر لی جائے گی نہ کہ احتجاجا۔امام ساجیؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔

امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں: مناکیر روایت کرتا ہے۔(1)

عطاء بن ابی رباحؒ (المتوفی:114ھ)

آپ ثقہ تابعی، اہل مکہ کے مفتی تھے۔آپ نے ساری زندگی مکہ مکرمہ میں کتاب وسنت کی نشر واشاعت میں گزاری۔امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں: میں نے عطاء سے افضل کوئی نہیں دیکھا۔امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں: جس دن آپ نے انتقال فرمایا آپ سب لوگوں کے نزدیک تمام اہل زمین سے زیادہ پسندیدہ تھے۔حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ کثیر الارسال لکھتے ہیں۔تاہم ابن عباس سے آپ کا سماع ثابت ہے۔(2)

---

(1) عثمان بن عبد الرحمن بن عبد الله بن سلام الجمحي فهو ضعيف ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" قال البخاري: "مجهول". وقال أبو حاتم: "ليس بالقوي يكتب حديثه ولا يحتج به". وقال بن أبي عاصم: "مات سنة 184 له عند ت حديث أبي هريرة أفشوا السلام". قلت–الحافظ– وقال الساجي: "يحدث عن محمد بن زياد بأحاديث لا يتابع عليها وهو صدوق". وقال بن عدي: "عامة ما يرويه مناكير". وايضا قال: في "التقريب" (385/1) "ليس بالقوي من الثامنة".

(2) عطاء بن أبي رباح فهو تابعي ثقة ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (76/1) فقال: مفتي أهل مكة ومحدثهم القدوة العلم أبو محمد بن أسلم القرشي مولاهم المكى الأسود: ولد في خلافة عثمان وقيل في خلافة عمر وهو أشبه، سمع عائشة وأبا هريرة وابن عباس وعنه الأوزاعي وأبو حنيفة وهمام بن يحيى وجرير بن حازم وخلق كثير كان أسود مفلفلا فصيحا كثير العلم من مولدي الجند. قال أبو حنيفة: ما رأيت أحدا أفضل من عطاء وقال ابن جريج: كان المسجد فراشه عشرين سنة. قال: وكان من أحسن الناس صلاة قال الأوزاعي: مات عطاء يوم مات وهو أرضى أهل الأرض عند الناس وقال محمد بن عبد الله الديباج: ما رأيت مفتيا خيرا من عطاء إنما كان مجلسه ذكر الله لا يفتر فإن سئل أحسن الجواب، وقال إسماعيل بن أمية: كان عطاء يطيل الصمت فإذا تكلم خيل إلينا أنه يؤيد. وقال عبد الله بن عباس: يا أهل مكة تجتمعون علي وعندكم عطاء؟ وروى الثوري عن عمرو بن سعيد عن أبيه قال: قدم ابن عمر مكة فسألوه فقال تجتمعون لي المسائل وفيكم عطاء؟ وعن أبي جعفر الباقر قال: ما بقى على وجه الأرض أعلم بمناسك الحج من عطاء قلت: مناقب عطاء في العلم والزهد والتأله كثيرة. مات على الأصح في رمضان سنة أربع عشرة ومائة وقيل سنة خمس عشرة بمكة.

وقال الحافظ: في "التقريب" (391/1) "ثقة فقيه فاضل لكنه كثير الإرسال من الثالثة".

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما(المتوفی:68ھ)

آپ صحابی رسول ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی وفات کے وقت آپ کی عمر 13 سال تھی۔ آپ ﷺ نے ان کے حق میں دعا فرمائی اے اللہ انہیں دین کی فقاہت اور علم تفسیر عطا فرما۔(1)

امام مجاہدؒ فرماتے ہیں:

لَوْ رَأَيْتُمْ مُعَاوِيَةَ لَقُلْتُمْ هَذَا الْمَهْدِيُّ.

اگر تم معاویہ کو دیکھ لیتے تو بول اٹھتے کہ یہی مہدی ہیں(2)

آپ ﷺ کی ذات مستجاب الدعوات ہے

نبی کریم ﷺ نے یہ دونوں دعائیں سحری کے وقت جو دعا کی قبولیت کا وقت ہے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں ارشاد فرمائی ہیں اور اس سے بھی بڑھ کر بات یہ ہے کہ آپ ﷺ کی ذات تو مستجاب الدعوات ہے آپ ﷺ کی دعا رد نہیں کی جاتی، آپ ﷺ نے جن صحابہ کرام کو دعائیں دی ہیں اُن کے حق میں وہ دعائیں قبول ہوئی ہیں جیسے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حق میں ارشاد فرمایا: "اللَّهُمَّ عَلِّمْهُ الكِتَابَ". (3)

---

(1) عبد الله بن عباس بن عبد المطلب رضي الله عنهما فهو صحابي ذكره الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (33/1) فقال: الإمام البحر عالم العصر أبو العباس الهاشمي بن عم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وأبو الخلفاء: مات رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ولعبد الله ثلاث عشرة سنة وقد دعا له النبي صلى الله عليه وآله وسلم أن يفقهه الله في الدين ويعلمه التأويل. توفي ابن عباس بالطائف في سنة ثمان وستين فصلى عليه محمد بن الحنفية وقال: اليوم مات ربانى هذه الأمة رضي الله عنه.

(2) "البداية والنهاية" لابن كثير الدمشقي (المتوفى: 774هـ) (143/8) "ترجمة معاوية وذكر شئ من أيامه وما ورد في مناقبه وفضائله".

(3) "الجامع المسند الصحيح" للبخاري (المتوفى: 256هـ) (26/1) رقم الحديث: (75) "بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «اللَّهُمَّ عَلِّمْهُ الكِتَابَ»".

اے اللہ ابن عباس کو قرآن کا علم عطا فرما۔ یہ دعا ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حق میں ایسی قبول ہوئی کہ آپ صحابہ میں بڑے اعلی درجے کے مفسّر قرآن ثابت ہوئے اسی طرح جو دعائیں آپ ﷺ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں کی ہیں وہ دعائیں اپنی جگہ انتہائی مؤثر اور نتیجہ خیز ثابت ہوئی ہیں۔

اللہ تعالی نے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کو دینی خدمات سرانجام دینے کی بہترین توفیق نصیب فرمائی، آپ نے ایک مدت دراز تک اسلام کی سربلندی اور سرفرازی کیلیے مساعی کیں اور بے شمار ممالک پر اسلام کا پرچم بلند کیا اور آپ دین اسلام کے غلبے کا سبب بنے۔

علامہ طیبیؒ (المتوفی: 743ھ) حدیث "اللهم اجعله هادياً مهدياً، واهد به" پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "ولا ارتياب أن دعاء النبي صلى الله عليه وسلم مستجاب، فمن كان حاله هذا كيف يرتاب في حقه؟".

"یعنی اِس میں کچھ شک نہیں کہ آپ ﷺ کی دعا یقینا مستجاب (قبول) ہوتی ہے اور جس شخص کے حق میں یہ دعائیں ہوئی ہیں اُس کے حق میں قبولیت میں کس طرح شبہ کیا جاسکتا ہے؟"۔(1)

ملا علی قاریؒ (المتوفی: 1014ھ) نے بھی مذکورہ بالا عبارت کو بلفظہ نقل کیا ہے(2)

علامہ ابن حجر الہیتمیؒ (المتوفی:) لکھتے ہیں:

"فتأمل هذا الدعاء من الصادق المصدوق وان ادعيته لامته لاسيما اصحابه مقبولة غير مردودة تعلم ان الله سبحانه استجاب لرسول الله ﷺ هذا الدعاء لمعاوية فجعله هاديا للناس ومهديا في نفسه".

غور کر جب صادق و مصدوق نبی ﷺ نے معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کے حق میں یہ دعا ارشاد فرمادی اور حضور ﷺ نے جو دعائیں اپنی امت کیلیے اور بالخصوص صحابہ کرام کے لیے کی ہیں وہ بارگاہ الہی میں قبول کی

---

(1) "شرح الطيبي على مشكاة المصابيح" (3948/12) رقم الحديث: (6244) "باب جامع المناقب".

(2) "مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح" (4022/9) رقم الحديث: (6244) "باب جامع المناقب".

جاتیں ہیں رد نہیں کی جاتیں لہذا آپ ﷺ کی دعا پر یقین کرتے ہوئے تجھے یہ مان لینا چاہیے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ لوگوں کو ہدایت دینے والے بھی تھے اور خود ہدایت یافتہ بھی تھے۔(1)

هادیا، مهدیا، واهدبه کا مطلب

"اللهم اجعله هاديا" اي للناس او دالا على الخير.

(نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ معاویہ کو ہادی بنا) اس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ اسے لوگوں کو ہدایت دینے والا بنا اور اسے خیر کی رہنمائی کرنے والا بنا۔

"مهديا" بفتح الميم وتشديد الیا اي مهتديا في نفسه.

نبی کریم ﷺ نے یہ جو اپنی دعا میں ارشاد فرمایا: اے اللہ اسے مہدی بنا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ اسے ہدایت پر قائم رکھ۔

"واهد به" اي بمعاوية الناس، فيه تاكيد لمعنى الهداية المتعدية.

اور نبی کریم ﷺ کا یہ فرمانا: اے اللہ معاویہ کے ذریعے لوگوں کو ہدایت دے۔ اس جملے میں ہدایت متعدیہ کا معنی ہے اور یہ "هاديا" کی تاکید ہے۔

اعلم أن الهداية إما مجرد الدلالة، أو هي الدلالة الموصلة إلى البغية. قال الإمام محمد بن إسماعيل البخاري: فهديناهم دللناهم على الخير والشر كقوله تعالى: ﴿وهديناه النجدين﴾ [البلد: 10] والهدي الذي للإرشاد بمعنى الإسعاد من ذلك قوله سبحانه:

﴿أولئك الذين هدى الله فبهداهم اقتده﴾ [الأنعام: 90] وقال غيره: معنى الهداية في اللغة الدلالة هداه في الدين يهديه هداية إذا دله على الطريق. والهدي يذكر لحقيقة الإرشاد أيضا، ولهذا جاز النفي والإثبات، قال تعالى: ﴿إنك لا تهدي من أحببت﴾ [القصص: 56] وقال تعالى: ﴿وإنك لتهدي إلى صراط مستقيم﴾ [الشورى: 52].

---

(1) "تطهير الجنان" (389) "الفصل الثاني: في فضائله ومناقبه".

قال الطيبي: لو حمل قوله هاديا على المعنى الأول كان قوله مهديا تكميلا له لأنه رب هاد ولا يكون مهديا،

وقوله: واهد به تتميما لأن الذي فاز بمدلوله فوزا يتبعه كل أحد فكمل ثم تمم، وإذا ذهب إلى المعنى الثاني كان مهديا تأكيدا، وقوله: اهد به تكميلا يعني أنه كامل مكمل،

ہدایت کے دو معنی آتے ہیں:

(1) مجرد دلالت (2) ہدایت موصلہ الی البغیہ

علامہ طیبیؒ (المتوفی: 743ھ) فرماتے ہیں:

اگر "هاديا" کو پہلے معنی پر محمول کیا جائے تو "مهديا" اس معنی کی تکمیل کیلیے ہوگا اور "واهدبه" اس معنی کی تقسیم کیلیے ہوگا چونکہ جو شخص اس کے مدلول کیساتھ اس انداز سے کامیاب ہو کہ ہر شخص اس کی اتباع کرے تو پہلے درجہ کمال پھر درجہ تتمیم۔

اور اگر دوسرے معنی پر محمول کیا جائے تو "مهديا" تاکید کیلیے ہوگا اور "واهدبه" تکمیل کیلیے ہوگا یعنی وہ شخص کامل بھی ہے اور مکمل بھی۔ (1)

(1) "شرح الطيبي على مشكاة المصابيح" (3948/12) رقم الحديث: (6244) "باب جامع المناقب".
"مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح" (4022/9) رقم الحديث: (6244) "باب جامع المناقب".

باب رابع

یہ باب چار فصول پر مشتمل ہے

فصل اوّل

حضور ﷺ کی بشارت:

"اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت عطا کرے گا"۔

فصل ثانی

حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: "سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ فیصلہ کرنے میں قوی اور امین ہیں"۔

فصل ثالث

حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: "اے اللہ اسے علم و حلم سے بھر دے"۔

فصل رابع

حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے سب سے بڑھ کر بردبار اور سخی معاویہ ہیں۔

فصل اوّل

حضور ﷺ کی بشارت: "اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت عطا کرے گا"۔

(رقم الحدیث:59)

امام طبرانیؒ (المتوفی:360ھ) فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُمِّ حَبِيبَةَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَقَّ الْبَابَ دَاقٌّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«انْظُرُوا مَنْ هَذَا» قَالُوا: مُعَاوِيَةُ، فَقَالَ: «ائْذَنُوا لَهُ» وَدَخَلَ، وَعَلَى أُذُنِهِ قَلَمٌ لَهُ يَخْطُ بِهِ، فَقَالَ: «مَا هَذَا الْقَلَمُ عَلَى أُذُنِكَ يَا مُعَاوِيَةُ؟» قَالَ: قَلَمٌ أَعْدَدْتُهُ لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ. قَالَ: «جَزَاكَ اللَّهُ عَنْ نَبِيِّكَ خَيْرًا، وَاللَّهِ مَا اسْتَكْتَبْتُكَ إِلَّا بِوَحْيٍ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَمَا أَفْعَلُ مِنْ صَغِيرَةٍ وَلَا كَبِيرَةٍ إِلَّا بِوَحْيٍ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، كَيْفَ بِكَ لَوْ قَدْ قَمَّصَكَ اللَّهُ قَمِيصًا؟» يَعْنِي: الْخِلَافَةَ.

فَقَامَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ: فَجَلَسَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَإِنَّ اللَّهَ مُقَمِّصٌ أَخِي قَمِيصًا؟ قَالَ: «نَعَمْ، وَلَكِنْ فِيهِ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ وَهَنَاتٌ» . فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَادْعُ لَهُ. فَقَالَ: «اللَّهُمَّ اهْدِهِ بِالْهُدَى، وَجَنِّبْهُ الرَّدَى، وَاغْفِرْ لَهُ فِي الْآخِرَةِ وَالْأُولَى»

ہم سے بیان کیا احمد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا سری بن عاصم نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا یحی بن ابی کثیر نے، وہ اپنے باپ ابی کثیر سے، وہ ہشام بن عروہ سے، وہ اپنے باپ عروہ سے وہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے وہ فرماتی ہیں: نبی کریم ﷺ حضرت ام حبیبہ کے پاس جلوہ فرما تھے، کسی نے دروازے پر دستک دی، حضور ﷺ نے فرمایا: دیکھو کون ہے؟ عرض کی: معاویہ رضی اللہ عنہ، آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو بلا لو، معاویہ رضی اللہ عنہ جب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے کان پر قلم رکھا ہوا تھا جس سے آپ کتابت فرمایا کرتے تھے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: معاویہ تمہارے کان پر قلم کیسا ہے؟ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس قلم کو اللہ اور اسکے رسول کیلیے تیار رکھتا ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تمہارے نبی کی طرف سے تمہیں

جزائے خیر عطافرمائے، میری خواہش ہے تم صرف وحی کی کتابت کیا کرو اور میں ہر چھوٹا بڑا کام اللہ کی وحی سے کرتا ہوں، تم کیسا محسوس کروگے جب اللہ تمہیں پوشاک پہنائے گا؟ یعنی خلافت عطا کرے گا (یہ بات سن کر) ام حبیبہ رضی اللہ عنہا اٹھیں اور حضور ﷺ کے روبرو بیٹھ کر عرض کرنے لگیں اے اللہ کے نبی کیا میرے بھائی کو اللہ خلافت عطافرمائیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں مگر اس میں آزمائش ہے، آزمائش ہے، آزمائش ہے۔

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے نبی میرے بھائی کیلیے دعا فرمادیجیئے، نبی کریم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ معاویہ کو ہدایت پر ثابت قدمی عطافرما، انہیں ہلاکت سے محفوظ فرما اور دنیا و آخرت میں ان کی مغفرت عطافرما(1)

حدیث کا حکم:

یہ حدیث ضعیف ہے، ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

احمد بن محمد صیدالانی بغدادی (المتوفی:304ھ)

مجہول الحال راوی ہے۔(2)

سری بن عاصم بن سہل البغدادی (المتوفی:258ھ)

متروک راوی ہے۔ام ابن حبانؒ۔امام ابن عدیؒ اس کو سارق الحدیث لکھتے ہیں۔امام ازدیؒ فرماتے ہیں: متروک الحدیث۔ابن خراش اس کو کذاب لکھتے ہیں۔امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں: ضعیف۔(1)

---

(1) "المعجم الأوسط" (233/2) رقم الحديث: (1838) مَنِ اسْمُهُ أَحْمَدُ.

(2) أحمد بن محمد الصيدلاني البغدادي فهو مجهول الحال ذكره الخطيب: في "تاريخه" (334/5) ولم يتكلم عليه تعديلا وجرحا. وقال أبو الطيب نايف بن صلاح بن علي المنصوري: في "إرشاد القاصي والداني إلى تراجم شيوخ الطبراني" (183/1) "مجهول الحال".

عبداللہ بن یحی بن ابی کثیر الیمامی

صدوق درجے کا راوی ہے۔

امام احمدؒ اسے ثقہ، لا بأس بہ گردانتے ہیں۔ امام ابو حاتمؒ اس کو صدوق قرار دیتے ہیں، امام ذہبی نے امام ابو حاتم کی رائے سے اتفاق کیا ہے۔ حافظ ابن حجرؒ بھی صدوق لکھتے ہیں۔(2)

یحی بن ابی کثیر الیمامیؒ (المتوفی:129ھ)

ثقہ مدلس راوی ہیں، امام عجلیؒ، امام ابو حاتمؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔

حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ، ثبت لکھتے ہیں۔(3)

---

(1) السّري بن عَاصِم بن سهل أَبُو سهل الْبَغْدَادِيّ فهو متروك ذكره ابن حبان: في "المجروحين" (355/1) فقال: "يسرق الحديث ويرفع الموقوفات لا يحل الاحتجاج به". وابن عدي: في "الكامل" (540/4) فقال: "يسرق الحديث". وقال الخطيب: في "تاريخه" (192/9) قَالَ الأَزْدِيُّ: سري بن عاصم البغدادي متروك الحديث. أَخْبَرَنَا السّمسار، أخبرنا الصّفّار، حَدَّثَنَا ابن قانع: أن السري بن عاصم مات في صفر من سنة ثمان وخمسين ومائتين.

وذكره ابن الجوزي: في "الضعفاء والمتركون" (310/1) فقال: قَالَ الدَّارَقُطْنِيّ: "ضَعِيف" وقال سبط ابن العجمي: في "الكشف الحثيث" (123/1) "وَكذبه بن خرَاش".

(2) عبد الله بن يحيى بن أبي كثير اليمامي فهو صدوق ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (292/16) فقال روى عن: أبيه يحيى بن أبي كثير قال أبو طالب عن أحمد بن حنبل: ثقة، لا بأس به. وقال أبو حاتم: صدوق. وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات". روى له البخاري، ومسلم، وأبو داود في "المراسيل. وقال الذهبي: في "الكاشف" (607/1) قال أبو حاتم: "صدوق". والحافظ: في "التقريب" (329/1) "صدوق من الثامنة".

(3) يحيى بن أبي كثير الطائي مولاهم أبو نصر اليمامي فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (504/31) وقال العجلي: ثقة، كان يعد من أصحاب الحديث. وقال أبو حاتم: إمام لا يحدث إلا عن ثقة. وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات"، وقال: كان من العباد، إذا حضر جنازة لم يتعش تلك الليلة ولا يقدر أحد من أهله يكلمه.

وقال المغلطائي: في "اكمال تهذيب الكمال" (355/12) ذكره ابن حبان في كتاب «الثقات»، وقال عمرو بن علي: مات سنة تسع وعشرين ومائة، وقال غيره: مات سنة اثنتين وثلاثين ومائة. كذا ذكره المزي ولو نظر في كتاب «الثقات» حق النظر لوجده قد قال شيئا – لم يذكر المزي منه شيئا من عنده ولا من عند غيره – قال: كان يكتب على السماكين

ہشام بن عروہ بن زبیر بن عوام قرشیؒ (المتوفی:146ھ)

ثقہ راوی ہیں، امام ابن سعدؒ، امام عجلیؒ، امام ابو حاتمؒ، امام یعقوب بن شیبہؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(1)

عروہ بن زبیر بن عوام بن خویلد قرشیؒ (المتوفی:94ھ)

ثقہ راوی ہیں۔ امام ابن سعدؒ، امام عجلیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔(2)

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

صحابیہ ہیں۔ الصحابۃ کلہم عدول۔

امام ابن عساکرؒ (المتوفی:571ھ)(3) اور امام ابن کثیر الدمشقیؒ (المتوفی:774ھ)(4) نے بھی طبرانی کی سند سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

في البازجاه، مات سنة تسع وعشرين ومائة باليمامة، وقد قيل: سنة ثنتين وثلاثين، وكان يدلس، فكلما روى عن أنس فقد دلس عنه لم يسمع من أنس ولا صحابي شيئا.

وقال الحافظ: في "التقريب" (596/1) "ثقة ثبت لكنه يدلس ويرسل من الخامسة".

(1) هشام بن عروة بن الزبير بن العوام القرشي فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (232/30) روى عن: أبيه عروة بن الزبير، وقال محمد بن سعد، والعجلي: كان ثقة. زاد ابن سعد: ثبتا، كثير الحديث، حجة. وقال أبو حاتم: ثقة، إمام في الحديث. وقال يعقوب بن شيبة: ثبت، ثقة. وهو مات سنة ست وأربعين ومئة. وزاد عليه الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (45/11) فقال: وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: "كان متقنا ورعا فاضلا". وفي "التقريب" (573/1) "ثقة فقيه ربما دلس".

(2) عروة بن الزبير بن العوام بن خويلد القرشي الأسدي، أبو عبد الله المدني. فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" روى عن: خالته عائشة أم المؤمنين ذكره محمد بن سعد في الطبقة الثانية من أهل المدينة، وقال: كان ثقة كثير الحديث فقيها عالما مأمونا ثبتا. وقال أحمد بن عبد الله العجلي: مدني تابعي ثقة، وكان رجلا صالحا لم يدخل في شيء من الفتن.

وقال الحافظ: في "التقريب" (389/1) "ثقة فقيه مشهور من الثالثة مات سنة أربع وتسعين على الصحيح".

(3) "تاريخ دمشق" (69/59) رقم الترجمة (7510) معاوية بن صخر أبي سفيان

(4) "البداية والنهاية" (403/11) "وهذه ترجمة معاوية، رضي الله عنه، وذكر شيء من أيامه، ودولته، وما ورد في مناقبه وفضائله".

فصل ثانی

حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ فیصلہ کرنے میں قوی اور امین ہیں۔

(حدیث نمبر:60)

امام أبو بکر بزارؒ (المتوفی:292ھ) فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ السِّجِسْتَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، قَال: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ جَنَاحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ: اسْتَشَارَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ فِي أَمْرٍ أَرَادَهُ، فَقَالاَ: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، فَقَالَ: ادْعُوا لِي مُعَاوِيَةَ ، فَلَمَّا وَقَفَ عَلَيْهِ قَالَ: أَشْهِدُوهُ أَمَرَكُمْ، أَحْضِرُوهُ أَمَرَكُمْ، فَإِنَّهُ قَوِيٌّ أَمِينٌ.

ہم سے بیان کیا عمر بن خطاب سجستانی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا نعیم بن حماد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن شعیب بن شابور نے، وہ مروان بن جناح سے، وہ یونس بن میسرہ بن حلبس سے، وہ عبداللہ بن بُسر سے وہ فرماتے ہیں: رسول ﷺ نے ابو بکر و عمر سے کسی معاملے میں مشورہ طلب کیا تو اِن دونوں حضرات نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: معاویہ کو بلاؤ۔ جب معاویہ رسول اکرم ﷺ کے سامنے کھڑے ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: "تم اِن کو اپنے معاملے میں گواہ بناؤ، اپنے مقدمے ان کے سامنے پیش کرو بلاشبہ یہ قوی اور امین ہیں"۔(1)

---

(1) "مسند البزار" (433/8) رقم الحديث: (3507) "حديث عبد الله بن بسر عن النبي ﷺ".

"الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360هـ) (2457/5) رقم الحديث: (1941) "باب ذكر مشاورة النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية رضي الله عنه".

"شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" للالكائي (المتوفى: 418هـ) (1526/8) رقم الحديث: (2776) "سياق ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم في فضائل أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان".

"تاريخ دمشق" لابن عساكر (86/59) "معاوية بن صخر أبي سفيان بن حرب بن أمية بن عبد شمس بن عبد مناف أبو عبد الرحمن الأموي خال المؤمنين وكاتب وحي".

حدیث کا حکم:

یہ روایت حسن درجے کی ہے، ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

عمر بن خطاب سجستانی (المتوفی: 264ھ)

صدوق راوی ہے۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے فرماتے ہیں: مستقیم الحدیث۔حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔امام ہیثمیؒ فرماتے ہیں: شیخ بزار ثقہ ہیں۔(1)

نعیم بن حماد الخزاعی ابو عبداللہ المروزیؒ (المتوفی: 228ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔امام احمد بن حنبلؒ، امام یحی بن معینؒ، امام عجلیؒ، نے آپ کو ثقہ لکھا ہے۔امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: محلّہ الصدق۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے فرماتے ہیں: بسا اوقات غلطی کر جاتے ہیں اور وہم ہو جاتا ہے۔امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں: امام فی السنّہ، کثیر الوہم تھے۔امام مسلمہ بن قاسمؒ فرماتے ہیں: صدوق مگر کثیر الخطا ہیں۔امام نسائیؒ نے آپ کو ضعیف لکھا ہے۔امام ابوزکریا صدوق ثقہ لکھتے ہیں۔

"تلقيح فهوم أهل الأثر في عيون التاريخ والسير" لابن الجوزي (المتوفى:597هـ) (493/1)

"سير أعلام النبلاء" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (127/3) "معاوية بن أبي سفيان صخر بن حرب الأموي".

"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (310/4) قال الذهبي: وقد رووه عن ابن شعيب مرسلاً قلت: هذا من مناكير نعيم، وهو صاحب أوابد.

"البداية والنهاية" لابن كثير القرشي الدمشقي (774هـ) (409/11) "ترجمة معاوية، رضي الله عنه، وذكر شيء من أيامه، ودولته، وما ورد في مناقبه وفضائله".

"كشف الأستار عن زوائد البزار" للهيثمي (المتوفى: 807هـ) (267/3) رقم الحديث: (2721) مَنَاقِبُ مُعَاوِيَةَ

(1) عمر بن الخطاب السجستاني القشيري، أبو حفص فهو صدوق ذكره ابن حبان: في "الثقات" (447/8) فقال: "مستقيم الحديث". والمزي: في "تهذيب الكمال" (326/21) فقال: روى عن: نعيم بن حماد وقال أبو الحسين ابن المنادي: مات بكرمان في شوال سنة أربع وستين ومئتين وقد قارب التسعين. وقال الحافظ: في "التقريب" (412/1) "صدوق من الحادية عشرة". وقال الهيثمي: في "المجمع" (356/9) "وشيخ البزار ثقة".

ابو الفتح الازدیؒ فرماتے ہیں: نعیم سنت کی تائید میں جھوٹی حدیثیں بنالیتا تھا۔امام ابو بشر دولابیؒ بھی یہی فرماتے ہیں۔مزید یہ کہ وہ امام ابو حنیفہؒ کی تنقیص میں حکایات بنایا کرتے تھے جو سب جھوٹ ہیں۔

امام ابن عدیؒ نے نعیم بن حماد سے تقریبا نو احادیث بیان کی ہیں اور ان پر کلام کیا ہے آخر میں فرماتے ہیں: "وعامة ما أنكر عليه هو الذي ذكرته وأرجو أن يكون باقي حديثه مستقيما".

عموما ان کی جن روایات کو منکر کہا گیا ہے وہ یہی ہیں جن کو میں نے ذکر کیا اور مجھے امید ہے کہ اس کی باقی احادیث مستقیم ہیں۔

حافظ ابن حجرؒ "تہذیب" میں تمام اقوال نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"نعیم بن حماد کی عدالت اور صداقت ثابت ہے لیکن اس کی احادیث میں اوہام معروف ہیں۔امام ابو احمد حاکم نے کہا بعض احادیث میں بسا اوقات مخالفت کرتے ہیں اور پہلے گزر چکا جن احادیث میں ان کو وہم ہوا ابن عدیؒ نے ان کا تتبع کیا ہے **"فهذا فصل القول فيه"**.

حافظ ابن حجرؒ کے نزدیک اصح قول یہ ہے کہ وہ "صدوق يخطئ كثيرا" ہیں۔

امام دولابیؒ نے "قال غيره" کے الفاظ سے جرح کی ہے یہ "غیرہ" کون ہے؟ اگر یہ جرح کسی قابل اعتماد محدّث سے ثابت ہوتی دولابی رؤس الاشہاد اس کا نام لیتے۔اسی طرح امام ازدیؒ نے "قالو" کہ کر جو کچھ کہا وہ بھی قابل التفات نہیں۔(1)

---

(1) نعيم بن حماد بن معاوية الخزاعي، أبو عبد الله المروزي فهو صدوق ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (466/29) روى عن: محمد بن شعيب بن شابور وقال الحافظ أبو بكر الخطيب: يقال: "أن أول من جمع المسند وصنفه نعيم بن حماد". ، قال أحمد بن حنبل: "لقد كان من الثقات". وقال يحيى بن معين: "ثقة". وقال أبو زكريا: "صدوق ثقة". وقال العجلي: "ثقة". وقال أبو حاتم: "محله الصدق". وقال النسائي: "نعيم بن حماد ضعيف". وقال في موضع آخر: "ليس بثقة". وقال أبو علي النيسابوري الحافظ: سمعت أبا عبد الرحمن النسائي يذكر فضل نعيم بن حماد وتقدمه في العلم والمعرفة والسنن، ثم قيل له في قبول حديثه، فقال: قد كثر تفرده عن الأئمة المعروفين بأحاديث كثيرة فصار في حد من لا يحتج به. وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات" وقال: ربما أخطأ ووهم. وقال أبو أحمد بن عدي: قال لنا ابن حماد، يعني أبا بشر

محمد بن شعیب بن شابورؒ (المتوفی:198ھ)

ثقہ راوی ہے۔امام عجلیؒ،امام ابن عمارؒ،امام دحیمؒ،امام ابن عدیؒ،امام ذہبیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔(1)

محمد بن أحمد بن حماد الدولابي: نعيم بن حماد يروي عن ابن المبارك ضعيف، قاله أحمد بن شعيب. قال ابن حماد: وقال غيره: كان يضع الحديث في تقوية السنة، وحكايات عن العلماء في ثلب أبي حنيفة كذب.

وقال الذهبي: في "الكاشف" (324/2) "مختلف فيه امتحن فمات محبوسا بسامراء 229". وقال الحافظ: في "التهذيب" (412/10) "أورد له بن عدي أحاديث مناكير وقال وليعلم غير ما ذكرت وقد أثنى عليه قوم وضعفه قوم وكان أحد أحد من يتصلب في السنة ومات في محنة القرآن في الحبس وعامة ما أنكر عليه هو الذي ذكرته وأرجو أن يكون باقي حديثه مستقيما". وقال محمد بن سعد: "طلب الحديث كثيرا بالعراق والحجاز ثم نزل مصر فلم يزل بها حتى اشخص منها في خلافة المعتصم فسئل عن القرآن فأبى أن يجيب فلم يزل محبوسا بها حتى مات في السجن سنة ثمان وعشرين ومائتين". وقال أبو سعيد بن يونس: "حمل من مصر إلى العراق في المحنة فأبى أن يجيبهم فسجن فمات في السجن ببغداد غداة يوم الأحد لثلاث عشرة خلت من جمادى الأولى سنة ثمان وكان يفهم الحديث وروى أحاديث مناكير عن الثقات". وقال أبو القاسم البغوي وابن عدي: "مات سنة تسع وعشرين". قلت_الحافظ- وممن ذكر وفاته سنة ثمان أبو محمد بن أبي حاتم عن أبيه وهو الصواب وقال مسلمة بن قاسم: "كان صدوقا وهو كثير الخطأ وله أحاديث منكرة في الملاحم انفرد بها وله مذهب سوء في القرآن كان يجعل القرآن قرآنين فالذي في اللوح المحفوظ كلام الله تعالى والذي بأيدي الناس مخلوق انتهى كأنه يريد الذي في أيدي الناس ما يتلونه بألسنتهم ويكتبونه بأيديهم ولا شك أن المداد والورق والكتب والتالي وصوته كل مخلوق وأما كلام الله سبحانه وتعالى فإنه غير مخلوق قطعا وقال أبو الفتح الأزدي: قالوا كان يضع الحديث في تقوية السنة وحكايات مزورة في ثلب أبي حنيفة كلها كذب". انتهى وقد تقدم نحو ذلك عن الدولابي واتهمه بن عدي في ذلك وحاشى الدولابي أن يتهم وإنما الشأن في شيخه الذي نقل ذلك عنه فإنه مجهول متهم وكذلك من نقل عنه الأزدي بقوله قالوا فلا حجة في شيء من ذلك لعدم معرفة قائله وأما نعيم فقد ثبتت عدالته وصدقه ولكن في حديثه أوهام معروفة وقد قال فيه الدارقطني: "إمام في السنة كثير الوهم". وقال أبو أحمد الحاكم: "ربما يخالف في بعض حديثه وقد مضى أن بن عدي يتتبع ما وهم فيه فهذا فصل القول فيه".

(1) محمد بن شعيب بن شابور القرشي الأموي، أبو عبد الله الشامي الدمشقي فهو ثقة وثقه العجلي: في "الثقات" (240/2) وقال الذهبي: في "الكاشف" (180/2) فقال: وثقه ودحيم ومحمود بن خالد قال أبو حاتم: "هو أثبت من بقية وابن حمير". وقال دحيم: "ثقة". وقد ذكره الحافظ: في "التهذيب" (197/9) ،

فقال: قال صالح بن أحمد عن أبيه: "ما رأى به بأسا وما علمت إلا خيرا". وقال عبد الله بن أحمد عن أبيه نحوه وزاد: "كان رجلا عاقلا". وقال ابن معين يقول: "كان مرجئا وليس به في الحديث بأس". وقال إسحاق بن راهويه: "روى بن

مروان بن جناح اموی دمشقی

ثقہ راوی ہے۔امام دحیمؒ،امام ابوداؤدؒ ثقہ لکھتے ہیں۔امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں:لا باس بہ۔امام ابو علی نیسابوریؒ ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔امام ابو داؤدؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔امام ذہبیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔حافظ ابن حجرؒ صدوق لکھتے ہیں۔(1)

یونس بن میسرہ بن حلبس الحمیری،الدمشقیؒ(التوفی:132ھ)

ثقہ قابل احتجاج راوی ہیں۔حدیث نمبر(21)کے تحت ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبداللہ بن بسر مازنی رضی اللہ عنہ(التوفی:80ھ)

حمص(شام)میں انتقال کرنے والے آخری صحابی ہیں۔یہ ان صحابہ میں سے ہیں جنہوں نے دو قبلوں (بیت المقدس اور خانہ کعبہ)کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی ہے۔(2)

المبارك عن محمد بن شعيب بن شابور فقال أنا الثقة من أهل العلم محمد بن شعيب وكان يسكن بيروت". وقال بن عمار ودحيم: "ثقة". وقال الآجري عن أبي داود: "محمد بن شعيب في الأوزاعي ثبت". وقال بن عدي: "الثقات من أهل الشام فعده فيهم".

وذكره بن حبان في "الثقات" وقال: ولد سنة ست عشرة ومئة ومات سنة مائتين وكذا قال بن أبي عاصم عن دحيم في سنة وفاته وقال الحسن بن محمد بن بكار: "مات سنة ست أو 97". وقال هشام بن عمار: "مات سنة 98". وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (483/1) "صدوق صحيح الكتاب من كبار التاسعة".

(1) مروان بن جناح الأموي الدمشقي فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (386/27) روى عن: يونس ابن ميسرة بن حلبس وروى عنه: محمد بن شعيب بن شابور، وقال دحيم وأبو داود: "ثقة". وقال أبو حاتم: "هو أحب إلي من أخيه روح بن جناح، وهما شيخان يكتب حديثهما ولا يحتج بهما".

وقال الدارقطني: لا بأس به شامي أصله كوفي. وقال أبو علي الحسين بن علي الحافظ النيسابوري: "مروان ثقة". وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات". روى له أبو داود، وابن ماجه. وقال الذهبي: في "الكاشف" (253/2) "ثقة". وقال الحافظ: في "التقريب" (525/1) "لا بأس به من السادسة".

(2) عبد الله بن بسر بضم الموحدة وسكون المهملة المازني فهو صحابي وعنه قال ابن عبدالبر: في "الاستيعاب" (874/3) من مازن بْن مَنْصُور، يكنى أَبَا بسر، وقيل: يكنى أَبَا صَفْوَان. هُوَ أخو الصماء، مات بالشام سنة ثمانين، وَهُوَ

(حدیث نمبر:61)امام طبرانیؒ(المتوفی:360ھ)فرماتے ہیں:

حدثنا يحيى بن عثمان بن صالح، ثنا نعيم بن حماد، ثنا محمد بن شعيب بن شابور، ثنا مروان بن جناح، عن يونس بن ميسرة بن حلبس، عن عبد الله بن بسر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم استأذن أبا بكر وعمر في أمر فقال: « أشيروا » ، فقالا : الله ورسوله أعلم ، فقال صلى الله عليه وسلم: « أشيروا علي » ، فقالا: الله ورسوله أعلم فقال: « ادعوا معاوية »، فقال أبو بكر وعمر: أما كان في رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجلين من رجال قريش ما ينفذون أمرهم حتى يبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى غلام من غلمان قريش؟ فقال: « ادعوا لي معاوية ، فلما وقف بين يديه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أحضروه أمركم، وأشهدوه أمركم، فإنه قوي أمين".

ہم سے بیان کیا یحی بن عثمان بن صالح نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا نعیم بن حماد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن شعیب بن شابور نے، وہ مروان بن جناح سے، وہ یونس بن میسرہ بن حلبس سے، وہ عبداللہ بن بُسر سے وہ فرماتے ہیں: رسول ﷺ نے ابو بکر و عمر سے ایک معاملہ میں مشورہ طلب کیا کہ اس معاملے میں مجھے مشورہ دو تو اِن دونوں حضرات نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔

دوسری مرتبہ پھر فرمایا تو یہی جواب دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اچھا معاویہ کو بلاؤ جس پر ابو بکر و عمر نے فرمایا کیا نبی اور دو آدمی قریش کے لوگوں کے معاملے میں کافی نہیں کہ ان پر کسی معاملے کو نافذ کر سکیں آپ ﷺ قریش کے لڑکوں میں سے ایک لڑکے کو بلانے کیلیے بھیج رہے ہیں؟

ابْن أربع وتسعين، وَهُوَ آخر من مات بالشام بحمص من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وَسَلَّمَ. رَوَى عَنْهُ الشاميون، منهم خَالِد بْن معدان، وَيَزِيد بْن خمير، وسليم بْن عَامِر، وراشد بن سعد، وأبو الزاهرية، ولقمان بن عامر، ومحمد ابن زِيَاد. يقال: إنه ممن صَلَّى القبلتين.

وعنه قال الحافظ: في "التقريب" (297/1) "صحابي صغير ولأبيه صحبة مات سنة ثمان وثمانين وقيل ست وتسعين وله مائة سنة وهو آخر من مات بالشام من الصحابة".

آپ ﷺ نے فرمایا معاویہ کو میرے پاس بلاؤ۔جب معاویہ رسول اکرم ﷺ کے سامنے حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: "تم اپنے مقدمے ان کے سامنے پیش کرو،اِن کو اپنے معاملے میں گواہ بناؤ بلاشبہ یہ قوی اور امین ہیں"۔(1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت حسن درجے کی ہے۔ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

یحی بن عثمان بن صالح بن صفوان سہمیؒ(المتوفی:282ھ)

صدوق درجے کے راوی ہیں۔

آپ متہم بالتشیع ہیں۔امام ابو حاتمؒ آپ سے شواہد کے طور پر روایات لیتے ہیں۔امام ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو صدوق لکھتے ہیں۔علامہ ہیثمیؒ فرماتے ہیں: شیخ الطبرانی کی امام ذہبیؒ کے سوا کسی نے توثیق نہیں کی اور ان پر جرح غیر مفسّر ہے۔(2)

بقیہ تمام رُوات ثقہ ہیں سوائے نعیم بن حماد کے جو صدوق ہیں،سابقہ روایت کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) "مسند الشاميين" للطبراني (المتوفى: 360هـ) (161/2) رقم الحديث: (1110) "ما انتهى إلينا من مسند مروان بن جناح".

(2) يحيى بن عثمان بن صالح بن صفوان القرشي السهمي، أبو زكريا المصري فهو صدوق ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (462/31) فقال: روى عن: نعيم بن حماد الخزاعي وروى عنه: أبو القاسم سليمان ابن أحمد الطبراني قال عبد الرحمن بن أبي حاتم: كتبت عنه وكتب عنه أبي، وتكلموا فيه. وقال أبو سعيد بن يونس: كان عالما بأخبار البلد وبموت العلماء، وكان حافظا للحديث، وحدث بما لم يكن يوجد عند غيره، وتوفي في ذي القعدة سنة اثنتين وثمانين ومئتين.

وقال الذهبي: في "المغني" (740/2) "صدوق كتب عنه ابن أبي حاتم وقال تكلموا فيه". وفي "الميزان" (396/4) وهو صدوق إن شاء الله. قال ابن أبي حاتم: كتبت عنه. وقد تكلموا فيه. والحافظ: في "التقريب" (594/1) "صدوق رمي بالتشيع ولينه بعضهم لكونه حدث من غير أصله من الحادية عشرة".

وقال الهيثمي: في "المجمع" (356/9) "وشيخ الطبراني لم يوثقه إلا الذهبي في الميزان، وليس فيه جرح مفسر".

امام ابو حاتمؒ کا تسامح اور اسکا جواب

اس روایت کو معلول ثابت کرنے کیلیے کہا جاتاہے کہ امام ابن ابی حاتمؒ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد ابو حاتمؒ سے حدیث عبداللہ بن بسر کے متعلق سوال کیا تو آپنے فرمایا: اس حدیث کے متصلا بیان کرنے میں نعیم بن حماد کے ساتھ کسی نے متابعت نہیں کی بلکہ محدثین نے اسے محمد بن شعیب سے مرسلا روایت کیاہے۔

وسألتُ أَبِي عَنْ حديثٍ رَوَاهُ نُعَيم بْنُ حمَّاد، عَنْ محمَّد بْنِ شُعَيب بْن شابور، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ جَناح، عَنْ يونس بن مَيْسَرة، عن عبد الله بن بُسْر:أَنَّ النبيَّ (ص) اسْتَشَارَ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ فِي أمرٍ، فَقَالا: اللَّهُ ورسولُه أعلَمُ، قال: ادْعُ لِي مُعَاوِيَةَ، فغَضِبَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالا: مَا كَانَ فِي رسول الله (ص) ورجُلَين من قريش ما يَجْزُون،أمرَ رسول الله (ص)؛ حتى يبعثَ إلى غلامٍ مِنْ غِلْمان قُرَيْشٍ؟! فَقَالَ رسولُ الله (ص) : ادْعُوا لِي مُعَاوِيَةَ، فلمَّا وقفَ بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ: أَحْضِرُوهُ أَمْرَكُمْ؛ فَإِنَّهُ قَوِيٌّ أَمِينٌ؟

قَالَ أَبِي: لَمْ يتابَع نُعَيمٌ عَلَى تَوصيل هذا الحديث؛ إنما يبدونه عَنْ محمَّد بْنِ شُعَيب، عَنْ مَرْوَانَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرة، عن النبيّ (ص) ... ، مُرسَلًا(1)

امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) نے بھی اسے مرسلا اور مُتصلا روایت کیاہے۔

محمد بن شعيب: حدثنا مروان بن جناح، عن يونس بن ميسرة: أن رسول الله -صلى الله عليه وسلم - استأذن أبا بكر وعمر في أمر، فقالا: الله ورسوله أعلم فقال: (أشيرا علي) ثم قال: (ادعوا معاوية) فقال:(أحضروه أمركم، وأشهدوه أمركم، فإنه قوي أمين) ورواه: نعيم بن حماد، عن ابن شعيب؛ فوصله بعبد الله بن بسر.(2)

امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

محدّثین نے محمد بن شعیب سے مرسلا روایت کیاہے۔

---

(1) "العلل" لابن أبي حاتم (المتوفى: 327هـ) (418/6) رقم الحديث: (2634)

(2) "سير أعلام النبلاء" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (127/3) "معاوية بن أبي سفيان صخر بن حرب الأموي".

(جبکہ نعیم بن حماد، محمد بن شعیب سے متصلا روایت کرتے ہیں) یہ نعیم بن حماد کے مناکیر میں سے ہے اور نعیم بن حماد صاحب اوابد ہیں۔

قال الذهبي: وقد رووه عن ابن شعيب مرسلاً قلت: هذا من مناكير نعيم، وهو صاحب أوابد.(1)

جواب

امام ابو حاتمؒ کا یہ فرمانا کہ اس روایت کے اتصال میں نعیم بن حماد کیساتھ کسی نے متابعت نہیں کی یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ محدّث ابو القاسم ہبۃ اللہ اللالکائیؒ (المتوفی: 418ھ) نے اپنی سند سے اس روایت کو متصلا روایت کیا ہے جس میں نعیم بن حماد کا تابع، ابو القاسم یزید بن محمد بن عبد الصمد ثقہ راوی موجود ہے۔ جسے امام نسائیؒ، امام دار قطنیؒ، امام ابو حاتمؒ، امام ذہبیؒ ثقہ قرار دیتے ہیں۔(2)

اصل متن ملاحظہ فرمائیں:

(حدیث نمبر:62)

أنا محمد بن الحسين الفارسي، قال: نا محمد بن....السكسي، قال: نا أبو القاسم يزيد بن محمد بن عبد الصمد، قال: نا محمد بن شعيب بن شابور، قال: نا مروان بن جناح، عن يونس بن ميسرة بن حلبس الحبلاني، عن عبد الله بن بشر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم استشار أبا بكر وعمر في شيء، فقالا: الله ورسوله أعلم. فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «ادع لي معاوية». قال: فغضب أبو بكر وعمر، فقالا: أما كان في رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجلين من قريش ما

---

(1) "تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (310/4)

(2) يزيد بن محمد بن عبد الصمد بن عبد الله بن يزيد بن ذكوان القرشي، أبو القاسم الدمشقي فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (236/32) قال النسائي، والدارقطني: "ثقة". وقال عبد الرحمن بن أبي حاتم: "ثقة صدوق". وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات" وقال أبو سعيد بن يونس: "قدم مصر، وكتب عنه ورجع إلى دمشق وتوفي بها سنة سبع وسبعين ومئتين، وكان ثقة". وقال الذهبي: في "الكاشف" (389/2) "ثقة حافظ مات 276". والحافظ: في "التقريب" (604/1) "صدوق من الحادية عشرة".

يجدون أمر رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «ادع لي معاوية». فلما جاءه وقف بين يديه، فقال: «حملوه أمركم؛ فإنه قوي أمين»(1)

تاہم یہ روایت "مسند بزار" (433/8) رقم الحدیث: (3507)، "الشریعہ للآجرّی" (2457/5) رقم الحدیث: (1941)، "مسند الشامیین" (161/2) رقم الحدیث: (1110)، "فضائل امیر المؤمنین معاویہ بن ابی سفیان" لابی القاسم عبید اللہ بن محمد بن احمد السقطی (المتوفی: 406ھ) (مخطوط) (3)، "البدایہ والنہایہ" لابن کثیر القرشی الدمشقی (المتوفی: 774ھ) (409/11)، "الموضوعات" لابن الجوزی (المتوفی: 597ھ) (256/2) میں بطریق نعیم بن حمادؒ اور "شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ" (1526/8) رقم الحدیث: (2776) میں بطریق یزید بن محمد بن عبد الصمدؒ متصلا مروی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی ایسی سند دستیاب نہ ہو سکی جو مرسلا مروی ہو۔

امام ذہبیؒ اور علامہ ہیثمیؒ کی جرح (مناکیر و منکر) کا جواب

امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ) کا یہ فرمانا کہ یہ روایت نعیم بن حمادؒ کے مناکیر سے ہے(2) اور علامہ ہیثمیؒ (المتوفی: 807) کا اس روایت کو منکر قرار دینے(3) سے اس روایت کا ضعیف ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ نعیم بن حماد کی طرف سے کسی ثقہ راوی کی مخالفت نہیں پائی جا رہی یہی وہ وجہ ہے کہ امام ابن عدیؒ نے نعیم بن حماد سے تقریبا نو احادیث بیان کی ہیں اور ان پر کلام کیا ہے آخر میں فرماتے ہیں:

"وعامة ما أنكر عليه هو الذي ذكرته وأرجو أن يكون باقي حديثه مستقيما".

---

(1) "شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة" (1526/8)

(2) "هذا من مناكير نعيم".

"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" (310/4)

(3) "ومع ذلك فهو حديث منكر".

"مجمع الزوائد ومنبع الفوائد" (356/9) رقم الحديث: (15916) "باب ما جاء في معاوية بن أبي سفيان ﷺ".

عموماان کی جن روایات کو منکر کہا گیا ہے وہ یہ ہیں جن کو میں نے ذکر کیااور مجھے امید ہے کہ ان کی باقی احادیث مستقیم ہیں۔(1)

امام ابن عدیؒ نے زیر بحث روایت کو نعیم بن حماد کے مناکیر میں نہیں ذکر کیا اگر ایسی کوئی بات ہوتی تو ضرور ذکر فرماتے۔حافظ ابن حجرؒ نے بھی ابن عدیؒ کی تائید کی ہے فرماتے ہیں:

وأما نعيم فقد ثبتت عدالته وصدقه ولكن في حديثه أوهام معروفة وقد قال فيه الدارقطني: "إمام في السنة كثير الوهم". وقال أبو أحمد الحاكم: "ربما يخالف في بعض حديثه وقد مضى أن بن عدي يتتبع ما وهم فيه فهذا فصل القول فيه".

"نعیم بن حماد کی عدالت اور صداقت ثابت ہے لیکن اس کی احادیث میں اوہام معروف ہیں۔امام ابواحمد حاکم نے کہا بعض احادیث میں بسا اوقات مخالفت کرتے ہیں اور پہلے گزر چکا جن احادیث میں ان کو وہم ہوا ابن عدیؒ نے ان کا تتبع کیا ہے"فهذا فصل القول فيه".(2)

مزید یہ کہ امام احمدؒ اور محدّثین کی ایک جماعت نے اُس حدیث مفرد پر جس کا کوئی متابع موجود نہ ہو منکر کا اطلاق کیا ہے۔

علامہ عبدالحہ الکھنویؒ(المتوفی:1304ھ)لکھتے ہیں:

وَقَالَ الْحَافِظ ابْن حجر فِي مُقَدّمَة فتح الْبَارِي عِنْد ذكر مُحَمَّد بن ابراهيم التَّيْمِيّ وتوثيقه مَعَ قَول احْمَد فِيهِ يروي احاديث مَنَاكِير قلت الْمُنكر اطلقه احْمَد بن حَنْبَل وَجَمَاعَة على الحَدِيث الْفَرد الَّذِي لَا متابع لَهُ فَيحمل هَذَا على ذَلِك وَقد احْتج بِهِ الْجَمَاعَة انْتهى وَقَالَ أَيْضا عِنْد ذكر تَرْجَمَة بريد بن عبد الله احْمَد وَغَيره يطلقون الْمَنَاكِير على الْأَفْرَاد الْمُطلقَة انْتهى

حافظ ابن حجرؒ"مقدمہ فتح الباری"میں محمد بن ابراہیم التیمی کا تذکرہ اُن کی توثیق کیساتھ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

امام احمدؒ ان کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ منکر احادیث روایت کرتے ہیں۔(میں ابن حجر کہتا ہوں)امام احمدؒ اور

---

(1) "الكامل في ضعفاء الرجال" (256/8)

(2) "تهذيب التهذيب" (412/10)

محدّثین کی ایک جماعت نے اُس حدیث مفرد پر جس کا کوئی متابع موجود نہ ہو منکر کا اطلاق کیا ہے لہذا محمد بن ابراہیم کے بارے میں ان کے اس قول کو اس پر محمول کیا جائے گا حالانکہ محدّثین کی ایک جماعت نے ان سے احتجاج کیا ہے۔مزید حافظ ابن حجرؒ بریدبن عبداللہ کے حالات میں فرماتے ہیں: امام احمد وغیرہ مطلق مفرد روایات پر مناکیر کا اطلاق کر دیتے ہیں۔(1)

امام ابن صلاحؒ (المتوفی: 643ھ) فرماتے ہیں:

جب کوئی راوی ایسی روایت بیان کرے جسے اُس کے سوا کسی اور نے روایت نہ کیا ہو اب دیکھا جائے گا کیا یہ منفرد راوی ثقہ ہے یا نہیں؟

اگر ثقہ ہے تو اس کی روایت صحیح ہو گی، صدوق ہے تو صحیح سے کم درجہ حسن کی ہو گی اور ضعیف ہے تو اس کی روایت منکر ہو گی۔

إِذَا انْفَرَدَ الرَّاوِي بِشَيْءٍ نُظِرَ فِيهِ: فَإِنْ كَانَ مَا انْفَرَدَ بِهِ مُخَالِفًا لِمَا رَوَاهُ مَنْ هُوَ أَوْلَى مِنْهُ بِالْحِفْظِ لِذَلِكَ، وَأَضْبَطُ كَانَ مَا انْفَرَدَ بِهِ شَاذًّا مَرْدُودًا، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ فِيهِ مُخَالَفَةٌ لِمَا رَوَاهُ غَيْرُهُ، وَإِنَّمَا هُوَ أَمْرٌ رَوَاهُ هُوَ وَلَمْ يَرْوِهِ غَيْرُهُ، فَيُنْظَرُ فِي هَذَا الرَّاوِي الْمُنْفَرِدِ: فَإِنْ كَانَ عَدْلًا حَافِظًا مَوْثُوقًا بِإِتْقَانِهِ وَضَبْطِهِ قُبِلَ مَا انْفَرَدَ بِهِ، وَلَمْ يَقْدَحِ الِانْفِرَادُ فِيهِ، كَمَا فِيمَا سَبَقَ مِنَ الْأَمْثِلَةِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ مِمَّنْ يُوثَقُ بِحِفْظِهِ وَإِتْقَانِهِ لِذَلِكَ الَّذِي انْفَرَدَ بِهِ كَانَ انْفِرَادُهُ بِهِ خَارِمًا لَهُ، مُزَحْزِحًا لَهُ عَنْ حَيِّزِ الصَّحِيحِ.

ثُمَّ هُوَ بَعْدَ ذَلِكَ دَائِرٌ بَيْنَ مَرَاتِبَ مُتَفَاوِتَةٍ بِحَسَبِ الْحَالِ فِيهِ، فَإِنْ كَانَ الْمُنْفَرِدُ بِهِ غَيْرَ بَعِيدٍ مِنْ دَرَجَةِ الْحَافِظِ الضَّابِطِ الْمَقْبُولِ تَفَرُّدُهُ اسْتَحْسَنَّا حَدِيثَهُ ذَلِكَ، وَلَمْ نَحُطَّهُ إِلَى قَبِيلِ الْحَدِيثِ الضَّعِيفِ، وَإِنْ كَانَ بَعِيدًا مِنْ ذَلِكَ رَدَدْنَا مَا انْفَرَدَ بِهِ، وَكَانَ مِنْ قَبِيلِ الشَّاذِّ الْمُنْكَرِ.(2)

---

(1) "الرفع والتكميل في الجرح والتعديل" (202/1) "فِي الْفرق بَين قَوْلهم حَدِيث مُنكر ومنكر الحَدِيث ويروي الْمَنَاكِير".

(2) "معرفة أنواع علوم الحديث" (79/1) "النَّوْعُ الثَّالِثَ عَشَرَ: مَعْرِفَةُ الشَّاذِّ"

بالفرض تسلیم کر لیا جائے کہ زیر بحث روایت نعیم بن حماد کا تفرد ہے تو پھر بھی مضر نہیں کیونکہ صدوق راوی کے تفرد سے حدیث کم از کم حسن درجہ کی ہو گی لیکن یاد رہے کہ یہاں نعیم بن حماد متفرد نہیں بلکہ ایک ثقہ راوی ابوالقاسم یزید بن محمد بن عبدالصمد تابع موجود ہے جو اسے متصلا روایت کر رہا ہے۔

مزید یہ کہ یہی مضمون ایک اور سند سے امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 571ھ) نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے متصلا روایت کیا ہے۔

(حدیث نمبر:63)

أخبرنا أبو بكر محمد بن محمد أنا أبو بكر محمد بن علي أنا أبو الحسين أحمد بن عبد الله أنا أحمد بن أبي طالب حدثني أبي حدثني أبو عمرو السعيدي نا علي بن روح نا محمد بن عبيد العامري نا جعفر بن محمد وهو الأنطاكي نا إسماعيل بن عياش عن تمام بن نجيح الأسدي عن عطاء عن ابن عمر قال كنت مع النبي (صلى الله عليه وسلم) ورجلان من أصحابه فقال لو كان عندنا معاوية لشاورناه في بعض أمرنا فكأنما دخلهما من ذلك شئ فقال إنه أوحي إلي أن أشاور ابن أبي سفيان في بعض أمري.(1)

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (87/59) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

فصل ثالث

حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ اسے علم و حلم سے بھر دے"۔

(حدیث نمبر:64)

امام بخاریؒ (المتوفی:256ھ) فرماتے ہیں:

قَالَ لِي إِسحاق بْنُ يَزِيد: حدَّثنا مُحَمد بن مُبارك الصُّورِيُّ، قال: حدَّثنا صَدَقَة بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حدَّثني وحشِيّ بْنُ حَرب بْنِ وحشِيّ، عَنْ أَبيه، عَنْ جَدِّه، قَالَ: كَانَ مُعاوِيَةُ رِدفَ النَّبِيّ صَلى اللَّهُ عَلَيه وسَلم، فَقال: يَا مُعاوِيَةُ، مَا يَلِينِي مِنكَ؟ قَالَ: بَطنِي، قَالَ: "اللهمَّ املأْهُ عِلمًا وحِلمًا".

مجھ سے بیان کیا اسحاق بن یزید وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن مبارک صوریؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا صدقہ بن خالد نے، وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیا وحشی بن حرب بن وحشی نے، وہ اپنے باپ سے، وہ اپنے دادا سے وہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ معاویہ نبی کریم ﷺ کے پیچھے سوار تھے تو نبی کریم ﷺ نے پوچھا معاویہ تمہارا جسم کا کون سا حصہ میرے ساتھ ملا ہوا ہے؟ معاویہ نے فرمایا: میرا پیٹ اور سینہ۔ حضور ﷺ نے فرمایا: "اے اللہ اسے علم و حلم سے بھر دے"۔(1)

---

(1) "التاريخ الكبير" للبخاري، (المتوفى: 256ھ) (180/8) رقم الترجمة: (2624) "وحشي الحبشي مولى جبير بن مطعم القرشي".

"معجم الصحابة" لأبي القاسم البغوي (المتوفى: 317ھ) (170/5) رقم الحديث: (2188)

"العلل" لابن أبي حاتم (المتوفى: 327ھ) (365/6) رقم الحديث: (2594)

"الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360ھ) (2439/5) رقم الحديث: (1920) "باب ذكر دعاء النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية رضي الله عنه".

"فضائل أمير المؤمنين معاوية بن أبي سفيان" لأبي القاسم عبيد الله بن محمد السقطي (المتوفى: 406 ھ) (21) رقم الحديث: (22) مخطوط

"أمالي" لأبي القاسم ابن بشْران مهران البغدادي (المتوفى: 430ھ) (290/1) رقم الحديث: (1532)

"معرفة أسامي أرداف النبي ﷺ" لابن منده (المتوفى: 511ھ) (34/1)

"تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571ھ) (88/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

حدیث کا حکم:

یہ حدیث حسن درجے کی ہے۔ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

اسحاق بن ابراہیم بن یزید القرشیؒ (المتوفی: 227ھ)

ثقہ راوی ہیں امام بخاریؒ کے شیخ ہیں آپ نے صحیح کے متعدد مقامات پر ان سے روایات لی ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔

امام ابوزرعہؒ فرماتے ہیں: اللہ کے سامنے بہت زیادہ رونے والے ثقات میں سے ہیں۔

امام ابو مسہرؒ، امام اسحاق بن یسار نصیبیؒ، امام ابو حاتمؒ، امام دار قطنیؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام نسائیؒ فرماتے ہیں: ان میں کوئی خرابی نہیں۔

امام ذہبیؒ ثقہ قرار دیتے ہیں۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: صدوق ہیں بعض لوگوں نے بغیر کسی دلیل کے تضعیف کی ہے۔(1)

محمد بن مبارک بن یعلی القرشی ابو عبداللہ الصوری القلانسیؒ (المتوفی: 227ھ)

ثقہ راوی ہیں۔

"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام" للذهبي (المتوفى: 748هـ) (310/4)

"سير أعلام النبلاء" للذهبي (المتوفى : 748هـ) (127/3) رقم الترجمة: (25) "معاوية بن أبي سفيان صخر بن حرب الأموي".

(1) إسحاق بن إبراهيم بن يزيد القرشي، أبو النضر الدمشقي الفراديسي فهو ثقة ذكره ابن حبان: في "الثقات" (111/8) فقال: "ربما خالف". وقال المزي: في "تهذيب الكمال" (389/2) روى عن: صدقة بن خالد وقال أبو زرعة الدمشقي: "كان من الثقات البكائين". وقال أيضا: كان أبو مسهر يوثقه. وقال إسحاق بن سيار النصيبي، وأبو حاتم الرازي، والدارقطني: "ثقة". وقال النسائي: ليس به بأس. قال أبو زرعة الدمشقي، ويعقوب بن سفيان عنه: ولدت سنة إحدى وأربعين ومئة. وقال الحسن بن محمد بن بكار بن بلال، ويعقوب بن سفيان: توفي سنة سبع وعشرين ومئتين. زاد يعقوب: في ربيع الأول.

وقد ذكره الذهبي: في "الكاشف" (233/1) "ثقة". والحافظ: في "التقريب" (99/1) "صدوق ضعف بلا مستند".

امام عجلیؒ،امام ابو حاتمؒ،امام خلیلیؒ،حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

مروان بن محمد فرماتے ہیں: ہم جماعت محدّثین میں ان جیسا(علم و فضل والا) کوئی نہیں۔امام یحی بن معینؒ فرماتے ہیں: ابو مسہرؒ کے بعد شام کے شیخ محمد بن مبارک ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(1)

زیر بحث روایت کو آپ کے شیخ صدقہ بن خالد سے نقل کرنے میں آپ کی متابعت سلمہ بن بشر ابو بشر، عِصَام بن یُوسُف، محمد بن عائذ دمشقی، ابو مُسہر نے کی ہے۔

تابع اوّل: سلمہ بن بشر ابو بشر

(حدیث نمبر:65)

حدثنا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبد الحميد الواسطي قال: حدثنا العباس بن أبي طالب قال: حدثنا عبد الرحمن بن نافع قال: حدثنا سلمة بن بشر أبو بشر قال: حدثنا صدقة بن خالد قال:

---

(1) محمد بن المبارك بن يعلى القرشي، أبو عبد الله الصوري القلانسي فهو ثقة، ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (352/26) فقال: روى عن: صدقة بن خالد، روى عنه: إسحاق بن إبراهيم الفراديسي، قال أبو زرعة الدمشقي عن الوليد بن عتبة: سمعت مروان بن محمد يقول: ليس فينا مثله، يعني: محمد بن المبارك. وقال محمود بن خالد: قال يحيى بن معين: محمد بن المبارك شيخ الشام بعد أبي مسهر.

وقال أبو عبيد الأجري: سألت أبا داود، عنه، فقال: هذا رجل الشام بعد أبي مسهر. وقال العجلي، وأبو حاتم: ثقة. وقال أبو زرعة الدمشقي: شهدت جنازته في شوال سنة خمس عشرة ومئتين، وصلى عليه أبو مسهر بباب الجابية فلما فرغ أثنى عليه، وقال: يرحمه الله، فإنه... فذكر جميلا. وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات"، وقال: كان مولده سنة ثلاث وخمسين ومئة، ومات سنة خمس عشرة ومئتين، وكان من العباد.

وقال المغلطائي: في "اكمال تهذيب الكمال" (327/10) وقال الخليلي في " الإرشاد ": "يروي عن مالك، وهو ثقة". وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (504/1) "ثقة من كبار العاشرة".

حدثني وحشي بن حرب بن وحشي , عن أبيه , عن جده قال: أردف النبي صلى الله عليه وسلم معاوية , فقال: «يا معاوية ما يليني منك؟» قال: بطني, قال: «اللهم املأه علما وحلما»(1)

تابع ثانی: عِصَام بن يُوسُف

(حدیث نمبر:66)

أُخْبُرْنَا الإِمَام عمي رَحمَه الله انا ابو مُحَمَّد عبد الله بن الصَّقْر الْمُؤَدب بسهرورد ثَنَا عَليّ بن صَالح الْمُقْرِئ ثَنَا مُحَمَّد بن عبد السَّمرقَنْدِي انا عِصَام بن يُوسُف ثَنَا صَدَقَة بن خَالِد ثَنَا وَحشِي بن حَرْب بن وَحشِي عَن ابيه عَن جده رَضِي الله عَنهُ ان رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ ولسم اردف مُعَاوِيَة رَضِي الله عَنهُ فَقَالَ: مَا يليني مِنْك؟ قَالَ: بَطْني فَقَالَ: "اللَّهُمَّ املأه علما".(2)

تابع ثالث: محمد بن عائذ دمشقی

(حدیث نمبر:67)

أُخْبُرْنَا الإِمَام عمي رَحمَه الله انا عَليّ بن مُحَمَّد ابْن طَلْحَة انا عبد الله بن ابراهيم بن عبد الْملك ثَنَا عبد الرَّحْمَن بن دَاوُد بن مَنْصُور الْفَارِسِي املاء ثَنَا عُثْمَان بن خرزاد ثَنَا مُحَمَّد بن عَائِذ الدِّمَشْقِي قَالَ سَمِعت صَدَقَة بن خَالِد حَدثنِي وَحشِي بن حَرْب بن وَحشِي عَن ابيه عَن جده ان رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم اردف مُعَاوِيه ابْن أبي سُفْيَان رَضِي الله عَنْهُمَا فَقَالَ لَهُ: مَا يليني مِنْك يَا مُعَاوِيَة؟ قَالَ: بَطْني قَالَ: "اللَّهُمَّ املأه علما".(3)

---

(1) "الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360هـ) (2439/5) رقم الحديث: (1920) "باب ذكر دعاء النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية ﷺ".

(2) "معرفة أسامي أرداف النبي ﷺ" لابن منده (المتوفى: 511هـ) (34/1)

(3) "معرفة أسامي أرداف النبي ﷺ" لابن منده (المتوفى: 511هـ) (34/1)

تابع رابع: ابو مسہر

(حدیث نمبر:68)

أُخْبُرْنَا الإِمَام عمي رَحِمَه الله انا مُحَمَّد بن عبد الرَّزَّاق انا جدي ثَنَا أَبُو بكر مُحَمَّد بن احْمَد بن معدان ثَنَا الْهَيْثَم بن مَرْوَان ثَنَا أَبُو مسْهر ثَنَا صَدَقَة بن خَالِد عَن وَحشِي بن حَرْب بن وَحشِي عَن أَبِيه عَن جده رَضِي الله عَنهُ ان رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم اردف مُعَاوِيَة رَضِي الله عَنهُ فَقَالَ: مَا يليني مِنْك؟ قَالَ: بَطْني قَالَ: "ملأَهُ الله حلما وعلما".(1)

صدقہ بن خالد قرشی ابوالعباس الدمشقیؒ (المتوفی:171ھ)

ثقہ راوی ہیں، امام احمدؒ آپ کی دو مرتبہ توثیق کرتے ہیں فرماتے ہیں: ثقہ ثقہ۔ مزید فرماتے ہیں: ولید بن مسلمؒ سے زیادہ ثبت ہیں۔ امام یحی بن معینؒ، امام دحیمؒ، امام محمد بن عبداللہ بن نمیرؒ، امام عجلیؒ، امام ابن سعدؒ، امام ابو حاتمؒ، امام ابو زرعہؒ اور دیگر کئی ائمہ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔ اسی طرح امام نسائیؒ، امام ابن عمارؒ، حافظ ابن حجرؒ بھی آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔ امام ابو مسہرؒ فرماتے ہیں: روایت لینے میں بھی صحیح اور بیان کرنے میں بھی صحیح ہیں۔(2)

---

(1) "معرفة أسامي أرداف النبي ﷺ" لابن منده (المتوفى: 511هـ) (35/1)

(2) صدقة بن خالد القرشي، الأموي، أبو العباس الدمشقي فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (128/13) فقال: روى عن: وحشي بن حرب بن وحشي بن حرب، روى عنه: محمد بن المبارك الصوري وذكره خليفة بن خياط في الطبقة السادسة. وقال عبد الله بن أحمد بن حنبل، عن أبيه: ثقة ثقة، ليس به بأس، أثبت من الوليد بن مسلم، صالح الحديث. وقال عثمان بن سعيد الدارمي عن يحيى بن معين، ودحيم: ثقة.

وكذلك قال محمد بن عبد الله بن نمير، وأحمد بن عبد الله العجلي، ومحمد بن سعد، وأبو زرعة، وأبو حاتم، وغير واحد، زاد ابن نمير: وهو أوثق من صدقة بن عبد الله، وصدقة بن يزيد. وقال المفضل بن غسان الغلابي، عن يحيى بن معين: كان صدقة أحب إلى أبي مسهر من الوليد، وكان يحيى بن حمزة قدريا، وصدقة أحب إلي منه.

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (364/4) قال أبو زرعة الدمشقي سمعت أبا مسهر يقول: "صدقة صحيح الأخذ صحيح الإعطاء". وقال الآجري عن أبي داود: "من الثقات هو أثبت من الوليد بن مسلم". قال دحيم وغيره مولده سنة

مزید یہ کہ زیر بحث روایت میں صدقہ بن خالد کا متابع وحشی بن إسحاق موجود ہے۔

(حدیث نمبر:69)

أنبأنا ابن ناجية، أيضا قال: حدثنا أبو أمية محمد بن إبراهيم المقسمي قال: حدثنا وحشي بن إسحاق بن وحشي بن حرب بن وحشي بن حرب قال: حدثني أبي إسحاق بن وحشي، عن أبيه وحشي، عن أبيه، عن جده قال: كان معاوية رحمه الله رديف رسول الله صلى الله عليه وسلم , فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: «ما يليني منك؟» قال: بطني وصدري , قال: «ملأهما الله علما وحلما»(1)

وحشی بن حرب بن وحشی الحبشیؒ

صدوق درجے کا راوی ہے۔

امام ابوداؤدؒ اور امام ابن ماجہؒ آپ سے روایت کرتے ہیں۔

امام عجلیؒ فرماتے ہیں: اس کی روایت میں کوئی خرابی نہیں۔

امام بخاریؒ نے "تاریخ کبیر" میں بغیر کسی کلام کے ذکر کیا ہے۔

امام ابن حبانؒ نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔

امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: ان میں کمزوری ہے۔(2)

ثماني عشرة ومائة وقال معاوية بن صالح عن بن معين: "ثقة توفي سنة سبعين أو إحدى وسبعين ومائة". وقال النسائي في الكنى وابن عمار ثقة وفي "التقريب" (275/1) "ثقة من الثامنة".

(1) "الشريعة" للآجُرِّيُّ البغدادي (المتوفى: 360هـ) (2439/5) رقم الحديث: (1920) "باب ذكر دعاء النبي صلى الله عليه وسلم لمعاوية ﷺ".

(2) وحشي بن حرب بن وحشي بن حرب الحبشي الحمصي فهو صدوق ذكره البخاري: في "تاريخه" (180/8) وابن حبان: في "الثقات" (180/8) ولم يتكلما عليه وايضا ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (428/30) فقال: روى عن: أبيه، عن جده. روى عنه: صدقة بن خالد، ومحمد بن شعيب بن شابور، قال العجلي: لا بأس به. وقال صالح بن محمد البغدادي: لا يشتغل به ولا بأبيه. روى له أبو داود، وابن ماجه حديثا واحدا، وقد كتبناه في ترجمة أبيه حرب بن وحشي. وقال الذهبي: في "الكاشف" (348/2) "لين". والحافظ: في "التقريب" (580/1) "مستور من الثامنة".

حرب بن وحشی بن حرب الحمصیؒ

صدوق درجے کا راوی ہے۔امام ابن حبانؒ نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔امام بخاریؒ نے بغیر کلام کہ ان کو ذکر کیا ہے۔امام بزارؒ فرماتے ہیں: یہ روایت میں مجہول اور نسب میں معروف ہیں۔امام ذہبیؒ فرماتے ہیں: ان سے ان کے بیٹے وحشی الحمصی کے سوا کسی نے روایت نہیں کی۔حافظ ابن حجرؒ نے ان کو مقبول لکھا ہے۔

علامہ مغلطائی الحنفیؒ نے امام ابن حبانؒ کی توثیق نقل کرنے کے بعد اُن لوگوں کا رد کیا ہے جنہوں نے ان کو ضعفاء میں شمار کیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ مغلطائیؒ کے نزدیک یہ راوی ثقہ ہے فرماتے ہیں:

ان کو امام حاکمؒ نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔اسی طرح دارمیؒ اور ابن حبانؒ نے ان کو ثقات کے زمرہ میں ذکر کیا ہے، بعض متأخرین نے بغیر دلیل کے ان کو ضعفاء میں ذکر کیا ہے۔(1)

وحشی بن حرب الحبشی الحمصی رضی اللہ عنہ

صحابی ہیں جن کی عدالت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔(2)

---

(1) حرب بن وحشي بن حرب الحبشي الحمصي فهو صدوق ذكره البخاري: في "التاريخ الكبير" (61/3) ولم يتكلم عليه وقال العجلي: في "الثقات" (464/1) "لا بأس به". وايضا ذكره ابن حبان: في "الثقات" (173/4) والمزي: في "تهذيب الكمال" (538/5) فقال: روى عن: أبيه. روى عنه: ابنه وحشي بن حرب. وقال الذهبي: في "ميزان الاعتدال" (471/1) "ما روى عنه سوى ابنه وحشى الحمصي". وقال الحافظ: في "التقريب" (199/2) قال البزار: "مجهول في الرواية معروف في النسب". والحافظ: في "التقريب" (155/1) "مقبول من الثالثة".

وقال المغلطائي: في "اكمال تهذيب الكمال" (28/4) وذكره الحاكم في «كتابه الصحيح»، وكذلك الدارمي. وذكره أبو حاتم بن حبان في «جملة الثقات». وذكره بعض المتأخرين من المصنفين في «جملة الضعفاء» بغير مستند، والله أعلم. وذكر المزي أن من الأوهام.

(2) وحشي بن حرب الحبشي فهو صحابي ذكره الحافظ: في "الاصابة" (601/6) 9115 فقال: مولى بني نوفل قيل كان مولى طعيمة بن عدي وقيل مولى أخيه مطعم وهو قاتل حمزة قتله يوم أحد وقصة قتله له ساقها البخاري في صحيحه مطولة فيها قصة إسلامه وأمره النبي صلى الله عليه و سلم أن يغيب وجهه عنه وكان قدومه عليه مع وفد أهل الطائف وذكر في آخرها أنه شارك في قتل مسيلمة يكنى أبا سلمة وقيل أبا حرب وشهد وحشي اليرموك ثم سكن حمص ومات بها روى عنه ابنه حرب وعبد الله بن عدي بن الخيار وجعفر بن عمرو الضمري وعاش وحشي الى خلافة عثمان. وايضا قال: في "التقريب" (155/1) "صحابي نزل حمص ومات بها".

امام احمدؒ(المتوفی:241ھ)نے"وحشي بن حرب، عن أبيه، عن جده"کی سند سے روایت نقل کی کہ ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ:

"إنا نأكل وما نشبع، قال: "فلعلكم تأكلون مفترقين، اجتمعوا على طعامكم، واذكروا اسم الله عليه يبارك لكم فيه"

ہم کھانا کھاتے ہیں لیکن سیر نہیں ہوتے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: شاید تم متفرق ہو کر کھاتے ہو گے مل کر کھایا کرو، کھانے پر اللہ کا نام لیا کرو، تمھارے لیے اس میں برکت پیدا کر دی جائے گی۔(1)

امام ابن ماجہؒ(المتوفی:273ھ)(2)امام ابن حبانؒ(المتوفی:354ھ)(3)امام طبرانیؒ(المتوفی:360ھ)(4) امام حاکمؒ(المتوفی:405ھ)(5)نے بھی"وحشي بن حرب، عن أبيه، عن جده"کی سند سے اس روایت کو بیان کیا ہے۔

امام زین الدین العراقیؒ(المتوفی:806ھ)مذکورہ بالا روایت کی تحسین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"أبو داود وابن ماجه من حديث وحشي بن حرب بإسناد حسن"

اس حدیث کو امام ابو دؤدؒ،امام ابن ماجہؒ نے وحشی بن حرب سے بسند حسن روایت کیا ہے۔(6)

امام زین الدین عراقیؒ کی تحسین پر علامہ عجلونیؒ(المتوفی:1162ھ)نے موافقت کی ہے لکھتے ہیں:

"اجتمعوا على طعامكم, واذكروا اسم الله عليه يبارك لكم فيه".

---

(1) "مسند" (485/25) رقم الحديث: (16078) "حديث وحشي الحبشي، عن النبي ﷺ"

(2) "السنن" (3286) (418/4) "بَابُ الِاجْتِمَاعِ عَلَى الطَّعَامِ".

(3) "صحيح ابن حبان بترتيب ابن بلبان" (27/12) رقم الحديث: (24/52) "ذكر الأمر بالاجتماع على الطعام رجاء البركة في الاجتماع عليه".

(4) "المعجم الكبير" (139/22) رقم الحديث: (368) "ما أسند وحشي".

(5) " المستدرك على الصحيحين" (113/2) رقم الحديث: (2500)

(6) "المغني عن حمل الأسفار في الأسفار" (435/1) "كتاب آداب الأكل".

رواه أحمد وأبو داود وابن ماجه وصححه وابن حبان والحاكم عن وحشي، ورواه في الإحياء عنه، لكن بإسقاط: واذكروا اسم الله عليه, وسنده حسن كما في التخريج للعراقي(1)

اسی طرح امام احمدؒ(المتوفی:241ھ)نے"وحشي بن حرب، عن أبيه، عن جده"کی سند سے ایک اور روایت خالد بن ولید کے "سيف من سيوف الله"ہونے کی نقل کی ہے۔(2)

امام طبرانیؒ(المتوفی:360ھ)(3)امام حاکمؒ(المتوفی:405ھ)(4)امام ضیاءالدین المقدسیؒ(المتوفی:643ھ) نے(5)بھی"وحشي بن حرب، عن أبيه، عن جده"کے طریق سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

1-علامہ ہیثمیؒ(المتوفی:807ھ)مسند احمد، معجم الکبیر طبرانی کی سند کے متعلق لکھتے ہیں:

رواه أحمد والطبراني بنحوه ورجالهما ثقات.

طبرانی واحمد کے رجال ثقہ ہیں۔(6)

2- محقق دکتور عبدالملک بن عبداللہ بن دہیش اس سند کو صحیح قرار دیتے ہیں(7)

اگر علامہ ہیثمیؒ کی توثیق پر اعتماد کیا جائے تو زیر بحث روایت "صحیح"درجے کی قرار پائے گی نہیں توائمہ کی تصریحات کے مطابق "حسن" سے تو کچھ مانع نہیں۔

---

(1) "كشف الخفاء ومزيل الإلباس" (57/1) رقم الحديث: (105) "الهمزة مع الجيم".

(2) "مسند" (216/1) رقم الحديث: (43) "مسند أبي بكر الصديق ﷺ".

(3) "المعجم الكبير" (301/4) رقم الحديث: (3789) "باب من اسمه خالد".

(4) "المستدرك على الصحيحين" (337/3) رقم الحديث: (5294) "ذكر مناقب خالد بن الوليد ﷺ".

(5) "الأحاديث المختارة" بتحقيق معالي الأستاذ الدكتور عبد الملك بن عبد الله بن دهيش (131/1) رقم الحديث: (44) "وَحْشِيُّ بْنُ حَرْبٍ عَنْ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ الله عَنهُ".

(6) "مجمع الزوائد ومنبع الفوائد" (329/9) رقم الحديث: (15875) (باب ما جاء في خالد بن الوليد -رضي الله عنه-)

(7) "الأحاديث المختارة" بتحقيق معالي الأستاذ الدكتور عبد الملك بن عبد الله بن دهيش (131/1) رقم الحديث: (44) "وَحْشِيُّ بْنُ حَرْبٍ عَنْ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ الله عَنهُ".

متابعات وشواہد

یہ روایت وحشی بن حرب کے علاوہ جابر بن عبداللہ اور ابوہریرہ سے بھی مروی ہے۔

(حدیث نمبر:70)

امام ابن مندہؒ (المتوفی:511ھ) فرماتے ہیں:

رَوَاهُ ابْن لَهِيعَة عَن ابي الزبير عَن جَابر رَضِي الله عَنهُ قَالَ كَانَ مُعَاوِيَة رَضِي الله عَنهُ رديفا للنَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم فَقَالَ مَا يليني مِنْك قَالَ بَطْني قَالَ مَلأ الله بَطْنك حلما.

ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں ابوالزبیر سے، وہ جابر سے ایک مرتبہ معاویہ نبی کریم ﷺ کے پیچھے سوار تھے تو نبی کریم ﷺ نے پوچھا معاویہ تمہارا جسم کا کون سا حصہ میرے ساتھ ملا ہوا ہے؟ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا پیٹ۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اسے حلم سے بھر دے۔(1)

امام ابن عساکرؒ (المتوفی:571ھ) فرماتے ہیں:

(حدیث نمبر:71)

أخبرنا أبو محمد طاهر بن أبي الفرج، أنا أبو الحسن بن صصرى إجازة نا طاهر بن العباس بن منصور، نا عبد الله بن محمد بن أحمد، نا إسحاق بن محمد، نا محمد بن الحسن، نا إبراهيم بن الحسين الكسائي بهمذان، نا آدم بن أبي إياس، عن شعبة، عن سهيل ابن أبي صالح، عن أبي صالح، عن أبي هريرة قال: أردف النبي (صلى الله عليه وسلم) معاوية فقال له يا معاوية ما يليني منك؟ قال: وجهي، فقال له النبي (صلى الله عليه وسلم): وقاه الله النار. ثم قال يا معاوية ما يليني منك؟ قال: صدري، قال: "حشاه الله علما وإيمانا ونورا، ثم قال يا معاوية ما يليني منك؟ قال: بطني، قال: عصمه الله بما عصم به الأولياء، ثم قال يا معاوية ما يليني منك؟ قال: كلي قال: غفر الله لك ووقاك الحساب وعلمك الكتاب وجعلك هاديا مهديا وهداك وهدى بك.

---

(1) "معرفة أسامي أرداف النبي ﷺ" (36/1)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : ایک مرتبہ معاویہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پیچھے سوار تھے۔ نبی کریم ﷺ نے پوچھا: معاویہ تمہارے جسم کا کون سا حصہ میرے ساتھ ملا ہوا ہے؟ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا : میرا چہرہ۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تیرے چہرے کو جہنم سے محفوظ فرمادے۔

پھر آپ ﷺ نے پوچھا: اور کون سا حصہ ملا ہے ؟ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا : میرا سینہ ۔تو حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تیرے سینے کو علم، ایمان اور نور سے منور فرمادے۔

پھر آپ ﷺ نے پوچھا اور کون سا حصہ ملا ہوا ہے؟ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا پیٹ (شکم) تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تیرے پیٹ کو ان تمام چیزوں (رزق حرام) سے محفوظ رکھے جن چیزوں سے اللہ نے اپنے ولیوں کو محفوظ رکھا ہے۔

پھر آپ ﷺ نے پوچھا: تیرے جسم کا کون سا حصہ میرے ساتھ لگا ہے؟ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سارے کا سارا جسم تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تجھے بخش دے گا، اللہ تجھے حساب سے بچالے گا اور تجھے کتاب کا علم عطا فرمائے گا اور تجھے ہدایت دینے والا ہدایت یافتہ بنادے گا اور تجھ سے لوگوں کو بھی ہدایت نصیب ہو گی۔

فصل رابع

حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا:

"میری امت میں سے سب سے بڑھ کر بردبار اور سخی معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں"۔

یہ روایت چار طرق سے مروی ہے۔

طریق اوّل:

امام ابو بکر الخلال البغدادی الحنبلیؒ (المتوفی: 311ھ) فرماتے ہیں:

(حدیث نمبر:72) أَخْبَرَنِي حَرْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَمَّادُ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ الْفَرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (مُعَاوِيَةُ أَحْلَمُ أُمَّتِي وَأَجْوَدُهَا).

مجھ سے بیان کیا حرب بن اسماعیل کرمانیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا ابو بکر حماد بن مبارکؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا یعقوب بن الفرج نے، وہ عبداللہ بن مبارکؒ سے، وہ خالد الحذاءؒ سے، وہ ابو قلابہؒ سے وہ شداد بن اوس سے وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"میری امت میں سے سب سے بڑھ کر بردبار اور سخی معاویہ ہیں"۔(1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں دو مجہول راوی ہیں۔

ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں

تحقیق سند

حرب بن اسماعیل کرمانیؒ (المتوفی: 280ھ)

ثقہ راوی ہیں۔امام، فقیہ، حافظ، امام احمدؒ کے شاگرد ہیں۔(1)

---

(1) "السنة" (452/2) رقم الحديث: (701) "ذكر معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه".

حماد بن مبارک

حماد بن مبارک سے مراد کون ہے؟اس کی تعیین نہ ہو سکی کہ حماد بن مبارک سجستانی ہے یا حماد بن مبارک بغدادی؟

امام ذہبیؒ(المتوفی:748ھ)نے حماد بن مبارک سجستانیؒ کے متعلق فرمایا: یہ مجہول ہے(2)اور حماد بن مبارک بغدادی کے متعلق فرمایا:لایعرف۔(3)

یعقوب بن فرج

مجہول الحال راوی ہے۔حافظ ابن حجرؒ(المتوفی:852ھ)لکھتے ہیں:

مجہول الحال راوی وہ ہے جس سے دو یا دو سے زیادہ راوی روایت کریں مگر کسی نے اس کی توثیق نہ کی ہو۔

وإن روى عنه اثنان فصاعدا، ولم يوثق فهو مجهول الحال(4)

عبداللہ بن مبارک بن واضح مروزیؒ(المتوفی:181ھ)

متفق علیہ، ثقہ امام ہیں۔امام ابن سعدؒ آپ کو ثقہ، حجت، کثیر الحدیث لکھتے ہیں۔امام عجلیؒ،امام ابن معینؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ ثبت لکھتے ہیں۔(5)

---

(1) حرب بن إسماعيل الكرماني فهو ثقة وعنه قال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (141/2) "الفقيه الحافظ صاحب الإمام أحمد، وأخذ عنه أبو بكر الخلال. توفي سنة ثمانين ومائتين.

(2) "ميزان الاعتدال في نقد الرجال" (599/1) رقم الترجمة: (2267)

(3) "ميزان الاعتدال في نقد الرجال" (599/1) رقم الترجمة: (2267)

(4) "نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر" (126/1)

(5) عبد الله بن المبارك بن واضح الحنظلي التميمي مولاهم أبو عبد الرحمن المروزي فهو ثقة وقد ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (24/16) فقال: قال محمد بن سعد : مات بهيت منصرفا من الغزو سنة إحدى وثمانين ومئة، وله ثلاث وستون سنة، ولد سنة ثماني عشرة ومئة، وطلب العلم، وروى رواية كثيرة، وصنف كتبا كثيرة في أبواب العلم وصنوفه، حملها عنه قوم، وكتبها الناس عنهم، وقال الشعر في الزهد والحث على الجهاد، وقدم العراق والحجاز والشام ومصر واليمن، وسمع علما كثيرا، وكان ثقة، مأمونا، إماما، حجة، كثير الحديث.

خالد بن مہران الحذاء البصریؒ (المتوفی: 141ھ)

ثقہ راوی ہیں۔ائمہ صحاح ستّہ نے ان سے روایت کی ہے۔امام احمد بن حنبلؒ ثبت لکھتے ہیں۔

امام ابن معینؒ، امام نسائیؒ، امام عجلیؒ، امام ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔

امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(1)

عبداللہ بن زید بن عمرو ابو قلابہ الجرمی البصریؒ (المتوفی: 104ھ)

ثقہ راوی ہے امام ابن سعدؒ فرماتے ہیں: ثقہ کثیر الحدیث ہیں۔عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں: اے اہل شام تم ہمیشہ خیر سے رہو گے جب تک یہ تمہارے درمیان تشریف فرما ہیں۔امام ابن خراش ثقہ لکھتے ہیں۔

امام عجلیؒ فرماتے ہیں: ثقہ ہیں لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف گفتگو کرتے تھے۔حافظ ابن حجرؒ نے امام عجلیؒ کے اس قول کی وجہ سے فرمایا: ان میں کچھ ناصبیت تھی(2) تاہم یاد رہے کہ امام عجلیؒ کا یہ فرمانا درست نہیں کیونکہ آپ علی رضی اللہ عنہ کے مخالفین خوارج سے سخت نفرت کرتے تھے۔

وعنه قال الذهبي: في "تذكرة الحفاظ" (201/1) "الحافظ العلامة شيخ الإسلام فخر المجاهدين قدوة الزاهدين". والحافظ: في "تهذيب التهذيب" (337/5) وقال ابن معين: "كان كيسا متثبتا ثقة وكان عالما صحيح الحديث". وقال الحاكم: "هو إمام عصره في الآفاق وأولاهم بذلك علما وزهدا وشجاعة وسخاء". وقال العجلي: "ثقة ثبت في الحديث رجل صالح وكان جامعا للعلم". وقال بن حبان: في (الثقات) "كان فيه خصال لم تجتمع في أحد من أهل العلم في زمانه في الأرض كلها". وايضا قال الحافظ: في "التقريب" (320/1) "ثقة ثبت فقيه عالم جواد مجاهد جمعت فيه خصال الخير".

(1) خالد بن مهران الحذاء، أبو المنازل البصري فهو ثقة، أخرج له الستة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (179/8) روى عنه: عبد الله بن المبارك، قال أحمد بن حنبل: ثبت. وقال يحيى بن معين، وأبو عبد الرحمن النسائي: ثقة. وقال أبو حاتم: يكتب حديثه، ولا يحتج به. وثقه الذهبي: في "الكاشف" (369/1) فقال: "ثقة إمام توفي 141".

وقد ذكره الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (104/3) وذكره بن حبان في "الثقات" وقال العجلي بصري: ثقة. وفي "التقريب" (191/1) "وهو ثقة يرسل من الخامسة أشار حماد بن زيد إلى أن حفظه تغير لما قدم من الشام وعاب عليه بعضهم دخوله في عمل السلطان".

(2) عبد الله بن زيد بن عمرو أبو قلابة الجرمي البصري، أحد الأئمة الأعلام فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (542/14) فقال: روى عنه: خالد الحذاء وقال العجلي: بصري، تابعي، ثقة، وكان يحمل على علي، ولم يرو عنه شيئا.

غیلان بن جریر فرماتے ہی: میں نے ابو قلابہ کے پاس آنے کی اجازت طلب کی تو انہوں نے فرمایا: "اگر تو حروری (خارجی) نہیں تو داخل ہو جا، آپ اہل بدعت کے پاس بیٹھنے سے منع فرماتے تھے"۔(1)

مزید یہ کہ امام ابو زرعہؒ فرماتے ہیں: آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرسلا روایت کرتے ہیں۔

قال أبو زرعة: "أبو قلابة عن علي مرسل".(2)

لہٰذا ان کے متعلق یہ کہنا کہ ان میں ناصبیت پائی جاتی ہے یہ غلط ہے۔

شداد بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

صحابی ہیں، ان کی کنیت ابو یعلی ہے، یہ شام کے علاقہ فلسطین میں رہتے تھے، وہیں 58 ہجری میں 75 سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا، ایک قول کے مطابق 41 ہجری میں ہوا، ایک قول کے مطابق 64ھ میں ہوا۔

عبادہ بن صامت فرماتے ہیں: شداد بن اوس ان لوگوں میں سے تھے جنہیں اللہ تعالی نے علم و حلم عطا کیا تھا اور ان سے اہل شام نے روایت لی ہے۔(3)

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (198/5) ذكره بن سعد في الطبقة الثانية من أهل البصرة وقال: "كان ثقة كثير الحديث". وقال عمر بن عبد العزيز: "لن تزالوا بخير يا أهل الشام ما دام فيكم هذا". وقال بن يونس: "مات بالشام سنة أربع ومائة وكذا أرخه غيره وقال الواقدي توفي سنة 4 أو خمس وقال المديني مات سنة 4 أو سبع، وقال بن خراش: "ثقة". وايضا قال: في "التقريب" (304/1) "ثقة فاضل كثير الإرسال قال العجلي فيه نصب يسير من الثالثة مات بالشام هاربا من القضاء".

(1)وقال المغلطائي: في "اكمال تهذيب الكمال" (369/7) وقال غيلان بن جرير: استأذنت على أبي قلابة فقال: ادخل إن لم تكن حروريا، وكان ينهى عن مجالسة أهل الأهواء.

(2) "المراسيل" لابن أبي حاتم الرازي (240-327هـ) (110/1)

(3) شداد بن أوس بن ثابت الأنصاري فهو صحابي وعنه قال الحافظ: في "التقريب" (264/1) "صحابي مات بالشام قبل الستين أو بعدها". وقال ابن عبدالبر: في "الاستيعاب" (694/2) يكنى أبا يعلى، نزل الشام بناحية فلسطين ومات بها سنة ثمان وخمسين، وهو ابن خمس وسبعين سنة. وقيل: بل توفي شداد بن أوس سنة إحدى وأربعين. وقيل: بل توفي سنة أربع وستين.

قَالَ عبادة بن الصامت: كان شداد بن أوس ممن أوتي العلم والحلم. روى عنه أهل الشام.

اس سند میں حماد بن مبارک اور اس کا شیخ یعقوب بن فرج مجہول ہیں تاہم امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 571ھ) کی سند میں یعقوب بن فرج سے اس روایت کو نقل میں حماد بن مبارک کا متابع عبدالرحمن بن ابراہیم بن عمرو بن میمون الدحیمؒ (المتوفی: 245ھ) ثقہ راوی موجود ہے امام ابن یونسؒ، امام عجلیؒ، امام ابو حاتمؒ، امام نسائیؒ، امام دار قطنیؒ، امام ابو داؤدؒ، امام مسلمہؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ لکھتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔(1)

لہذا یہ کوئی ایسا ضعف نہیں ہے کہ اس روایت کو موضوع قرار دیا جائے بلکہ فضائل کے باب میں ایسا ضعف متحمل ہے۔

ذیل میں ہم دو عدد شواہد ذکر کر دیتے ہیں۔

---

(1) عبد الرحمن بن إبراهيم بن عمرو بن ميمون القرشي، أبو سعيد الدمشقي المعروف بدحيم فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (495/16) روى عن: يعقوب بن الفرج، وروى عنه: إسحاق بن إبراهيم بن أبي الورس الغزي، وقال أبو سعيد بن يونس: "قدم مصر فكتب بها، وكتب عنه، وهو ثقة ثبت". وقال أحمد بن عبد الله العجلي، وأبو حاتم، والنسائي، والدارقطني: "ثقة". زاد النسائي: مأمون لا بأس به. وقال أبو داود: حجة، لم يكن بدمشق في زمنه مثله، وأبو الجماهر أسند منه، وهو ثقة.

وقال الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (120/6) وقال بن عدي: "هو أثبت من حرملة قال ابنه عمر وولد في شوال سنة 17 قال ومات في رمضان سنة خمس وأربعين ومائتين وفيها أرخه غير واحد زاد أبو سعيد بن يونس بالرملة قلت وذكره بن حبان في الثقات وقال كان يكره أن يقال له دحيم كان من المتقنين الذين يحفظون علم بلدهم وشيوخهم وأنسابهم ومات بطبرية. وقال مسلم: "ثقة". وقال الخليلي: في "الإرشاد" " كان أحد حفاظ الأئمة متفق عليه ويعتمد عليه في تعديل شيوخ الشام وجرحهم". وقال : في "التقريب" (335/1) "ثقة حافظ متقن من العاشرة".

شاہداوّل

(حدیث نمبر:73)امام ابن عساکرؒ(المتوفی:571ھ)فرماتے ہیں:

قرأت على أبي القاسم بن السمرقندي عن أبي القاسم الإسماعيلي أنا حمزة بن يوسف أنا أبو أحمد بن عدي نا إسحاق بن إبراهيم الغزي نا دحيم نا يعقوب بن الفرج نا ابن المبارك عن خالد الحذاء عن أبي قلابة عن شداد بن أوس قال قال رسول الله (صلى الله عليه وسلم) معاوية أحلم أمتي وأجودها(1)

اس سند میں حماد بن مبارک کا تابع عبد الرحمن بن ابراہیم بن عمرو بن میمون الدحیمؒ ثقہ راوی موجود ہے۔

شاہدثانی

(حدیث نمبر:74)نیز امام سیوطیؒ(المتوفی:911ھ)نے بھی بطریق دحیم اس روایت کو نقل کیا ہے۔

قَالَ ابْن عدي حَدَّثَنَا إِسْحَاق بْن إِبْرَاهِيم الْعَوْفِيّ حَدَّثَنَا دُحَيْم حَدَّثَنَا يَعْقُوب الْفرج حَدَّثَنَا ابْن الْمُبَارك عَن خَالِد الْحذاء عَن أبي قلَابَة عَنِ شَدَّاد بْن أَوْس قَالَ قَالَ رَسُول الله: مُعَاوِيَة أحلم أمتِي وأجودها وَالله أعلم.(2)

اسی طرح حلم معاویہ پر ایک روایت عبداللہ بن عمر سے موقوفا بسند حسن مروی ہے جو اس مضمون کی تقویت کا باعث ہے۔

---

(1) "تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571هـ) (88/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان".

(2) "اللآلىء المصنوعة في الأحاديث الموضوعة" للسيوطي (المتوفى: 911هـ) (392/1)

اثر عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

(حدیث نمبر:75)امام ابو بکر الخلال البغدادی الحنبلیؒ(المتوفی:311ھ)فرماتے ہیں:

أخبرني محمد بن مخلد، قال: حدثني نصر بن داود، قال: ثنا محمد بن عبد الملك، قال: حدثني أبو عاصم العباد أبي، عن هشام، عن محمد بن سيرين، عن ابن عمر، قال: "كان معاوية أحلم الناس. قالوا: يا أبا عبد الرحمن، أبو بكر؟ قال: أبو بكر رحمه الله خير من معاوية، ومعاوية من أحلم الناس، قالوا: يا أبا عبد الرحمن، عمر؟ قال: عمر خير من معاوية، ومعاوية من أحلم الناس "

مجھ سے بیان کیا محمد بن مخلد نے، وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیا نصر بن داؤد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن عبد الملک نے، وہ فرماتے ہیں مجھ سے بیان کیا ابو عاصم العباد نے، وہ ہشام سے، وہ محمد بن سیرین سے، وہ ابن عمر سے وہ فرماتے ہیں:

معاویہ تمام لوگوں میں سب سے بڑھ کو در گزر کرنے والے تھے۔لوگوں نے پوچھا حضرت ابو بکر ؟ فرمایا: اللہ ابو بکر پر رحم فرمائے حضرت معاویہ سے بہتر تھے،اور معاویہ لوگوں میں سب سے بڑھ کر در گزر کرنے والے ہیں۔پھر کسی نے سوال کیا حضرت عمر؟ تو فرمایا: حضرت عمر، حضرت معاویہ سے بہتر تھے،اور معاویہ لوگوں میں سب سے بڑھ کر در گزر کرنے والے ہیں۔(1)

حدیث کا حکم

یہ روایت حسن درجے کی ہے ذیل میں ہر راوی کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

تحقیق سند

محمد بن مخلد بن حفصؒ(المتوفی:331ھ)

ثقہ راوی ہیں۔

---

(1) "السنة" (443/2) رقم الحديث: (681) "ذكر أبي عبد الرحمن معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه".

امام دار قطنیؒ، امام ذہبیؒ ان کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔(1)

نصر بن داؤد بن منصور بن طوق ابو منصور صاغانیؒ (المتوفی: 271ھ)

صدوق درجے کا راوی ہے امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: ان کا درجہ صدق کا ہے۔(2)

محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب اموی بصریؒ (المتوفی: 243ھ)

صدوق درجے کا راوی ہے۔

امام مسلمؒ نے ان سے دس احادیث روایت کی ہیں۔ امام نسائیؒ فرماتے ہیں: ان سے روایت لینے میں کوئی حرج نہیں۔ امام عثمان بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں: صَدُوق لَا بَأس بِہ۔ امام ابن حبانؒ اور امام ابن شاہینؒ نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ امام صالح بن محمد الاسدیؒ فرماتے ہیں: شیخ، صدوق، لَا بَأس بِہ"۔ امام مسلمہؒ ثقہ قرار دیتے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: صدوق راوی ہے۔(3)

---

(1) محمد بن مخلد بن حفص فهو ثقة ذكره الذهبي: في "سيراعلام النبلاء" (33/3) فقال: "الإمام، المفيد، الثقة، مسند بغداد وكان معروفا بالثقة والصلاح والاجتهاد في الطلب؛ عاش ثمانيا وتسعين سنة، سئل عنه الدارقطني فقال: ثقة مأمون. قلت: مات في جمادى الآخرة سنة إحدى وثلاثين وثلاثمائة.

(2) نصر بن داود بن منصور بن طوق أَبُو منصور الصاغاني، ويعرف بالخلنجي فهو صدوق ذكره ابن ابي حاتم: في "الجرح والتعديل" (472/8) فقال سمعت منه: "محله الصدق". والخطيب: في "تاريخه" (293/13) " روى عنه مُحَمَّد بْن مخلد الدوري، ثم نقل كلام ابن أبي حاتم، وذكر عن ابن المنادي أنه توفي في سنة إحدى وسبعين سلخ صفر

(3) محمد بن عبد الملك بن أبي الشوارب الأموي البصري فهو صدوق وعنه قال النسائي: في "مشيخته" (51/1) "لا بأس به". وقد ذكره ابن حبان: في "الثقات" (102/9) فقال: يروي عن أبي عوانة حدثنا عنه شيوخنا الحسين بن إدريس الأنصاري وغيره مات سنة ثلاث وأربعين ومائتين. ابن شاهين: في "تاريخ أسماء الثقات" (211/1) "شيخ صَدُوق لَا بَأْس بِهِ قَالَه عُثْمَان بن أبي شيبَة".

وايضا ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (19/26) فقال: روى عن: أبي عاصم العباداني. قال أحمد بن حنبل: ما بلغني عنه إلا خيرا. وقال صالح بن محمد الأسدي الحافظ: شيخ جليل صدوق. وقال النسائي: لا بأس به. قال أبو القاسم البغوي، وعبدا لباقي بن قانع: مات بالبصرة سنة أربع وأربعين ومئتين في جمادى الأولى. وزاد عليه الحافظ: في "تهذيب التهذيب" (281/9) وقال مسلمة: "بصري ثقة". وفي الزهرة روى عنه مسلم عشرة أحاديث. وقال في "التقريب" (494/1) "صدوق من كبار العاشرة"

ابو عاصم العبادانی البصریؒ

صدوق درجے کے راوی ہیں۔امام ابن معینؒ فرماتے ہیں: صالح الحدیث۔امام ذہبیؒ آپ کی تائید کرتے ہیں۔امام عمرو بن علیؒ فرماتے ہیں: صدوق، ثقہ۔امام ابوزرعہؒ فرماتے ہیں: شیخ۔امام ابوحاتمؒ فرماتے ہیں: لیس بہ بأس۔امام ابن حبانؒ نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے اور فرمایا: یہ خطا کرتا ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: لین الحدیث۔(1)

ہشام بن حسان الازدی ابو عبداللہ بصریؒ (المتوفی:148ھ)

ثقہ راوی ہیں۔امام ابن المدینیؒ فرماتے ہیں: ہشام کی محمد بن سیرین سے حدیث صحیح ہے۔

امام ابن معینؒ فرماتے ہیں: ثقہ راوی ہیں۔

امام عجلیؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: ثقہ ہیں، امام ابن سیرین سے روایت کرنے میں سب سے زیادہ مضبوط ہیں اور حسن بصری اور عطاء سے ان کی روایت میں کلام ہے کیونکہ یہ ان سے مرسلا روایت کرتے ہیں۔(2)

---

(1) أبو عاصم العباداني المرئي البصري، اسمه عبد الله بن عبيد الله، ويقال: ابن عبيد، ويقال: عبيد الله بن عبد الله. فهو صدوق ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (7/34) فقال: روى عن: هشام بن حسان وعنه: محمد بن عبد الملك بن أبي الشوارب. وقال يحيى بن معين: لم يكن به بأس، صالح الحديث. وقال عمرو بن علي: كان صدوقا ثقة. وقال أبو زرعة: شيخ. وقال أبو حاتم: ليس به بأس. وقال أبو داود: لا أعرفه. وقال أبو جعفر العقيلي: منكر الحديث. وذكره ابن حبان في كتاب "الثقات"، وقال: كان يخطئ.

وقال الذهبي: في "الكاشف" (437/2) قال بن معين وغيره: "صالح الحديث". والحافظ: في "التقريب" (653/1) "لين الحديث من الثامنة".

(2) هشام بن حسان الأزدي القردوسي، أبو عبد الله البصري فهو ثقة ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (181/13) فقال: روى عن: محمد بن سيرين وقال أبو الحسن بن البراء، عن علي ابن المديني: أما حديث هشام عن محمد فصحاح، وحديثه عن الحسن عامتها تدور على حوشب، وهشام أثبت من خالد الحذاء في ابن سيرين، وهشام ثبت. وقال عباس الدوري عن يحيى بن معين: لا بأس به.

محمد بن سیرین انصاریؒ (المتوفی:110ھ)

ثقہ راوی ہیں۔امام احمدؒ آپ کو ثقات میں سے قرار دیتے ہیں۔امام یحی بن معینؒ،امام عجلیؒ اور حافظ ابن حجرؒ آپ کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔(1)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

صحابی ہیں "الصحابۃ کلہم عدول"۔

مذکورہ بالا تحقیق سے یہ بات ہر اس شخص پر جو اصول حدیث سے ادنی سی واقفیت بھی رکھتا ہے اظہر من الشمس ہے کہ شداد بن اوس کی روایت میں ایسا ضعف نہیں کہ جو فضائل کے باب میں تسلیم سے مانع ہو۔

طریق ثانی

(حدیث نمبر:76)

امام ابو بکر الخلال البغدادی الحنبلیؒ (المتوفی:311ھ) فرماتے ہیں:

وقال عثمان بن سعيد الدارمي: سألت يحيى بن معين فقلت: هشام بن حسان أحب إليك أو جرير بن حازم؟ فقال: هشام أحب إلي. قلت: فهشام أحب إليك في ابن سيرين أو يزيد ابن إبراهيم؟ قال: كلاهما ثقة.

وقال عثمان أيضا: سمعت أبا الوليد الطيالسي يقول: يزيد ابن إبراهيم أثبت عندنا من هشام بن حسان.

قال وسألت يحيى بن يحيى بن عتيق، فقال: ثقة. قلت: هو أحب إليك أو هشام في ابن سيرين؟ قال: ثقة. قال عثمان: يحيى خير.

وقال العجلي: بصري، ثقة، حسن الحديث يقال: إن عنده ألف حديث حسن ليست عنده غيره.

وقال أبو حاتم: كان صدوقا، وكان يتثبت في رفع الأحاديث عن محمد بن سيرين. وقال أيضا: يكتب حديثه وقال مكي بن إبراهيم، والترمذي: مات أول يوم من صفر سنة ثمان وأربعين ومئة.

وقال الحافظ: في "التقريب" (572/1) "ثقة من أثبت الناس في بن سيرين وفي روايته عن الحسن وعطاء مقال لأنه قيل كان يرسل عنهما من السادسة".

(1) محمد بن سيرين الأنصاري أبو بكر بن أبي عمرة البصري ذكره المزي: في "تهذيب الكمال" (350/25) فقال: قال أحمد بن حنبل: محمد بن سيرين من الثقات. وقال يحيى بن معين: ثقة. وقال العجلي: بصري، تابعي، ثقة،

وعنه قال الحافظ: في "التقريب" (483/1) "ثقة ثبت عابد كبير القدر كان لا يرى الرواية بالمعنى من الثالثة".

أَخْبَرَنِي حَرْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ صُبْحٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَال: (مُعَاوِيَةُ أَحْلَمُ أُمَّتِي وَأَجْوَدُهَا).

مجھ سے بیان کیا حرب بن اسماعیل کرمانیؒ نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا محمد بن مصفی نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبدالرحمن بن واقد نے، وہ بشیر بن زاذان سے، وہ عمر بن صبح سے، وہ مکحول سے، وہ شداد بن اوس سے وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میری امت میں سے سب سے بڑھ کر برد بار اور سخی معاویہ ہیں"۔(1)

حدیث کا حکم:

یہ روایت سند کے اعتبار سے موضوع ہے ذیل میں عمر بن صبح اور بشیر بن زاذان کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عمر بن صبح بن عمران ابو نعیم التمیمی

وضاع، کذاب، متروک راوی ہے۔امام بیہقیؒ فرماتے ہیں: اس کے ترک پر محدّثین کا اجماع ہے۔امام ابن عدیؒ منکر الحدیث لکھتے ہیں۔امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں: یہ ثقات پر احادیث گھڑتا تھا۔امام دار قطنیؒ، امام ذہبیؒ، حافظ ابن حجرؒ متروک قرار دیتے ہیں۔امام ازدیؒ، امام اسحاق بن راہویہؒ اس کو کذاب لکھتے ہیں، مزید یہ کہ اس نے خود بھی وضع حدیث کا اعتراف کیا ہے(2)

---

(1) "السنة" لأبي بكر الخَلَّال البغدادي الحنبلي (المتوفى: 311هـ) (453/2) رقم الحديث: (702) "ذكر معاوية بن أبي سفيان وخلافته، رضوان الله عليه".

(2) عمر بن صبح بن عمرَان أَبُو نعيم التَّمِيمِي فهو متروك وعنه قال البيهقي: في "السنن الكبرى" (125/8) "أجمعوا على تركه". وقال ابن الجوزي (المتوفى: 597هـ) في "الضعفاء والمتروكون" (2111/2) قَالَ البُخَارِيّ حَدثنِي يحيى بن عَليّ بن جرير قَالَ سَمِعت عمر بن صبح يَقُول: "أَنا وضعت خطْبَة النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم وَآله". وَقَالَ ابْن عدي: "مُنكر الحَدِيث". وَقَالَ ابْن حبَان: "يضع الحَدِيث على الثِّقَات لَا يحل كتب حَدِيثه إِلَّا على وَجه التَّعَجُّب". وَقَالَ الدَّارَقُطْنِيّ: "مَتْرُوك". وَقَالَ الْأَزْدِيّ: "كَذَّاب".

وقد ذكره الذهبي: في "المغني" (469/2) "هالك اعترف بوضع الحديث". وفي "الميزان" (206/3) "ليس بثقة ولا مأمون". وفي "الكاشف" (63/2) "تركوه".

بشیر بن زاذان

ضعیف راوی ہے امام ابن الجوزیؒ نے "الضعفاء والمتروکین" میں اس کو ذکر کیا ہے۔

امام ابن معینؒ فرماتے ہیں: "ليس بشيء"۔

امام دار قطنیؒ، امام ابن عدیؒ، امام ساجیؒ، امام ابن الجارودؒ اور امام عقیلیؒ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

امام ابن الجوزیؒ نے اسے متہم قرار دیا ہے۔(1)

طریق ثالث

(حدیث نمبر:77) امام ابو محمد الحارث البغدادیؒ (المتوفی:282ھ) فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا بَشِيرُ بْنُ زَاذَانَ الْفُرَشِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ صُبْحٍ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ. قَالَ عَبْدُ الرَّحِيمِ: قَالَ لِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ: سَمِعْتُهُ مِنْ بَشِيرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ رُكَيْنٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ شَدَّادٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «أَبُو بَكْرٍ أَرَقُّ أُمَّتِي وَأَرْحَمُهَا, وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَخْيَرُ أُمَّتِي وَأَعْدَلُهُ, وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ أَحْيَى أُمَّتِي وَأَكْرَمُهَا , وَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ أَلَبُّ أُمَّتِي وَأَشْجَعُهَا , وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ أَبَرُّ أُمَّتِي وَأَيْمَنُهَا , وَأَبُو ذَرٍّ أَزْهَدُ أُمَّتِي وَأَصْدَقُهَا , وَأَبُو الدَّرْدَاءِ أَعْدَلُ أُمَّتِي وَأَتْقَاهَا , وَمُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ أَحْلَمُ أُمَّتِي وَأَجْوَدُهَا»

ہم سے بیان کیا عبد الرحمن بن واقد نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا بشیر بن زاذان نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عمر بن صبح نے، وہ بعض اصحاب سے۔

وقال الحافظ: في "التقريب" (414/1) "متروك كذبه بن راهويه من السابعة".

(1) بشير بن زاذان فهو ضعيف وعنه قال ابن الجوزي (المتوفى: 597هـ) في "الضعفاء والمتروكون" (144/1) قال يحيى: "ليس بشيء". وقال الدارقطني: "ضعيف" وقال ابن عدي: "ضعيف يحدث الضعفاء الضعفاء". ذكره الذهبي: في "الميزان" (328/1) فقال: "ضعفه الدارقطني وغيره، واتهمه ابن الجوزي". وقال ابن معين: ليس بشئ. وزاد عليه الحافظ: في "اللسان" (320/2) وذكره الساجي، وَابن الجارود والعقيلي في الضعفاء. وقال ابن عَدِي: أحاديثه ليس لها نور وهو ضعيف غير ثقة يحدث عن جماعة ضعفاء وهو بين الضعف. وذكر الطوسي في رجال الشيعة بشير بن زاذان الجزري وقال: كان ثقة روى عن الصادق فما أدري هو هذا، أو غيره.

امام ابو محمد الحارث البغدادیؒ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبدالرّحیم بن واقد نے، وہ فرماتے ہیں مجھ سے اہل علم میں سے ایک آدمی نے، وہ بشیر بن زاذان سے، وہ دکین سے وہ مکحول سے وہ شداد سے وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

میری امت پر میری امت میں سب سے بڑھ کر رحم دل ابو بکر ہیں اور سب سے بڑھ کر عادل عمر ہیں، سب سے بڑھ کر حیادار عثمان ہیں اور سب سے بہادر علی ہیں،

سب سے زیادہ نیک اور امانت دار عبداللہ بن مسعود ہیں، سب سے زیادہ نیک اور سچے ابو ذر ہیں، سب سے بڑھ کر انصاف پرور اور متقی ابو الدرداء ہیں، سب سے بڑھ کو بردبار اور سخی معاویہ ہیں۔ (1)

امام ابو الحارث البغدادیؒ نے دو طریق سے اس روایت کو بیان کیا ہے۔

طریق اوّل: میں عبدالرّحیم بن واقد، بشیر بن زاذان سے نقل کرتے ہیں جو ضعیف ہیں، وہ عمر بن صبح سے جو کذاب ہے اور وہ "عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ" کے الفاظ سے بعض مجاہیل سے روایت کر رہا ہے۔

طریق ثانی: میں عبدالرّحیم بن واقد "رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ" ایک مجہول سے روایت کر رہا ہے اور وہ بشیر بن زاذان سے جو ضعیف ہے۔

امام ابن الجوزیؒ (المتوفی: 597ھ) نے اس روایت کو موضوع قرار دیا ہے فرماتے ہیں:

هَذَا حديثٌ موضوع عَلَى رَسُولِ الله صَلى الله عَليهِ وسَلمَ، وفِي الطريقين جماعة مجروحون، والمتهم بِهِ عندي بَشِير بن زَاذَانَ، إما أن يكون من فعله، أو من تدليسه عَنِ الضعفاء، وقَدْ خلط فِي إسناده، قَالَ ابْنُ عَدِيٍّ: هُوَ ضعيف يحدث عَنِ الضعفاء. (1)

---

(1) "بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث" (892/2) رقم الحديث: (965)

"المختار في أصول السنة" لابن البنا الحنبلي البغدادي (471 ه) (169/1) رقم الحديث: (151)

"تاريخ دمشق" لابن عساكر (المتوفى: 571ه) (365/13) رقم الترجمة (1437) "الحسن بن محمد بن الحسن أبو علي الابهري المالكي".

"الموضوعات" لابن الجوزي (المتوفى: 597ه) (273/2) رقم الحديث: (835) "حديث في ذكر جماعة من الصحابة: أبو بكر، عمر، عثمان، علي، ابن مسعود، أبو ذر، أبو الدرداء، ومعاوية".

ابوالعباس الکنانی الشافعیؒ (المتوفی: 840ھ) فرماتے ہیں:

"رَوَاهُ الْحَارِثُ بِسَنَدٍ ضَعِيفٍ لِجَهَالَةِ بَعْضِ رُوَاتِهِ".

"بعض رواۃ کی جہالت کی وجہ سے حارث البغدادی نے بسند ضعیف اس حدیث کو روایت کیا ہے"۔(2)

امام عقیلیؒ (المتوفی: 322ھ) نے بھی اس روایت کو بشیر بن زاذان کے ترجمہ کے تحت ذکر کیا ہے فرماتے ہیں۔

حَدَّثَنَا بشر بْن مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْد الرَّحِيم بْن وَاقد الْوَاقِدِيّ، حَدَّثَنَا بشير بْن زاذان، عَن عُمَر بْن صبح، عَن دُكَيْن، عَن شَدَّاد بْن أَوْس أَن رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: أَبُو بَكْرٍ أوزن أمتِي وأرحمها وَعمر بْن الْخَطَّاب خير أمتِي وأكملها وَعُثْمَان بْن عَفَّان أحيى أمتِي وأعدلها وَعلي بْن أبي طَالب وفيّ أمتِي وأوسمها وَعبد الله بْن مَسْعُود أمينُ أمتِي وأوصلها وَأَبُو ذَر أزهد أمتِي وأرقها وَأَبُو الدَّرْدَاء أعدل أمتِي وأرحمها وَمُعَاوِيَة بْن أبي سُفْيَان أحلم أمتِي وأجودها.

قال العقيلي: ولا يُتابَع بَشير على هَذا الحَديث، لا يُعرَف إلاَّ به.

اس روایت میں بشیر بن زاذان کی متابعت کسی نے نہیں کی وہ اسی راوی کیساتھ معروف ہے۔(3)

عقیلی کی سند میں بھی عمر بن صبح کذاب وضاع راوی موجود ہے جو کہ مدار سند ہے اور بشیر بن زاذان جو کہ ضعیف ہے مزید یہ کہ اس سند میں دکین اور شداد کے درمیان مکحول کا واسطہ نہیں جو امام ابو محمد الحارث البغدادیؒ کی سند میں ہے۔

علامہ سیوطیؒ (المتوفی: 911ھ) نے بھی عقیلی کے طریق سے اس روایت کو نقل کرنے کے بعد عقیلیؒ و ابن الجوزیؒ کے کلام کو نقل کیا ہے اور فرماتے ہیں بشیر بن زاذان کے متعلق امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: صالح الحدیث۔

یاد رہے کہ امام ابو حاتمؒ کا صالح الحدیث کہنا روایت کے موضوع ہونے پر کچھ اثر انداز نہیں کیونکہ اس کی سند میں عمر بن صبح جیسا کذاب راوی موجود ہے۔ سیوطیؒ کی مکمل عبارت ملاحظہ فرمائیں:

---

(1) "الموضوعات" (273/2) رقم الحديث: (835) "حديث في ذكر جماعة من الصحابة: أبو بكر، عمر، عثمان، علي، ابن مسعود، أبو ذر، أبو الدرداء، ومعاوية".

(2) "إتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة" (160/7) رقم الحديث: (6570)

(3) "الضعفاء" (441/1) رقم الحديث: (676) رقم الترجمة: (179) "بَشير بن زاذان".

(الْعقيلِيّ) حَدَّثَنَا بشر بْن مُوسَى حَدَّثَنَا عَبْد الرَّحِيم بْن وَاقد الْوَاقِدِيّ حَدَّثَنَا بشير بْن زادان عَن عُمَر بْن صبح عَن دُكَيْن عَن شَدَّاد بْن أَوْس أَن رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: أَبُو بَكْرٍ أوزن أمتِي وأرحمها وَعمر بْن الْخَطَّاب خير أمتِي وأكملها وَعُثْمَان بْن عَفَّان أحيى أمتِي وأعدلها وَعلي بْن أبي طَالب وفيّ أمتِي وأوسمها وَعبد الله بْن مَسْعُود أمينُ أمتِي وأوصلها وَأَبُو ذَر أزهد أمتِي وأرقها وَأَبُو الدَّرْدَاء أعدل أمتِي وأرحمها وَمُعَاوِيَة بْن أبي سُفْيَان أحلم أمتِي وأجودها.

قَالَ الْعقيلِيّ: لَا يُتابع بشير بْن زادان عَلَى هَذَا الحَدِيث وَلَا يعرف إِلَّا بِهِ وَقَالَ الْمُؤلف فِيهِ مجروحون وَالْمُتَّهَم بِهِ بشير بْن زادان إِمَّا من فعله أَو تدليسه عَن الضُّعَفَاء (قلت) فِي اللِّسَان: قَالَ ابْن أَبِي حاتِم سألتُ أَبِي عَنْهُ فَقَالَ صالِح الحَدِيث وَالله أعلم.

علامہ شوکانیؒ(المتوفی:1250ھ)[1]اور علامہ سبط ابن العجمیؒ(المتوفی:841ھ) [2]نے اس روایت کو موضوعات میں ذکر کیاہے۔

(1) "الفوائد المجموعة في الأحاديث الموضوعة" (409/1) رقم الحديث: (410/1)

(2) "الكشف الحثيث عمن رمي بوضع الحديث" (77/1) رقم الحديث: (172)

طریق رابع

(حدیث نمبر:78)

امام سیوطیؒ(المتوفی:911ھ)فرماتے ہیں:

(أَخْبَرَنَا) عَلِيّ بْن عُبَيْد الله أنبانا عَلِيّ بْن أَحْمَد حَدَّثَنَا خلف بن عمرو العكبري حَدَّثَنَا مُحَمَّد بْن إِبْرَاهِيم حَدَّثَنَا يزِيد الْخلال صَاحب ابْن أبي الشَّوَارِب حَدَّثَنَا أَحْمَد بْن الْقَاسِم بْن مهْرَان حَدَّثَنَا مُحَمَّد بْن بشير بْن زادان عَن عِكْرِمَة عَن ابْن عَبَّاس قَالَ قَالَ رَسُول الله: أَبُو بَكْر خير أمتِي وأتقاها وَعمر أعزلها وأعدلها وَعُثْمَان أكرمها وأحياها وَعلي ألبها وأوسمها وَابْن مَسْعُود آمنها وأعدلها وَأَبُو ذَر أزهدها وَأصْدقهَا وَأَبُو الدَّرْدَاء أعبدها وَمُعَاوِيَة أحلمها وأجودها.

حدیث کا حکم:

یہ روایت سند کے اعتبار سے موضوع ہے کیونکہ اس میں یزید الخلال وضاع راوی ہے ذیل میں ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

یزید بن مروان الخلال البغدادی(المتوفی:230ھ)

کذاب راوی ہے امام ابن معینؒ اس کو کذاب لکھتے ہیں۔امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں: یہ ثقات سے موضوعات روایت کرتا ہے کسی حالت میں اس سے احتجاج جائز نہیں۔امام عثمان دارمیؒ،امام ابوداؤدؒ اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔امام دار قطنیؒ اس کو ضعیف جدا لکھتے ہیں۔امام عقیلیؒ،امام ابن عدیؒ،امام ابن الجوزیؒ،امام ذہبیؒ نے اس کو ضعفاء میں ذکر کیا ہے۔(1)

---

(1) يزِيد بن مَرْوَان الْخلال فهو كذاب وعنه قال ابن حبان: في "المجروحين" (105/3) "شيخ من أهل بغداد روى عنه العراقيون كان ممن يروي الموضوعات عن الثقات لا يجوز الاحتجاج به بحال سمعت محمد بن محمود قال سمعت الدارمي سمعت يحيى بن معين يقول يزيد بن مروان كذاب".

وعده العقيلي: في "الضعفاء" (338/6) وابن عدي: في "الضعفاء" (178/9) ابن الجوزي: في "الضعفاء والمتروكون" (212/3) والذهبي: في "ديوان الضعفاء" (443/1)

حدیث: اللہ اور اس کا رسول ﷺ معاویہ رضی اللہ عنہ سے محبت کرتے ہیں

(حدیث نمبر:79)

امام عقیلیؒ (المتوفی:322ھ) فرماتے ہیں

حَدَّثَنِيهِ عُبَيْدٌ الْمُلَقَّبُ قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَشَّارٍ السِّمْسَارُ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكَّارٍ الْمُقْرِئُ مِنْ وَلَدِ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُمِّ حَبِيبَةَ وَرَأْسُ مُعَاوِيَةَ فِي حِجْرِهَا تُقَبِّلُهُ، فَقَالَ لَهَا: «أَتُحِبِّينَهُ؟» فَقَالَتْ: وَمَا لِي لَا أُحِبُّهُ أَخِي؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «فَإِنَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُحِبَّانِهِ»

مجھ سے بیان کیا عبید الملقّب نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا بشر بن بشار السّمسار نے، وہ فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا عبداللہ بن بکار نے، وہ اپنے باپ سے ، وہ اپنے دادا سے، وہ ابو موسی اشعری سے وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اس حال میں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا سر ان کی گود میں تھا اور وہ ان کو بوسہ دے رہی تھیں۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم ان سے محبت کرتی ہو؟ انہوں نے جواباً فرمایا: مجھے کیا ہو گیا کہ میں اپنے بھائی سے محبت نہ کروں تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"اللہ اور اس کا رسول بھی معاویہ سے محبت کرتے ہیں"۔(1)

امام ابن عساکرؒ (المتوفی: 571ھ) نے عقیلی کے طریق سے اس روایت کو نقل کیا ہے تاہم اس کے الفاظ یہ ہیں

"دخل النبي (صلى الله عليه وسلم) على أم حبيبة ورأس معاوية في حجرها تفليه"

نبی کریم ﷺ حضرت ام حبیبہ کے پاس آئے اس حال میں کہ حضرت معاویہ کا سر ان کی گود میں تھا اور وہ ان کے سر سے جوئیں نکال رہی تھیں۔(2)

وقال الحافظ: في "اللسان" (505/8) قال يحيى بن مَعِين: كذاب. قال عثمان الدارمي: قد أدركته وهو ضعيف قريب مما قال يحيى. انتهى. وقال أبو داود: ضعيف. وقال الدارقطني: ضعيف جدا. قال ابن عَدِي: ليس بذاك المعروف.

(1) "الضعفاء" للعُقَيلي (المتوفى: 322هـ) (187/3) رقم الترجمة: (793) عَبد الله بن بَكار الأَشعَريُّ.

(2) "تاريخ دمشق" (89/59) رقم الترجمة: (7510) "معاوية بن صخر أبي سفيان"

امام ابن الجوزیؒ(المتوفی : 597ھ)[1]امام ذہبیؒ (المتوفی: 748ھ)[2]اور حافظ ابن حجرؒ (المتوفی :852ھ)[3]نے بھی عقیلی کے طریق سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

حدیث کا حکم:

یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں ایک مجہول راوی ہے ذیل میں ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

عبداللہ بن بکار اشعری

امام عقیلیؒ فرماتے ہیں: یہ نسب اور روایت دونوں میں مجہول ہے اور اس کی روایت غیر محفوظ ہے۔امام ابن الجوزیؒ،امام ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ نے امام عقیلیؒ کی جرح سے مکمل اتفاق کیا ہے۔[4]

امام ذہبیؒ(المتوفی:748ھ)اس روایت کو محدث عقیلیؒ کے طریق سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

فهذا غير صحيح.

پس یہ صحیح نہیں ہے۔[5]

اسی طرح علامہ ہیثمیؒ(المتوفی:807ھ) بھی اس روایت کو "معجم الکبیر" طبرانی سے نقل کرنے کے بعد(طبرانی کے موجودہ مطبوع نسخے میں موجود نہیں ہے)فرماتے ہیں:

رواه الطبراني، وفيه من لم أعرفهم.

طبرانی نے اس کو روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ایسے راوی ہیں جن سے میں ناواقف ہیں[6]

---

(1) "العلل المتناهية في الأحاديث الواهية" (276/1) رقم الحديث: (445)

(2) "ميزان الاعتدال في نقد الرجال" (398/2) رقم الترجمة: (4229) عَبد الله بن بَكار الأَشعَريُّ.

(3) "لسان الميزان" (442/4) رقم الترجمة: (4172) عبد الله بن بكار.

(4) عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكَّارٍ الْأَشْعَرِيُّ فهو مجهول ذكره العقيلي: في "الضعفاء" (237/2) فقال: "مجهول في النسب والرواية، حديثه غير محفوظ". ووافقه ابن الجوزي: في "الضعفاء والمتروكون" (117/2) والذهبي: في "ديوان الضعفاء" (212/1) وفي "الميزان" (398/2) والحافظ: في "اللسان" (442/4)

(5) "ميزان الاعتدال في نقد الرجال" (398/2) رقم الترجمة: (4229) عَبد الله بن بَكار الأَشعَريُّ.

(6) "مجمع الزوائد ومنبع الفوائد" (357/9) "باب ما جاء في معاوية بن أبي سفيان ﷺ"

الفهارس العلمية

فهرس الرواة

فهرس المصادر والمراجع

فهرس الرواة

أ

إسحاق بن إبراهيم بن مخلد بن إبراهيم أبو يعقوب الحنظلي، المعروف بابن راهويه (ثقة)
أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخسروجردي أبو بكر (ثقة)
أحمد بن الأزهر بن منيع أبو الأزهر العبدي مولاهم النيسابوري (صدوق)
أبو القاسم إسماعيل بن أحمد بن عمر بن أبي الأشعث السمرقندي، الدمشقي المولد، البغدادي (ثقة)
أَحْمَد بْن مُحَمَّد بْن أَحْمَد بْن عَبْد اللَّه، أَبُو الحسين البزاز، المعروف بابن النقور (صدوق)
أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ إسحاق بْنُ موسى بن مهران، أبو نعيم الحافظ (ثقة)
إسماعيل بن محمد بن إسماعيل بن صالح الصفار أبو علي (ثقة)
ازداذ بنداذ الواسطي الباكسائي، عَبَّاس بن عَبد اللَّهِ بن أَبي عيسى أَبُو مُحَمَّد، (ثقة)
أحمد بن سليمان بن أيوب بن داود بن عبد الله بن حذلم أبو الحسن الدمشقي الأسدي (ثقة)
أحمد بن علي بن ثابت بن أحمد بن مهدي أبو بكر الخطيب البغدادي (ثقة)
أحمد بن أبي خيثمة زهير بن حرب (ثقة)
أحمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد أبو عاصم الشيباني (ثقة)
أحمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن أسد الذهلي الشيباني (ثقة)
أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَمْدَانَ بْنِ مَالِكٍ بْن شبيب بْن عَبْد اللَّه، أَبُو بَكْر القطيعيّ (ثقة)
أحمد بن محمد بن هارون البغدادي أبو بكر الخلال (ثقة)
أَحْمد بن مُحَمَّد بن الْحجَّاج الْمروزِي الْبَغْدَادِيّ أَبُو بكر (ثقة)
أَحْمَد بْن عَلِيّ بْن مُسْلِم، أَبُو الْعَبَّاس النخشبي، الْمَعْرُوف بالأبار (ثقة)
أَحْمَد بن المعلى بن يزيد الأسدي أَبُو بَكْر الدمشقي القاضي (صدوق)
إسحاق بن إبراهيم بن أبي حسان، أبو يعقوب الأنماطي (ثقة)
أحمد بن الحسن بن محمد بن الحسن بن أزهر الأزهري، النيسابوري، الشروطي (صدوق)

أحمد بن يحيى بن خالد بن حيان أبو العباس الرقي المصري (صدوق)

أحزاب بْن أسيد الظهري أبو رهم السمعي (ثقة)

أحمد بن سنان بن أسد بن حبان القطان، أبو جعفر الواسطي (ثقة)

إبراهيم بن هانىء النيسابوري أبو إسحاق (ثقة)

أسد بن موسى بن إبراهيم بن الوليد بن عبد الملك بن مروان بن الحكم الأموي (ثقة)

أَحْمد بن مَسْعُود بن عَمْرو بن إِدْرِيس بن عِكْرِمَة أَبُو بكر الزنبرى (صدوق)

إسحاق بن كعب (ضعيف)

أحمد بن محمد الصيدلاني البغدادي (مجهول)

ب

بشر بن الحارث بن عبد الرحمن بن عطاء بن هلال بن ماهان بن عَبْد اللَّهِ المروزي، (ثقة)

بكر بن سهل بن إسماعيل بن نافع الدّمياطىّ (ضعيف)

بشر بن السري البصري أبو عمرو الأفوه (ثقة)

بشير بن زاذان (ضعيف)

ت

تمام بن محمد بن عبد الله بن جعفر بن عبد الله الرازي (ثقة)

ج

جبلة بن عطية (ثقة)

ح

الْحُسَيْن بْن عُمَرَ بن برهان، أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الغزال (ثقة)

الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ بْن أَحْمَدَ بْنِ وهب أَبُو عَلِيّ التميمي الواعظ المعروف بابن المذهب (ثقة)

الحسن بن أحمد بن محمد بن الحسن بن علي بن مخلد بن شيبان المخلدي النيسابوري (صدوق)

الحسن بن منير بن محمد التنوخي (ثقة)
الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُفَيْرٍ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سهل بن أَبِي حثمة، أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الأنصاري (ثقة)
الحارث بن زياد شامي (ثقة)
حرب بن وحشي بن حرب الحبشي الحمصي (صدوق)
حرب بن إسماعيل الكرماني (ثقة)
حماد بن مبارک سجستانی (مجهول)
حماد بن مبارک بغدادی (مجهول)

خ

خالد بن يزيد بن صالح بن صبيح بن الخشخاش بن معاوية بن سفيان المري (ثقة)
خلف بْن عَمْرو بْن عَبْد الرَّحْمَنِ بْن عيسى، أَبُو مُحَمَّد العكبري (ثقة)
خالد بن خداش بن عجلان الأزدي المهلبي، أبو الهيثم البصري. (صدوق)
خالد بن مهران الحذاء، أبو المنازل البصري (ثقة)

ر

ربيعة بن يزيد الإيادي أبو شعيب الدمشقي القصير (ثقة يكتب حديثه ويحتج به)

ز

زكريا بن يحيى بن إياس بن سلمة بن حنظلة بن قرة أبو عبد الرحمن السجزي (ثقة)
زاهر بن طاهر بْنُ مُحَمَّدِ الشحامي، أبو القاسم بن أبي عبد الرحمن بن أبي بكر المستملي (ثقة)
زَيْد بن أَبِي الزرقاء، واسمه: يَزِيد التغلبي، الموصلي، أبو مُحَمَّد (ثقة)

س

سعيد بن عبد العزيز بن أبي يحيى التنوخي أبو محمد الدمشقي (ثقة يكتب حديثه ويحتج به)
سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطير اللخمي الشامي الطبراني أبو القاسم (ثقة)
سليمان بن حرب بن بجيل الأزدي الواشحي أبو أيوب البصري (ثقة)

السّري بن عَاصِم بن سهل أَبُو سهل الْبَغْدَادِيّ (متروك)

ش

شجاع بْن علي بْن شجاع، أبو مَنْصُور المصقلي الأصبهاني الصوفي (ثقة)

شداد بن أوس بن ثابت الأنصاري (صحابي)

ص

صفوان بن صالح بن صفوان بن دينار الثقفي، الدمشقي. (ثقة)

صدقة بن خالد القرشي، الأموي، أبو العباس الدمشقي (ثقة)

ع

عبد الرحيم بن عبد الكريم ، أبو نصر بن الأستاذ أبي القاسم (ثقة)

عبد الاعلى بن مسهر الغساني، أبو مسهر الدمشقي (ثقة يكتب حديثه ويحتج به)

عبد العزيز بن أحمد بن محمد التميمي، أبو محمد الدمشقي، الكتاني (ثقة)

عائذ الله بن عبد الله بن عمرو أبو إدريس الخولاني الشامي (ثقة)

عيسى بن علي بن عيسى البغدادي ابن الجراح (صدوق)

عبد الله بن محمد بن زياد بن واصل بن ميمون النيسابوري (ثقة)

عَبْدُ اللَّه بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الأَشْعَثِ أبو بكر بن أَبِي داود الأزدي السجستاني (ثقة)

عبد الرحمن بن علي بن محمد أبو نصر التاجر (ثقة)

عبد الرحيم بن علي بن أحمد الأصبهاني، أبو مسعود الحاجيّ ابن أبي الوفاء (ثقة)

عَبْد الرَّحْمَن بن عَمْرو بن عَبد اللَّه بن صفوان بن عَمْرو النصري، أَبُو زُرْعَة الدمشقي (ثقة)

علي بن أحمد بن منصور بن محمد بن قبيس أبو الحسن الغساني، الدمشقي، المالكي (ثقة)

عبد الكريم بن حمزة بن الخضر بن العباس أبو محمد السلمي الحداد (ثقة)

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، أبو مُحَمَّد السكري (ثقة)

عبد الله بن محمد بن عبد العزيز، أبو القاسم البغوي (ثقة)

العباس بْن عبد اللَّه بْن أبي عيسى، أَبُو مُحَمَّد الباكسائي، الترقفي (ثقة)

عبد الله بن مُحَمَّد بن ناجية بن نَجبة أبو مُحَمَّد البربري (ثقة)
عليّ بْن الْحَسَن بْن هبة اللَّه بْن عَبْد اللَّه بْن الْحُسَيْن أَبُو القاسم بْن عساكر الحافظ الدمشقي (ثقة)
علي بن سهل بن قادم، ويُقال ابن موسى، الحرشي أبو الحسن الرملي، (ثقة)
علي بْن بحر بْن بري، أَبُو الحسن القطان (ثقة)
عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَل بْن هلال بْن أسد، أَبُو عَبْد الرحمن الشيباني (ثقة)
عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى بْنِ زياد، أبو مُحَمَّد الجواليقي الْقَاضِي المعروف بعبدان (ثقة)
عبد الباقي بن قانع بن مرزوق بن واثق، أبو الحسين الأموي (ثقة)
عبد الوهاب بن شاه بن أحمد بن عبد الله أبو الفتوح الشاذياخي الخرزي النيسابوري (صالح)
عبد الله بن محمد بن مسلم أبو بكر الإسفراييني (ثقة)
عبد الله بن محمد بن علي بن نفيل بن زراع بن علي أبو جعفر النفيلي الحراني. (ثقة)
عمرو بن واقد القرشي أبو حفص (متروك)
عائذ الله بن عبد الله بن عمرو أبو إدريس الخولاني (ثقة)
عبد العزيز بن الوليد بن سليمان بن أبي السائب القرشي الدمشقي (ثقه)
علي بن زيد بن علي أبو الحسن السلمي الدواحي (ثقه)
عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْن بشران أبو القاسم الأمويّ (صدوق ثبت)
عُمَر بْن مُحَمَّد بْن عَبْد الصمد بْن الليث بْن بيان بْن خداش، أَبُو مُحَمَّد المقرئ (ثقة)
عبد الله بن صالح بن محمد بن مسلم الجهني مولاهم أبو صالح المصري (صدوق)
عرباض بن سارية السلمي أبو نجيح (صحابي مشهور)
عبد الرحمن بن مهدي بن حسان بن عبد الرحمن العنبري، الأزدي، أبو سعيد البصري اللؤلؤي. (ثقة)
عبد الله بن هاشم بن حيان أبو عبد الرحمن الطوسي (ثقة)
العباس بن عبد العظيم بن إسماعيل بن توبة أبو الفضل، العنبري البصري. (ثقة)
عبد الله بن قحطبة بن مرزوق الصليحي

عبد الله بن الزبير بن عِيسَى بن عبيد الله بن الزبير عَن عبيد الله بن حميد أَبُو بكر الْحميدِي الْقرشِي (ثقة)

عُمَر بْن أَحْمَدَ بْن عُثْمَان بْن أَحْمَدَ، أَبُو حفص الواعظ المعروف بابن شاهين (ثقة)

عثمان بن عبد الرحمن بن عبد الله بن سلام الجمحي (ضعيف)

عطاء بن أبي رباح (تابعي ثقة)

عبد الله بن عباس بن عبد المطلب رضي الله عنهما (صحابي)

عمر بن خطاب سجستانى (صدوق)

عبد الله بن بسر المازني (صحابي)

عبد الله بن يحيى بن أبي كثير اليمامي (صدوق)

عروة بن الزبير بن العوام بن خويلد القرشي الأسدي، أبو عبد الله المدني. (ثقة)

عبد الله بن المبارك بن واضح الحنظلي التميمي مولاهم أبو عبد الرحمن المروزي (ثقة)

عبد الله بن زيد بن عمرو أبو قلابة الجرمي البصري، أحد الأئمة الأعلام (ثقة)

أبو عاصم العباداني المرئي البصري، اسمه عبد الله بن عبيد الله، ويقال: ابن عبيد، ويقال: عبيد الله بن عبد الله. (صدوق)

عمر بن صبح بن عمرَان أَبُو نعيم التَّمِيمِي (متروك)

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكَّارٍ الْأَشْعَرِيُّ (مجهول)

ق

قرة بن سليمان (ضعيف)

م

محمد بن عبد الله بن محمد بن حمدويه النيسابوري أبو عبد الله الحاكم (ثقة)

محمد بن يعقوب بن يوسف بن معقل بن سنان الأموي أبو العباس المعقلي النيسابوري (ثقة)

محمد بن يحيى بن عبد الله أبو عبد الله النيسابوري الذهلي (ثقة يكتب حديثه ويحتج به)

محمد بن عبد الملك بن زنجويه البغدادي (ثقة)

محمد بن إبراهيم بن عبد الرحمن بن عبد الملك بن مروان أبو عبد الله القرشي (ثقة)
محمد بن مصفى بن بهلول القرشي أبو عبد الله الحمصي (صدوق)
مروان بن محمد بن حسان الأسدي الطاطري (ثقة)
مُحَمَّد بْن عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحُسَيْنِ أبو الحسين الدقاق، المعروف بابن أخي ميمي (ثقة)
